از

سید سلیمان ندوی

یہ مقالہ آل انڈیا اورینٹل کانفرنس منعقدہ دسمبر ۱۹۳۰ء میں بمقام پٹنہ پیش کیا گیا تھا

اور اب

حکیم خیام کے چند غیر مطبوعہ فلسفیانہ رسائل اور رباعیات کے ایک غیر مطبوعہ نسخہ کے ساتھ شائع کیا جا رہا ہے

باہتمام مولوی مسعود علی ندوی

مطبع معارف اعظم گڈھ

طبع اول ۱۹۳۳ء

دیباچہ

الحمد للہ رب العالمین، والصلوٰۃ علیٰ رسولہ محمد و آلہ و اصحابہ اجمعین؛

خیام کی نسبت ہر زبان مین اتنا کچھ کہا جا چکا ہے کہ اس موضوع مین کوئی جدت باقی نہین رہی ہے، تاہم مین نے اس پر قلم اٹھانے کی جرأت کی جس کی صرف دو وجہین ہین، ایک تو یہ کہ اس کے بعض واقعات، تصانیف اور سنین کے متعلق مجھے کچھ کہنا تھا، اور اپنی فکر و کاوش اور جدّ و جہد کے نئے نتیجے ارباب نظر کے سامنے پیش کرنے تھے، اور دوسری یہ کہ اب تک لوگون نے اس کو صرف اسکی رباعیون ہی کے ذریعہ سمجھنا چاہا تھا، جنکی تعیین سراسر مشکوک ہے، اور مین نے اسکو اسکی خاص فلسفیانہ تصانیف کے ذریعہ روشناس کیا ہے، جنمین وہ بالکل ایک نیا شخص معلوم ہوتا ہے، اسی لیے کتاب کے آخر مین اسکی فلسفیانہ تصانیف کا حصہ بھی شامل کر دیا ہے، تاکہ ہر شخص اس کو اس آئینہ مین بآسانی دیکھ کر پہچان سکے،

پیش نظر اوراق حقیقت مین آل انڈیا اورینٹل کانفرنس منعقدہ دسمبر ۱۹۳۰ء مین بمقام پٹنہ ایک مقالہ کی حیثیت سے پڑھے گئے تھے، قدرشناسون نے توقع سے بڑھکر حوصلہ افزائی کی تو خیال ہوا کہ رباعیات کے کچھ اور مباحث بڑھا کر اس کو کتاب کی صورت مین شائع کر دیا جائے، چنانچہ

اسکی موجودہ صورت اسی خیال کا نتیجہ ہے، اور دل نے کہا کہ اگر ارباب نظر کی نگاہ مین اس کتاب مین کوئی نئی بات نہ بھی ہو تو کم از کم یہی کیا کم ہے کہ "خیامیات" کے متعلق ہماری زبان مین ایک مستقل کتاب موجود ہوجائیگی، وکفی بہ فخراً!

مین نے اس کتاب کی لفظی و معنوی تصحیح سنین کی تحقیق و تطبیق، واقعات کی تلاش و تفتیش، اور ماخذون اور سندون کے حوالون مین اپنی استطاعت بھر پوری احتیاط کی ہے، تاہم انسانی کوششون کی نسبت غلطیون سے پاک اور خطاؤن سے بری ہونے کا دعویٰ کون کرسکتا ہے،

استدراک و اضافہ کے آخری عنوان مین بعض امور کی تصحیح یا مزید توضیح کردیگئی ہے،

کاپیون اور پروفون کی تصحیح مین بھی خاص کوشش کیگئی جسکا اتنا اثر ضرور رہا کہ کتاب مین نسبتہً غلطیان کم ہین، اہم غلطیون کو قلم سے یا چٹ چھپوا کر درست کردیا گیا ہے، تاہم اس احتیاط کی بنا پر کہ شاید کوئی نسخہ تصحیح سے رہگیا ہو آخر مین تصحیح اغلاط کا ضمیمہ بھی شامل کردیا گیا ہے،

اصل کتاب ڈیڑھ برس سے چھپی رکھی تھی، مگر خیام کے آخری رسالہ میزان الحکم کی کسی صحیح اصل کی تلاش و جستجو اور حصول کے انتظار اور اسکی تصحیح کی کوشش مین طباعت کا کام رکا رہا، شروع ستمبر ۱۹۳۳ء مین بمبئی سے جب اس کے فوٹو آئے تو بقیہ کتاب کی چھپائی پوری کیگئی،

آخر مین مجھے اپنے عزیز رفیق مولوی سعید صاحب انصاری مؤلف سیر الصحابیات کا شکریہ ادا کرنا ہے جنھون نے کاپیون اور پروفون کی تصحیح بڑی کوشش و جانفشانی سے کی ہے، اور انڈکس بنانے کا کام باریک بینی اور دیدہ ریزی سے انجام دیا ہے،

سید سلیمان ندوی

دار المصنفین، اعظم گڈھ

۱۷/ اگست ۱۹۳۳ء

فہرست مضامین خیام

استدراک و اضافہ

۴۷۱ ـ ۴۸۷

رسالة في الوجود عن الشيخ الامام حجة الحق على الخلق عمر بن ابراهيم الخيامي
قدس الله روحه

بسم الله الرحمن الرحيم سبحان الذي جل جلاله وتقدست
اسماؤه اعطى كل شيء خلقه ثم هدى واحصى كل شيء عددا والصلوة على نبيه
المصطفى محمد وآله الطاهرين. الاوصاف للموصوفات على ضربين ضرب
يقال له الذاتي وضرب يقال له العرضي ومن الاوصاف العرضية ما يكون لازما
للموصوف ومنها ما لا يكون لازما بل يمكن ان يكون مفارقا اما بالوهم فحسب واما
بالوهم وبالوجود معا ثم كل واحد من الذاتي والعرضي ينقسم الى قسمين قسم يقال
له الاعتباري وقسم يقال له الوجودي فاما القسم الوجودي فهو كوصف الجسم
بالاسود اذا كان اسود فان السواد صفة وجودية اي موجودة زائدة على ذات
الاسود وصفا وجوديا واثبات هذا القسم الوجودي مستغنى عن البرهان
لظهوره عند العقل بل عند الوهم والحس واما القسم الاعتباري العرضي فكوصف
الاثنين بانه نصف الاربعة لانه لو كان كون الاثنين نصف الاربعة امرا زائدا
على ذاته لكان للاثنين معان زائدة على ذاته لا نهاية لها بالعدد وهو البرهان
قائم على استحالته واما القسم الاعتباري الذاتي فكوصف السواد بانه لون فان
كونه لونا وصف ذاتي له والبرهان على ان اللونية ليست بصفة زائدة على ذات
السوادية في الاعيان هو انها لو كانت صفة زائدة فلا بد من ان يكون عرضا
اذ السواد عرض ثم كيف يعقل ان يكون عرض موضوعا لعرض آخر وان كان موضوع
السوادية موضوعا للونية لكانت اللونية صفة في موضوع السواد ولكانت
اللونية امرا موجودا في الاعيان يلزمه من خارج ذاته ان يكون سوادا وهذا محال
ومعنى قولنا الوصف الاعتباري هو ان العقل اذا عقل معنى ما فانه يفصل ذلك

صورة نسخة رسالة الوجود بالعربية لعمر بن ابراهيم الخيامي الموجودة
في مكتبة حكومة برلين (اسطيت بيبليوتيك) رقم ٢٣٢٠

رسالة بالعجمية لعمر الخيام في كليات الوجود

بسم الله الرحمن الرحيم

چنین گوید ابو الفتح عمر بن ابراهیم الخیامی که چون مرا سعادت خدمت صاحب عادل فخر الملک بن مؤید حاصل شد و مرا بجهت اختصاص خود تعالی مخاطب خویش بمرد و فرمود از من یادگاری خواستی در علم کلیات بس این جزوی بر مثال و سیاق از بهر درخواست او املی کرده شد اگر اهل علم و حکمت انصاف دهند که این مختصر مفید تر از جمله مجلدات است انشاء الله تعالی مقصود حاصل گرداناد بمنّه و لطفه

آغاز سخن

بدانکه هر چه موجودات اند بجز ذات باری عز اسمه یا جوهرست و یا عرض و جوهر دو قسمت است ترکیبی و بسیط و لفظهای که بازای معنی کلیات است اول لفظ جوهرست و جوهر را بر ... قسمت کنی لفظ ...

عکس نسخۂ کلیات الوجود فارسی موجودہ کتبخانہ برٹش میوزیم لنڈن

الباب الخامس في ميزان الماء المطلق للامام عمر الخيامي والعمل به والبرهان عليه اذا كانت الكفتان او احديهما في الماء والقول فيه يدور على اربعة فصول

الفصل الاول

في صنعة الميزان والوزن به قال الامام عمر بن ابرهيم الخيامي اذا اردت ان تعرف مقدار كل واحد من الذهب والفضة في جسم مركب منهما اخذنا مقدارا من الذهب الخالص ونعرف وزنه في الهواء وكذلك ناخذ فضة خالصة ونعرف وزنها الهوائية ثم ناخذ كفتين متساويتين متشابهتين في ميزان له عمود متشابه الاجزاء اسطواني الشكل ونضع الذهب في احدى الكفتين في الماء وفي الكفة الاخرى ما يثقلها في يجعل العمود موازيا للافق ونعرف بمقداره ثم نعرف نسبة وزنها الهوائي الى وزنها المائي ثم ناخذ المركب ونعرف وزنه الهوائي الى وزنه المائي فان كانت النسبة مثل وزن الذهب الهوائي الى وزنه المائي فان المركب هو من الذهب الخالص لا شيء فيه من الفضة وان كانت النسبة مثل نسبة الفضة فان المركب هو من الفضة لا شيء فيه من الذهب وان كانت النسبة فيما بينهما فحينئذ يكون الجرم مركبا بينهما

صورة نسخة ميزان الحكيم عمر بن ابرهيم الخيامي الموجودة في مكتبة
جامع بمبئى

هنگام سپیده دم خروس سحری
دانی که چرا همی کند نوحه گری
یعنی که نمودند در آئینۂ صبح
کز عمر شبی گذشت و تو بیخبری

تمام شد رباعیات ملک الحکما شیخ
عمر خیام طاب الله ثراه
بتاریخ سلخ شهر رجب المرجب
سنه احدی عشر و تسعمائه
الهجریه النبویه

بید العبد المذنب

سلطان [illegible]

عکس نسخۂ رباعیات خیام، موجودہ کتبخانۂ اصلاح دیسنہ
ضلع پٹنہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سوانح خیّام کے مآخذ و مصادر

پر

ناقدانہ تبصرہ

حکیم عمر خیام پر شرق اور مغرب کے دونون ملکون مین اتنا لکھا جاچکا ہے، کہ اس مین کوئی نئی بات پیدا کرنا مشکل ہے، لیکن عجیب بات یہ ہے، کہ جس موضوع پر جتنا زیادہ کہا جاتا ہے، اس مین اتنی ہی زیادہ غلط فہمیان اور پیچیدگیان پیدا ہوتی ہین، غریب خیام بھی اسی مصیبت مین مبتلا ہی، اس لیے بدگمانی نہ ہوگی، اگر آپ یہ سمجھین کہ خیام کے متعلق میرے اس مقالہ سے شاید کچھ غلط فہمیان اور پیچیدگیان اور زیادہ بڑھ جائینگی، کم نہ ہون گی، لیکن یہ بھی ممکن ہے کہ انھین پیچیدگیون سے مشکلات کی کشایش ہو، اس لیے مین نے بھی اس ہفت خوان کو طے کرنے مین رستمی کی جرأت کی ہے،

اس سے پہلے کہ اصل بحث شروع کی جائے، ان کتابون کا جائزہ لینا ہی جو حکیم خیام کے حالات

کی ماخذ و مصدر ہین، اور اُن اہم تصانیف پر تبصرہ کرنا ہے جو خیام پر مشرق و مغرب مین ابتک لکھی گئی ہین، ہمین کوئی شک نہین ہے کہ خیام کیساتھ اسوقت مشرق مین بھی جو دلچسپی لیجارہی ہے، وہ تمامتر مغرب کی داد و تحسین کا نتیجہ ہے، خیام کے سوانح و حالات اور اوسکی تصنیفات، اور خصوصًا رباعیات کی تلاش و جستجو و اشاعت مین سب سے زیادہ فضلاے مغرب نے حصہ لیا، اسیطرح اُس کے حالات کے قدیم ماخذون کی تلاش و تحقیق کے میدان مین بھی انھین کا قدم پہلے آگے بڑھا، اس لیے نامناسب نہ ہوگا کہ ان ماخذ کا ذکر ان ماخذ کے دریافت کرنے والون کی کوششون کے ذکر کے ساتھ ساتھ کیا جائے،

۱- اس سلسلہ مین سب سے پہلا نام فرنچ مستشرق پروفیسر ہوٹسما Houtsma کا ہے، اس سے پہلے خیام کے حالات مین جو کچھ لکھا جاتا تھا، وہ عمومًا نظام الملک اور حسن صباح کی ہمسنی و ہمدرسی کی داستان ہے، جو متاخرین کی اکثر تاریخون اور تذکرون مین موجود ہے، پروفیسر ہوٹسما پہلا شخص ہے جس نے اس قصہ کے استناد پر شک و شبہہ کی نگاہ ڈالی، عربی مین زبدۃ النصرہ کے نام سے آل سلجوق کی ایک تاریخ ہے، اس کتاب زبدۃ النصرہ کی حقیقت یہ ہے کہ سلطان محمود سلجوقی کے وزیر انوشروان ابن خالد المتوفی ۳۲ھ نے فارسی مین آل سلجوق کی ایک مختصر تاریخ لکھی تھی، (یہ وہی انوشروان ہے جس کے اشارہ سے ابو محمد القاسم حریری نے اپنے مشہور مقامات حریری لکھے ہین) انوشروان کی اس مختصر فارسی تاریخ کا نام چلپی کے بیان کے مطابق "فتور زمان الصدور و صدور زمان الفتور" ہے، اس کے بعد عماد الدین کاتب المتوفی ۵۹۷ھ نے "نصرۃ الفترہ و عصرۃ الفطرہ" کے نام سے عربی مین انشا پردازانہ لفاظی مین قافیون کے جوڑ توڑ کے ساتھ سلجوقیون کی ابتدائی تاریخ دیباچہ کے طور پر لکھی، اور اُس مین

انوشیروان کی کتاب کو اسی لفاظی اور قافیہ کی پابندی کیساتھ عربی مین ترجمہ کرکے اپنی کتاب مین شامل کر دیا، اس کے بعد ابو الفتح بنداری المتوفی ۶۲۳ھ نے نصرۃ الفترہ کی لفاظی اور حشو و زوائد کو کم کرکے اس کا ایک مختصر نسخہ تیار کیا جسکا نام زبدۃ النصرہ و عصرۃ الفطرہ ہے، ان کتابون کی لفاظی اور قافیہ بندی کی رعایتون سے اندازہ ہوتا ہے کہ ابو محمد القاسم حریری کے انداز نے خیالی افسانون سے نکل کر تاریخ کے میدان مین بھی اپنا سکہ جما لیا تھا،

بہرحال اسی آخری کتاب کو پروفیسر ہوتسما نے ۱۸۸۹ء مین شائع کیا، اور اس پر ایک فرنچ مقدمہ لکھا، اس مقدمہ مین اس کتاب کے اس ایک فقرہ کے ایک لفظ (مکتب) سے جسمین باطنی ملاحدہ کا ذکر اور حسن صباح کی طرف اشارہ ہے، یہ مطلب نکالا ہے، کہ حسن صباح وغیرہ جس سلجوقی وزیر کے ہم درس اور ہمسن تھے، وہ یہی انوشیروان خالد[۱] ہے، اس دیباچہ نے خیام و نظام الملک و حسن صباح کی مشہور دلچسپ داستان کو سب کی نگاہون مین مشکوک بنا دیا، اور اصلی خیام کی تلاش کی طرف لوگون کو متوجہ کر دیا

۲- خیام کی تاریخی شخصیت پر یورپ مین سب سے پہلے جسکی نگاہ پڑی وہ روسی مستشرق والنٹین ژوکووسکی Valentin Zhukovski ہے جس نے خیام پر ۱۸۹۷ء مین ایک محققانہ مضمون روسی زبان مین لکھا، یہ مضمون پٹرسبرگ مین **مظفریہ** نام کے ایک مجموعۂ مقالات کے ضمن مین چھپا ہے، اس مضمون کے دو حصے ہین، پہلے حصہ مین اُن مستند عربی و فارسی کتابون کے بعینہ وہ اقتباسات ہین جنمین پروفیسر موصوف کو حکیم خیام کے حالات یا برائے نام تذکرے ملے ہین، مضمون کا دوسرا حصہ حکیم خیام کے ان ۸۲ رباعیات پر مشتمل ہے، جنکو موصوف نے دوسرے شعراء کے رباعیات مین مخلوط

---

[۱] دیباچہ فرانسیسی زبدۃ النصرہ ص ۱۴ و ۱۵، بریل،

اور ان کی طرف منسوب پایا ہے، اور اس لیے ان کو "آوارہ گرد رباعیات" کے نام سے موسوم کیا ہے،

زوکودوسکی نے اپنے اس مضمون مین خیام کے حالات حسب ذیل مصنفین کے حوالہ سے نقل کیے ہین،

۱- نزہۃ الارواح و روضۃ الافراح فی تواریخ الحکما المتقدمین شمس الدین محمد بن محمود الشہرزوری تالیف سنہ ۵۸۶ھ سنہ ۶۱۱ھ،

۲- مرصاد العباد شیخ نجم الدین ابوبکر رازی معروف بہ دایہ، تالیف سنہ ۶۲۰ھ،

۳- تاریخ الحکماء، قاضی اکرم جمال الدین ابوالحسن علی بن یوسف قفطی، تالیف سنہ ۶۲۴ھ سنہ ۶۴۶ھ

۴- فردوس التواریخ، مولنا خسرو ابرقوہی، تالیف سنہ ۸۰۸ھ،

۵- تاریخ الفی، احمد بن نصر اللہ ٹھٹھوی سندھی، تالیف سنہ ۱۰۰۰ھ،

۳- زوکوودسکی کے اس مضمون کو ڈاکٹر ڈینی سن راس نے انگریزی مین نقل کیا، اور اپریل سنہ ۱۸۹۸ء کے جرنل آف دی رائل ایشیاٹک سوسائٹی مین شائع کیا، اسکا اثر یہ ہوا کہ انگریز مستشرقون کے اندر بھی خیام کی تحقیق کا ولولہ پیدا ہوا، چنانچہ سب سے پہلے پروفیسر براؤن نے (جن سے سنہ ۱۹۲۰ء مین کیمبرج مین مجھے ملاقات کی عزت حاصل ہوئی) سنہ ۱۸۹۹ء مین جرنل آف دی رائل ایشیاٹک سوسائٹی، لندن مین (صفحہ ۴۰۹ تا ۴۱۱) ایک مختصر مضمون لکھا، جسمین خیام کے سوانح کے بعض نئے ماخذ ذکر کیے، اور خصوصیت کیساتھ مغلون کی تاریخ جامع التواریخ کا ایک حصہ شائع کیا، جسمین حسن صباح اور باطنیون کے سلسلہ مین عمر خیام اور نظام الملک و حسن صباح کی ہمدرسی و معاہدہ کی وہی پرانی داستان مذکور ہے، پروفیسر براؤن کے اس مضمون کا عنوان یہ ہے، "خیام پر کچھ مزید روشنی"،

۴- سنہ ۱۹۰۱ء مین میتھیون پریس لندن نے رباعیات خیام کے انگریزی ترجمہ فٹز جیرلڈ کا نیا نسخہ

شائع کیا اور اس پر ڈاکٹر ڈینی سن راس نے ۹۱ صفحون مین ایک دیباچہ لکھا، اور اس دیباچہ کو تین بابون مین منقسم کیا، پہلے باب مین خیام کے تاریخی عہد کی تفصیل ہے، دوسرے مین خیام کے ذاتی حالات ہین اور تیسری مین فرز جیرلڈ کے ترجمہ کا حال ہی، دوسرا باب جو ۲۸-۶۷ تک خیام کے حالات مین ہی، اسمین ڈاکٹر راس نے ژوکوووسکی اور براؤن کے مضامین کو اور ہوتسما کے نظریہ کو اپنے بعض مزید بیانات کیساتھ درج کیا ہی، اور ہوتسما کے نظریہ کی تائید کی ہی، اور خیام کی تاریخ ولادت اور تاریخ وفات کی تعیین کی ناتمام کوشش کی ہی،

راس نے اس مضمون مین حسب ذیل کتابون کے اقتباسات درج کئے ہین،

۱- چہار مقالہ عروضی سمرقندی (خیام کا معاصر تھا)

۲- فردوس التواریخ،

۳- نزہۃ الارواح شہرزوری،

۴- مرصاد العباد رازی،

۵- تاریخ الحکما قفطی،

۶- آثار البلاد قزوینی،

۷- جامع التواریخ، رشید الدین فضل اللہ،

۸- تاریخ الفی ٹھٹھوی،

۹- ریاض الشعراء،

۱۰- ابن الاثیر،

۵، پروفیسر براؤن نے اسی کے بعد اپنی مشہور کتاب لٹریری ہسٹری آف پرشیا تصنیف کرنی شروع کی ہے، سنہ ۱۹۰۶ء میں اوسکی دوسری جلد شائع ہوئی، اسمین خیام اور حسن صباح کے حالات مین ان تمام معلومات بالا کو نہایت خوبی کیساتھ یکجا کر دیا، اور کچھ نئے معلومات بھی جستہ جستہ ان مباحث مین بڑھائے، اور حسب ذیل مآخذ کے اقتباسات تاریخی ترتیب سے شائع کئے،

۱- چہار مقالہ عروضی سمرقندی،

۲- مرصاد العباد، نجم الدین رازی،

۳- تاریخ الحکما قفطی،

۴- نزہتہ الارواح شہرزوری،

۵- آثار البلاد، قزوینی،

۶- جامع التواریخ فضل اللہ،

۷- فردوس التواریخ،

۸- تاریخ الفی، ٹھٹھوی،

۹- کشف الظنون، حاجی خلیفہ،

۶- علامہ عبد الوہاب قزوینی ایران کے موجودہ علماء مین نہایت لائق اور وسیع النظر عالم ہین، (ان سے مجھے ملاقات کی عزت پیرس مین سنہ ۱۹۲۰ء مین حاصل ہوئی ہے) انھون نے پروفیسر براؤن کے زیر نگرانی گب میموریل سیریز کی متعدد کتابون کا نہایت خوبی کیساتھ تصحیح و تحشیہ کیا اور تبصرہ لکھا، انھین مین عروضی سمرقندی کا چہار مقالہ بھی ہے، جسکی تصحیح و تحشیہ اور ضمیمہ نگاری کی خدمت سنہ ۱۹۰۹ء

مین علامہ موصوف نے ادا کی ہے، اس ضمیمہ مین انھون نے خیام کے متعلق پروفیسر براؤن کی تحریر کا خلاصہ فارسی مین نقل کرکے بعض جزئی باتین اپنی طرف سے بڑھائی ہین،

اصل ماخذون مین قزوینی نے صرف ایک ماخذ یعنی خاقانی کے ایک شعر کا اضافہ کیا ہے جسمین خیام کا نام آیا ہے، اوران ماخذون کی تاریخی ترتیب یہ رکھی ہے،

۱- چہار مقالۂ عروضی سمرقندی، تالیف ۵۵۰ھ، (تقریبًا)

۲- خاقانی المتوفی ۵۹۵ھ کا ایک شعر،

۳- نزہۃ الارواح شہرزوری، (۵۸۶ھ - ۶۱۱ھ)

۴- مرصاد العباد شیخ نجم الدین دایہ تالیف ۶۲۰ھ

۵- تاریخ کامل ابن اثیر زیر حوادث (۴۶۷ھ) تالیف ۶۲۸ھ

۶- اخبار العلماء باخبار الحکماء جمال الدین قفطی تالیف ۶۲۴ھ - ۶۴۶ھ،

۷- آثار البلاد زکریا قزوینی تالیف ۶۷۴ھ

۸- جامع التواریخ رشید الدین فضل اللہ المقتول ۷۱۸ھ

۹- فردوس التواریخ مولانا خسرو ابرقوہی تالیف ۸۰۸ھ

۱۰- تاریخ الفی احمد بن نصر اللہ ٹھٹھوی سندھی تالیف ۱۰۰۰ھ

دوسرے ماخذ اس کے بعد ایک ہزار سال پہلے تک کسی شخص نے خیام کے حالات و سوانح کے متعلق کسی نئے ماخذ کا اضافہ نہین کیا، لیکن اگر عام فارسی تاریخون اور تذکرون کی تلاش کیجائے، تو ان مین مذکورۂ بالا ماخذون پر دس کا اور اضافہ ہوسکتا ہے، مثلاً تاریخون مین تاریخ گزیدہ، روضۃ الصفا، اور

حبیب السیر کا، اور تذکرون مین ہفت اقلیم امین رازی، دولت شاہ سمرقندی، آتشکدۂ آذر، ید بیضا آزاد، مجمع الفصحا، ہدایت اور مجمع الغرائب سندیلوی کا، مگر ان کتابون مین کوئی نئی بات نہین محض نام ہے یا انھین پرانی باتون کا اعادہ و تکرار ہے، لیکن قدامت کے خیال سے جہان صرف چند لفظون کی خاطر مرصاد العباد اور آثار البلاد کا حوالہ ضروری تھا، وہان تاریخ گزیدہ جو ۷۳۰ھ کی تالیف ہے ناقابل التفات نہین ہے،

دو نئے قدیم ترین ماخذ
ا- خریدۃ القصر

ابھی حال مین قدامت کے لحاظ سے خیام کے متعلق دو نہایت ہی قدیم ماخذون کا پتہ چلا ہے، جنہین سے ایک عماد کاتب اصفہانی کی خریدۃ القصر ہے اور دوسری ابو الحسن بیہقی کی تاریخ الحکما رہے، عماد الدین کاتب اصفہانی نے ۵۷۲ھ مین خریدۃ القصر کے نام سے عربی مین شعراء اور ادبا کا تذکرہ لکھا تھا، اس کتاب کا نسخہ کتبخانہ لیڈن مین ہے، شعرائے خراسان کے ضمن مین اس کے ۲۳۸ ورق پر عمر خیام کا حال ہے، اس کا حوالہ عبد الوہاب قزوینی نے حواشی چہار مقالہ کے آخری ضمیمہ (ص ۳۵۹) مین دیا ہے، مگر افسوس ہے، کہ قزوینی نے یہ کتاب خود نہین دیکھی اور نہ عبارت نقل کی ہے، صرف کتبخانہ مذکور کی فہرست مرتبہ ڈوزی مین اسکا ذکر اسکی نظر سے گذرا ہے، مین نے کتبخانۂ مذکور سے اس عبارت کے حاصل کرنے کی کوشش کی، مگر افسوس کہ کامیابی نہین ہوئی،

محمد بن محمد عماد الدین کاتب الاصفہانی ایرانی تھا، اصفہان مین ۵۱۹ھ مین پیدا ہوا، بڑا حصہ بغداد مین وزیر ابن ہبیرہ المتوفی ۵۶۰ھ کی خدمت مین گذارا، پھر اتابک نور الدین شہید کے دربار موصل مین، پھر سلطان صلاح الدین ایوبی کے دربار مین، مصر و شام مین، اور آخر وہین شام مین ۵۹۷ھ مین انتقال کیا، اس نے انوشروان خالد کی کتاب تاریخ سلجوق کی عربی کی، اور البرق الشامی اور

الفتح القدسی (فتح بیت المقدس کی تاریخ) اور خریدۃ القصر و جریدۃ العصر نامی کتابین تالیف کین، اس خریدۃ القصر مین اس نے عراق، عجم، شام، جزیرہ، مصر، اور مغرب (شمالی افریقہ) کے ان شعراء کے حالات لکھے ہین جو ۵۰۰ھ کے بعد سے لیکر ۵۷۲ھ تک گذرے[1]، انھین مین خیام کا نام بھی ہے،

عماد کاتب کی تمام کتابین مقفّی اور مسجّع عربی مین ہین، مین یقین کرتا ہون کہ قاضی اکرم قفطی نے جو عماد کے کچھ ہی دنون کے بعد شام مین پیدا ہوا، اور جو سلاطین ایوبی سے وابستہ تھا، اور جس کے سامنے عماد کی تصنیفات کا ذخیرہ بے شبہ ہوگا، اس نے اپنی کتاب اخبار العلماء باخبار الحکماء مین جسکو اس نے ۶۲۴ھ اور ۶۴۶ھ کے درمیان لکھا ہے، خیام کا حال عماد کاتب کی اسی خریدہ ہی سے حرف حرف نقل کیا ہے، کیونکہ اس موقع کی عبارت قفطی کے طرز و روش کے برخلاف، عماد کاتب کی عبارت کی طرح سرتاپا مسجّع و مقفّی ہے، عماد کو اصفہان کی ولادت اور عراق و بغداد کی اقامت کے سبب سے خیام سے پوری واقفیت ہوگی، اور اسی لیے صرف اُسی نے خیام کے ورود بغداد کی اطلاع بہم پہنچائی ہے، عماد کاتب، مدرسۂ نظامیہ کا تعلیم یافتہ، فقیہ و محدّث تھا، یہی سبب ہے کہ اوس نے خیام کو اچھے لفظون سے یاد نہین کیا ہے،

۲۔ تاریخ الحکماء ابوالحسن بیہقی؛ لیکن عماد کاتب سے بھی متقدم ایک اور ماخذ کا بھی حال مین پتہ چلا ہے، یہ کتاب حکمائے اسلام کے حالات مین ظہیر الدین ابوالحسن بیہقی المتوفی ۵۶۵ھ کی کتاب تاریخ حکماء الاسلام ہے، برلن یونیورسٹی لائبریری مین اسکا ایک نسخہ ہے، یہ وہی شخص ہے جسکا حوالہ مولانا ابوالحسن ابرقوہی نے جامع التواریخ مین دیا ہے، ظہیر الدین کا باپ خیام کا دوست تھا، یہ اپنے باپ

---

[1] دیکھو ابن خلکان،

کے ساتھ کمسنی مین سنہ ۵۰۷ھ مین خیام سے ملا تھا، اُس نے اپنی یہ کتاب سنہ ۵۴۹ھ مین لکھی ہے، اس نسخہ کی وہ عربی عبارت جسمین خیام کا تذکرہ ہے، ڈاکٹر ویل صاحب نے برلن سے نقل کرکے بھیجی اور بولٹن آف دی اسکول آف اورینٹل اسٹڈیز لنڈن انسٹی ٹیوشن مین فروری سنہ ۱۹۲۹ع کی اشاعت مین شائع ہوئی[۱]، تاریخ حکماء الاسلام بیہقی جسکا دوسرا نام تتمۂ صوان الحکمۃ ہے، اس کا فارسی ترجمہ رشید الدین فضل اللہ المقتول سنہ ۷۱۸ھ کے بیٹے غیاث الدین کے زمانہ مین دُرّۃ الاخبار و لمعۃ الانوار کے نام سے کیا گیا تھا، اور اورینٹل کالج میگزین لاہور نے اپنے مفید سلسلہ مین اس کتاب کو شائع کرکے علم و فن پر احسان کیا ہے، اسمین بھی (ص ۸۸) عمر خیام کے وہی حالات جو بیہقی مین ہین مذکور ہین،

خیام کے تین اصلی ماخذ

اب ثابت ہوگیا ہے کہ خیام کے سوانح کے اصلی اور قدیم ترین ماخذ صرف تین ہین؛ ایک بیہقی کی کتاب تاریخ الحکماء، جسکا مصنف خیام سے کمسنی مین ملا تھا، اور اُس کا باپ خیام کا دوست تھا، اور خیام کا داماد خود اُسکا دوست تھا، دوسری کتاب چہار مقالہ ہے، جسکا مصنف نظامی عروضی سمرقندی سنہ ۵۰۶ھ مین اور اُس کے پس و پیش خیام سے ملتا رہا تھا، اور تیسری کتاب خریدۃ القصر ہے جسکا مصنف عماد کاتب اصفہانی، غالباً خیام کی زندگی مین سنہ ۵۱۹ھ مین سلجوقیہ کے دار السلطنۃ اصفہان مین پیدا ہوچکا تھا، ان کے علاوہ بقیہ تمام کتابین جنمین خیام کے حالات ہین وہ کم و بیش انھین سے بعینہ یا حذف و اضافہ کیساتھ منقول ہین، شہرزوری کا بیشتر مواد بیہقی سے ماخوذ ہے، قفطی مین جو کچھ ہے وہ میرے خیال مین عماد کاتب کی خریدہ سے نقل ہے،

دو نئے متاخر ماخذ

متاخرین مین دو ہ نام اور ذکر کے قابل ہین،

[۱] مولوی محمد شفیع صاحب (اورینٹل کالج لاہور) نے اس مقالہ کی تحریر کے بعد مجھ سے زبانی فرمایا کہ انھون نے پچھلی اورینٹل کانفرنس منعقدہ لاہور (سنہ ۱۹۲۸ء) مین خیام کے اس نئے ماخذ پر کوئی مضمون پڑھا تھا، جو ابھی تک میری نظر سے نہین گذرا ہے،

۱- استظہار الاخبار | دولت شاہ سمرقندی نے (ضمناً) اپنے تذکرۃ الشعراء مین جو ۸۹۲ھ مین لکھی گئی ہے،

خیام کا حال تاریخ استظہاری سے جسکا اصلی نام استظہار الاخبار ہے نقل کیا ہے، اس کے مصنف کا نام

قاضی احمد دامغانی ہے، اس کتاب کا حوالہ تاریخ گزیدہ کے مقدمہ مین موجود ہے، تاریخ گزیدہ ۷۳۰ھ

کی تصنیف ہے، اس لیے یہ تاریخ استظہاری لامحالہ ساتوین صدی کے آخر یا آٹھوین کے شروع کی تصنیف

ہوگی، اس کتاب اور اس کے مصنف کا نام حاجی خلیفہ چلپی نے لیا ہے، مگر زمانہ نہین بتایا ہے،

۲- دہ فصل تبریزی | اسی طرح ترک شاعر و مؤرخ عالی نے ربیع المرسوم و تربیع المنظوم کے نام سے ۱۰۰۲ھ

مین خیام کے رباعیات کا رباعی بہ رباعی جو جواب لکھا ہے، اُس کے مقدمہ مین خیام کے حالات بھی

لکھے ہین، اُس نے ان حالات کے دو ماخذ دیئے ہین، ایک تاریخ استظہاری بواسطۂ دولت شاہ،

دوسرا مولنا احمد بن حسین ابن رشید تبریزی کا رسالہ دہ فصل، ایک کسی اور کتاب سے بھی حالات نقل کئے

ہین، مگر وہ تمامتر لغو و لاطائل ہین،

اس ربیع المرسوم کا قلمی نسخہ[1] جس کے ساتھ کچھ اور بھی فارسی ترکی کے رسائل ہین، دار المصنفین کے

کتبخانہ مین ہے، یہ نسخہ ترکی طرز خط مین ہے، زبان فارسی ہے اصل مین کسی ترک عالم کی ملکیت معلوم

ہوتا ہے، اس پر ایک ترک شیخ کی یہ عربی عبارت درج ہے،

"استصحبہ الشیخ مصطفےٰ ابن شیخ علی الخلوتی فی مدینۃ القسطنطنیۃ"

اور اس کے نیچے سنہ ۱۱۰۰ھ درج ہے، بہرحال یہ گیارہوین صدی کا نسخہ ہے،

افسوس ہے کہ "دہ فصل" اور اُس کے مصنف مولنا احمد بن حسین رشید تبریزی سے ہم ناواقف ہین،

[1] اس نسخہ پر برادر عزیز سید نجیب اشرف ندوی سابق رفیق دار المصنفین نے چند سال ہوئے نیرنگ خیال لاہور مین ایک تبصرہ لکھا ہے،

اور اُس سے زیادہ بدقسمتی یہ ہے کہ اس نسخہ مذکور کا درمیان سے ایک صفحہ غائب ہی جس سے جو کچھ بھی معلوم ہو سکتا تھا، اس سے بھی محرومی ہو گئی، لیکن سب سے زیادہ اہم یہ ہے کہ رسالہ تبریزی کے مصنف کے حوالہ سے عالی نے چہار مقالہ کا وہ حصہ نقل کیا ہے، جو خیام کی وفات اور اسکی گل پوش قبر کی کیفیت پر مشتمل ہی اور اسمین ایک ایسا اہم اختلاف ہی جس سے خیام کی تاریخ وفات کا زمانہ ہی بدل جاتا ہی، اور اس سے زیادہ اہم یہ ہے کہ یہ عبارت چہار مقالہ کے خود مصنف عروضی سمرقندی کے اپنے ہاتھ سے لکھے ہوئے نسخہ کے حاشیہ سے منقول ہے،

اصل وصایائے نظام الملک جعلی نہین،

ماآخذ کے سلسلہ مین ہم نے نظام الملک طوسی کی کتاب دستور الوزرا، یا وصایائے نظام الملک کا نام نہین لیا ہے، کیونکہ زوکووسکی، ڈاکٹر راس، ہوٹسما، اور پروفیسر براؤن کی تحقیقات کے بعد سے اکثر مستشرقین اس کو اس لئے جعلی کتاب قرار دیتے ہین کہ اوس کے دیباچہ مین نظام الملک کی زبان سے عمر خیام اور حسن بن صباح کی ہمدرسی و ہمسنی کی وہی داستان درج ہے، جس کو ان مستشرقین نے اس بنا پر کہ اس کے مطابق عمر خیام اور حسن صباح کی عمرین سو برس سے بھی زیادہ ماننی پڑینگی، ماننے سے انکار کر دیا ہے، حالانکہ اس داستان کے علاوہ جو دیباچہ مین ہے اصل کتاب کے اندر اُس کے نظام الملک کے ممنونِ قلم نہ ہونے کی کوئی دوسری شہادت موجود نہین ہے، البتہ یہ تو ظاہر ہے، جیسا کہ اس کے دیباچہ مین تصریح بھی ہے، کہ یہ کتاب نظام الملک کے بہت بعد بلکہ کئی سو برس کے بعد مرتب ہوئی، اور اس کے خاندان کی بارھوین پشت کی ایک یادگار کے نام معنون کیگئی ہی، لیکن ساتھ ہی جامع نے تصریح بھی کر دی ہے، کہ یہ کتاب نظام الملک کے اون خاص تحریری اور سینہ بسینہ نصائح سے مرتب کیگئی ہے، جو اس نے اپنے بیٹے فخر الملک کو اس غرض

سے کیے تھے تاکہ وہ وزارت کی مشکلات کو پوری طرح سمجھ سکے، اب اگر یہ صرف اس بنا پر کہ یہ کتاب
نظام الملک کے بعد ترتیب پائی، نظام الملک کی تصنیف نہین قرار پاسکتی، تو سیاست نامہ بھی جو متفقاً
نظام الملک کی ملکیت ہی مشکوک نظر سے دیکھی جا سکتی ہے، کہ نظام الملک کے کتابدار کے اضافے اس
کے آخر مین تصریحاً مذکور ہین، مگر باینہمہ اس کتاب کے استناد اور وثوق مین کسی کو کوئی شک نہین پھر محض
ایک دیباچہ کے اضافہ اور مسودہ کی نئی ترتیب سے وصایا کو استناد اور وثوق کے درجہ سے کیون گرادیا
جاتا ہی، اس پر مزید بحث آیندہ آئیگی،

زبان، طرز ادا، بے تکلفانہ چھوٹے چھوٹے فقرے، سادگی بیان، ہر چیز اس کو سیاست نامہ
کے ہم پلہ اور مشابہ قرار دیتی ہے، اور اس سے زیادہ یہ کہ اُسمین سلجوقی سلاطین کے جو واقعات اور اسرار
بیان کئے گئے ہین اُن کو کوئی دوسرا بنا کر نہ گھڑ سکتا ہے، اور نہ جان سکتا ہی، دوسرے تاریخی واقعات
بھی بڑی صحت اور خوبی کیساتھ اسمین لکھے گئے ہین، اس قسم کی کتابون مین نامون کی یا سنین کی
غلطیون کا کہین کہین ہو جانا ان کے جعلی ہونے کی شہادت نہین، کہ یہ کوئی تاریخ کی کتابین نہین،
بلکہ محاضراتی یا سیاسی ہین، اور تاریخ و سنین ان کا اصلی نہین ضمنی مقصد ہی،

خود چہار مقالہ کس درجہ اہم اور قابل قدر کتاب ہی، مگر علامہ قزوینی کے تبصرہ سے معلوم
ہو سکتا ہی کہ عروضی نے اسمار اور سنین مین کتنی جگہ غلطیان کی ہین مگر یہ شے اسکے جعلی ہونے کا ثبوت نہین

ا؎ پروفیسر اقبال (اورینٹل کالج لاہور) نے کالج مذکور کے سہ ماہہ رسالہ (نومبر ۱۹۲۷ء) مین اُسپر ایک مفید مضمون لکھا ہی، مجھے خوشی ہے کہ پروفیسر صاحب نے اپنی گذشتہ رائے مین ترمیم فرمائی، اور مین نے معارف (فروری ۱۹۲۴ء) مین ان کے جواب مین اس کتاب کی نسبت جو لکھا تھا، اس کا ثبوت چند سال کے بعد انھون نے خود اپنے اس مضمون مین پیش فرما دیا، میرے فقرے یہ تھے "لیکن دوران بحث مین ابھی کئی باتین ڈاکٹر صاحب کے لیے محتاج ثبوت ہین، لیکن مین نے قصداً ان کو تسلیم کر لیا ہی، مثلاً خیام کی تاریخ وفات کا مسئلہ وصایا نے نظام الملک کے تمامتر جعلی اور فرضی ہونے کی بحث"

اور وصایا تو اس عیب سے غالباً خالی ہے، پھر دیباچہ کے ایک قصہ کے فرضی ہونے سے کل کتاب کو
جعلی قرار دینا بدگمانی کی انتہا ہے، اور پھر اس قصہ کا فرضی اور جعلی ہونا بھی کسی مستند دلیل سے ثابت نہین،

خیام کے قدیم ماخذون کی ترتیب

اس تفصیل سے معلوم ہوگا، کہ سوانح خیام کے ماخذون کی صحیح زمانی ترتیب
حسب ذیل ہے،

۱- تاریخ حکماء الاسلام (یا تتمہ صوان الحکمۃ) ظہیر الدین ابو الحسن بیہقی تالیف ۵۴۵ھ

۲- چہار مقالہ عروضی سمرقندی تالیف ۵۵۲ھ،

۳- خریدۃ القصر عماد الدین کاتب اصفہانی تالیف ۵۷۲ھ

۴- نزہۃ الارواح شہرزوری تالیف مابین ۵۸۶ھ، ۶۱۱ھ،

۵- اخبار الحکماء قفطی تالیف ۶۲۴ھ، ۶۴۶ھ،

اس کے بعد وہی ترتیب ہے جو اوپر گذر چکی، البتہ متاخرین مین قاضی احمد دامغانی کی استظہار الاخبار
([illegible]ھ؟) حمد اللہ مستوفی کی تاریخ گزیدہ (۷۳۰ھ) مولانا احمد بن حسین الرشید تبریزی کی دہ فصل اور
عالی رومی کی ربیع المرسوم (۱۰۰۲ھ) پڑھنا چاہیئے،

رباعیات کے چند محققین مغرب

یورپ مین حال مین خیام پر چند اور فضلا نے بھی بحثین کی ہین،

۱- اوٹو روتھفیلڈ Otto Rothfeld نے عمر خیام اور اس کے زمانہ Umar Khayyam and his age
پر ایک کتاب ۹۰ صفحون مین ۱۹۲۲ء مین لکھی ہے اور تاراپوروالا بمبئی نے شائع
کی ہے، ۴۷ صفحون مین خیام کے حالات کی تحقیق، اور بقیہ مین رباعیات پر بحث ہے، کتاب گو
حشو و زوائد سے پاک نہین، مگر فلسفی خیام کو اس نے سمجھنے کی سب سے بہتر کوشش کی ہے،

۲۔ ڈچ فاضل کرِیستن سَن ۔ A. Christensen نے رباعیاتِ خیام کا ایک نیا اڈیشن اٹھارہ مطبوعہ نسخون سے مقابلہ کرکے ابھی حال مین شائع کیا ہی، اور رباعیات کی تعیین کے بعض اصول وضع کئے ہین،

۳۔ جرمن فاضل فریڈرک روزن Rosen نے سنہ ۱۹۲۵ء مین رباعیاتِ خیام کا ایک نیا نسخہ برلن کے مطبع کاویانی سے شائع کیا، اور اس پر فارسی مین ایک دیباچہ لکھا، جسمین کرِیستن زن تک کے تمام معلومات اور علامہ قزوینی کے بعض نئے انکشافات متعلقہ رباعیات کا اضافہ کیا، پھر سنہ ۱۹۳۰ء مین فریڈرک روزن نے میتھیون پریس لندن مین اپنے اڈیشن کا انگریزی ترجمہ شائع کیا، اور اس پر انگریزی مین ایک مقدمہ بڑھایا، جسمین برلن کی سرکاری لائبریری کے مشرقی حصہ کے ناظم ڈاکٹر ویل کے بتانے سے خیام کے ایک نئے رسالہ نوروزنامہ پر تبصرہ لکھا،

چند مشرقی محققین

عربی مین خیام کے متعلق سب سے بہتر ودیع البستانی کا وہ مضمون ہی جو رباعیاتِ خیام کے عربی ترجمہ کیساتھ شائع ہوا ہی، مگر غالبًا وہ کسی ترکی مقالہ سے ماخوذ ہی، ہماری اردو زبان مین خیام کے متعلق صرف دو کتابین ذکر کے قابل ہین، ایک علامہ شبلی کی شعر العجم کی پہلی جلد مین عمر خیام کا مختصر لیکن مستند احوال، اور اُسکی رباعیات اور خیالات پر فلسفیانہ تبصرہ، دوسری مولوی عبد الرزاق صاحب کانپوری کی نظام الملک طوسی، جس کے ضمیمہ مین انھون نے خیام کا نہایت مبسوط حال لکھا ہی، مگر افسوس ہے کہ اسمین بکثرت غلطیان ہین، ان دونون کے سوا اردو مین جو کچھ کسی نے لکھا ہی، وہ انھین دونون کی نقالی ہی، اور یا انگریزی دیباچون کا ترجمہ ہے، ترکی مین دانش کا ترجمہ ابھی حال مین شائع ہوا ہی، اس کا مقدمہ بھی اچھی تحقیق کیساتھ لکھا گیا ہے،

واقعات خیام کے چند سنین

خیام کے حالات و سوانح لکھنے سے پہلے اس کے سنین کی تعیین کی کوشش ضروری ہی، کسی انسان کی تاریخ کے لیے سالِ ولادت پہلی چیز ہے، مگر یہان یہ حال ہی کہ مشرق و مغرب دونون دنیاؤن کے علمائے تاریخ اسکے سالِ ولادت کا کوئی سراغ نہ پاسکے، اُسکا سالِ وفات گو مشرق و مغرب دونون مین عموماً ۵۱۷ھ بیان کیا جاتا ہی، مگر اُسکی تعیین کی بھی کوئی قدیم سند ہاتھ مین نہین ہے، خیام کے واقعات کے صرف چار سنین ہم کو معلوم ہین، جو بترتیب حسب ذیل ہین،

۱۔ ۴۶۷ھ مین ہم اسکو پہلے پہل ملک شاہ سلجوقی کے رصد خانہ مین پاتے ہین[۱]،

۲۔ اس کے بعد ۵۰۶ھ مین اُس سے نظامی عروضی سمرقندی بلخ مین ملتا ہے[۲]،

۳۔ ۵۰۵ھ[۳] یا ۵۰۷ھ مین ابو الحسن بیہقی (مصنف تاریخ الحکماء) اپنی کمسنی مین اس سے ملا تھا،

۴۔ ۵۰۸ھ مین عروضی نظامی کے بیان کے مطابق خیام نے سلطان کے شکار کے لیئے

---

[۱] تاریخ کامل ابن اثیر واقعات ۴۶۷ھ [۲] چہار مقالہ عروضی ص ۶۲ طبع بریل گب، [۳] فردوس التواریخ کے مصنف مولانا ابرقوہی کی جو عبارت ژوکوفسکی نے نقل کی ہی، اسمین ۵۰۵ھ ہے، لیکن خود بیہقی کی جو اصل عبارت بلیٹن آف اورینٹل اسٹڈیز لندن مین چھپی ہے، اسمین ۵۰۷ھ ہے،

زائچہ تیار کیا،[51]

۵- سنہ ۵۳۰ھ سے کچھ پہلے اُس نے وفات پائی،[52]

عمر خیام کے بقیہ سنین کی تعیین کیلئے ہم یہ کوشش شروع کرتے ہین کہ اس کے تعلق کے سلسلہ سے جتنے اشخاص کے نام ملتے ہین اُن کے سنین کے ذریعہ سے کوئی نتیجہ پیدا کیا جائے، اس سلسلہ مین سب سے پہلی چیز نظام الملک اور حسن صباح کی ہمسنی اور معاصرت کی داستان ہے، کہ اگر یہ ثابت ہوجائے تو نظام الملک اور حسن صباح جنکے اکثر سنین معلوم ہین اُن کے تطابق سے خیام کے سنین کی بھی تعیین کیجا سکتی ہے، اور اگر یہ چیز ثابت نہین ہوتی تو خیام کی تاریخ سے ایک بڑا پردہ اُٹھ جاتا ہے،

---

[51] چہار مقالہ ص ۶۳، گب،
[52] چہار مقالہ ص ۶۲، گب

مشہور داستانِ معاصرت کی تنقید

نظام الملک کی معاصرت!

نظام الملک طوسی وزیرِ آلِ سلجوق کی ولادت اور شہادت کی تاریخ بالاتفاق سب کو معلوم ہے، یعنی سنہ ۴۰۸ھ یا سنہ ۴۱۰ھ[1] مین وہ پیدا ہوا، اور سنہ ۴۸۵ھ مین اُس نے شہادت پائی، مشرق کے عام تذکرہ نویسون کی طرح اگر عمر خیام اور حسن صباح کو نظام الملک کا ہمدرس و ہمسن تسلیم کرلیا جائے، تو ماننا پڑیگا، کہ خیام اور حسن صباح کی ولادت بھی سنہ ۴۰۸ھ یا سنہ ۴۱۰ھ کے قریب قریب ہو، لیکن اس ہمدرسی و ہمسنی کا ثبوت اس داستان کے ثبوت پر موقوف ہے جسکا ابھی ہمکو جائزہ لینا ہے،

یہ داستان وہ مشہور قصہ ہے، کہ خیام حسن صباح، اور نظام الملک طوسی ہمسن، اور نیشاپور مین امام موفق کی درسگاہ مین ہم سبق تھے، وہین انھون نے باہم یہ طفلانہ معاہدہ کیا تھا کہ امام موفق کے شاگردون مین کوئی نہ کوئی بڑے عہدہ پر پہنچتا ہے، اس لیے ہم مین سے جو کوئی کسی بڑے عہدہ پر پہنچے وہ دوسرے دونون دوستون کو بھی اپنی دولت مین شریک کرے، اس پیشینگوئی کو بالآخر زمانہ نے صحیح ثابت کردیا، اور نظام الملک وزیرِ سلطنت ہوگیا، معاہدہ کے مطابق اُسنے خیام کو ایک گرانقدر

[1] عام تاریخون میں نظام الملک کی ولادت سنہ ۴۰۸ھ میں ملتی ہے، لیکن علی بن زید بیہقی المولود سنہ ۴۹۹ھ المتوفی سنہ ۵۶۵ھ کی تاریخ بیہقی میں اس کی ولادت کا سال سنہ ۴۱۰ھ سنہ عشر واربع مایۃ مذکور ہے، (دیکھو اقتباس تاریخ مذکور بعنوان خاندان سید الوزراء نظام الملک در اورینٹل کالج میگزین لاہور نومبر سنہ ۱۹۲۸ء منقول از نسخہ برٹش میوزیم لندن،)

سالانہ وظیفہ دیا، اور وہ اپنی علمی تحقیقات مین مصروف ہوگیا لیکن حسن صباح نے دربار مین پہنچکر ایسی سازش کی کہ جس سے خود نظام الملک کی جڑ اوکھڑ جاتی آخر وہ ناکام ہوا، اور مصر جاکر اسماعیلی داعیون مین شامل ہوگیا، یہ قصہ پہلے عموماً بڑی عقیدت کیساتھ تسلیم کیا جاتا تھا لیکن بعد کو یورپ کے چند مستشرقین نے اس بنا پر کہ اس ہمسنی اور معاصرت کے تسلیم کرنے سے خیام اور حسن صباح کی عمر ین سو برس سے زیادہ کی ماننی پڑینگی اس داستان کو مشتبہ اور ناقابل اعتبار قرار دیا، ایک دلچسپ تاریخی نقفہ کے تحقیق کی عدالت سے اسطرح مسترد ہوجانے سے تاریخ کی دلچسپی کا خون ہوتا ہے، اس لیے ضرورت ہے کہ اس پر ہمدردی سے غور کیا جائے،

اس قصہ کے اصلی ماخذ اس قصہ کے سب سے پرانے ماخذ دو ہین ایک وصایاے نظام الملک جسمین نظام الملک ہی کی زبان سے یہ قصہ بیان ہوا ہے، اور دوسرا جامع التواریخ فضل اللہ رشید مقتول ۷۱۸ھ حسن بن صباح کے قلعۂ الموت کے خاص کتب خانہ مین سرگذشت سیدنا کے نام سے حسن صباح کی ایک مختصر سوانح تھی ہلاکو خان نے جب ۶۵۴ھ مین الموت پر قبضہ کیا، تو اپنے سلطان درباری امیر عطاء الملک جوینی کو اس کتبخانہ کے جلانے کا حکم دیا، عطاء الملک نے اسمین سے یہ رسالہ الگ کرلیا ہی رسالہ اسماعیلیہ کی تاریخ کا اصلی سرمایہ ہے جس سے خود عطاء الملک نے اپنی تصنیف مین اسماعیلیون کی تاریخ مین کام لیا ہے، اور اسی رسالہ کے معلومات کو بعد کو فضل اللہ نے اپنی تاریخ مین استعمال کیا ہے، اس طرح یہ واقعہ ایک بڑی سند رکھتا ہے،

دوسری طرف یہ واقعہ اُس کتاب (وصایاے نظام الملک) کے اس دیباچہ مین مذکور ہے جو نظام الملک کی طرف منسوب ہے لیکن جس کے نظام الملک کی طرف غلط طور سے منسوب ہونے

پر ابتک کوئی دلیل نہین پیش کیجا سکی ہے،

یہ واقعہ تین شخصیتون سے متعلق ہے، خیام، حسن بن صباح، اور نظام الملک ابتک دنیا نے اس مقدمہ کے صرف دو گواہون کی شہادتین سنی ہین ایک حسن صباح کی جو "سرگذشت سیدنا" مین موجود ہے، اور دوسری نظام الملک کی، جو وصایا کے دیباچہ مین ہے، مقدمہ کا تیسرا گواہ ابتک چپ تھا، یعنی خیام کی کوئی شہادت موجود نہ تھی لیکن اب یہ تیسری شہادت بھی حاصل ہو گئی ہے،

خیام کی شہادت خیام کی اُن تصنیفات مین سے جنکا اُسکے سب سے پرانے سوانح نگار بیہقی نے ذکر کیا ہے، ایک رسالہ کتاب الکون والتکلیف ہے، یہ رسالہ مصر مین ۱۹۱۷ء[1] مین چھپا ہے، اُس کے صفحہ (۱۷۰) مین خیام ابن سینا کا ذکر کرتا ہے، کہتا ہے، کہ "اس مسئلہ پر شاید مین نے اور میرے استاد بوعلی سینا نے خوب غور کر لیا ہے" اصل عبارت یہ ہے،

ولعلی ومعلمی افضل المتاخرین الشیخ الرئیس	اور شاید مین نے اور میرے استاد پچھلے فلسفیون مین
ابا علی الحسین بن عبد اللہ بن سینا	سب سے بہتر ابوعلی حسین بن عبداللہ بن سینا بخاری
البخاری اعلی اللہ درجتہ قد امعنا	نے (خدا اُس کا درجہ بلند کرے) اس مسئلہ مین
النظر فیہا، (ص ۱۷۰)	خوب غور کر لیا ہے،

ابوعلی سینا کی وفات بالاتفاق ۴۲۸ھ مین ہوئی ہے، اور فلسفہ کی شاگردی کے لیے کم از کم اٹھارہ برس کی عمر بھی مانی جائے، تو ۴۱۰ھ یا ۴۱۱ھ تک خیام کی تاریخ ولادت قرار دینی پڑے گی،

[1] یہ رسالہ مصر کے مطبع سعادت مین چھپا ہے، اور اُس کا قلمی نسخہ ۶۹۹ھ یعنی خیام کے تقریباً پونے دو سو برس کے بعد کا لکھا ہوا نور الدین بک مصطفٰی مصری کے کتب خانہ مین ہے، جس سے نقل لے کر اس مجموعہ مین شائع کیا گیا ہے،
(دیکھو مطبوعہ رسالہ کا خاتمہ)

جو خود نظام الملک کی تاریخ ولادت ہی،

عبارت بالا سے مقدمہ کے تیسرے گواہ کی شہادت معلوم ہوتی ہی،

اس قصہ کی صحت کے دوسرے امکانات

اگر اس قصہ مین ہمسنی کے بجائے صرف اُن کی ہمدرسی کے ثبوت پر قناعت کیجائے تو اس کی صحت کے بہت سے امکانات پیدا ہو جاتے ہین،

۱- نظام الملک گو سن مین بڑا تھا، مگر تعلیمی نصاب مین وہ چھوٹا تھا، اور اس طرح حسن صباح اور خیام عمر مین چھوٹے ہو کر بھی اس کے ہمدرس ہو سکتے تھے،

۲- یہ ہمدرسی مکتبی تعلیم مین نہ تھی، بلکہ اعلیٰ تعلیم مین تھی، جس مین عمرون کا تفاوت، ہمدرسون مین کمی کرتا ہی،

۳- امام موفق جنکی درسگاہ کا اس قصہ مین ذکر ہی، وہ ایک تاریخی شخصیت ہی۔ اور یقیناً وہ اس زمانہ مین ایسے ہی خوش نصیب شیخ وقت تھے،

اب ان مین سے ہر ایک امر کی تحقیق کی کوشش کرنی ہی،

ہمدرسی کا امکان

مین نے اپنے ایک مضمون "عمر خیام اور شعر العجم" شائع شدہ معارف (فروری سنہ ۱۹۲۴ء) مین یہ ثابت کیا ہے، کہ اگر سنہ ۵۱۷ھ تک خیام کی تاریخ وفات تسلیم کیجائے، جیسا کہ عام طور سے مشہور ہے اور سنہ ۴۲۵ھ مین بھی خیام اور حسن صباح کی پیدائش مانی جائے، تو سنہ ۴۹۴ھ مین جو اُن کے استاد امام موفق کی تاریخ وفات ہی، ہمسنی تو نہین، مگر ہمدرسی ممکن ہی، کہ یہ ہمدرسی ابجد خوانی مین نہ تھی، جیسا کہ غلطی سے عام طور پر سمجھا جاتا ہی[1]، بلکہ دینیات کے اعلیٰ درس مین تھی، امام موفق ہبۃ اللہ شافعیہ کے امام اور رئیس وقت تھے، اور اُن کی مجلس مین علماء و فضلاء کا جمگھٹا لگا رہتا تھا، وہ حدیث و فقہ کا درس دیتے

---

[1] چنانچہ آتشکدۂ آذر میں ہے: "مذکور است کہ با نظام الملک و حسن صباح طفل یک دبستان بودہ" (ص ۱۳۹ بمبئی)

تھے، خود وصایا مین لکھا ہی کہ "درس قرآن و حدیث" یعنی یہ قرآن و حدیث کے درس مین شرکت تھی، جسکے لیے خاصی بڑی عمر چاہیئے، مکتب نشینی اور ابجد خوانی مین نہین جس کے لیے کمسنی کی حاجت ہی،

"سرگذشت سیدنا" مین اس قصہ کو جہان بیان کیا ہی، وہان تصریح ہی کہ "سترہ سال کی عمر کے بعد حسن صباح نیشاپور کی درسگاہ مین نظام الملک کا شریک درس ہوا" اس سے بھی ثابت ہوتا ہے کہ یہ بچپن کے طفلانہ مکتب کا واقعہ نہ تھا، بالکل اچھی خاصی عمر کی درسگاہ علوم عالیہ کا واقعہ ہے، اور یہ بالکل ممکن ہی، بلکہ واقعہ ہے، کہ نظام الملک کی تعلیم دیر سے شروع ہوئی، جیسا کہ اُس کے حالات مین سبنے لکھا ہی، کہ "پہلے اُس نے قرآن حفظ کیا، پھر اپنے وطن طوس کے دیہات مین فقہ کی تعلیم پائی، اس کے بعد نیشاپور بھیجا گیا" ان تعلیمی منازل کو طے کرنے کے لیے خاصی بڑی عمر درکار ہی،

سلجوقیون نے سنہ ۴۲۹ھ مین نیشاپور فتح کیا، اور امام موفق سنہ ۴۰۷ھ سے سنہ ۴۴۰ھ تک مسند آرائے درس و موعظت رہے، اور نظام الملک نے چار برس ان کے درس مین شرکت کی، پھر وہ غزنین و بلخ گیا، اور داؤد سلجوقی کے قائم مقام گورنر ابو علی بن شاذان کی نوکری کی، داؤد نے سنہ ۴۳۰ھ کے بعد ہی بلخ فتح کیا ہے، اور ابو علی بن شاذان جس داؤد سلجوقی کی طرف سے بلخ مین قائم مقام تھا، اُس نے سنہ ۴۵۰ھ یا سنہ ۴۵۱ھ مین وفات پائی، اس لئے نظام الملک کے درس کی شرکت کی تاریخ سنہ ۴۳۶ھ سے سنہ ۴۴۰ھ تک قائم کیجا سکتی ہی، اور سنہ ۴۴۱ھ سے سنہ ۴۵۰ھ کے درمیان تک امیر بلخ کی ملازمت مین اُسکا ہونا بھی ممکن ہو جاتا ہے،

نظام الملک سے حسن صباح اور خیام کے کمسن ہونے کی شہادت خود دیباچہ وصایا سے،

وصایا کے دیباچہ مین حسن صباح اور خیام کے نیشاپور مین امام موفق کی مجلس مین آنے کے موقع پر ہے:

"و حکیم عمر خیام و مخذول ابن صباح دو نو رسیدہ بودند"

"نوروسیدہ" کے یہ معنی نہین کہ وہ اس درسگاہ مین تازہ وارد تھے اور نئے آئے ہوئے تھے، بلکہ فارسی محاورہ مین اس کے معنی "تازہ جوان" اور "تازہ بالغ" کے ہین، جسکی ابتدائی حد سولہ سترہ برس سے شروع ہوجاتی ہے، البتہ اس کے بعد دیباچہ کا یہ فقرہ کہ "بسن من بودند" قابلِ غور ہے، یہ فقرہ نظام الملک کے اُن حالات کے خلاف ہے، جو معتبر تاریخون مین مذکور ہین کہ وہ جوانی کی عمر کو اور تعلیم کے وسطی حصہ تک غالبًا اپنے وطن ہی مین پہنچ چکا تھا[1]، اس لئے یہ فقرہ الحاقی اور بعد کا بڑھایا ہوا معلوم ہوتا ہے۔

پھر وصایا مین خیام کے تذکرہ مین ہے، کہ الپ ارسلان کے عہدِ حکومت مین خیام نظام الملک کی خدمت مین آیا، اور سوا سو اشرفی سالانہ کا وظیفہ اس نے پایا، اس کے بعد ہے،

"وحکیم عمر بعد از ان تکمیل فنون کردہ در علم ہیئت بدرجات رفیعہ ترقی نمود"

الپ ارسلان کا عہد ۴۵۵ھ سے ۴۶۵ھ تک ہے، ہم خیام کے اس کے دربار مین آنے اور وظیفہ پانے کا زمانہ درمیانی یعنی ۴۶۰ھ فرض کرتے ہین، اس سے معلوم ہوگا کہ ۴۶۰ھ تک جب نظام الملک بہت سے انقلابات کے بعد وزارت کے درجہ تک پہنچ چکا تھا، خیام ہنوز علوم و فنون کی تکمیل سے فارغ نہ ہوا تھا،

اس تفصیل سے ظاہر ہوگا، کہ نظام الملک کو اگر بڑا، اور بقیہ دو رفیقون کو عمر مین اس سے چھوٹا فرض کیا جائے تو ہمدرسی ممکن ہے، بشرطیکہ خیام کی مشہور عام تاریخ وفات صحیح مان لیجائے،

امام موفق امام موفق اور اُن کی مجلسِ درس، اور اون کی سفارش سے اعلیٰ سرکاری عہدون پر پہنچنا جیسا کہ اس داستان مین مذکور ہوا ہے، یہ سب قرین قیاس باتین ہین، اور اُن کی تصدیق دوسرے

---

[1] تاریخ ابن اثیر ج ۱۰ صفحہ ۱۳۹، و تجارب السلف ہندوشاہ بن سنجر (صفحہ ۲۳۰) و حبیب السیر بحوالۂ ضمیمۂ سیاست نامہ موسیو شیفر، و ابن خلکان و طبقات الشافعیہ سبکی ترجمۂ نظام الملک (ج ۳)،

ذرائع سے بھی ہوتی ہے، حافظ سبکی نے طبقات الشافعیۃ الکبریٰ مین اس خاندان کا پورا ذکر کیا ہے، (دیکھو کتاب مذکور جلد ۳ صفحات ۵۹ و ۸۵ مطبوعہ حسینیہ مصر) سبکی کہتے ہین،

وکان بیتھم مجمع العلماء وملتقی الائمۃ (ج ۳ ص ۸۶) — اُن کا گھر علما کے ملنے اور فضلا کے اکھٹے ہونے کا مقام تھا،

امام موفق کے باپ قاضی ابوعمر محمد بن حسین بسطامی امام وقت تھے، یہ ۳۸۸ھ مین سلطنت (دیلم) کی طرف سے قاضی بناکر نیشاپور بھیجے گئے، وہان شافعیہ اور اہل حدیث نے اُن کا بڑا خیر مقدم کیا، اور اُس وقت سے یہ خاندان تمام شوافع کا سرگروہ و پیشوا ہوگیا، اور یہ جاہ و ثروت حاصل کی تھی کہ وہ وزارت کا متوقع تھا، اور درحقیقت یہی عہدہ طلبی کی کشمکش تھی جس کو وزیر عمید الملک کندری نے مذہبی فتنہ کی صورت مین کھڑا کیا، تاکہ وزارت کا منصب اُس سے چھنکر امام موفق کے صاحبزادہ ابوسہل کو نہ مل جائے، امام الحرمین اور امام قشیری وغیرہ کی جلاوطنی کے موقع پر ابوسہل نے سلجوقی سلطنت کا پر زور مقابلہ کیا، اور آخر اپنی بات منوا چھوڑی[1]،

خود امام موفق اس رتبہ کے تھے کہ سلجوقیون کو اُن کو اپنا پیشوا ماننا پڑا چنانچہ حکیم ناصر خسرو جب ۴۳۷ھ مین نیشاپور پہنچا ہے، تو وہ اُن سے ملا ہے اور اُن کیساتھ نیشاپور سے نکلا ہے، اس کا بیان ہے کہ خواجہ موفق سلطان طغرل بیگ سلجوقی کے پیر تھے،

"دویم ذیقعدہ از نیشاپور بیرون رفتم در صحبت خواجہ موفق کہ خواجۂ سلطان بود" (سفرنامہ ناصر خسرو ص ۲ مطبع کاویانی برلن)

---

[1] اس واقعہ کی پوری تفصیل طبقات الشافعیہ سبکی کے حسب ذیل تراجم مین دیکھو، امام ابوالحسن اشعری ج ۲ ص ۲۷۰ و ص ۲۷۱، ابوسہل بسطامی ج ۳ ص ۱۸۵، امام عبدالکریم قشیری ج ۳ ص ۲۴۵، امام الحرمین عبدالملک جوینی ج ۳ ص ۲۵۲، یہ بات کہ اس فتنہ کا اصلی راز وزارت کا عہدہ تھا، سبکی نے طبقات ج ۲ ص ۲۷۰ مین لکھی ہے، وکان مرموقا بالوزارۃ،

سلطانِ وقت کا پیر ہونا خود عوام کی مقبولیت، عقیدت، اور شاہی توسل کا کافی ذریعہ ہوسکتا تھا، اس کے علاوہ سلطان کا پہلا کاتب (سکریٹری) عمید الملک کُندری (جو آخر نظام الملک سے پہلے وزارت تک پہنچ گیا تھا،) کی نسبت بتصریح ثابت ہی، کہ وہ انھین امام موفق کی سفارش سے اس درجہ کو پہنچا تھا، چنانچہ زبدۃ النصرۃ تاریخ آل سلجوق للبنداری مین ہی،

وکان سببُ معرفته لطغرل بك	عمید الملک کے طغرل بیگ سے شناسائی کا
انهٗ لما ورد نیشاپور افتقر الی	سبب یہ ہوا کہ جب طغرل نیشاپور پہنچا، تو اوسکو
کاتبٍ یجمع فی العربیّة والفارسیّة	ایک ایسے میر منشی کی ضرورت ہوئی، جو عربی و
بین الفصاحتین فدلّ علیه	فارسی دونون مین پوری دستگاہ رکھتا ہو،
الموفّق والدُ ابی سهل،	تو ابو سہل کے والد موفق نے طغرل کو عمید الملک
(ص ۲۹، مطبوعۂ مصر)	کا پتہ دیا،

ابن اثیر مین ہے،

وکان سببُ اتصاله بالسّلطان	عمید الملک کے سلطان طغرل تک پہنچنے کا سبب
طغرل بك انّ السّلطان لما ورد	یہ ہوا، کہ سلطان جب نیشاپور آیا، تو اس نے ایک
نیشاپور طلب رجلًا یکتب و یکون	شخص کو تلاش کیا جو انشا کا کام کرسکے، اور
فصیحًا بالعربیّة فدلّ علیه	جو عربی مین ماہر ہو، تو ابو سہل کے والد
الموفّق والدُ ابی سهل،	موفق نے عمید الملک کو بتایا،

(ج ۱۰ص ۲۰، بریل)

طغرل بیگ نیشاپور ۴۲۹ھ مین پہنچا ہی اس لیے امام موفق کی سفارش سے اُس کا دربارِ سلطانی مین اس عہدہ پر سرفراز ہونا اسی سال یا ۴۳۰ھ مین ممکن ہی، قرین قیاس ہی کہ اسی واقعہ نے یہ شہرت پیدا کی ہو جس کے لیے ۴۳۶ھ مین نظام الملک وغیرہ نے اس مجلس مین قدم رکھا،

عمید الملک امام موفق کی مجلس کے حاضر باش لوگون مین تھا چنانچہ دمیۃ القصر مین اُس کے معاصر باخرزی کی شہادت ہی،

عمید الملک ابو نصر منصور الکندری	عمید الملک ابو نصر منصور کندری...... میری اُسکی
..... جمعنی وایاہ مجلس الامام	ملاقات امام موفق کی مجلس مین ۴۳۴ھ
الموفق سنۃ اربع وثلاثین (واربعمائۃ)	مین ہوئی،

امام موفق اپنے باپ قاضی ابو عمر محمد بن حسین بسطامی کی وفات کے بعد جنھون نے ۴۰۸ھ مین وفات پائی، اُن کے جانشین ہوئے، اور سلطنت کی طرف سے خلعت اور جمال الاسلام کا لقب ملا، اور ۶۲ برس تک شان وشکوہ اور وجاہت کیساتھ مسندِ افادہ پر جلوہ آرا رہکر ۴۷۰ھ مین وفات پائی،

نظام الملک حسن صباح سے پہلے سے واقف تھا،

اسی طرح یہ بھی ثابت ہے، کہ نظام الملک حسن بن صباح سے پہلے ہی سے پوری طرح واقف تھا، اور مزید واقفیت کی صورت یہ تھی کہ حسن صباح رے کا رہنے والا تھا، اور رے کا رئیس ابو مسلم نظام الملک کا خسر تھا، وہ نہایت دیندار اور مذہبی تھا

---

١ دمیۃ القصر وعصرۃ اہل العصر باخرزی، مطبوعہ حلب صفحہ ۱۴۲، موسیو شیفر نے سیاست نامہ کے ضمیمہ مین (صفحہ ۱۱۵ مطبوعہ پیرس) اس عبارت کو نقل کیا ہی، مگر تعجب ہے کہ اپنے فرنچ دیباچہ مین (صفحہ ۵) اس عبارت کو خریدۃ القصر وجریدۃ العصر عماد الدین اصفہانی کی طرف منسوب کیا ہی، حالانکہ ظاہر ہی کہ عماد اصفہانی عمید الملک کندری کے بہت بعد پیدا ہوا ہی اس لیے عمید الملک کے متعلق یہ معاصرانہ شہادت عماد الدین کی تصنیف مین نہین ہوسکتی، ٢ طبقات الشافعیۃ سبکی ج ۳ صفحہ ۵۹ مصر وکتاب الانساب سمعانی ورق ۸۱ (گب میموریل) ٣ ایضاً، صفحہ ۸۶

اس زمانہ مین باطنیہ تحریک کا مرکز مصر تھا جہان خلافت عباسیہ کی حریف سلطنت دولت فاطمیہ اسماعیلیہ قائم تھی، اُس کے داعی ملک کے گوشہ گوشہ مین پھیلے تھے، اس لیے مشتبہ آدمیون کی دیکھ بھال رکھنا ہر رئیس و امیر کا مذہبی اور سیاسی فرض سمجھا جاتا تھا، اس کے بعد ابن اثیر کی یہ عبارت پڑھئے،

وکان الحسن بن صباح رجلاً	اور حسن بن صباح ایک بلند ہمت، قابل اور
شہماکافیاعالما بالھندسۃ و	ہندسہ اور حساب اور نجوم اور سحر وغیرہ کا عالم تھا
الحساب والنجوم والسحر وغیر ذلک	اور رے کا رئیس اس زمانہ مین ایک شخص تھا جسکا
وکان رئیس الری انسان یقال لہ	نام ابو مسلم تھا، اور وہ نظام الملک کا خسر تھا، تو
ابو مسلم وھو صھر نظام الملک	اس نے حسن بن صباح پر یہ الزام لگایا، کہ مصری
فاتھم الحسن بن صباح بدخول	داعیون کی ایک جماعت اُس کے پاس آئی،
جماعۃ من دعاۃ المصریین علیہ	ابن صباح ڈرا، اور نظام الملک اس کی عزت
فخاف ابن الصباح وکان نظام الملک	کرتا تھا، اور ایک دن اُس نے فراست کی راہ سے
یکرمہ وقال لہ یوما من طریق	اس سے کہا کہ یہ شخص عنقریب نادان عامیون کو گمراہ
الفراسۃ عن قریب یضل ھذا	کریگا، تو حسن بن صباح ابو مسلم کے ڈر سے بھاگا،
الرجل ضعفاء العوام، فلما ھرب الحسن	ابو مسلم نے اس کو ڈھونڈا، تو اُس کو نہ پاسکا، اور
من ابی مسلم طلبہ فلم یدرکہ وکان	حسن بن صباح اوس ابن عطاش طبیب کے
الحسن من جملۃ تلامذۃ ابن عطاش الطبیب	شاگردون مین تھا، جس نے اصفہان کے
الذی ملک قلعۃ اصفہان ومضی ابن الصباح	قلعہ پر قبضہ کر لیا تھا، اور حسن صباح روانہ ہو

وطاف البلاد و وصل الی مصر (ج ۱۰ ص ۲۱۶) — اور ملکون مین گھوما اور مصر پہنچا،

ہمدرسی، ہمسنی اور آخری سازش کی روایت کو چھوڑ کر دیکھو کہ ابن اثیر کا بیان کسقدر وصایا کے دیباچہ اور سرگذشت کے بیان سے ملتا جلتا ہے،

باایں ہمہ یہ داستان فرضی ہے

لیکن ان موافق قیاسات کے باوجود، اس ہمدرسی کا بھی ثبوت اس پر موقوف ہے، کہ خیام کی تاریخ وفات ۵۱۵ھ یا ۵۱۷ھ تسلیم کیجائے، تاکہ خیام زیادہ سے زیادہ سو (۱۰۰) برس کا فرض کیا جاسکے، مگر تحقیق کا قلم خیام کی وفات کا سانحہ اس کے بہت بعد ماننے پر مجبور کرتا ہے، یعنی ۵۲۶ھ مین، اور اس حساب سے اس کو اس ہمدرسی کے ثبوت کیلئے بھی سو (۱۰۰) سے بہت زیادہ عمر کا ماننا پڑیگا، جو بہرحال مشتبہ ہے،

یہ بھی قابل لحاظ ہے کہ نظام الملک کا زمانۂ تعلیم، اور امام موفق المتوفی ۴۴۰ھ کی درسگاہ ۴۴۰ھ مین یقیناً ختم ہو چکی تھی، اب خیام کی ولادت ۴۲۵ھ اور اُسکی عمر سو برس کی مانی جائے، تب کہین جا کر یہ ممکن ہوگا کہ دس گیارہ برس کا خیام، اٹھائیس (۲۸) برس کے نظام الملک کا ہمدرس ہوسکے،

یہ بھی خیال مین رہنا چاہئے کہ نظام الملک کی تعلیم اور اساتذۂ تعلیم کا ذکر تاریخون مین محفوظ ہے، مگر اُن مین امام موفق کا نام کسی نے نہین لیا ہے، حالانکہ خود نیشاپور کے مشہور شیخ امام قشیری کا نام نظام الملک کے شیوخ حدیث مین لیا گیا ہے[1]،

خیام کے مطبوعہ رسالۂ تکوین مین ابو علی سینا المتوفی ۴۲۸ھ کی نسبت جو لفظ "میرے استاد" (معلم) کا ہے، اسکی مطبوعہ عبارت میرے نزدیک مشکوک ہے، ابو علی سینا کی شاگردی ظاہر ہے کہ فلسفہ مین ہوگی، اور ایک ایسے معلم فلسفہ کی شاگردی کے لیے جس نے ۴۲۸ھ مین وفات پائی، کم از کم

---

[1] طبقات الشافعیۃ الکبریٰ سبکی ترجمہ نظام الملک،

اس کے شاگرد کی عمر اٹھارہ برس تو فرض کرنی پڑے گی، اور اس حساب سے اسکی ولادت ابو علی سینا کی شاگردی کیلئے ۴۱۱ھ مین ماننا چاہئے، اور اس طرح ۵۲۶ھ مین جو اسکی وفات کا سال ہے اسکو ایک سو سترہ برس کا ہونا چاہئے،

پھر ابو علی سینا کی آخری عمر سراسر پریشانی اور آوارہ گردی مین گذری ہے جسمین سلاطین کے ڈر سے ڈرتا چھپتا اور ادھر ادھر بھاگتا رہا ہے، ایسی حالت مین کسی کا شاگرد بننا بہت مشکل ہے، اس حال مین خیام کا اُس تک جانا اور پہنچنا اور شریک درس ہونا محال سا معلوم ہوتا ہے، بلکہ خیام کے سال ولادت اور سال وفات کی تخمینی تعیین کی جو کوشش مین نے آگے کی ہے، اسکو پیش نظر رکھتے ہوئے، خیام کے ۴۱۱ھ مین پیدا ہونے کا تصور بھی نہین ہو سکتا ہے، اس لیے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس رسالہ مین معلّمی (میرے استاد) کے بجائے، معلّمک (تیرے استاد) ہوگا، کیونکہ قاضی محمد بن عبدالرحیم نسوی جس کے سوال کے جواب مین یہ رسالہ ہے اپنے کو ابن سینا کا شاگرد کہتا ہے، یا یہ بات ہے کہ خیام جیسا کہ میرا ظن غالب ہے، ابو علی سینا کے کسی شاگرد کا شاگرد تھا، اس لئے اس نے تعظیما ابو علی سینا کو اپنا استاد و معلّم قرار دیا، یعنی بو اسطہ استاد، ورنہ خیام کا ابو علی سینا کا براہ راست شاگرد ہونا میرے آیندہ پیش کردہ دلائل کے لحاظ سے ممکن نہین،

خیام کی ایک رباعی سے اسکی درازی عمر پر استدلال صحیح نہین رباعیات خیام کے بعض نسخون مین ایک رباعی پائی جاتی ہے،

آنم کہ پدید گشتم از قدرت تو	صد سالہ شدم بناز از نعمت تو
صد سال بامتحان، گنہ خواہم کرد	تا جرم منست بیش یا رحمت تو

اس سے شاعر کی عمر سو سال سے زیادہ کی ثابت ہوتی ہے، مگر دوسرے نسخون مین اس رباعی

کا دوسرا مصرع اس طرح ہے،

پروردہ بناز گشتم از نعمتِ تو

بعض نسخون مین یہ رباعی سرے سے نہین پائی جاتی اور کہین یہ رباعی دوسرے شاعر کیطرف بھی منسوب ملتی ہی اس لیے اس پر تاریخی نتیجہ کی بنیاد نہین پڑسکتی،

وصایاے نظام الملک کا دیباچہ الحاقی ہے،

اوپر گذرچکا ہے کہ اس داستان کے اصلی ماخذ[2] دو ہین، ایک وصایاے نظام الملک کا دیباچہ، اور دوسرا سرگذشت سیدنا، ان دونون مین گومرکزی داستان ایک ہے، مگر دیباچۂ وصایا مین ان دونون کی چپقلش کا جو اصل واقعہ لکھا ہی، وہ الگ الگ ہی، دیباچۂ وصایا مین یہ واقعہ لکھا ہے کہ اونٹ والون کو حلب سے اصفہان تک پتھرون کے لانے مین اجرت کی تقسیم مین غلطی کا معمولی الزام حسن صباح نے نظام الملک پر لگایا تھا، پھر آمد و خرچ سلطنت کے کاغذات کا معاملہ اسطرح مبہم درج کیا ہے کہ اصلیت نہ معلوم ہو، اور حسن صباح ہی بدنیت ٹھہرے، اور نظام الملک کی برأت اور حسن صباح کی شرارت ظاہر ہو، اور سرگذشت سیدنا مین جو واقعہ لکھا ہی یعنی ممالک محروسہ کے آمد و خرچ کے حساب کی تیاری مین نظام الملک کا دوبرس کی مہلت مانگنا، اور حسن صباح کا اوسکو چالیس[4] روز مین تیار کردینا، اور نظام الملک کا سازش سے ان کاغذات کو پراگندہ اور منتشر کردینا یا کرادینا، اس سے نظام الملک کی بے ایمانی اور حسن صباح کی کارگذاری ظاہر ہوتی ہے، ان دونون کتابون مین صورت واقعہ کا ایسا ہونا ضروری تھا کہ دیباچۂ وصایا نظام الملک کی طرف سے لکھا گیا ہے، اور سرگذشت حسن صباح کے حامیون نے لکھی ہی اس لیے ان دونون کتابون کے مصنفون کا اپنے اپنے پہلو کو بچانا، اور دوسرے کو ملزم گردانا طبعی ہی،

ہم نے گو وصایائے نظام الملک کو نظام الملک ہی کی یادداشتون کا مجموعہ تسلیم کیا ہے، مگر یہ حقیقت پیش نظر رہنی چاہیئے کہ اصل کتاب درحقیقت پہلے نظام الملک کی منتشر یادداشتین اور تحریرین تھین، جو اُسکی اولاد مین وراثۃً محفوظ چلی آتی تھین، اور لوگ اپنی کتابون مین اُن کے ٹکڑون کو نقل کرتے تھے، چنانچہ خیال آتا ہے کہ مین نے کہین کہین اوسکی حکایتین عوفی کی جوامع الحکایات مین پائی ہین، جو غالباً ۶۳۰ھ مین ہندوستان ہی مین تالیف پائی ہے، خود وصایا کا جامع جس نے شاید نوین صدی ہجری مین ان کو جمع کیا ہے وہ اپنے کو اور جس امیر فخر الدولہ حسن بن امیر تاج الدین کے نام معنون کیا ہے اس کو نظام الملک کی اولاد و نسل سے ظاہر کرتا ہے،

دیباچہ مین کہتا ہے،

"این ضعیف ہدایا و تحف ہیچ چیزے مساوی آن نصائح ندانست کہ حاجب نظام الملک جہت ولد اعز خود فخر الملک نوشتہ، و فی الحقیقت ہر یک از آن براعت قانونی شامل در وزارت و دستوری کامل بدان جہت تا امروز در اطراف منتشر و در افواہ مشتہر و بر السنہ جاری و در ازمنہ و امکنہ دائر، و آن سخنہا بعضی در کتب بمطالعہ این ضعیف رسیدہ و بعضی از اجداد خود کہ منتسبان دودمان بودند شنیدہ، و این نصائح مع لوازمہا یک مقدمہ و دو فصل ممہد گردانیدہ"

اس دیباچہ سے صاف ظاہر ہے کہ اس کتاب کی بعض باتین نظام الملک کی تحریری یادداشتون کے علاوہ دوسری کتابون اور زبانی روایتون سے بھی ماخوذ ہین، اور انھین مین یہ مقدمہ اور اس مقدمہ کی یہ داستان بھی ہے، جو سرگذشت سیدنا کے ذریعہ سے ساتوین صدی کے آخر مین پھیل چکی تھی، جامع نے انھین واقعات کو لے کر نظام الملک کی زبان سے مقدمہ مین بیان کر دیا ہے، اسلیے وصایا کے دیباچہ مین یہ داستان، نظام الملک کی تحریر نہین، بلکہ اسی سرگذشت کی صدائے بازگشت ہے،

جو آٹھوین اور نوین صدی کی تصنیفات مین شائع تھی، اس دیباچہ کی عبارت کو نظام الملک کے قلم سے کوئی تعلق نہین ہے،

اس داستان مین خود بعض ایسی اندرونی شہادتین بھی موجود ہین، جنسے اس کا ناقابل تسلیم ہونا، بالکل ظاہر ہوجاتا ہے، مثلاً

امام موفق کی عمر

اس داستان مین امام موفق کی عمر نظام الملک کے پہنچنے کے وقت (سنہ ۴۳۶ھ مین) پچاسی سے زاید بتائی گئی ہے، تو سنہ ۴۴۰ھ مین جب انھون نے وفات پائی ہے، انکی عمر نوے کے قریب ہو گی اس حساب سے اُن کی پیدایش سنہ ۳۵۰ھ مین ماننی پڑیگی، گو ہم کو افسوس ہے کہ سخت تلاش وجستجو کے باوجود بھی ہمین ان کا سال ولادت معلوم نہ ہوسکا، مگر یہ معلوم ہے کہ اُن کے والد ابو عمر بسطامی سنہ ۳۸۸ھ مین قاضی ہوکر نیشاپور آئے تھے[1] اور سنہ ۴۰۸ھ مین وہین وفات پائی، اور یہین انکی شادی امام ابوطیب سہل بن ابی سہل صعلوکی مفتی نیشاپور کی لڑکی سے ہوئی تھی جس سے موفق اور مؤید دو لڑکے ہوئے، (سبکی ج ۳ ص ۵۹ و ج ۴ ص ۸ و سمعانی ذکر صعلوکی) اس بناپر سنہ ۳۵۰ھ مین موفق کی پیدایش صحیح نہین معلوم ہوتی کہ اُس وقت تک تو اُن کے والدین کی شادی بھی نہین ہوئی تھی، اسی طرح سنہ ۴۳۶ھ مین ان کی یہ عمر یعنی پچاسی ۸۵ سال ثابت نہین ہوتی ہے، کہ اگر سنہ ۳۸۸ھ مین یعنی جس سال اُن کے والد نیشاپور آئے اسی سال اُن کے والدین کی شادی اور انکی ولادت تسلیم کیجائے تو سنہ ۴۳۶ھ مین انچاس ۴۹ سے زیادہ ان کی عمر نہ ہوگی، امام موفق کے نامور صاحبزادہ امام ابوسہل سنہ ۴۲۳ھ مین پیدا ہوئے تھے[2]، اگر

---

[1] اس مقالہ کی تحریر کے بعد اور طبع سے پہلے خطیب بغدادی کی تاریخ بغداد جلد دوم چھپکر آئی، اسمین بھی ان ابو عمر بسطامی کا حال موجود ہے، وفات سنہ ۴۰۸ھ کی لکھی ہے، مگر ولادت کا سال نہین لکھا، (ص ۲۴۷، مصر)

[2] سبکی کی طبقات کبریٰ ج سوم ص ۸۵،

سنہ ۴۳۶ھ مین امام موفق کی عمر پچاسی[۸۵] سے زیادہ ہوئی تو سنہ ۴۲۳ھ مین جب اُن کے لڑکے کی ولادت ہوئی اُن کی عمر کم از کم اکھتر برس کی ماننی پڑیگی، اور اس سن مین نئے لڑکے کے باپ بننے کی صلاحیت اگر محال نہین، تو مستبعد ضرور ہے،

لفظ "سبق" وصایا کی اس عبارت مین روزانہ درس کے لیے لفظ "سبق" اور "ہم سبقی" استعمال کیا گیا ہے، میرے علم مین یہ لفظ چوتھی اور پانچوین صدی ہجری تک عربی و فارسی ادبیات مین پیدا نہین ہوا تھا، اس لئے نظام الملک کے قلم سے یہ لفظ نہین نکل سکتا، لفظ "سبق" کے اصلی معنی پیشدستی اور آگے بڑھنے کے ہین، اور دراصل گھوڑ دوڑ کی ایک اصطلاح ہے جو بعد کو مجازاً متداول معنون مین مستعمل ہوگیا عربی اور قدیم فارسی لغات مین اس کا پتہ نہین ہے، عربی مین سب سے پہلے یہ لفظ شرح وقایہ کے دیباچہ مین ملتا ہے،

والمولی المؤلف الّفہا سبقاً	اور آقا مصنف اس کتاب کو سبق سبق کرکے
سبقاً وکنت اَجری فی میدان	لکھتے تھے اور مین اُس کے یاد کے میدان مین
حفظہٖ طلقاً طلقاً،	قدم قدم چلتا تھا،

اس لفظ کے اس اولین استعمال مین وہی گھوڑ دوڑ کا استعارہ موجود ہے، صاحب شرح وقایہ عبید اللہ صدر الشریعہ کا وطن بخارا تھا، اور وہین سنہ ۷۴۷ھ مین وفات پائی، (طبقات الحنفیہ مولنا عبد الحی فرنگی محلی ص ۶۳ مصطفائی) اس سے ظاہر ہے کہ یہ لفظ آٹھوین صدی ہجری کی پیداوار ہے، فارسی اشعار مین بھی یہ لفظ کسی پرانے شاعر کی زبان سے سننے مین نہین آیا، پرانا لفظ اس کیلئے "درس" ہے، البتہ فارسی کے شعراے متوسطین کے کلام مین یہ لفظ ملتا ہے، بہار عجم مین جن شاعرون کے اشعار سند مین پیش کئے گئے ہین، اُن مین جس سب سے قدیم شاعر کا نام ہے وہ امیر خسرو المتوفی سنہ ۷۲۵ھ ہین،

کتابے شند گل اے غنچہ تو بکشا مصحف خود را

بہ بلبل دہ کہ سبق کیف یحیی الارض ازان گیرد

بہرحال عربی وفارسی کی ان دونون سندون سے اس لفظ کا اس معنی مین نظام الملک کے دوسو برس بعد پیدا ہونا ظاہر ہوتا ہے،

دیباچہ مین طریق درس کی غلطی

اس سے زیادہ یہ کہ اس دیباچہ مین امام موفق کی مجلس مین جس طریق درس کا اظہار نظام الملک کی زبان سے کیا گیا ہے، وہ اس زمانہ مین پیدا ہی نہین ہوا تھا، دیباچہ مین ہے،

"فرزندے کہ نزد امام بقرأت قرآن وحدیث قیام مینماید .... دوران مجلس حاضر گشتہ با من ہم سبقی میکردند وچون از نزد امام بیرون می آمدم ایشان نیز موافقت نمودند در گوشہ می نشستیم ودرس گذشتہ را اعادہ مینمودیم"

اول یہ سمجھ لینا چاہیے کہ امام موفق کی مجلس کوئی باقاعدہ درس گاہ، یا مدرسہ، یا کالج نہ تھا، بلکہ امام موصوف کا مکان (بیت) تھا جہان وہ بیٹھکر علماء وفضلاء کو خطبہ در املا دیا کرتے تھے، اور سینکڑون شائقین بیٹھکر سنتے تھے، سبکی مین ہے،

وکان بیتھم مجمع العلماء وملتقی الائمۃ[1]،	اوران کا گھر علماء کا اجتماع گاہ اور اکابر علم کی جائے ملاقات تھا،

اس زمانہ کا طریق درس خصوصاً فقہ وحدیث کا یہ تھا کہ مدرس مجلس مین بیٹھکر طلبہ کے سامنے کتاب کے بغیر اپنی روایات اپنی سند سے بیان کرتے تھے، اور مسائل پر اور اپنی تحقیقات واجتہادات پر تقریر کرتے تھے

[1] طبقات ج ۳ ص ۸۶،

اور حاضرین سنتے تھے، اس عہد کے تمام علماء کے حالات پڑھو یہی نقشہ نظر آئیگا، اس طریقۂ درس کو "املا" کہتے تھے، اسی لیے اس زمانہ مین "قرأتِ حدیث" نہین بلکہ "سماعِ حدیث" بولتے تھے، اور اسی لیے طلبہ کے اس درس لینے کو "سماع" (سننا) کہتے تھے، مزید تشفی کے لیے امام موفق اور اُن کے معاصرین کے طریقِ درس کے الفاظ معتبر سندون سے ہم نقل کرتے ہین، امام موفق کے صاحبزادہ اور جانشین کے حال مین ہے،

وکان یقیم رسم التدریس وسمع من مشائخ وقتہ بخراسان والعراق، (سبکی ۳ ص ۸۶)	وہ تدریس کی رسم قائم رکھے تھے اور خراسان وعراق مین اپنے زمانہ کے شیوخ سے سنا،

امام الحرمین المتوفی ۴۷۸ھ کے حال مین ہے،

قعد مکانہ للتدریس ..... یدرس ویفتی ویجمع طرق المذہب، (ابن خلکان)	وہ ان کی جگہ تدریس کے لیے بیٹھے درس دیتے تھے، فتوی دیتے تھے، اور مذہب کے طریقون کو جمع کرتے تھے،

زیادہ صحیح نقشہ امام موفق کے دوست وہمنشین ومعاصر اور نظام الملک کے شیخ الحدیث امام ابو القاسم[1] قشیری کے حال مین ملتا ہے،

وقعد یسمع جمیع درسہ واتی علیہ ایام فقال لہ الاستاذ ھذا العلم لا یحصل بالسماع وما توھم فیہ	اور وہ اُن کے درس کو سننے بیٹھے اور اس پر کچھ دن گذرے، تو استاد نے ان سے کہا کہ یہ علم سماع کے بغیر نہین آتا، اور ان کو یہ وہم بھی نہ

---

[1] طبقات کبری سبکی، ترجمۂ نظام الملک،

ضبط ما سمع فاعاد عنده ما سمعه	تھا کہ یہ جو سنتے ہیں اس کو محفوظ رکھتے ہیں تو
عنه و قرره احسن التقرير من غير	انھوں نے جو اُن سے سنا تھا وہ اعادہ کر دیا
اخلال بشئ فتعجب	اور کسی تغیر کے بغیر پوری طرح اوسکی تقریر
فلست تحتاج الى درسي يكفيك	کر دی . . . . . . تو استاد نے کہا کہ تم کو
ان تطالع مصنفاتي وتنظر في	میرے درس کی ضرورت نہیں تمھارے لیے یہی کافی
طريقي ، (سبکی ۳ ص ۲۴۴)	ہے کہ میری تصنیفات کا مطالعہ کرو اور میرے
	پھر خود جب درس و املا دینے بیٹھے تو
ورتب المجالس . . . . فسمع منهم	درس کی مجلسیں ترتیب دیں ، . . . . . تو ان سے
الحديث . . . . . ولقد عقد	حدیثیں سنیں . . . . اور خود اپنے لیے املائے
لنفسه مجلس الاملاء في الحديث	حدیث کی مجلس ۴۳۷ھ میں قائم کی اور ۴۶۵ھ تک
سنة ۴۳۷ وكان يملي الى سنة ۴۶۵	املا دیتے رہے ، اور وہ اپنے املا میں اشعار
يذنب اماليه بابيات وربما	ملایا کرتے تھے ، اور اکثر حدیث پر ان کے لطائف
كان يتكلم على الحديث باشارات	و نکات کیساتھ گفتگو کیا کرتے تھے ،
ولطائف ، (سبکی ۳ ص ۲۴۵)	

حاشیہ: طریقہ تعلیم

البتہ مصنفین کی تصنیفات اُن کو پڑھکر سنائی جاتی تھیں لیکن اسباق کے طور پر نہیں ، الغرض میرے خیال میں اس زمانہ تک خاص نصاب اور کتابوں کے سبق کا طریقہ نہ تھا ، اور نہ طلبہ پڑھنے کے بعد سبق کو اسطرح دہراتے تھے جس کے لیے ہمارے عربی مدرسوں میں "تکرار" کی اصطلاح جاری ہے

یہ طریقہ اسلامی مدارس کے زوال کے بعد کی یادگار ہے جو غالباً تاتاری فتنہ کی علمی موت کے بعد
شائع ہوا، یہ بھی اس بات کا ثبوت ہے کہ وصایا کا یہ دیباچہ الحاقی ہے، جس کو جامع نے زبانی سنکر
یا سرگذشت سیدنا سے لیکر اس کتاب مین بحذف و اضافہ شامل کر دیا ہے،

عربی الفاظ کی بہتات

جن لوگون نے پانچوین صدی کی فارسی نثرین پڑھی ہین، یا خود سیاست نامہ اور
وصایا کو دیکھا ہے، وہ تسلیم کرین گے کہ عربی الفاظ کی بہتات اور کثرت اس عہد کی زبان نہ تھی اور
خصوصاً نظام الملک کا یہ انداز نہین، مگر اس دیباچہ مین بکثرت عربی الفاظ اور فقرے ہین، مثلاً

"بسیار معزز و متبرک بود، . . . .

هر یک را از دولتے میسر گردد علی السویہ مشترک . . . . . . بسبب ہوی ہمت و پاکی طینت متطلع

حاشا که نه متکلف اکنون مرا تمنی آنست . . . . . . چه بحسب غالب ظن متیقن کفران نعمت ست.

عیاذاً باللہ، توقع آنکه نوعے سازی که از دولت تو در گوشہ نشیم و بنشر فوائد علمی مشغولی نمایم . . . . .

انچه در وسع محافظان عهد و وفا و مراقبان صدق و صفا باشد از اعزاز و اکرام حق القدوم با او بتحیز

ظهور می رسید بوئے فیوضاً لطفے مجدد و تفقدے ممهد بوقت ہے می پیوست"

یہ طرز عبارت، جامع وصایا کے مقدمہ سے البتہ ملتی جلتی ہے،

خیام کی سالانہ امداد کا واقعہ بھی مشتبہ ہے

اس داستان کے رو سے خیام نے نظام الملک کی اس ملاقات کے وقت
تک ہندسہ و ہیئت کی تکمیل نہین کی تھی، نظام الملک نے جب الپ ارسلان
کے زمانہ مین (۴۵۵ تا ۴۶۵ھ) سالانہ بارہ سو اشرفی کا مالی وظیفہ مقرر کیا، تب وہ ان علوم کی تکمیل مین
مصروف ہوا، مگر خیام نے اپنی تصنیف جبر و مقابلہ مین جو میری تحقیق مین اسکی سب سے پہلی تصنیف ہے

اور جو ۴۶۶ھ کے قریب لکھی گئی ہو، اسمین خیام نے دنیا کی ناقدری کا جو ماتم کیا ہے، اور اپنی ایسی اہم تصنیف کو نظام الملک جیسے محسن کو چھوڑ کر قاضی ابو طاہر جیسے گمنام کے نام جو معنون کیا ہے، ایسا ہونا اس گران بہا شاہانہ امداد کے بعد ممکن نہ تھا، وہ قاضی ابو طاہر کے انعام و مال کا تذکرہ شکریہ و احسان کے ساتھ کرتا ہے، (دیکھو خیام کا مقدمہ جبر و مقابلہ ص ۲ و ۳ طبع پیرس) حالانکہ وصایا کی تحریر کی بنا پر خیام الپ ارسلان کے زمانہ مین جو ۴۵۵ھ سے شروع ہو چکا تھا نظام الملک کا احسانمند ہو کر غم روزگار سے آزاد اور دوسرون کے آستانون سے بے نیاز ہو چکا تھا، اس لیے اگر یہ واقعہ ہوتا تو اس کے بعد اُسکا نظام الملک کو چھوڑ کر کسی دوسرے امیر و قاضی کی مدح و ثنا کرنا ممکن نہ تھا، اور نہ بارہ سو اشرفی سالانہ پانے والے کو اپنی ناقدری کا ماتم کرنا زیب دیتا،

خیام کی گوشہ گیری کا واقعہ صحیح نہین

اس داستان کے رو سے سلجوقی دربار مین صرف ایک دفعہ خیام کا آنا مذکور ہے، اور وہ الپ ارسلان کے زمانہ مین (سنہ ۴۵۵-۴۶۵ھ) حالانکہ معتبر تاریخی شہادتون سے ثابت ہے کہ خیام پہلے بخارا کے سلاطین کے پاس رہا، اور پھر ملک شاہ سلجوقی کے دربار مین آیا، اور ملک شاہی رصدخانہ کی تعمیر اور سنہ جلالی کی تصحیح مین مصروف رہا، اور پھر ملک شاہ کے ندیم اور طبیب کی حیثیت سے وہ اکثر شاہی دربار مین رہا، پھر وہ خود اپنے رسالہ کلیات وجود مین وزیر فخر الملک (م ۵۰۰ھ) کے ساتھ اپنی ہر وقت کی یکجائی اور معیت کا ذکر کرتا ہے، اور نظامی عروضی کی معاصرانہ شہادتون کے رو سے وہ سلطان وقت کے لیے منجمی کے فرائض انجام دیا کرتا تھا،

خیام کے بعض سنین عمر سے تقابل کا نتیجہ،

خیام کی اخیر عمر کے بعض سنین ہم کو اس کے مستند معاصر سوانح نگارون کی زبانی معلوم ہین،

۱- مثلاً نظامی عروضی نے سلطان غیاث الدین محمد بن ملک شاہ اور امیر صدقہ ملک العرب
کی جنگ مین نجوم کے سلسلہ مین خیام کا حوالہ دیا ہے کہ درباری منجمون نے کہا "بخراسان فرستند
تا خواجہ امام عمر خیامی چہ گوید" یہ لڑائی ۵۰۱ھ مین ہوئی تھی، (چہار مقالہ)

۲- ۵۰۶ھ مین حسب بیان عروضی سمرقندی، وہ نیشاپور سے بلخ آیا تھا، (چہار مقالہ)

۳- ۵۰۷ھ مین ابوالحسن بیہقی اُس سے اپنے بچپن مین ملا تھا، اور خیام نے اس سے عربی
ادب اور ریاضیات کے کچھ مسائل، امتحاناً پوچھے تھے، (بیہقی)

۴- ۵۰۸ھ مین خیام سلطان اور وزیر کے ساتھ مرو مین تھا، اور وہان یہ واقعہ پیش آیا
کہ خیام نے سلطان کے شکار کے لیے دو روز کی محنت مین نجوم کے قاعدہ سے ایک بے ابر و باد تاریخ
مقرر کی تھی، اور "خود برفت وبا اختیار سلطان را برنشاند" اتفاق سے پیشگوئی اور اختیار کے خلاف سخت
ابر و باد نمودار ہوا، مگر خیام نے تسلی دی کہ یہ ابر و باد ابھی غائب ہوا جاتا ہے، چنانچہ ایسا ہی ہوا (چہار مقالہ)

اب ان تاریخون پر ایک نظر ڈالنے سے معلوم ہو سکتا ہے کہ اگر وہ نظام الملک کا ہمسن (ولادت
۴۰۸ھ) ہوتا تو پہلے واقعہ کے وقت اُسکی عمر (۹۳) برس کی ہوگی، ظاہر ہے کہ اس عمر کا آدمی اور منجمون
کی باہمی فنی نزاع مین حکم کیا قرار پا سکتا ہی، اور دوسرے واقعہ مین وہ (۹۸) برس کا اور تیسرے واقعہ
مین وہ (۹۹) برس کا اور چوتھے واقعہ مین (۱۰۰) برس کا، بھلا اس سن وسال کا آدمی کبھی نیشاپور،
کبھی بخارا اور کبھی مرو کا اس آسانی سے سفر کر سکتا تھا، اور ادب وریاضی کے امتحانی سوالات پوچھ سکتا
تھا، اور سلطان کے لیے دو روز کی محنت کر کے شکار کی تاریخ نکالنے کی زحمت برداشت کر سکتا تھا،
اور پھر خود اس موسم مین چل کر سلطان کو سوار کراتا پھرتا،

پچھلے ملنے والوں کی خاموشی | اگر اس عمر میں خیام پیشگوئی کر سکتا تھا تو بیہقی کو سوال و جواب سے زیادہ اس حیرت انگیز

قوت عمر پر اور نظامی عروضی کو ان نجومی جوابات کی صحت سے زیادہ اسکی عمر کی کرامت کو بیان

کرنا چاہئے تھا، مگر ان میں سے کسی نے اس حیرت کا اظہار نہیں کیا ہے، حالانکہ اگر ایسا ہوتا تو دوسرے

بعض مستثنیٰ افراد کی طرح اسکا ذکر بھی حیرت و استعجاب کیساتھ ضرور کیا جاتا۔

ان دلائل کی موجودگی میں اس داستان کی صحت اور دیباچۂ وصایا کے نظام الملک کی تصنیف

ہونے کی نسبت تمامتر مشکوک ہوجاتی ہے، اور اس بنا پر اس داستان کا اصلی ماخذ صرف ایک ٹھہرتا ہے

اور وہ سرگذشت سیدنا ہے،

سرگذشت سیدنا کا مصنف کون ہے؟ | اوپر ابن اثیر کے حوالہ سے حسن صباح کے شیخ واستاد عبدالملک

ابن عطاش کا نام آیا ہے،

وکان الحسن من جملۃ تلامذۃ	اور حسن (ابن صباح) اُس حکیم ابن عطاش
ابن عطاش الطبیب الذی ملک	کے شاگردوں میں سے تھا جو اصفہان کے
قلعۃ اصفہان (ج ۱۰ ص ۲۱۶ مطبوعہ یورپ)	قلعہ پر قابض ہوگیا تھا،

یہ ابن عطاش حسن صباح کا استاد و مرشد تھا، اس کا نام عبدالملک بن عطاش تھا، اور اسکا

بیٹا احمد بن عبدالملک بن عطاش بعد کو قلعۂ اصفہان کا مالک بنگیا تھا، حسن صباح اپنے اس

مرشد زادہ کی بڑی عزت کرتا تھا[۱]، راحۃ الصدور میں جو اس واقعہ کے تقریباً سو برس کے بعد لکھی گئی

ہے یعنی ۵۹۹ھ میں اس ابن عطاش کا یہ حال لکھا ہے،

---

[۱] تاریخ ابن اثیر ج ۱۰ ص ۲۹۹، بریل،

"با صفهان ادیبے بود او را عبدالملک عطاش گفتندی، در ابتدا خویشتن بتشیع منسوب میکرد، بعد ازان متهم شد، و ائمهٔ اصفهان تتبع او میکردند و تعرض خواستند نمود، بگریخت، به رے شد و ازانجا بحسن صباح پیوست . . .

. . . . و بخط او پس ازان نامه یافتند بدوستے نوشته بود، اثنائے آن یاد که بباز اشهب سیدم داد را بہمه جهان بگزیدم، دل ازان بگذاشتم برداشتم، و خط او معروف است، و در اصفهان بسیار کتب بخط او موجود است و این عبدالملک عطاش را پسرے بود احمد نام"[1] الخ

اس حوالہ سے یہ بھی ثابت ہی کہ عبدالملک عطاش بھاگ کر حسن صباح کے پاس قلعۂ الموت مین چلا گیا تھا،

غالبًا یہی عبدالملک بن عطاش، حسن بن صباح کی اُس سرگذشت کا مصنف ہی جس کا نسخہ قلعۂ الموت کے کتب خانہ سے سنہ ۶۵۴ھ مین ملا تھا، اور جس کی نقلین جامع التواریخ (سنہ ۷۰۳ھ) اور تاریخ گزیدہ (سنہ ۷۳۰ھ) مین مذکور ہین، چنانچہ حمداللہ مستوفی قزوینی، اپنی تاریخ گزیدہ مین حسن صباح کے حالات کا آغاز اس حوالہ سے کرتا ہی، کہ حسن صباح :۔

"بعد ازان بقولِ عبدالملک عطاش شیعی شد، و میانِ او و نظام الملک × × × چنانچه گذرد خصومت افتاد"[2] الخ

اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ سرگذشت سیدنا کا مصنف یہی عبدالملک عطاش تھا، اور وہی اس داستان کا مصنف بھی ہو سکتا ہی،

یہ داستان الموت مین گھڑی گئی

اس سے ظاہر ہے کہ یہ داستان قلعۂ الموت یا قلعۂ اصفہان مین گھڑی گئی ہی، اور اس کا منشا صرف اتنا تھا تاکہ نظام الملک سے حسن بن صباح کی مخالفت کا راز ظاہر کیا جائے،

---

[1] راحة الصدور راوندی ص ۱۵۵ و ۱۵۶، گب ۔ [2] تاریخ گزیده حمدالله مستوفی ص ۵۱۷، گب،

چنانچہ پروفیسر براؤن کے ترجمہ کے مطابق جامع التواریخ مین سرگذشت سیدنا کا آغاز اسطرح ہوتا ہے[1]

"اب اُس عداوت اور بے اعتمادی کی وجہ جو نظام الملک اور حسن بن صباح کے درمیان تھی یہ ہے

کہ وہ دونون اور عمر بن خیام نیشاپور کے مدرسہ مین تھے"

ان الفاظ سے ظاہر ہے، کہ اس داستان کی تصنیف کا مقصد کیا ہے؟

جب ہلاکو نے ۶۵۴ھ مین قلعۂ الموت اور باطنیہ کی حکومت کا خاتمہ کیا، تو اپنے ایک فاضل امیر عطاء الملک جوینی کو وہان کے کتب خانہ کی بربادی پر متعین کیا، جوینی جیساکہ پہلے گذر چکا چونکہ خود ایک تاریخ دوست فاضل تھا، اس نے اُنکے عقائد کی کتابین تو جلادین مگر یہ تاریخی رسالہ اُس نے محفوظ کرلیا، کہ حسن صباح اور باطنیہ کی ابتدائی تاریخ کا یہ اہم اور سب سے معتبر ماخذ تھا، اور جسکو اسی لیے جوینی نے اور اس کے بعد فضل اللہ رشید نے اپنی کتابون مین حسن صباح اور باطنیہ کی تاریخ مین نقل کردیا، اور انھین دونون کتابون سے بعد کے لوگون نے اس واقعہ کو اپنی اپنی تصنیفات مین نقل کرکے عالم آشکارا کردیا،

اس تفصیل سے معلوم ہوگا، کہ ہمدرسی وغیرہ کی یہ داستان، سرگذشت کے ذریعہ سے ۶۵۴ھ کے بعد عالم وجود مین آئی، اور قلعۂ الموت سے باہر کی تاریخ کا جزبنی، یہی سبب ہے کہ اس زمانہ سے پہلے کی کسی تصنیف کے کان اس داستان سے آشنا نہین، اور دفعۃً ساتوین صدی ہجری کے اواخر اور آٹھوین کے اوائل سے اُن تاریخون کے ذریعہ سے جو تاتاری دربار کے فاضلون نے لکھی ہین، یہ کہانی ہر جگہ سنائی دیتی ہے، اور ان سے دوسرے تذکرون اور تاریخون مین نقل ہوکر مشہور عالم ہوجاتی ہے

[1] لٹریری ہسٹری آف پرشیاج ۲ صـ ۲۵۳،

پروفیسر ہوتسما کا نظریہ مشکوک ہے | ماخذ و مصادر کے بیان میں یہ لکھا جا چکا ہے کہ وزیر انوشروان بن خالد نے فارسی میں آل سلجوق کی تاریخ لکھی تھی عماد اصفہانی نے تھوڑے دنوں کے بعد اس فارسی کتاب کا مقفیٰ و مسجع بتکلف عربی میں ترجمہ کیا تھا اس عربی ترجمہ کا بنداری نے زبدۃ النصرۃ کے نام سے خلاصہ کیا ہے، اس خلاصہ کو پروفیسر ہوتسما نے شائع کیا ہے اس کے فرنچ دیباچہ میں موسیو موصوف نے اس خلاصہ کے ایک لفظ (مکتب) سے یہ قیاس آرائی کی ہے کہ حسن صباح وغیرہ نظام الملک کے بہت بعد کے سلجوقی وزیر انوشیروان کے ساتھی اور ہم مکتب تھے، وہ مبحوث عنہ فقرہ یہ ہے،

وفارق الجمہور من بیننا جماعۃ	اور جمہور مسلمانوں کو ہمارے درمیان سے
نشأوا علی طباعنا، وکانوا بصاعنا	ایک جماعت نے چھوڑ دیا جس نے ہماری ہی
وکانوا معنا فی المکتب، واخذوا	طبیعت پر نشو و نما پائی تھی، اور ہمارے ہی
حظاوافرا من الفقہ والادب	پیمانہ سے تولا تھا، اور وہ لوگ ہمارے ساتھ
وکان منھم رجل من اھل الری	"مکتب" میں تھے، اور فقہ و ادب کا بڑا حصہ حاصل
وساح فی العالم وکانت صناعتہ	کیا تھا، اور انھیں میں ایک آدمی رے کے رہنے
الکتابۃ فخفی امرہ حتی ظہر	والوں میں سے تھا، اور دنیا کی سیاحت
(ص ۶۲ مطبوعہ موسوعات مصر)	کی تھی، اور اس کا پیشہ "کتابت" تھا، تو اس کا
(ص ۶۶ مطبعہ بریل)	حال چھپا رہا یہاں تک کہ وہ ظاہر ہوا،

پروفیسر براؤن نے اپنی مشہور کتاب لٹریری ہسٹری آف پرشیا (ج ۲ ص ۱۹۲) میں ہوتسما کے نظریہ کی تائید کی ہے اور بنداری کی عبارت بالا کا یہ ترجمہ کیا ہے،

وہ نوجوانی مین واقف تھا، اور اُس	He had been acquainted in his youth and had studied with Some of their chief leaders, especially a man of Ray, who travelled through the world, and whose profession was that of a Secretary"
نے اُن کے بعض خاص اکابر کے ساتھ	
پڑھا تھا، خصوصًا رے کے ایک شخص	
کے ساتھ، جس نے تمام دنیا کا سفر کیا	
اور جسکا پیشہ سکریٹری کا تھا،	

میرے خیال مین یہ ترجمہ اپنے خاص خیال کو سامنے رکھکر لیا گیا ہے، عربی لفظ "مکتب" جسپر اس سند کی بنیاد ہے، عربی مین دو معنون مین آتا ہے، ایک تو چھوٹے بچون کا مکتب، اور دوسرے سرکاری دفتر، چنانچہ اسی فقرے مین لفظ "کتابت" اسی دوسرے معنی مین ہے، یعنی دفترداری، محرّری، سکریٹری شپ جسکا ترجمہ پروفیسر براؤن نے "سکریٹری ہونے کا پیشہ" کیا ہے، اوّل تو ایک شخص کی فارسی زبان کی کتاب کے مقفّیٰ و لفاظانہ عربی ترجمہ کے اُس مقفّیٰ و لفاظانہ خلاصہ کے ایک لفظ پر جو اصل مین خدا جانے کیا ہوگا، مصنفِ اوّل کی نسبت کسی بات کا قیاس کرنا، ناروا ہے، دوسرے ایک ایسے لفظ سے سند پکڑنا جس کے دو معنی ہون، اور دونون ممکن ہون، یکطرفہ فیصلہ ہے،

اب اس بات کی دلیل فراہم کرنا ہے، کہ اس عبارت مین "مکتب" کا ترجمہ "بچون کا مکتب" نہین ہے، بلکہ "سرکاری دفتر" ہے،

۱۔ پہلی بات تو یہ ہے کہ اسی فقرہ مین "کتابت" کا لفظ خود موجود ہی، جو "دفترداری" کے معنی مین صاف ہے،

۲۔ اس عبارت مین بچپن کے معنی اور طفلانہ تعلیم کا کوئی لفظ نہین ہے، بلکہ نوجوانی کا لفظ بھی نہین ہے،

۳۔ حسن صباح رے کا، خیام نیشاپور کا، اور انوشروان کاشان کا رہنے والا تھا، تین مختلف شہرون کے بچون کا ایک مکتب مین اکٹھے ہونا تعجب انگیز ہے، پروفیسر براؤن نے عیون الاخبار کے حوالہ سے لکھا ہی کہ انوشروان رے مین پیدا ہوا تھا لیکن اس سے اُسکے نشو و نما کے مقام کا حال نہین معلوم ہوتا کہ وہ بھی رے تھا یا نہین، بہرحال حسن صباح تو یقیناً رے کا تھا، اب یہ مکتب یقیناً رے کے کسی محلہ مین ہوگا، جہان ظاہر ہے کہ نیشاپور کا خیام نہین جاسکتا تھا، لیکن دیکھیے اسی عبارت مین ہے، "وکان منھم رجلٌ من اھل الری" جس کا ترجمہ یہ ہے "اور انھین مین ایک رے کا آدمی تھا" اگر یہ مکتب رے مین تھا، اور وہین کے بچے اسمین شریک تھے، تو اُن مین سے صرف ایک شخص کو رے کا خاص طور پر باشندہ ظاہر کرنے کی کیا ضرورت تھی، سب ہی بچے رے ہی کے ہون گے، اس سے صاف ظاہر ہے کہ یہان مکتب سے کوئی ایسی جگہ مراد ہے جہان مختلف شہرون کے لوگ جمع ہوسکتے ہین، اور وہ یا کوئی بڑا مدرسہ ہوگا، یا سرکاری دفاتر کا محکمہ لیکن اعلی تعلیم کی کسی درسگاہ مین ان لوگون کی شرکت تاریخی مشکلات کا باعث ہے، جیسا کہ آگے معلوم ہوگا، اس لیے دوسرے معنی متعین ہوجاتے ہین،

۴۔ اس فقرہ مین ہے "وکان منھم رجلٌ" اور ان مین ایک "مرد" رے کا تھا، لفظ مرد (رجل) کا اطلاق بچہ پر نہین ہوتا، حالانکہ اگر یہ چھوٹے بچّون کا مکتب ہوتا تو اُسمین "رجال" (یعنی مردون)

کے بجائے "صبیان" (لڑکون) ہوتا،

۵- اس مین فقرہ ہے،

وکان منھم رجل من اھل الری	اور ان مین سے ایک آدمی رے کے باشندون
وساح فی العالم وکانت صناعتہ	مین سے تھا، اور دنیا کی سیر کی تھی اور اس کا
الکتابۃ"	پیشہ سرکاری دفاتر کی نوکری تھی،

اس بیان سے ظاہر ہے، کہ شخص مذکور مکتب مین آنے سے پہلے دنیا کی سیر کر چکا تھا، اور کتابت کا پیشہ بھی اختیار کر چکا تھا، کیا کوئی مکتب نشین بچہ بھی جہان دیدہ اور دفتر دار ہو سکتا ہی!

اصل یہ ہے کہ یہان لفظ "مکتب" کے معنی اور لفظ "منھم" کے مرجع کے نہ سمجھنے سے یہ غلطی پیدا ہوئی ہے "منھم" کا مرجع اہل مکتب نہین ہین، بلکہ "وفارق الجمھور جماعۃ" مین "جماعت" ہی یعنی وہ لوگ جنھون نے جمہور مسلمانون کے عقیدہ کو چھوڑا تھا، اور ہمارے ساتھ سرکاری دفاتر مین کام کرتے تھے، اُن مین ایک رے کا باشندہ تھا، جس نے دنیا کی سیاحت کی تھی، اور جسکا پیشہ سرکاری دفترداری تھا، اس "باشندۂ ری" سے مقصود یقیناً حسن صباح ہے،

اس نظریہ کی تاریخی تعیین | ہم نے فروری ۱۹۲۴ء مین "شعر العجم اور خیام" پر معارف مین جو مضمون لکھا تھا اس مین قرائن سے انوشروان کی تاریخ ولادت کا تخمینہ ۴۵۰ھ سے ۴۶۰ھ تک لگایا تھا، افسوس ہے کہ اس وقت پروفیسر براؤن کی لٹریری ہسٹری سامنے نہ تھی، اُس مضمون کی اشاعت کے بعد اس کو دیکھا تو معلوم ہوا، کہ وسیع النظر پروفیسر نے انوشروان کا سال ولادت عیون الاخبار کے حوالہ سے دریافت کیا ہی، اس کتاب کا قلمی نسخہ موصوف نے کیمبرج یونیورسٹی کے کتبخانہ مین پایا، اُس مین

بقول پروفیسر براؤن انوشروان کی ولادت کا سال ۴۵۹ھ لکھا ہے، پروفیسر ہوٹسما کو یہ تاریخ نہ ملی[1] تھی، اس لئے تعجب ہوتا ہے کہ پروفیسر موصوف نے اس تاریخِ ولادت کی دریافت کے باوجود کیونکر ہوٹسما کے نظریہ کی تائید کی،

خیام کا معاملہ تو صاف ہے، وہ ۴۶۷ھ میں ملک شاہ کی رصدگاہ میں کام کر رہا تھا،[1] اس لیے وہ انوشروان کا جو ۴۵۹ھ میں پیدا ہوا تھا ہمعصر قطعاً نہیں ہو سکتا، کہ اس وقت جب خیام ستاروں کی تحقیقات میں مصروف ہوگا، انوشروان آٹھ برس کا بچہ ہوگا،

اب رہا حسن صباح کا معاملہ اس کا سب سے بڑا تاریخی واقعہ مستنصر فاطمی کے دربار میں جا کر نزاری اسماعیلی کی دعوت میں شرکت ہے، ابن اثیر نے اس کے اس سفر کی تاریخ ۴۷۹ھ لکھی ہے،[2] مگر رشید الدین نے جامع التواریخ میں[3] اور حمد اللہ مستوفی نے تاریخ گزیدہ میں[4] ۴۷۱ھ بتائی ہے، اور یہ غالباً سرگذشت کے حوالہ سے ہے، اس کے ماسوا حمد اللہ مستوفی حسن صباح کو الپ ارسلان (۴۵۵-۴۶۵ھ) کا ایک درباری[5] پاتا ہے، لیکن اس سے بھی زیادہ یہ ہے، کہ سرگذشت میں حسن صباح کے اس سفر کی پوری تاریخ دی ہوئی ہے، کہ ۴۶۴ھ میں وہ عبد الملک عطاش کی جماعت میں داخل ہوا، ۴۶۷ھ میں اصفہان جا کر وہ عطاش کا دو برس نائب رہا، اس کے بعد وہ آذربائجان، عراق اور شام کی سیاحت کرتا ہوا ۴۷۱ھ میں مصر پہنچا، اور ۱۸ مہینے وہاں رہ کر رجب ۴۷۲ھ میں اسکندریہ سے روانہ ہوا، اور ملکوں کی سیر کرتا ہوا ۴۷۳ھ میں اصفہان وارد ہوا،[6]

---

[1] ابن اثیر ج ۱۰ ۴۶۷ھ بریل، [2] ابن اثیر ج ۹ ص ۳۰۴ بریل [3] لٹریری ہسٹری آف پرشیا ج ۲ ص ۲۰۳،
[4] تاریخ گزیدہ ص ۵۱۷ گب، [5] ایضاً ص ۴۴۰،
[6] لٹریری ہسٹری آف پرشیا براؤن ج ۲ ص ۲۰۲ و ص ۲۰۳،

اس مفصل سلسلۂ سنین کی واقفیت کے بعد یہ ماننا پڑیگا، کہ سنہ ۴۶۱ھ تک بھی اگر الپ ارسلان کے دربار مین پہنچا اور سنہ ۴۶۴ھ مین جب وہ عبد الملکِ عطاش کی باطنی فاطمی جماعت مین داخل ہوا، اور پھر سنہ ۴۷۱ھ مین جب مصر مین وہ مشرق کا داعی الدعاۃ کا منصب پا رہا تھا، تو اُس کا فرضی ہمدرس وہمسن انوشروان ہنوز دایہ کی گود مین ہوگا، یا رے کے "مکتب" مین مصروفِ ابجد خوانی ہوگا تعجب ہے کہ فاضل براؤن کی دقیق نظر اس تاریخی اشکال پر کیون نہین پڑی،

ابن اثیر نے سنہ ۴۷۹ھ مین جو حسن صباح کے مصر پہنچنے کی تاریخ دی ہے، وہ سراسر خلافِ قیاس ہے کیونکہ سنہ ۴۷۹ھ مین اگر وہ مصر پہنچا، اور ایک سال رہ کر سنہ ۴۸۰ھ مین وہ وہان سے چلا، اور بقول ابن اثیر وہ وہان سے نکل کر شام وعراق وخراسان وترکستان کو طے کرکے کاشغر پہنچا، اور وہان سے پھر پھرتا پھرا تا آخر قزوین آیا، اور زہد وعبادت کا جال بچھا کر الموت پر قبضہ کیا، اور اسکی خبر ایک مدت کے بعد نظام الملک اور ملک شاہ کو پہنچی، وہان سے فوج روانہ ہوئی، اس نے محاصرہ کیا، محاصرہ طول کھنچا، اور حسن صباح نے بالآخر سنہ ۴۸۵ھ مین نظام الملک کو قتل کرادیا، تو یہ تمام واقعات پانچوین صدی ہجری کی دنیا مین چار برس کی قلیل مدت مین انجام نہین پا سکتے، اس لیے اسکے اس مصری سفر کی تاریخ سنہ ۴۷۹ھ صحیح نہین، بلکہ سنہ ۴۷۱ھ صحیح ہی، اور حسن صباح نے اس آوارہ گردی مین صرف چار برس نہین، بلکہ دس بارہ صرف کئے ہونگے،

کیا خیام باطنی تھا؟ حسن صباح، عمر خیام، اور نظام الملک کی یہ داستان کیون گھڑی گئی، نظام الملک کے طرفدار اس کو گھڑ نہین سکتے، کہ اس سے تو الٹے نظام الملک کی اخلاقی کمزوری، انتظامی قابلیت کی کمی، اور اس کا سازشی ہونا ثابت ہوتا ہی، البتہ حسن صباح کی لیاقت، اور نظام الملک اور دولت

سلجوقی سے اسکی آزردگی کے اسباب کی توجیہ پیدا کیجا سکتی ہو جو حسن صباح کو اُس [1] کے تمام اعمال

مین حق بجانب ثابت کر سکے، اور اس لئے اُس کے طرفدار اس کہانی کو گھڑ کر تیار کر سکتے ہین،

لیکن یہ امر معنی خیز ہے، کہ ان دو جنگجو حریفون کے بیچ مین صلح پسند خیام کا نام کیون آتا ہو، ایک

بدنام حکیم شاعر کی رفاقت نہ تو وزیر آل سلجوق کی عظمت کو بڑھا سکتی ہو، اور نہ فرمانروائے قلعۂ الموت کی

اس سے عزت افزائی ہو سکتی ہو، کیا قلعۂ الموت کے سرکاری کتب خانہ کی سرکاری سرگذشت مین خیام

کا نام داعی مذہب الموت اور خیام کے خیالات مذہبی کے اتحاد کا یا اس کے ساتھ ہمدردی کا راز تو

فاش نہین کرتا، اور اس "ثالث بالخیر" کے نام کا اضافہ اسی مناسبت سے تو تجویز نہین کیا گیا؟ قابل

غور ہو؟ مگر یہ ظاہر ہے کہ خیام مسئلۂ امامت مین اسماعیلیہ (باطنیہ) کا ہم زبان نہ تھا، اگر تھا تو فلسفیانہ خیالات

اور عقل و نقل کے طریقہ تطبیق مین، کہ خیام نے اپنے فارسی رسالہ کلیات الوجود کے آخر مین اسماعیلیہ

کے مسئلۂ امامت کی تردید کی ہو، اصل یہ ہے کہ باطنیت کی اصلی حقیقت مسئلۂ امامت نہین، بلکہ عقل و

نقل کی تطبیق کا وہ طریقہ ہے جسکو حسن صباح سے بہت پہلے اس گروہ نے اختیار کیا تھا،

سلطان سنجر اور خیام کی ہمدرسی و ہمسنی کی کہانی،

بعض تذکرہ نویسون نے اس کہانی کی ایک اور روایت کہین سے نقل کی ہے، کہ خیام اور سلطان سنجر بن ملک شاہ اتبین ہمسن اور ہمدرس تھے، اور دونون نے باہم معاہدہ کیا تھا، عبارت یہ ہو:-

"و با سلطان سنجر نہایت محرمیت داشتہ گویند در دبستان ہمدرس بودند و در رعایت یکدیگر ہمانگاہ

معاہدہ نمودند" [2]

---

[1] اسکی تفصیل خیام کے مذہب و مسلک کی تشریح مین آگے آئیگی، [2] مجمع الفصحاء صفحہ ۲۰۰ مطبوعہ ایران و آتشکدۂ آذر صفحہ ۱۳۹ مطبوعہ بمبئی و ریاض الشعراء والہ داغستانی قلمی کتب خانہ ندوہ لکھنؤ،

مگر ظاہر ہے کہ اس داستان کی یہ روایت بھی سرتاپا موضوع ہے، سلطان سنجر کی ولادت کا سال سنہ ۴۷۱ھ ہی، اور خیام اس سے تین بتیس ۳۲ برس پہلے پیدا ہو چکا تھا، اور سنہ ۴۶۷ھ مین صدر خانہ ملک شاہی مین آچکا تھا، ساتھ ہی اُس کے سب سے قدیم سوانح نگار بیہقی (معاصر خیام) کے بیان کے مطابق سنجر کو بچپن مین جب چیچک نکلی تھی تو خیام اُسکا معالج تھا، اور پھر ان دونون مین معاہدہ و رعایت کے بجائے بقول بیہقی عداوت اور نفرت تھی[1]،

ان غلط روایات کی تنقید کے بعد اب ہم کو از سر نو خیام کے سنین زندگی پر غور کرنا ہے، لیکن قاعدۂ فطرت کے خلاف ہم کو پہلے اس کے سال وفات کی تعیین کرنا ہی، اور پھر اُس کی مدد سے سال پیدائش کا پتہ چلانا ہے،

---

[1] دیکھو تاریخ الحکما بیہقی مین تذکرہ خیام،

خیام کا سال وفات

ہمارے بعض مشرقی تذکرہ نویسون[1] نے اور انھین کے بھروسہ پر اکثر مغربی مصنفین نے بھی خیام کی وفات کا سال سنہ ۵۱۷ھ لکھا ہے، لیکن علامہ آزاد بلگرامی نے ید بیضا مین سنہ ۵۱۶ھ درج کیا ہے[2]، اور براکلمین نے تاریخ ادبیات عرب مین اوسکی وفات سنہ ۵۱۵ھ مین ثبت کی ہے، مگر ان مین سے کوئی تاریخ کسی قدیم ماخذ کے حوالہ سے ثابت نہین ہے، خیام کی تاریخ وفات کی سب سے اہم سند خیام کے معاصر، بلکہ شاگرد چہار مقالہ کے مصنف نظامی عروضی سمرقندی کا بیان ہے، وہ سنہ ۵۰۶ھ مین بلخ مین خیام سے اپنا ملنا ظاہر کرتا ہے، اور سنہ ۵۰۸ھ مین وہ اس کو بادشاہ کے شکار کا زائچہ تیار کرتے بیان کرتا ہے، بعدہ سنہ ۵۳۰ھ مین نیشاپور مین وہ اُس کی قبر کی زیارت کرتا ہے، اس کے بعد عروضی کے ایک نسخہ مین ہے کہ "اور استاد خیام اس سے (سنہ ۵۳۰ھ سے) چند سال پہلے وفات پا چکا تھا" اور اسی کتاب کے ایک دوسرے نسخہ مین ہے، کہ "اس سے (سنہ ۵۳۰ھ سے) چار سال پہلے وہ وفات پا چکا تھا" ان اختلافات کو دیکھکر محتاط براؤن[3] نے لٹریری ہسٹری آف پرشیا جلد دوم مین اور اس کے پیرو علامہ عبدالوہاب قزوینی نے چہار مقالہ کے حواشی مین لکھا ہے کہ "سنہ ۵۱۷ھ یا سنہ ۵۱۵ھ مین خیام کے وفات پانے کی کوئی سند ہم کو نہین معلوم، اس لیے صحیح یہ ہے، کہ وہ سنہ ۵۰۸ھ اور سنہ ۵۳۰ھ کے بیچ مین کسی تاریخ کو مرا" حواشی چہار مقالہ کی اصل عبارت یہ ہے:-

---

[1] مجمع الفصحا، ہدایت، مطبوعۂ طہران [2] نسخۂ قلمی موجودہ کتبخانۂ دار المصنفین، [3] دیکھو لٹریری ہسٹری آف پرشیا براؤن، ج ۲ ص ۲۵۵

"وفاتِ عمر خیام را غالباً مصنفین اروپا در ۵۱۷ھ می نویسند و بروکلمن در تاریخِ علوم عرب در ۵۱۵ھ و سندِ تقیّ برای هیچ یک ازین دو تاریخ بنظر این ضعیف نرسیده است و به هر صورت از چهار مقاله واضح میشود که وفاتِ او ما بین ۵۰۸ھ و ۵۳۰ھ بوده است زیراکه در ۵۰۸ھ در حیات بوده است و در ۵۳۰ھ که نظامی عروضی قبرِ او را در نیشاپور زیارت کرده چندین سال از وفاتِ او گذشته بوده است[1]"

لیکن پروفیسر براؤن اور علامہ قزوینی نے چہار مقالہ مین ذرا نظامی عروضی کے نیشاپور کی آمد و رفت کی تاریخون پر نظر کی ہوتی، تو ان کو معلوم ہو جاتا کہ ۵۱۴ھ تک تو خیام کی وفات ہرگز نہین ہوئی تھی کیونکہ اسی کتاب سے یہ معلوم ہے کہ ۵۰۶ھ مین بلخ مین نظامی نے خیام کو یہ کہتے سنا تھا کہ اوسکی قبر ایسے مقام پر ہوگی جہان ہر موسمِ بہار اُسکی قبر پر گل افشان ہوگا، نظامی کہتا ہی کہ مین جانتا تھا کہ استاد لغو گو نہین ہی تاہم

"مرا این سخن مستحیل نمود و دانستم که چنوئی گزاف نگوید چون در سنه ثلثین بنشاپور رسیدم چهار (چند) سال بود تا آن بزرگ روی در نقابِ خاک کشیده بود . . . . و او را بر من حقِ استادی بود آدینه بزیارت او رفتم و یکی را با خود ببردم که خاکِ او بمن نماید" (چہار مقالہ ص ۶۳ گب)

اس کے بعد ۵۰۸ھ مین نظامی ذکر کرتا ہی کہ ۵۰۸ھ کے جاڑون مین خیام نے سلطان (غالباً سلطان محمد بن ملک شاہ) کے شکار کے لیے زائچہ تیار کیا،

اوپر کے بیان سے ہویدا ہے کہ ۵۰۶ھ مین شہر بلخ مین جب سے خیام کی زبان سے اوسکی اپنی قبر کے متعلق نظامی عروضی نے عجیب و غریب پیشگوئی سنی تھی، اس کو تعجب لاحق تھا، نیز یہ کہ حقِ استادی سے یہ بعید تھا کہ اُس کو اگر اس (۵۳۰ھ) کی آمد سے پہلے اس کی وفات اور قبر کا حال معلوم ہوتا، تو نیشاپور اگر اس کی زیارت کو نہ جاتا، مگر اس کے برخلاف ہم یہ دیکھتے ہین کہ وہ ۵۱۰ھ مین

[1] حواشی چہار مقالہ از علامہ عبدالوہاب قزوینی ص ۲۱۰ گب،

نیشاپور مین موجود تھا، (چہار مقالہ ص ۹) پھر ۵۱۲ھ مین وہ نیشاپور مین وارد تھا (ص ۶۹) بعد ازین پھر ۵۱۴ھ مین وہ وہین نظر آتا ہی، (ص ۵۰) اور ان تمام سنین مین وہ اپنے استاد (خیام) کے حق استادی کو اگر وہ مرچکا ہی، ادا کرنے کی توفیق نہین پاتا، اور نہ خیام کی اُس عجیب و غریب پیشگوئی کی تحقیق کا اس کو اتنے سال تک شوق ہوتا ہی، تا آنکہ ۵۳۰ھ کی آمد نیشاپور مین اسکو اپنے استاد کی وفات کی خبر ملتی ہی، اور وہ اسکی قبر کی زیارت کو جاتا ہی، اور اسکی عجیب و غریب پیشینگوئی کو سچی ہوتے دیکھکر متحیر ہوجاتا ہی، اس سے صاف ظاہر ہے کہ خیام ۵۱۴ھ تک نیشاپور کی قبر مین سویا ہی نہ تھا، اس لیے اس کی موت کا زمانہ ۵۱۴ھ کے بعد ہی ہوسکتا ہے یعنی ۵۱۵ھ جس کو بروکلمن نے اسی قیاس پر غالباً اختیار کیا ہی، یا اس کے بھی بعد،

ایک اور واقعہ کا اضافہ کیجئے، نظامی عروضی کے بعد خیام کے سب سے پہلے معاصر سوانح نگار بیہقی نے اسکا جو حال لکھا ہے، اس مین اُس کو نظام الملک کے بھتیجے شہاب الاسلام عبد الرزاق وزیر کی مجلس مین ذکر کیا ہے، کہ خیام وزیر ممدوح کی مجلس مین تشریف فرما تھا، شہاب الاسلام ۵۱۱ھ مین وزیر ہوا اور ۵۱۵ھ مین قتل ہوا[1] اسلیے اس مجلس کی شرکت کا واقعہ زیادہ سے زیادہ ۵۱۵ھ تک ہوسکتا ہی، علاوہ ازین، سونے چاندی کے تولنے پر سلطان سنجر کے عہد کے حکیمون نے ۵۱۵ھ مین چند رسالے لکھے ہین، خیام نے بھی اس پر ایک رسالہ لکھا[2]، اس لئے ماننا پڑے گا کہ وہ اس سنہ تک زندہ تھا، اسی طرح وفات کی انتہائی تاریخ ۵۳۰ھ نہین بلکہ اس سے چار سال یا چند سال پہت قرار دینی چاہیے کہ چہار مقالہ مین ۵۳۰ھ نہین بلکہ "چہار یا چند سال بود کہ آن بزرگ روی در نقاب

[1] ابن اثیر ج ۱۰ ص ۹۱۴۔ بریل، [2] حوالہ کیلئے دیکھو تصنیفات خیام مین میزان الحکم کا حال،

خاک کشیدہ بود" ہے، اس بنا پر خیام کی وفات کی تاریخ ۵۰۸ھ سے ۵۳۰ھ کے مابین نہین، بلکہ ۵۱۵ھ سے ۵۳۰ھ کے کچھ سال پہلے کے مابین ہو سکتی ہے، گو اس تاریخ (۵۱۵ھ) کے بعد خیام سے ملنا کوئی بیان نہین کرتا، لیکن خیام کا مستند شاگرد عروضی سمرقندی ۵۳۰ھ مین جب پھر اپنا نیشاپور آنا بیان کرتا ہے تو لکھتا ہے کہ اُس کا استاد (خیام) اُس سے چند ہی سال یا چار ہی سال پہلے وفات پا چکا تھا، یہ چند سال یا چار سال کا اختلاف گو نہایت اہم ہے، مگر چند کا اطلاق بھی ہرگز پندرہ ۱۵ برس کے طویل عرصہ پر نہین ہو سکتا، گب میموریل کا مطبوعہ نسخہ چار نسخون کے مقابلہ سے طبع ہوا ہے، جنمین سے تین قلمی، اور ایک ایران کا مطبوعہ تھا، اور ان سب مین الفاظ و حروف اور فقرون مین اختلافات تھے، قلمی نسخے یہ تھے،

۱- برٹش میوزیم کا پہلا نسخہ جو فی الجملہ صحیح تھا، اور ۱۰۱۷ھ مین نقل ہوا تھا،

۲- برٹش میوزیم کا دوسرا نسخہ جو ۱۲۷۴ھ مین لکھا گیا تھا، یہ صحت و غلطی مین متوسط تھا،

۳- پروفیسر براؤن کا ذاتی نسخہ، جو عاشر افندی (قسطنطنیہ) کے کتب خانہ کے اُس نسخہ سے منقول تھا، جو ۸۳۵ھ مین ہرات مین لکھا گیا تھا، اور یہ نسخہ صحت و زیادت و نقصان مین دوسرے نسخون سے متفاوت کلّی رکھتا تھا، قدامت اور صحت کے خیال سے یہی نسخہ اصل قرار دیا گیا، (دیکھو چہار مقالہ کا مقدمہ مصحح گب)

خیام کی وفات کے تذکرہ کے موقع پر ۵۰۶ھ کی ملاقات بلخ کے بعد ہے، کہ ۵۳۰ھ مین جب نیشاپور پہنچا" اس کے بعد قسطنطنیہ والے نسخہ مین جو سب سے صحیح اور اقدم ہے، یہ ہے،

"چہار سال بود تا آن بزرگ روئے در نقاب خاک کشیدہ بود"

باقی تین ۳ نسخون مین جو ایک دوسرے کی نقل ہین، یہ ہے:-

"چند سال بود تا آن بزرگ روے در نقابِ خاک کشیدہ بود"

اب اگر پہلا نسخہ صحیح ہے، تو ۵۲۶ھ خیام کی تاریخ وفات متعین[1] ہو جائیگی، اور اگر دوسرا نسخہ جسمین "چند" سال ہے صحیح ہے تو بھی یہ قابلِ لحاظ ہے، کہ چند سال کا اطلاق بھی چار پانچ برس سے زیادہ پر نہین ہو سکتا، اسلئے بہرحال ۵۱۵ھ اور ۵۱۷ھ سے بہت بعد اور ۵۳۰ھ سے کوئی قریب کی تاریخ اس کا سالِ وفات ہوگی،

ہمارے سامنے اس وقت جیسا کہ شروع مین بتایا گیا ہے، عالی رومی[2] المتوفی ۱۰۰۸ھ مشہور ترک شاعر کا مجموعہ رباعیات بجواب رباعیات خیام کا نسخہ ہے، جو قسطنطنیہ مین ۱۳۱۶ھ مین لکھا گیا ہے، اس کے مقدمہ مین عالی نے خیام کا حال مختلف ماخذون سے جمع کیا ہے، انمین سے ایک ماخذ مولانا احمد بن حسین الرشید تبریزی کی دہ فصل ہے، جسمین نظامی سمرقندی کا یہ واقعہ درج ہے، اس کو عالی نے اپنی مقفی عبارت مین اس طرح نقل کیا ہے:-

"امّا در رسالۂ تبریزی نوشتہ، کہ خود در سبزوار نسخۂ بخطِ نظامی عروضی دیدہ و بر ذیلِ آن نسخۂ عروضی مکتوب یافتہ، مبنی بر آنکہ در اثنی وعشرین وخمسمایہ (۵۲۲ھ) من بخدمت استاد نامدار رسیدم و رخصت کعبۂ معظمہ از و طلبیدم در اثنای سخنان فرمود کہ بعد از عود قبر مرا در موضعے ملبی کہ باد شمال بر آن جائے بمثال گل افشانی کند، بعد از سالہا کہ مرا مراجعت دست داد بخاطر خطور میکرد، کہ ہرگز از آن مظہر ہنر سخنان گزاف و مکرر استماع نیفتادہ بود، چون بآن بستر آباد رسیدم استفسارِ احوالِ ایشان کردم، چنان معلوم شد کہ درین ولا بجوار ایزد تعالیٰ پیوستہ" الخ (نسخۂ دار المصنفین)

دہ فصل کا مصنف تبریزی کہتا ہے، کہ "اس نے سبزوار مین خود عروضی سمرقندی کے ہاتھ کا لکھا ہوا

---

[1] حواشی چہار مقالہ ص ۲۲۸، [2] ابھی حال مین ہمارے فاضل دوست پروفیسر شیخ عبد القادر (دکن کالج پونہ) کو چہار مقالہ کا ایک قلمی نسخہ دستیاب ہوا ہے، یہ نسخہ گو بہت پرانا نہیں مگر بعض حیثیتون سے نہایت قابل قدر ہے، اس نسخہ مین بھی اس موقع پر لفظ "چند" ہی ہے۔

[2] عالی رومی (۹۴۸ھ ۱۵۴۱ء - ۱۰۰۸ھ ۱۵۹۹ء؟) کا مفصل حال انسائیکلو پیڈیا آف اسلام جلد اول ص ۲۸۱ مین درج ہے،

چہار مقالہ کا نسخہ دیکھا، اس کے حاشیہ مین یہ لکھا تھا کہ مین ۵۲۲ھ مین استاد کی خدمت مین حاضر ہوا، اور گل افشانی کی پیشگوئی سنی، پھر حج کو چلا گیا، وہان سے تین سال کے بعد واپس آیا، تو دریافت کرنیسے معلوم ہوا کہ ان دنون اس نے وفات پائی، پھر وہ نیشاپور آیا، اور زیارت کی" دہ فصل کے محولہ بالا نسخہ سے بڑھکر معتبر نسخہ اور کون ہوسکتا ہے، اس مین صاف لکھا ہے کہ ۵۲۲ھ مین ملاقات ہوئی تین برس سفر مین رہا، تین سال کے بعد واپس آیا، تو استرآباد آکر سنا کہ استاد نے ان دنون وفات پائی، نیشاپور پہنچا تو زیارت کی، ۵۲۲ھ مین تین سال اور ملایئے ۵۲۵ھ ہوتے ہین تو واپسی ۵۲۶ھ مین ہوئی اور اسی سال وفات کا حال سنا، اس کے بعد نیشاپور آکر زیارت کی جس کی تاریخ تمام نسخون مین ۵۳۰ھ ہے، اور چہار مقالۂ عروضی کے سب سے صحیح نسخہ کا بیان ہے کہ اس (۵۳۰ھ) سے چار سال پہلے استاد کی وفات ہو چکی تھی، جس کے معنی بھی یہی ۵۲۶ھ کے ہوئے، اس تفصیل سے ظاہر ہوگا، کہ خیام کی وفات کا یہی سال سب سے معتبر نظر آتا ہے، ایسا معلوم ہوتا ہے، کہ عروضی نے متن کتاب مین بالاختصار ضمناً واقعہ کو نقل کر دیا تھا کہ متن کتاب مین خیام کا حال لکھنا مقصود نہ تھا، بلکہ اسکی حیرت انگیز پیشینگوئی کا تذکرہ مقصود تھا، اور اصل واقعہ کو اس نے حاشیہ مین مفصل ذکر کیا تھا، بعد کے نسخون مین یہ حاشیہ اس لیے محذوف ہوگیا کہ اصل کتاب سے اسکو تعلق نہ تھا،

اس تحریر کے ثبوت کے بعد خیام کی تاریخ وفات (۵۲۶ھ) مین کوئی شبہہ نہین رہجاتا، اب خیام کی اس تاریخ وفات کا لحاظ کر کے خیام اور نظام الملک کی ہمسنی کیا، ہمدرسی کا تصور بھی ممکن نہین، ورنہ اسکی عمر ایک سو اٹھارہ برس کے قریب ماننی ہوگی، جو ناممکن محض ہے، البتہ حسن بن صباح جس نے بالاتفاق ۵۱۸ھ مین وفات پائی ہے، کھینچ تان کر نظام الملک کا ہم درس ثابت ہوسکے تو ہوسکے،

خیّام کی ولادت

خیّام کی ولادت کی تاریخ کسی قدیم سند مین مذکور نہین ہے، آجکل کے جس اہل علم و مصنّف نے بھی سنہ ۴۰۸ھ کے قریب کی تاریخ اختیار کی ہے اُسکی بنیاد صرف نظام الملک کی معاصرت کی مشہور کہانی پر ہے، نظام الملک کی ولادت کا سال سنہ ۴۰۸ھ یا سنہ ۴۱۰ھ ہے، اسی قیاس پر خیّام کی ولادت کا سال بھی اسی کے قریب قرار دیا گیا ہے، مگر جب اس داستان کا بے اصل ہونا واضح ہوچکا ہے تو اس قیاس کی بنیاد از خود منہدم ہوچکی،

گذشتہ دلائل سے یہ بات پایۂ ثبوت کو پہنچ چکی ہے کہ خیّام کی تاریخ وفات سنہ ۵۱۵ھ کے بعد اور سنہ ۵۳۰ھ سے چند سال پہلے کے درمیان کوئی سال ہے، اور وہ غالباً سنہ ۵۲۶ھ ہی ہے، تو خیّام کی ولادت کا سال پانچوین صدی ہجری کے اوائل کا سال اُسوقت تک فرض نہین کیا جا سکتا جب تک ہم اسکی عمر غیر معمولی اور غیر طبعی تسلیم نہ کرین جسکا اندازہ ایک سو سولہ ۱۱۶ برس تک کا کیا جاسکتا ہے اور اس حالت مین یہ لازم آئیگا کہ وہ حسب ذیل سنین کے وقت حسب ذیل عمر کا ہو،

۱- سنہ ۴۶۷ھ مین رصدخانہ کی تعمیر کے وقت وہ اونسٹھ ۵۹ برس کا ہو،

۲- سنہ ۵۰۶ھ مین جب وہ نیشاپور سے بلخ گیا تھا، اور نظامی عروضی اُس سے ملا تھا، تو وہ اٹھانوے ۹۸ برس کا ہو،

۳- ۵۳۰ھ مین جب ابوالحسن بیہقی اپنے بچپن مین اس سے ملا تھا اور خیام نے اس کا امتحان لیا تھا، اس وقت اُسکی عمر ننانوے ۹۹ برس کی ہو،

۴- ۵۰۸ھ کے موسم سرما مین جب سلطان مرو مین شکار کھیلنے نکلا تھا، اور خیام اُس کو خود سوار کرانے گیا تھا، تو اس وقت اُسکی عمر ستتر برس کی ہو،

نہین سے رصدخانہ کی تعمیر کے وقت کا سال گو چندان بعید نہین، مگر بقیہ سنین تمامتر طبعی حالات کے خلاف ہین، اگر ایسا ہوتا تو ضرور تھا کہ بیہقی اور نظامی عروضی ان سنین کے ذکر کے وقت خیام کی اس حیرت انگیز غیر طبعی قوّت اور عمر کا استعجاب کے ساتھ ذکر کرتے، جیسا کہ اس قسم کے مستثنیٰ عمر والون کے حالات مین اہل تاریخ نے اس کا ذکر کیا ہے،

اب ہم کو اپنے قیاس کے مطابق اُن واقعات کو پیش کرنا چاہئے جن سے ظاہر ہوتا ہے کہ خیام کی ولادت پانچوین صدی ہجری کے اواسط مین ہوئی ہو،

۱- سب سے پہلی بات تو یہ ہے کہ خیام کے جس قدر مشہور معاصرین مثلاً ابوالعباس لوکری میمون ابن نجیب واسطی، ابوحاتم مظفر اسفزاری، ابوالفتح عبدالرحمان خازنی، ابوالفتح ابن کوشک وغیرہ[۱] گذرے ہین، اُن سب کا تعلق ملک شاہ (۴۶۵ھ - ۴۸۴ھ) سے لے کر سنجر (۵۱۱ھ - ۵۵۲ھ) تک معلوم ہوتا ہی، ان مین سے نہ خود خیام اور نہ اس کے معاصرین کا کوئی ذکر ملک شاہ سے پہلے سننے

---

[۱] ان کے حالات تواریخ حکماء مین دیکھنے چاہئین، یا میری اس کتاب مین آئندہ خیام کے معاصرین سے تعلقات کا بیان پڑھو، یہ لوگ رصدخانہ کی تعمیر اور رصد کے کامون مین خیام کے رفیق تھے، اور خصوصًا ابوالعباس لوکری میمون ابن کوشک، اور خیام یہ چارون حسب بیان شہرزوری ہمعمر و ہمعصر (اقران) تھے، ابوحاتم مظفر نے سلطان سنجر کے خزانہ کے لیے ترازو بنائی تھی، ابن کوشک کا سلطان سنجر خاص قدردان و مربّی تھا، ابوالفتح عبدالرحمان خازنی نے سلطان سنجر کے نام پر زیج سنجری ترتیب دی تھی،

مین آتا ہی، اس لیے ملک شاہ ہی کا زمانہ ان کے ابتدائے عروج کا عہد معلوم ہوتا ہے، اس لیے انکی پیدائش ملک شاہ کی تخت نشینی کے سال ۴۶۵ھ سے لامحالہ بیں پچیس برس تو پہلے ہو گی،

۲- بیہقی اور شہرزوری مین ہے کہ "ملک شاہ نے خیام کو اپنا ندیم بنایا تھا" ہم نوالہ و ہم پیالہ ندیم و مصاحب ہونے کے لیے حسب دستور زمانہ یک گونہ تناسب عمر کا لحاظ بھی ضروری سمجھا جاتا ہی، ملک شاہ کی پیدائش ۴۴۷ھ کی ہے اور ۴۶۵ھ مین اٹھارہ انیس برس کی عمر مین وہ تخت نشین ہوا، اور تخت نشینی کے تیسرے سال ۴۶۷ھ مین اس نے رصد خانہ کی بنیاد ڈالی جسمین خیام وغیرہ حکما، اکٹھے ہوئے، اس لحاظ سے ایک شخص کے تحصیل علم سے فارغ ہو کر کمال حاصل کرنے اور ایک دو تصنیفین کر کے شہرت پانے کیلئے کم از کم پچیس چھبیس برس کی عمر تو ہونی چاہیے، اس بناپر ۴۴۰ھ یا ۴۴۱ھ خیام کا سالِ ولادت قیاس مین آتا ہے،

۳- خیام کے ایک معاصر جو گو غالباً خیام سے چھوٹے ہونگے، وہ امام محمد غزالی ہین، اُن کی پیدائش ۴۵۰ھ مین ہوئی تھی، اس لیے بہرحال خیام کا سالِ ولادت اس سے پہلے ہی ہوگا،

۴- خیام کے ایک شاگرد حکیم علی بن حجازی قاینی کا نام ہمکو معلوم ہے، جو خیام اور امام غزالی کے چھوٹے بھائی امام احمد غزالی المتوفی ۵۲۰ھ کے شاگرد تھے، وہ ۵۴۶ھ مین نوّے سال کی عمر پا کر مرے تھے، اس حساب سے اُن کا سالِ پیدائش ۴۵۶ھ تھا، استاد کی پیدائش شاگرد سے دس پندرہ برس تو پہلے ہونی چاہیئے،

۵- چونکہ جیسا کہ ہم نے آگے چل کر یہ ثابت کرنا چاہا ہے کہ وہ ملک شاہی رصد خانہ مین آنے

---

[1] درۃ الاخبار ترجمہ بیہقی ص۱۶۱،

سے پہلے سمرقند و بخارا مین پھرتا رہا ہے، اور وہان کے سلاطین مین احترام پا چکا تھا، اور نیز وہ ایک رسالہ حساب لکھ چکا تھا، اور کتاب جبر و مقابلہ تصنیف کر چکا تھا، اس لیے ملک شاہ کی ملاقات اور بنائے رصدخانہ کے سال ۴۶۷ھ سے چھبیس ستائیس برس سے کم پہلے پیدا نہ ہوا ہوگا، تاکہ وہ علوم سے فارغ ہو کر ایک رسالہ اور ایک ایسی اہم کتاب کی تصنیف کے قابل ہو سکے،

ان وجوہ سے یہ موزون قیاس ہے کہ خیام کی ولادت کا تقریبی سال ۴۴۰ھ ہوگا،

ابوالحسن بیہقی نے علم نجوم کے قاعدہ سے اس کی پیدائش کا طالع اپنی تاریخ الحکما مین حسب ذیل نقل کیا ہے، وطالعہ الجوزاء، والشمس وعطارد علی درجۃ الطالع فی ح من الجوزاء، وعطارد صمیمی، والمشتری من التثلیث ناظر الیہما،

مین نے اپنے بعض پرانے ریاضی دان مخدومون سے دریافت کیا کہ اس طالع سے سال ولادت کا حساب لگ سکتا ہے، یا نہین، جواب ملا، کہ اسوقت لگ سکتا ہے جب اس شہر کا نام معلوم ہو، جہان یہ طالع لیا گیا، نیز وقت اور مہینہ کی تعیین ہو، اگر زیچ ملک شاہی سے امداد لیجائے اور نیشاپور اس کے وطن کو مقام طالع مانا جائے تو شاید کامیابی ہو،

اس وقت کا سیاسی نقشہ | یہ وہ وقت تھا جب سلجوقیون نے خراسان پر قبضہ کر کے سب سے پہلے ۴۲۹ھ مین نیشاپور مین اپنا تخت حکومت بچھایا تھا، اور طغرل سلجوقی وہان اس وقت حکمران تھا، ادھر کابل و غزنین مین غزنویون کی حکومت تھی، اور ان کے علاوہ خانیہ خاندان کے نومسلم ترک، کاشغر سے لیکر بخارا تک فرمانروائی کر رہے تھے، اور غزنوی اور سلجوقی دونون خاندانون کے سلاطین ان ملوک خانیہ سے صلح و جنگ مین مصروف رہتے تھے، اور ان ملوک خانیہ کو خاقانیہ ایلک خانیہ اور آل افراسیاب بھی کہتے ہین،

وطن

تمام تذکرے متفق ہین کہ وہ خاکِ پاکِ نیشاپور سے پیدا ہوا تھا، مگر تاریخ الفی کی مصنف؛ حکیم ابن نصر اللہ ٹھٹھوی (سنہ ۱۰۰۰ھ) کسی کا قول بیان کرتا ہے،

"بعضے او را از قریۂ شمشاد تابعِ بلخ دانستہ اند و مولدش را در قریۂ بسنگ من توابعِ استرآباد" (مظفرہ ج ۲)

معلوم نہین یہ روایت کس کی ہے اور اس کا ماخذ کیا ہے[1]، مگر کچھ نہ کچھ اس کا تعلق اس مقام سے معلوم ہوتا ہے، ربیع المرسوم عالی رومی (سنہ ۱۰۰۲ھ) مین وصل تبریزی سے اور اُسنے نظامی عروضی کے خودنوشتہ نسخۂ چہار مقالہ کے حاشیہ سے جو عبارت نقل کی ہے، اسمین لکھا ہے، کہ "اسکی وفات کا حال مجھے استرآباد پہنچکر معلوم ہوا" اسی طرح اُس نے دوسرے موقع پر لکھا ہے، "ہموارہ گاہ نیشاپور و گاہ بلخ از غرۂ غرّاے عمر تا سلخ[2]، روزگارِ خود بفراغت بسر می بردے"! اسکی وفات کے قصہ مین رومی نے

[1] یہ کے، ایم شیرازی نام کسی ایرانی مصنف نے عمر خیام کے حالات مین جو کتاب انگریزی مین لکھی ہے، اور جو لندن مین سنہ ۱۹۰۵ء مین طبع ہوئی ہے، اسمین گمراہ کن اغلاط اور قیاسات ہین، اسمین اس کے بلخی ہونے کا ماخذ شہرزوری کی تاریخ نزہتہ الارواح کو بتایا ہے، یہ غلطی تاریخ الفی کی عبارت نہ سمجھنے کا نتیجہ ہے، ٹھٹھوی نے تاریخ الفی مین خیام کے نیشاپوری الوطن ہونے کی روایت نقل کرنے کے بعد لکھا ہے، کہ "بعضے او را از قریۂ شمشاد تابع بلخ دانستہ اند ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔"
مگر یہ عبارت خود تاریخ الفی کی ہے، شہرزوری کی نہین، شیرازی نے غلطی سے یہ سمجھا ہے کہ یہ بھی شہرزوری کی روایت کا ٹکڑا ہے، حالانکہ ایسا نہین ہے، بلکہ "بعضے" سے ٹھٹھوی کی مراد شہرزوری کے علاوہ کوئی دوسرا شخص ہے جسکا نام اس نے نہین بتایا ہے،

[2] یہ فقرہ خیام کی اس رباعی کی طرف تلمیح ہے،

چون عمر ہمی رود چہ شیرین و چہ تلخ
پیمانہ چو پر شود چہ بغداد و چہ بلخ
می خور کہ پس از من و تو این ماہ بسے
از سلخ بغرہ آید و از غرہ بسلخ

کسی کتاب کے حوالہ سے لکھا ہے کہ خیام نے "از بلوکات استرآباد دہک نام" مین وفات پائی، غرض یہ وہ نامستند حوالے ہین جن سے وہ استرآباد و بلخ کی طرف منسوب نظر آتا ہے، اس نسبت کی حقیقت یہ نظر آتی ہے، کہ میرے خیال مین (جیسا کہ آگے آیگا) خیام کا ابتدائی قیام بلخ مین رہا ہے، اس لیے کسی نے بلخ و استرآباد کو غلطی سے اس کا مولد و منشا سمجھ لیا ہے، اور عجب نہین کہ اسکی زندگی ہی مین یہ شبہہ کسی کو ہوا ہو، کیونکہ بیہقی نے جس کی نقل شہرزوری نے بھی کی ہے، اس کے خاندانی نیشاپوری ہونے پر خاص زور دیا ہے، کہتا ہے،

عمر الخیامی النیسابوری الآباء	عمر خیام اپنے باپ دادون اور وطن
والبلاد،	کے لحاظ سے نیشاپوری،

یہ خاص زور کسی شبہہ کے ازالہ ہی کے لیے معلوم ہوتا ہے،

سنہ ۵۰۶ھ مین نظامی عروضی کو بھی وہ بلخ مین ملتا ہے[1]، اور خاقان بخارا شمس الملک کے دربار مین بھی وہ نظر آتا ہے[2]، اس سے بہرحال اتنا ثابت ہوتا ہے کہ ترکستان کے ان شہرون مین بھی اسکی آمد و رفت رہتی تھی، مگر بقول مصنف تاریخ الفی،

"الحاصل توطن اکثر اوقات در نیشاپور داشت[3]"

فریڈرک روزن نے رباعیات خیام مطبوعہ کاویانی برلن (سنہ ۱۹۲۵ء) کے فارسی مقدمہ (ص ۵۲-۵۳) مین ایک ہولنڈی فاضل گلیوس (سنہ ۱۶۶۷ء) کی تحقیق نقل کی ہے کہ خیام کا مولد شہر لوکر تھا، جو رودخانہ مرغاب کے کنارہ شہر مرورود کے قریب تھا، اس تحقیق کی سند یہ ہے کہ فاضل

---

[1] چہار مقالہ ص ۶۲ گب [2] ۵ اخبار الحکماء بیہقی و شہرزوری و درۃ الاخبار ترجمۂ خیام [3] ۵ مظفریہ ص ۲۳۷،

موصوف کو قطب الدین شیرازی المتوفی ۷۱۰ھ کی کتاب التحفۃ الشاہیۃ (جس کو فاضل موصوف اور فریڈرک روزن نے تسامح سے تحفۃ الشاہیہ پڑھا ہے) ملی جسمین حسب ذیل عبارت ہے،

"التاریخ الملکی منسوب الی السلطان جلال الدولۃ ملکشاہ بن الب ارسلان السلجوقی، والسبب فیہ انہ اجتمع فی حضرتہ جماعۃ (جماعتہ؟) من الحکماء ومنھم عمر الخیام الحکیم اللوکری وغیرہ"

اس سے گلیوس کو یہ خیال ہوا، کہ خیام لوکر کا باشندہ تھا، مگر درحقیقت گلیوس کی تحفہ شاہیہ کا نسخہ غلط ہے، تحفۃ شاہیہ کے دوسرے تذکرہ کی اصلی عبارت جیسا کہ دوسرے صحیح نسخون مین ہے یہ ہے

"والسبب فیہ انہ اجتمع فی حضرتہ جماعۃ من الحکماء ومنھم عمر الخیام والحکیم اللوکری وغیرھما"

فریڈرک روزن نے اپنے فارسی مقدمہ رباعیات خیام کے حاشیہ مین یہ صحیح عبارت نقل کی ہے، لیکن اس کو حکیم لوکری کے متعلق شبہ ہے، کہ یہ نام صحیح نہین کہ اس کا پتہ نہین ملتا،[1] حالانکہ حکیم لوکری مشہور و معروف شخص ہے اور ابو العباس لوکری کے نام سے تواریخ حکماء مین مذکور ہے یہ بھی رصد خانہ ملک شاہی کے علمائے ہیئت مین ایک تھا (دیکھو ہمارے اس مضمون کا باب

---

[1] فریڈرک روزن کی اصل عبارت فارسی یہ ہے،
"احتمال کلی دارد کہ در نسخہ تصرفے شدہ باشد ××× در کتب قدیمہ مثل کامل التواریخ ابن الاثیر کہ در ۶۳۷ھ تالیف شدہ، اسمے ازوی نیست، درصورتے کہ این کتاب از معاصرین دیگر عمر خیام ابو المظفر اسفزاری، و میمون بن نجیب الواسطی الخ ذکر کردہ است" (ص ۳۵)
یہ صحیح ہے کہ ابن اثیر نے اس کا ذکر نہین کیا ہے، مگر تواریخ حکماء مین یہ نام مذکور ہے، وہ اپنے عصر کے چار مشاہیر مین سے ایک ہے، ابن سینا کے شاگرد بہمنیار کا وہ شاگرد تھا، (نزہۃ الارواح شہرزوری ص ۲۹ کتب خانہ ندوہ و درۃ الاخبار ترجمہ تتمہ صوان الحکمۃ مطبوعہ لاہور ص ۰۰ و ترجمہ فارسی شہرزوری نسخہ ناتمام موجودہ دار المصنفین،

"معاصرینِ خیّام"

بہرحال حکیم خیّام کو لوکر سے کوئی تعلق نہین، یہ شہر اُس کے معاصر اور رفیق کار ابوالعباس لوکری کا وطن تھا، تحفۂ شاہیہ کے غلط نسخہ مین ایک "و" کے چھوٹ جانے سے غلطی پیش آئی کہ خیّام پر نیشاپوری کے بجائے لوکری کا دھوکہ ہونے لگا،

خیّام کے رباعیات مین اسکی جائے قیام و سکن کی نسبت کوئی اشارہ نہین پایا جاتا ہے، لیکن تمام نسخون مین اسکی ایک رباعی پائی جاتی ہے جسکا پہلا شعر اکثر نسخون مین اسطرح ہے،

چون عمر ہمی رود چہ بغداد و چہ بلخ ۔۔۔ پیمانہ چو پر شود چہ شیرین و چہ تلخ (بوڈلین)

مگر دلیسنہ کے قلمی[1] نسخہ مین جو ۹۱۱ھ کا لکھا ہے، یہ اس طرح ہے،

چون می گذرد عمر چہ شیرین و چہ تلخ ۔۔۔ چون جان بلب آید چہ نشاپور چہ بلخ

اگر یہ متن صحیح ہو تو اُس کی اس رباعی مین اس کے ان دونون شہرون کا ذکر موجود ہے جہان اُنکی اقامت اکثر ثابت ہوتی ہے،

[1] اس نسخہ کا ذکر رباعیات کے ذکر مین آگے آئیگا،

نام ونسب

تمام مؤرخین کا اتفاق ہے کہ اس کا نام عمر اور اُس کے باپ کا نام **ابراہیم** تھا، لیکن اسکے برخلاف ہمارے زمانہ کے ایک لائق مصنف نے اپنی ایک مشہور و سنجیدہ تصنیف (نظام الملک طوسی[1]) مین یہ دعوی کیا ہی، کہ عمر کے باپ کا نام **عثمان** تھا، اور نیز یہ کہ عمر خیام فارسی کے نامور شاعر خاقانی شروانی المتوفی ۵۹۵ھ کا چچا تھا، موصوف نے اپنے اس دعوے کے ثبوت مین خاقانی کی مثنوی تحفۃ العراقین کا آخر باب پیش کیا ہی، اسمین خاقانی نے اپنے اور اپنے خاندان کے حالات لکھے ہین، اور خصوصیت کیساتھ اس مین اپنے چچا **عمر** کی مہربانیون کا شکریہ ادا کیا ہی، اور اُس کے فضل و کمال ریاضی دانی، ہندسہ و ہیئت و طب کے علم کی تعریف کی ہی، اور اُس کے تفلسف اور زہد و تجرد کا ذکر کیا، یہ اکثر اوصاف اور نام عمر خیام پر صادق آتے ہین، اس سے زیادہ لطف یہ ہے کہ مصنف مذکور کے سامنے مثنوی تحفۃ العراقین کا جو مطبوعہ آگرہ (۱۸۵۵ء) نسخہ تھا، اس کا عنوان یہ تھا، "در مدح عم خود عمر خیام کہ در اہتمام و تربیت او بود" اس سے ہمارے مصنف کا شک و شبہہ پورا جاتا رہا، مثنوی مذکور کے وہ شعر یہ ہین:-

بگریختہ ام ز دیو خذلان   در سایۂ عمر ابن عثمان

---

[1] زیر ترجمہ حکیم عمر خیام،

هم صدرم و هم امام و هم عمّم | صدرِ اجلّ و امامِ اکرم
برہانی و ہندسی مقالش | افلاطن و از سطو عیالش
از علمش دادہ دہر محدث | یک ثلث بہرِ مس مثلث

یہ تمام باتین خیّام پر کسقدر چسپان ہین، خیّام کے آخری سنین اور خاقانی کے اوائلِ سنین مشترک بھی ہین، اس یقین کے بعد اگر خیّام کے باپ کا نام ابراہیم اہلِ تذکرہ لکھتے ہین تو خاقانی کا بیان جو اس کا نام عثمان بتاتا ہی سب سے زیادہ تسلیم کے قابل ہوگا،

لیکن عجیب بات یہ ہے، کہ ہمارے مصنف نے تحفۃ العراقین پڑھنے کی زحمت تو اٹھائی، لیکن کلیات خاقانی ملاحظہ نہ فرمایا، جسمین معلوم ہوتا ہی کہ اسی آیندہ کے اشتباہِ اسمی و وصفی کو دور کرنے کے لیے خاقانی نے یہ چند شعر اپنے چچا عمر بن عثمان کے مرثیۂ بائیہ مین لسان الغیب کے قلم سی لکھدیئے ہین

کو آنکہ سخندان جہین بود بحکمت | کو آنکہ ہنر بخش بہین بود بآداب
کو صدرِ افاضل، شرفِ گوہرِ آدم | کو کافی دین واسطۂ گوہرِ انساب
کو آنکہ ولی نعمتِ من بود و عمِ من | عم چہ کہ پدر بود خداوند ہر باب
زد دیو گریزندہ و او داعیٔ انصاف | زو حکمت نازندہ و او منہی الباب
زان عقل بدو گفتہ کہ اے عمرِ عثمان[1] | ہم عمر خیّامی و ہم عمرِ خطاب

ان اشعار نے گتھی سلجھادی، اس کے چچا کا نام عمر تھا، اس کا لقب کافی الدین تھا، اور اس عمر کے باپ یعنی خاقانی کے دادا کا نام عثمان تھا، وہ اپنے چچا کو فلسفہ و حکمت مین عمر خیام کا ہم پایہ

[1] کلیات خاقانی ص ۱۰۱ء، ۱۲۹۳ء نولکشور، کلیات خاقانی بے ترتیب چھپی ہے،

اور زہد و دینداری میں حضرت عمر بن خطاب کا مثیل بتاتا ہے، اس سے ظاہر ہو گیا کہ خاقانی کا چچا کافی الدین عمر بن عثمان اور غیاث الدین عمر بن ابراہیم خیام دو شخص ہیں، عمر بن عثمان شروان کا تھا، اور عمر بن ابراہیم خیام نیشاپور کا، خود تحفۃ العراقین کا جو قلمی نسخہ دار المصنفین میں ہے، اس میں "در مدح عم خود عمر خیام" کے بجائے "در مدح امام عالم کافی الدین عم خویش" مذکور ہے، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ۱۸۵۵ء کے مطبع آگرہ کے مصحح کی یہ جدت تھی، جس نے ہمارے ایک لائق مصنف کو نیشاپور سے شروان پہنچا دیا،

نسبت عام طور سے وہ خیام کی نسبت کیساتھ مشہور ہے، فارسی کتابوں میں اوسکو اکثر خیام اور کبھی خیامی اور عربی کتابوں میں عموماً اوسکو خیامی لکھتے ہیں، اور خاص اپنی تصنیفات میں وہ خود یا دوسرا معاصر اس کو خیامی لکھتا ہے[1]، البتہ رباعیات میں وہ اپنا تخلص جب کبھی لاتا ہے، خیام کہتا ہے،

خیام کے معنی عربی میں "خیمہ دوز" کے ہیں، اس سے معلوم ہوتا ہے، کہ اس کے خاندان میں خیمہ دوزی کا پیشہ ہوتا تھا، خود خیام کے نام اس کے ایک معاصر اور ابن سینا کے شاگرد کسی قاضی محمد بن عبد الرحیم نسوی نام نے جو خط لکھا ہے، جس کے جواب میں اُس کا رسالہ کون و تکلیف ہے، اس کے شروع میں نسوی نے خیام کی تعریف میں نثر کے ساتھ چند عربی شعر لکھے ہیں، نثر خط میں تو "ابی الفتح عمر بن ابراہیم الخیامی" ہے لیکن نظم میں اوسکو "الخیمی" لکھا ہے،

ان کنت ترعین یاریح الصبا ذممی	اے باد صبا! اگر تجھے وفائے عہد کا خیال ہے
فاقری السلام علی العلامۃ الخیمی	تو میری طرف سے علامۂ خیمی کو سلام پہنچا،

یہ خیمی خیم کی طرف منسوب ہے جو خیمہ کی جمع ہے، اور اس کے معنی "خیمہ والے" کے ہیں، عربی قاعدہ

[1] عروضی چہار مقالہ میں کہتا ہے، "تا خواجہ امام عمر خیامی چہ گوید" ص ۶۵ گب سیریز دیکھو جبر و مقابلہ خیام اور رسالہ کون و تکلیف (عربی) کا دیباچہ

سے خیمی، خیّامی سے زیادہ صحیح لفظ ہے، علامۂ سمعانی نے کتاب الانساب میں "خیّام" کی نسبت نقل کی ہے، اور اس کے معنی خیمہ دوزی کے بتائے ہیں، اور اس نسبت سے جو محدثین مشہور ہیں ان کے نام لکھے ہیں، مگر ہمارے فلسفی خیّام کا نام اُس دربار میں کہاں جگہ پاسکتا تھا،

شیرازی[1] نے اور شاید اسی کی پیروی میں فریڈرک روزن[2] نے خیمہ دوزی کی نسبت کو حکیم عمر خیّام کی بزرگی کے خلاف جانکر "خیّام" کے معنی خیمہ ساز کے بجائے خیمہ نشین کے لیے ہیں، اور چونکہ خیموں میں رہنا اہلِ عرب کی خاص علامت ہے، اس لیے خیّامی کی نسبت کسی خیمہ نشین عرب قبیلہ تک پہنچائی گئی ہے، حالانکہ یہ تاویل تمامتر بے بنیاد ہے، عربی وزن فعّال پیشہ کے لیے مخصوص ہے جیسے قفّال (قفل ساز) طبّاخ (باورچی) حجّام (نائی) نسّاج (جولاہہ) ندّاف (دھنیا) نجّار (بڑھئی) قصّار (دھوبی) عطّار (گندھی) فخّار (کمھار) غزّال (سوت کاتنے والا) وغیرہ،

ہمارے فاضل مستشرق فریڈرک روزن نے بھی شیرازی کی تائید کی ہے اور ابن اثیر نے تاریخ کامل میں اور رسالۂ جبر و مقابلہ کے دیباچہ میں خود خیّام نے اپنے کو جو خیّامی لکھا ہے اس سے ان کو یہ دھوکا ہوا ہے کہ یہ خیّام نام کسی عرب قبیلہ کی طرف نسبت[3] ہے، حالانکہ اس نام کا کوئی عرب قبیلہ ثابت نہیں، اصل یہ ہے کہ اس لفظ خیامی کی صورت وہی ہے، جو غزّالی کی ہے، خوارزم، جرجان اور خراسان میں اس زمانہ میں اسیطرح ی بڑھا کر نسبت بنالیتے تھے[4]، مثلاً غزّال سے غزّالی، عطّار سے عطّاری وغیرہ، اسی طرح خیّام سے خیّامی ہے، خیّام سے ایک صدی

---

[1] لائف آف خیام (انگریزی) مصنفہ شیرازی ۱۹۰۵ء لندن،

[2] دیباچہ رباعیات خیام مطبوعۂ کاویانی برلن، ص ۵۸،

پہلے سامانی دربار کا مشہور شاعر جس نے ۳۴۲ھ میں وفات پائی، نیشاپور ہی کا رہنے والا خبازی ہے[۱]
خباز کے معنی روٹی پکانے والا، تاہم بحالت نسبت اسی قاعدہ سے وہ خبازی کہلایا، بعد کا ایک اور
شاعر ابو شریف احمد علی جرجانی، مجلدی ہے[۲]، مجلد کے معنی جلد ساز کے ہیں، تاہم نسبت میں مجلد کے
بجاے اس نے اپنے کو مجلدی کہا، غزالی، خیامی، خبازی سب خراسانی ہیں، اس سے معلوم ہوتا ہے
کہ نسبت کا یہ قاعدہ خوارزم و جرجان کی طرح جیسا کہ ابن خلکان نے لکھا ہی، خراسان میں بھی جاری تھا
چنانچہ شہر طوس جو خراسان کا شہر ہے وہاں کے رہنے والے ایک محدث ابو محمد عباس بن محمد طوسی جو تیلی
تھے عصاری کہلاتے تھے، (معجم البلدان یاقوت، زیر لفظ "طابران") اور اسی اصول کی بنا پر سیوطی نے
لب اللباب میں تبانی، حدادی، حناطی، خفافی، خیاطی وغیرہ نسبتیں نقل کی ہیں[۳]،

قاضی محمد بن عبد الرحیم نے خود خیام کے زمانہ میں اسکی مدح میں جو اشعار لکھے ہیں اور جو ابھی اوپر گذر
چکے ہیں، ان میں خیامی کے بجاے خیمی[۴] لکھکر اس کو ثابت کردیا ہے کہ خیامی خیمہ ہی کی طرف منسوب ہے
نہ خیام نام کسی عرب قبیلہ کی طرف، اگر خیامی کسی عرب قبیلہ کی طرف نسبت ہوتی، تو فارسی میں بھی

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۶۸) سے فارسی مقدمۂ رباعیات خیام فریڈرک روزن، مطبوعۂ کاویانی برلن،

سے ابن خلکان جو انساب میں خاص مہارت رکھتا ہی، احمد غزالی کے حال میں لکھتا ہی "هذه النسبة الی الغزال علی عادة اهل خوارزم وجرجان فانهم ينسبون الی القصار القصاری والی العطار العطاری" ابن خلکان نے اپنی اس تحقیق کی نسبت سمعانی کیطرف کی ہی، مگر سمعانی کی کتاب الانساب کے مطبوعہ لائڈن نسخہ میں "غزالی" کا لفظ ہی موجود نہیں اور نہ اس سلسلہ میں وہاں یہ ذکر ہے، ابن تغری بردی نے النجوم الزاہرہ میں زیر حوادث ۵۰۵ھ لکھا ہی کہ سمعانی نے یہ ذیل میں لکھا ہی جس سے شاید مقصود ذیل تاریخ بغداد للخطیب ہی، مرتضی زبیدی (بلگرامی) نے قاموس کی شرح تاج العروس میں زیر لفظ "غزل" لکھا ہی وهو منسوب الی الغزال بائع الغزل او الغزال علی عادة اهل خوارزم وجرجان کالعصاری الی العصار، اس لفظ عصاری کا ذکر سمعانی نے کتاب الانساب میں کیا ہی ورق ۳۹۲ مطبوعۂ بریل ۱۹۱۲ء لائیڈن) العصاری بفتح العین ××× هذه النسبة الی العصارة وقد ذکرناه وقد جرت عادة عدة من البلاد ان ينتسب اهلها الی الحرف مثل خوارزم وجرجان وآمل طبرستان، [۱] شعر العجم شبلی ج ۱ ص ۳۵، [۲] لب اللباب عوفی ج ۱ ص ۱۳، گب،

قاعدہ سے اس کو ہمیشہ خیامی ہی کہتے، خیام کبھی نہ کہتے، ہاشمی کو فارسی مین بھی ہمیشہ ہاشمی ہی کہینگے، ہاشم نہین،

یہ خیال کہ خیمہ دوزی کے خاندانی پیشہ سے ہمارے ایک عالی مرتبہ فلسفی اور بلند رتبہ شاعر کی توہین ہوتی ہو، غلط ہو، مساوات پسند اسلام کی تاریخ مین ایسی بیشمار ہستیان ہین جو ادنی خاندانی پیشون کی نسبت کے باوجود مشاہیرِ فن اور اکابرِ علم کی فہرست مین داخل ہین، اور ان کا نام ہم عزت سے لیتے ہین، امام محمد غزالی کو دیکھو کہ سوت کاتنے والے کی طرف منسوب ہین، فقہ حنفی کے مشہور امام شمس الائمہ حلوائی تھے، وحدۃ الوجود کا مشہور مبلّغ و شہید حسین بن منصور حلاج یعنی ندّاف تھا، مشہور شاعر خاقانی نجّار یعنی بڑھئی تھا، بزرگ صوفی شاعر عطّار، دوا فروش تھے، نسّاج (کپڑا بننے والے) مشہور صوفی تھے، علی ہذا القیاس، خیمہ دوز ہونا ہمارے فلسفی شاعر اور ہیئت دان ریاضی کے لیے توہین کا باعث اور تحقیر کا سبب نہین، بلکہ ملک کی معاشرتی ترقی و مساوات اور عام تعلیم کا ثبوت ہی،

اہل و عیال

عام طور سے سمجھا جاتا ہے، اور اردو کے ایک لائق مصنف نے اپنی ممتاز تصنیف "نظام الملک طوسی" کے ضمیمہ خیام میں خاقانی کے چچا کافی الدین عمر بن عثمان شروانی کے اشتباہ کی بنا پر تحفۃ العراقین کے اشعار کے حوالہ سے یہ دکھایا ہے کہ عمر بن ابراہیم خیام نیشاپوری نے تاہل کی زندگی اختیار نہیں کی اور ہمیشہ مجرد رہا، لیکن یہ صحیح نہیں ہے، یہ معلوم ہو چکا ہے کہ عمر بن عثمان، عمر بن ابراہیم خیام نہیں ہے، اس لیے یہ استدلال ہی غلط ہے، علاوہ ازین ابوالحسن بیہقی، خیام کے سب سے اقدم سوانح نگار نے خیام کی وفات کا واقعہ خیام کے داماد "امام محمد بغدادی" کے واسطہ سے بیان کیا ہے[1]، اور یہی روایت بعینہ شہرزوری میں ہے، اس سے معلوم ہوا کہ اس نے تاہل اختیار کیا تھا، اور کم از کم اسکی اولاد میں ایک لڑکی تھی، جس کی شادی اسکی زندگی ہی میں بغداد کے محمد نامی کسی فاضل سے ہو چکی تھی،

دولت شاہ سمرقندی (۸۹۲ھ) نے خیام کے سلسلۂ اولاد میں ایک شاعر "ملک الکلام شاہپور اشہری نیشاپوری" کا ذکر کیا ہے[2]، اور اسی کے ضمن میں عمر خیام کا حال لکھا ہے، شاہپور ظہیر الدین فاریابی کا شاگرد اور سلطان محمد بن تکش خوارزمشاہ کے دفتر انشا کا منصبدار تھا،

---

[1] بلٹین آف اورنٹیل اسٹڈیز فروری ۱۹۲۹ء میں بیہقی کا اقتباس دیکھو، [2] تذکرۂ دولت شاہ سمرقندی ص ۱۳۸ اگسٹ و تکملۂ آذر ص ۱۳۹ بمبئی،

دولت شاہ نے ایک طرف اس کی وفات کی تاریخ سنہ ۶۰۶ھ بتائی ہے، اور دوسری طرف سلطان جلال الدین کے وزیر نور الدین کی مجلس مین اسکی آمد و رفت کا تذکرہ کیا ہی، سلطان جلال الدین آخری خوارزم شاہ کا زمانہ سنہ ۶۱۷ھ سے شروع ہوتا ہے اور سنہ ۶۲۸ھ تک ختم ہو جاتا ہے، اسلیے شاید اس جلالی وزارت سے پہلے کی آمد و رفت کا تذکرہ ہوگا،

دولت شاہ نے اس کی ایک غزل ایک خاص صنعت مین لکھی ہے، جس کے چند شعر یہ ہین:

روزگار آشفتہ تر، یا زلفِ تو یا کارِ من	ذرّہ کمتر یا دہانت، یا دلِ غمخوارِ من
شب سیہ تر یا دلت، یا حالِ من یا خالِ تو	شہد خوشتر یا لبت یا لفظِ گوہربارِ من
وصلِ تو دلجوی تر یا شعرہائے نغزِ من	ہجرِ تو دل سوز تر یا نالہ ہائے زارِ من

اخذ و استفادہ

مغرب و مشرق کے کسی موجودہ تذکرہ نویس نے یہ نہیں لکھا کہ اُس کا فضل و کمال کن بزرگون کی تعلیم و تربیت کا رہین منت تھا، حالانکہ خیام کے ایک استاد کا نام بیہقی اور شہرزوری مین مذکور بھی ہے مگر زود گو و سکی کے مضمون کو انتہائی تجسّس کا معیار سمجھکر مزید تلاش کی طرف توجہ نہین کیگئی۔

خیام کا وطن نیشاپور ہمیشہ سے علم و فن کا مرکز رہا، اور دنیاے اسلام مین غالباً درسگاہ کی پہلی پہلی عمارت اسی سرزمین پر بنائی گئی، نیشاپور چوتھی صدی کے اواسط مین سامانیون کے اور اواخر مین دیلمیون پھر غزنویون کے زیر حکومت آیا، اور ۴۲۹ھ مین سلجوقیون نے اس کو لیا، اور چارون نے اُسکی اس علمی مرکزیت کے امتیاز کو قائم رکھا،

۱۔ یہان پہلا مدرسہ سامانی والی نیشاپور، ناصر الدولہ ابو الحسن سیمجوری المتوفی ۳۷۸ھ[1] نے امام ابوبکر محمد بن حسن بن فورک المتوفی ۴۰۶ھ[2] کے لیے بنایا تھا، امام موصوف سے پہلے خراسان مین کرامیہ فرقہ جس کو مجسّمہ بھی کہتے ہین، فروغ پر تھا، ابن فورک پہلے شخص ہین جنھون نے اہل نیشاپور کی استدعا پر یہان آکر اشعری علم کلام کو پھیلایا، اور آخر کرامیہ کے حامی بادشاہ سلطان محمود غزنوی کے دربار مین کرامیہ کی شکایت پر طلب ہوئے اور واپسی مین زہر دے کر مارے گئے، نیشاپور مین کلام و عقلیات کی اشاعت[3] انھین

[1] زین الاخبار مطبوعہ برلن ص ۵۰ [2] طبقات سبکی ج ۳ ص ۵۲ مصر، [3] ابن خلکان ترجمہ امام و طبقات سبکی ج ۳ ص ۵۲ مصر

کے ذریعہ ہوئی،

۲- دوسرا مدرسہ **بیہقیہ** یہان قائم ہوا جس کے متعلق **سبکی** نے لکھا ہو کہ نظام الملک کی پیدایش (سنہ ۴۰۸ھ یا سنہ ۴۱۰ھ) سے پہلے قائم ہوا[1]، امام الحرمین نے اسی مدرسہ مین تعلیم پائی تھی، امام موصوف سنہ ۴۳۵ھ مین وہان پڑھنے جاتے تھے[2]،

۳- تیسرا مدرسہ وہان **سعیدیہ** تھا جس کو سلطان محمود غزنوی المتوفی سنہ ۴۲۱ھ کے بھائی امیر نصر ابن سبکتگین نے اپنی امارت نیشاپور کے زمانہ مین بنوایا[3]، امیر نصر نے چوتھی صدی کے آخر مین نیشاپور فتح کیا تھا[4]، یہ امیر حنفی تھا، اور یہ مدرسہ بھی علمائے احناف کے لئے بنا تھا[5]، اس نے سنہ ۴۱۲ھ مین وفات پائی تھی

۴- چوتھا مدرسہ نیشاپور مین امام ابو اسحاق ابراہیم اسفرائنی المتوفی سنہ ۴۱۸ھ کے لیے بنا تھا، امام موصوف بھی کلام وعقلیات کے ماہرون مین تھے علم کلام مین جامع الحلی نام ایک ضخیم کتاب عقائد اور رد ملحدین مین تصنیف کی تھی[6]

حاکم نے تاریخ نیشاپور مین لکھا ہو، جیسا کہ سبکی نے نقل کیا ہے، کہ اس سے پہلے نیشاپور مین اس جیسا کوئی مدرسہ نہین بنا تھا.

---

[1] طبقات سبکی ج ۳ ص ۱۳۷ مصر [2] ایضاً ج ۳ ص ۲۵۲ مصر، [3] ایضاً ج ۳ ص ۱۳۷،

[4] تاریخ زین الاخبار گردیزی ص ۶۳، مطبوعۂ برلن،

[5] تاریخ یمینی للعتبی، ص ۳۴۴ مطبع احمدی لاہور سنہ ۱۳۰۰ھ، افسوس ہو کہ عتبی نے اس مدرسہ کی تاریخ بنا نہین لکھی، مگر بہرحال یہ مدرسہ قاضی ابوالعلا صاعد بن محمد کے لیے بنا تھا، (عتبی ص ۳۴۴) اور قاضی ابوالعلاء صاعد بن محمد حنفی کے ساتھ امیر نصر کو حسن اعتقاد تھا، (عتبی ص ۳۲۶) وہ سنہ ۴۰۲ھ مین حج کر کے ادھر آئے تھے، (عتبی ص ۳۲۵) اور انھین کے جوار مین یہ مدرسہ بنا تھا، (عتبی ص ۳۴۴) قاضی ابوالعلاء کے دو لڑکے تھے، ابوالحسن اور ابوسعید (عتبی ص ۳۲۹) غالباً انھین ابوسعید کے نام پر اس مدرسہ کا نام سعیدیہ پڑا، اس مدرسہ کو کسی نے سعدیہ لکھا ہے، اور دوسرے نے سعیدیہ، لیکن اس انتساب سے ظاہر ہے، کہ صحیح نام سعیدیہ تھا، امیر نصر کا انتقال عین شباب مین سلطان محمود کی زندگی ہی مین سنہ ۴۱۲ھ مین ہوا، (زین الاخبار صفحہ ۹، مطبوعۂ کادیانی برلن) اس لیے اس مدرسہ کی تاریخ بنا سنہ ۴۰۲ھ کے بعد اور سنہ ۴۱۲ھ سے پہلے ہو، [6] ابن خلکان ج ۱ ص ۴ ترجمۂ امام ممدوح،

۵- پانچوان مدرسہ یہان ابوسعید (یا ابوسعد) اسمٰعیل بن علی بن مثنی استرابادی ایک واعظ وصوفی صاحب علم نے بنایا تھا، یہ ابوسعید یا ابوسعد خطیب بغدادی (۳۹۲ھ؁ - ۴۶۳ھ؁) کے استاد تھے[۱]

۶- چھٹا مدرسہ طغرل بیگ سلجوقی نے ۴۳۷ھ؁ مین یہان تعمیر کرایا[۲]

۷- ساتوان مدرسۂ نظامیہ، یہان نظام الملک طوسی نے اپنی وزارت کے بعد (۴۵۶ھ؁ مین وزیر ہوا) امام الحرمین (۴۱۹ھ؁ - ۴۷۸ھ؁) کے لیے بنوایا[۳]

حافظ ذہبی نے تاریخ اسلام مین لکھا تھا کہ نظام الملک پہلا شخص ہے جس نے مدرسے قائم کیے، مگر سبکی نے طبقات[۴] مین مذکورۂ بالا مدارس مین سے چند کا تذکرہ کرکے اس کی تردید کی اور بتایا ہے کہ نظام الملک سے پہلے غالباً مدارس مین وظیفے نہین دیئے جاتے تھے، اس قسم کے مدرسون کا بانی اوّل نظام الملک ہوا ہے،

ان مدارس کے علاوہ ابوسہل بن امام موفق اور عبد الکریم ابوالقاسم قشیری مشہور صوفی محدث کی علمی مجلسین قائم تھین،

چوتھی صدی ہجری کے آغاز پر دیالمہ کے اقتدار سے معتزلہ کا زور بڑھ رہا تھا، عین اسی زمانہ مین امام ابوالحسن اشعری المتوفی ۳۲۴ھ؁ نے اپنا فلسفہ پیش کیا، اور یہ اہل حدیث وسنت کی طرف سے اہل عقل گروہ کے چیلنج کا پہلا روز تھا، غزنویہ نے چوتھی صدی کے خاتمہ اور پانچوین صدی کے آغاز مین کرامیہ مجسمہ کی تائید کی[۵] اور نیشاپور کے اشعری امام ابن فورک نے اس راہ مین جان دی[۶]، پانچوین صدی کے وسط مین سلجوقیہ کا آغاز ہوا، تو طغرل کے زمانہ مین عمید الملک کندری کی

۱؎ طبقات سبکی ج ۳ ص ۱۳۷ ۲؎ تاریخ ابن خلکان ج ۱ ترجمۂ خطیب ۳؎ سفرنامہ ناصر خسرو ص ۴ کاویانی برلن، ۴؎ سبکی ج ۳ ص ۱۳۷ و ۱۳۵ ۵؎ طبقات سبکی ج ۳ ص ۱۳۷ ترجمۂ حسن نظام الملک، حافظ سیوطی نے حسن المحاضرۃ فی اخبار مصر والقاہرۃ جلد ۲ باب جہات المدارس مین سبکی کا قول سمجھنے مین غلطی کی ہے، ۶؎ عتبی کی تاریخ یمینی ص ۳۲۴ ۷؎ سبکی کے طبقات مین امام کا حال پڑھو،

وزارت مین اشعریون کی مخالفت ہوئی، اور برسرِ منبر اشاعرہ پر لعنت کیگئی، چنانچہ ۴۳۶ھ یا اس کے بعد کے سال مین تمام علماے اشاعرہ، امام بیہقی، امام الحرمین، امام ابو القاسم قشیری[1] وغیرہ تین سو اشعری علما نے سلجوقیون کی مملکت سے ہجرت کرلی، چند سال کے بعد عمید الملک کے قتل اور نظام الملک کی وزارت سے اشاعرہ کا نیا دور شروع ہوا، اور آخر تمام ملک پر چھاگیا، دوسری طرف ابن فورک، باقلانی، امام الحرمین، اور امام غزالی جیسے اکابر کی زبان وقلم نے اشعریت کو اس عہد کا سب سے مضبوط ومستحکم فرقہ بنادیا،

دیالمہ کو مٹا کر سلجوقی آئے تھے، دیالمہ شیعہ، اور معتزلی العقیدہ تھے، اور عقل ونقل کی اس طرح تطبیق چاہتے تھے، کہ عقلی علوم کی تحقیقات اصل قرار پائے، اور نقلیات تاویل کرکے ان کے مطابق بنائے جائین، فارابی سے لیکر بوعلی سینا تک حکماے اسلام کا یہی دور ہے، فرقۂ باطنیہ کی اصل بنیاد اسی پر ہے؛ یعنی یہ کہ یونانی فلسفہ کے الٰہیات کو اصل قرار دے کر قرآن وشرع کو کسی نہ کسی تاویل سے اس کے مطابق کیا جائے، اُن کے نزدیک حکماے یونان اور انبیاء دونون برابر درجہ کے تھے، یہ حقیقت رسائل اخوان الصفا کے پڑھنے سے جو باطنیہ کی بہترین کتاب ہی، واضح ہو سکتی ہی، اور اب حکیم ناصر خسرو کی زاد المسافرین اور وجہ دین مطبوعہ کاویانی برلن کی اشاعت سے یہ راز طشت از بام ہوچکا ہے،

بہرحال دیالمہ کے زمانہ مین خیالات کی باطنیت عام طور سے جاری وساری تھی، اور اس کا

---

[1] دیکھو تاریخ کامل ابن اثیر حوادث ۴۵۶ھ جلد ۱۰ صفحہ ۲۱ بریل، وتاریخ الخلفاء سیوطی، واقعات ۴۵۵ھ وطبقات الشافعیہ سبکی ترجمۂ امام ابو الحسن الاشعری ج ۲ صفحہ ۲۷۰ وصفحہ ۲۷۱، سنہ کی تعیین قشیری کے فتوی کی تاریخ پر مبنی ہی، دیکھو طبقات مذکور ج ۲ صفحہ ۲۵۹،

مرکز دعوت، مصر کا فاطمی دار الخلافہ قاہرہ تھا جس نے اس کو سیاست کے آڑ میں مذہب بنا لیا تھا، ابو علی سینا نے خود اسی باطنی ماحول میں پرورش پائی تھی جیسا کہ اس نے اپنی خود نوشت سوانحعمری میں اقرار کیا ہے[1]، وہ فلسفہ میں حکیم ابو عبد اللہ ناتلی نام ایک باطنی کا شاگرد تھا، اپنے خاندان کی نسبت وہ خود کہتا ہے،

وكان ابي ممن اجاب داعي المصريين ويعد من الاسماعيلية وقد سمع منهم ذكر النفس والعقل على الوجه الذي يقولونه ويعرفونه هم وكذلك اخي وكانوا ربما تذاكروا بينهم وانا اسمعهم وادرك ما يقولونه ولا تقبله نفسي وابتدأوا يدعونني ايضا اليه ويجرون على السنتهم ذكر الفلسفة والهندسة وحساب الهند

اور میرا باپ اس گروہ میں تھا جس نے مصریوں کے داعی کی دعوت کو قبول کیا تھا، اور اسمعیلی گنا جاتا تھا اور ان سے اس نے نفس اور عقل کی بحث جس طرح وہ کرتے ہیں اور مانتے ہیں، سنی تھی، اور میرا بھائی بھی ایسا ہی تھا، یہ آپس میں اکثر اس قسم کی باتیں کرتے تھے، اور میں ان کو سنتا تھا، اور جو وہ کہتے تھے اس کو سمجھتا تھا، اور میرا دل اس کو قبول نہیں کرتا تھا، وہ مجھے بھی اس کی دعوت دیتے تھے، اور وہ اپنی زبان سے فلسفہ، ہندسہ

ابن ابی اصیبعہ ج ۲ ص ۲ مصر ۱۸۸۲ء

اس کا باپ رسائل اخوان الصفا کا ہمیشہ مطالعہ کیا کرتا تھا، اور وہ خود بھی ان کو پڑھا کرتا تھا[2]

[1] اس رسالہ کو ابن ابی اصیبعہ نے ابن سینا کے حال میں پورا شامل کر لیا ہے، دیکھو طبقات الاطباء ج ۲ ص ۲ مصر و تاریخ الحکماء قاضی اکرم قفطی ص ۲۶۹ مصر،

[2] درۃ الاخبار یعنی ترجمۂ اخبار الحکماء بیہقی ص ۳۵ لاہور،

یہ باطنیت فلسفۂ یونان کی صحت پر حد درجہ یقین ہو جانے کا نتیجہ تھی جس کا زور اس عہد مین کمال
کو پہنچ چکا تھا، ابو علی سینا گو عملاً باطنی اور اسماعیلی نہین تھا لیکن ایک معنی مین وہ عقیدۃً ضرور تھا، چنانچہ
حکیم ابو نصر فارابی (المتوفی ۳۳۹ھ) نے یونانی فلسفہ اور مذہبی عقائد مین جو تطبیق کا کام فصوص اور
اپنے دوسرے فلسفیانہ رسائل کے ذریعہ سے (یہ رسائل یورپ اور مصر مین چھپ چکے ہین) شروع
کیا تھا، بو علی سینا نے اپنی شفا اور اشارات مین اس کو تکمیل کو پہنچایا، اس تطبیق معقول و منقول کے
جو نتائج تھے، وہ وہی اسماعیلی باطنی عقاید تھے، چنانچہ ابن سینا نے اپنی کتابون مین یہ تکوین عقول
عشرہ، وحدۃ، وجوب، علۃ العلل، اور وحیٔ والہام ونبوت اور جزا و سزا کی نسبت جو فلسفہ گھڑ کر کھڑا کیا ہے
اس کو ارسطو کے فلسفۂ مشائیہ سے ایک ذرہ تعلق نہین ہے، وہ تمامتر باطنیہ کے خیالات کی صدائے
بازگشت ہے،

علامہ ابن تیمیہ نے اپنی تصنیفات مین اس حقیقت کو بار بار دہرایا ہے،

الغرض دیالمہ کی سلطنت مٹ کر جب سُنی سلجوقی ایران، عراق وخراسان پر چھا گئے، اور اشاعرہ نے
زور پکڑا، تو دیلمی سیاست وطاقت محض تحریکِ دعوت کے اندر چھپ کر رہ گئی، اور جگہ جگہ دیلمی ہوا خواہ
دعاۃ کی صورت مین از سرِ نو ایک سلطنت حاصل کرنے کی کوشش مین لگ گئے، اس تحریک کا ایک
سرا قاہرہ مین تھا، اور دوسرا خراسان و کوہستان مین، حکیم ناصر خسرو اور اس کے بعد ابن عطاش
دیلمی اور اس کا شاگرد حسن بن صباح سب اسی سلسلہ کی کڑیان ہین، اس عہد کے باطنی دُعاۃ
کے احوال پڑھو تو اکثر دیلمی اصل سے وابستہ ملین گے،[1] آخر ابن عطاش نے اصفہان مین اور حسن صباح

[1] عبد القاہر بغدادی المتوفی ۴۲۹ھ جو اسی عہد مین قریب قریب تھے انھون نے الفرق بین الفرق مین اشارات کئے ہین،

نے قزوین مین اپنی باطنی حکومت قائم کر لی،

ادھر علمار کا یہ حال تھا، کہ حنفی و شافعی اور اشعری و معتزلی کی جنگ برپا تھی، سلجوقی سلاطین حنفی تھے، مگر نظام الملک شافعی تھا، گو دوسرے فرقون کے مقابلہ مین یہ دونون ایک تھے، مگر آپس مین ایک دوسرے کے مخالف تھے، (اس کی تفصیل کے لیے نظام الملک، عمید الملک کندری اور اس عہد کے مشہور فتنہ کا حال امام ابوالحسن اشعری، امام الحرمین، ابوسہل بن موفق، ابوالقاسم قشیری، ابواسحاق شیرازی، ابواسحاق اسفرائنی اور محدث بیہقی کے حالات سبکی کے طبقات مین پڑھو)

پھر ایسی حالت مین کہ علماء و فقہاء کی عزت و حرمت، سلطانی دربارون مین تھی، انکی جاہ پرستی، حرص و طمع، رشک و حسد اور مناظرون کے افسانے امام غزالی کی احیاء العلوم کے باب المناظرہ مین دیکھو جو اس عہد کے چشم دید گواہ ہین، اور جس کی بنا پر وہ دربار و اہل دربار سے ہمیشہ کے لیے کنارہ کش ہو کر گوشہ نشین ہو گئے تھے،

یہ اس عہد مین اُس ملک کا، اور اس شہر کا ماحول تھا، جسمین عمر خیام نے ہوش کی آنکھین کھولین شہر نیشاپور مین جیسا کہ دکھایا گیا ہے اسوقت متعدد باقاعدہ درسگاہین، اور علما کی مجلسین قائم تھین، انھین کے آغوش مین خیام پلکر جوان ہوا، خصوصیت کیساتھ اگر وصایا کے مقدمہ کا اعتبار کیا جائے اور سنین اجازت دین، تو جمال الاسلام امام موفق المتوفی سنہ ۴۲۰ھ شافعی کی مجلس مین خیام نے

بقیہ حاشیہ صفحہ ۷۸) دیکھو اس کتاب کے صفحات ۲۷۷ و ۲۷۸، مطبع معارف مصر، و راحۃ الصدور راوندی ص ۱۵۶ اگب، اصفہان کا قلعہ دیلمیون ہی کے ذریعہ باطنیہ کو ملا، (دیکھو ابن اثیر و راحۃ الصدور ص ۱۵۶) مجد الدولہ دیلمی کو جب سنہ ۴۲۰ھ مین سلطان محمود نے گرفتار کیا، تو اس کے خاص ساتھیون مین باطنیہ کا بہت بڑا گروہ بھی پکڑ کر آیا، اور ان کو سولی دی گئی (ابن اثیر واقعات سنہ ۴۲۰ھ) نیز سیاست نامۂ نظام الملک فصل چہل و ہفتم "درخروج باطنیان"

مذہبی تعلیم حاصل کی، ورنہ اُن کے صاحبزادہ امام ابوسہل کی مجلس مین کی ہوگی جو اپنے زمانہ مین امام موفق ہی کی مجلس کی رونق رکھتی تھی، خصوصاً امام الحرمین اس عہد کے سب سے بڑے مدرس تھے، اُن کی درسگاہ اسی شہر مین قائم تھی، اور جن کے فیض تربیت سے امام غزالی جیسے شاگرد پیدا ہوئے،

عالی رومی نے ربیع المرسوم مین (شاید تاریخ استظہاری سے) یہ نقل کیا ہے، کہ خیام نے حکیم سنائی کے استاد مولانا شیخ محمد (بن) منصور سے پڑھا[1]، اور سترہ برس کی عمر مین اپنے ہمعصرون سے بڑھکر کمال حاصل کیا،

"پس از رشد و بلوغ حکیم فہیم حکمت فروغ بخدمت ناصر الملۃ والجمہور مولٰنا شیخ محمد منصور شتافتہ کہ آن ذات معمور استاد مولٰنا حکیم سنائی بود، و این بزرگوار مغفور بموارہ اقتباس آیت نور از مشکاۃ معارف منصوری نمودہ تا بحدیکہ در سن ہفدہ سالگی قصب السبق مہارت از مضمار حکمت و بلاغت در ربودہ ست"

حکیم سنائی المتوفی ۵۲۵ھ یا ۵۴۵ھ اور عمر خیام کی ہم استادی تو کسی طرح ممکن ہی[2]، مگر محمد منصور کی شاگردی بہت مشکوک ہے، محمد منصور سے غالباً مراد ابو المفاخر محمد بن منصور سرخسی قاضی القضاۃ خراسان ہین جنکی مدح مین سنائی نے نو بندون کا ایک قصیدہ کہا، اور جنکے نام سے مثنوی سیر العباد لکھی ہے مگر ان تمام مدائح مین سوائے طلب صلہ کے استادی و شاگردی کے تعلق کا کہین ذکر نہین، اوندی نے ان کا نام سلجوقی دربار کے تربیت یافتہ فضلاے دہر مین لیا ہے، (صفحہ ۳۴)

خیام کے اساتذہ ہیئت مین ایک نام نمایان نظر آتا ہے، اور وہ نام ابو الحسن الانباری یا الابیری کا ہے، ابو الحسن بیہقی، شہرزوری، اور محمد بن یوسف طبیب ہروی نے اس کی تصریح کی ہے، شہرزوری مین ہے

[1] ربیع المرسوم عالی نسخہ دار المصنفین صفحہ ۱۲۔ [2] افسوس ہے کہ سنائی کی تاریخ ولادت و وفات کے سنین مین بھی بہت اختلافات ہین،

ابو الحسن الانبیری کان حکیما	ابو الحسن انبیری فلسفی تھا، اور اس پر ہندسہ
والغالب علیہ الھندسۃ	(اور ہیئت کا علم) غالب تھا، خیام اس سے
(والھیئۃ) وکان الخیامی	حاصل کرتا تھا، اور وہ خیام کو مجسطی (یونانی
یستفید منہ وھو یقرء لہ	ہیئت کی سب سے بڑی کتاب)
المجسطی، (نسخۂ قلمی کتبخانۂ ندوہ)	پڑھاتا تھا،

ابو الحسن بیہقی کی کتاب کے فارسی ترجمہ درۃ الاخبار مین ہے،

"با وجود تبحر در علوم حکمی، ہندسہ بروے غالب بود، وحکیم فیلسوف عمر بن خیام ازوے استفادت می کرد، ومجسطی ازوے فراگرفت[1]"

لطیفہ:- ایک دن ابو الحسن انبیری خیام کو مجسطی پڑھا رہا تھا، ایک مولوی صاحب کا سامنے سے گذر ہوا، پوچھا، کیا پڑھاتے ہو، بولا قرآن پاک کی ایک آیت کی تفسیر پڑھا رہا ہون، پوچھا کس آیت کی، جواب دیا،

اَفَلَمْ یَنْظُرُوْٓا اِلَی السَّمَآءِ فَوْقَهُمْ كَیْفَ	کیا وہ اپنے اوپر آسمان کی طرف نہین دیکھتے
بَنَیْنٰهَا (ق - ۱)	کہ ہمنے اسکو کیسے بنایا،

کی تفسیر کر رہا ہون[2]،

یہ معلوم نہین کہ خیام نے فلسفہ کا درس کس سے لیا، شروع مین بتایا جاچکا ہے، کہ خیام

---

[1] درۃ الاخبار ولمعۃ الانوار مطبوعۂ اورینٹل کالج میگزین لاہور ص ۷۵،
[2] شہرزوری ترجمہ ابو الحسن الانبیری نسخۂ قلمی کتب خانۂ ندوۃ العلماء لکھنؤ، ودرۃ الاخبار ص ۷۵ وبحر الجواہر (لغت طب) تصنیف محمد بن یوسف طبیب ہروی، فصل الف،

نے اپنے رسالۂ کون و تکلیف مین ابو علی سینا کو اپنا استاد (معلّمی) کہا ہے، اگر واقعی استاد نہ ہو تو نا[1] وہ اُس کی تصنیفات سے بیحد عقیدت رکھتا تھا، رسالۂ کون و تکلیف مین وہ ابو علی سینا کو افضل المتاخّرین (پچھلے فلسفیون مین سب سے بہتر) کہتا ہے، اس کے ایجاد کردہ مسئلہ عقول عشرہ کا وہ[1] قائل تھا، انتہا یہ ہے کہ وہ اپنی زندگی کے آخر لمحہ مین بھی ابو علی سینا کی شفا کے مطالعہ مین مصروف تھا[2]

ابو علی سینا کے بہت سے تلامذہ اور شاگرد خیام کے زمانہ مین تھے، ممکن ہے اُن سے فلسفہ کا درس اُس نے لیا ہو، اور اسی لئے وہ ابو علی سینا کو اپنا استاد اور معلم کہتا ہو، ابو علی سینا کے شاگردون مین محمد بن عبد الرحیم نسوی نے ۴۷۳ھ مین خلق کائنات اور تکلیف خلق کی نسبت خیام سے سوالات پوچھے تھے، اور ان سوالات نے مناظرہ کی شکل اختیار کر لی تھی[3]

ابو البرکات بن ملکا بغدادی المتوفی ۵۴۷ھ اپنے زمانہ کا سب سے بڑا فلاسفر تھا، محمد بن ملک شاہ سلجوقی اور خلیفۂ مسترشد باللہ کے دربارون مین رہا تھا، اُس نے ''کتاب المعتبر[4]'' نام ایک کتاب

---

[1] رسالۂ کون و تکلیف (مجموعۂ جامع البدائع) مصر ص ۷، اور رسالۂ وجود مصنفہ خیام موجودہ برٹش میوزیم لائبریری
[2] بیہقی و درۃ الاخبار ص ۹۰ و شہرزوری [3] دیباچۂ رسالۂ کون و تکلیف، مصر، [4] قفطی تاریخ الحکما مین اس کتاب کی نسبت لکھتا ہے:-

کان فی وسط المأۃ السادسۃ.. صنف فیھا کتابا سماہ المعتبر اخلاہ من النوع الریاضی واتی فیہ بالمنطق والطبیعی والالٰھی فجاءت عبارتہ فصیحۃ ومقاصدہ فی ذلک طریق صحیحۃ وھو احسن کتاب صُنّف فی ھذا الشان فی ھذا الزمان

(ص ۲۲۳ لیپزگ و ص ۲۲۴ مصر)

وہ چھٹی صدی کے وسط مین تھا . . . . . اس مین اس نے ایک کتاب تصنیف کی، جسکا نام ''معتبر'' رکھا، جس مین ریاضی کی بحث نہین، صرف منطق، طبیعیات اور الٰہیات ہین، اس کی عبارت فصیح، اور اسکے مقاصد اس راستہ مین صحیح ہین، اور وہ اس علم مین اس زمانہ مین بہترین کتاب ہے،

ارسطو کے فلسفہ کی رد مین لکھی تھی، جس کے ضمن مین ابو علی بن سینا پر بھی اعتراضات اُس نے کئے تھے، یہ نہایت اہم کتاب سمجھی جاتی ہے، علامہ ابن تیمیہ المتوفی ۷۲۸ھ نے اپنی قابل قدر تالیف الرد علی المنطقیین مین اسکی بہت تعریف کی ہو (الرد علی المنطقیین کا اصلی نسخہ حیدرآباد مین ہے، اور اس کی نقلین پیر جھنڈا سندھ، ندوہ، اور دار المصنفین مین ہین)

شاہان دیلم کی بقیہ یادگارون مین سے ایک امیر عضد الدین[۱] علاء الدولہ فرامرز بن علی شہر یزد کا بادشاہ تھا، عالم و فاضل و فلسفی تھا، وہ ابو البرکات کا طرفدار[۲] تھا، خود بھی مصنف تھا، بہجۃ التوحید اس کی ایک تصنیف ہے، ۵۱۵ھ مین یہ زندہ تھا،

---

[۱] شہرزوری مین یہ نام "عضد الدین ملک یزد" ہے اور درۃ الاخبار، ترجمہ بیہقی مین یہ نام اس طرح ہے "الملک العالم العادل عضد الدنیا والدین علاء الدولہ فرامرز (بن) علی بن فرامرز ملک یزد" ان دونون کتابون مین عضد الدین علاؤ الدولہ فرامرز ثانی کا مدحیہ تذکرہ موجود ہی؛ ابن اثیر حوادث ۵۱۳ھ مین اس سلسلہ مین اسکا نام آیا ہو کہ اس نے ۵۱۵ھ مین مشہد مین ایک قلعہ تعمیر کیا تھا، (ابن اثیر ج ۱۰ ص۲۲۶ بریل)، اس موقع پر ابن اثیر نے اس کا نام "عضد الدین فرامرز بن علی" لکھا ہے،

آل سلجوق کی تاریخ زبدۃ النصرہ مین سلطان محمود بن محمد بن ملکشاہ سلجوقی (۵۱۱ھ – ۵۲۵ھ) کے دوستون مین بقیہ امرائے دیلم مین سے "عضد الدین علاء الدولہ ابو کالیجار گرشاسپ بن مؤید الدولہ علی بن شمس الملوک فرامرز بن علاء الدولہ" کا ذکر کیا ہی، جس سے سلطان ممدوح کے برادرانہ تعلقات تھے، (ص ۱۲۱ مصر)

اس سے یہ معلوم ہوتا ہی کہ ابو کالیجار گرشاسپ اور عضد الدین فرامرز ثانی مذکور دونون بھائی تھے، اور دونون نے ایک ہی موروثی لقب یکے بعد دیگرے پایا تھا، یا ناقلین نے ایک کر دیا ہے، یہ لوگ اصل مین امرائے اصفہان تھے، اور آل کاکویہ کہلاتے تھے، اور ملوک دیالمہ سے قرابت قریبہ رکھتے تھے، ابن اثیر نے ایک جگہ ان کا نسب یہ لکھا ہے "علاء الدولہ ابو کالیجار گرشاسب بن علی بن ابو جعفر فرامرز بن کاکویہ" اور لکھا ہی کہ انکے اسلاف اصفہان کے امیر تھے اور یہی فرامرز (اول) ہے جس نے اصفہان طغرل بک سلجوقی کو سپرد کیا تھا،

یہ لوگ علم دوست اور اہل علم کے قدرشناس تھے، ابو جعفر فرامرز اول والی اصفہان، ابو علی بن سینا (المتوفی ۴۲۸ھ) کا مربی تھا، اسکے بیٹے "علاء الدولہ امیر علی بن فرامرز" اول نے معزی شاعر کو ملکشاہ تک پہنچایا تھا، جس کا ذکر چہار مقالہ (ص ۴۱ گب) مین معزی کی زبان سے عروضی نے نقل کیا ہے، یہ علاء الدولہ علی ۴۸۸ھ مین جنگ مین مارا گیا تھا، (ابن اثیر ۴۸۸ھ ج ۱۰ ص ۱۱۲)

اسی علاء الدولہ علی کا لڑکا عضد الدین علاء الدولہ فرامرز ثانی ہے، جو خیام کا مناظر اور مخاطب ہے، اور جو بحوالۂ ابن اثیر ۵۱۵ھ مین موجود تھا، اور جو غالباً ۴۸۸ھ کے بعد اپنے باپ کا جانشین ہوا ہوگا، اسی کا بھائی ابو کالیجار گرشاسپ بن علی ہی، جو محمود سلجوقی (۵۱۱ھ – ۵۲۵ھ) کا معاصر ہے،

ان امراء کے آداب و القاب مین ہمارے ماخذون مین اختلاف ہے،

[۲] درۃ الاخبار مین اس موقع پر ترجمہ الٹا ہوگیا ہے، چنانچہ یہ عبارت ہوگئی ہے، "مگر بطرف ابو البرکات کہ فسادے در اعتقادش نسبت

ایک دن علاء الدولہ فرامرز نے خیام سے پوچھا کہ ابو البرکات نے ابو علی سینا پر جو اعتراضات کیے ہیں اُن کے متعلق تمھاری کیا رائے ہے، خیام نے چڑھ کر کہا کہ ابو البرکات نے ابن سینا کی بات نہیں سمجھی، اور اس کا یہ مرتبہ بھی نہیں کہ وہ اُس کو سمجھ سکے، پھر وہ اعتراض کیا کر سکتا ہے، علاء الدولہ نے برہم ہو کر کہا کیا ابو علی سینا سے بڑھکر کسی کا علم و فہم ہونا محال ہے؟ خیام نے کہا ہاں محال ہے، علاء الدولہ نے کہا لیکن دوسرے کی یہ رائے نہیں ہے، تم کہتے ہو کہ ابو البرکات کا یہ رتبہ نہیں کہ وہ ابو علی سینا کا کلام سمجھے، اور اس پر اعتراض کرے، لیکن میرا یہ غلام کہتا ہے کہ ابو البرکات کو ابن سینا کے کلام سمجھنے اور اس پر اعتراض کرنے اور اسکی تحقیقات پر مزید اضافہ کرنے کا پایہ حاصل ہے، ایسی بات کہو جس سے تمھارا یہ دعویٰ ایک غلام کے دعویٰ سے تو بہتر ہو، حکیم کا فرض ہے کہ وہ جو بات کہے، وہ دلیل و برہان سے کہے، محض سخن طرازی نہ ہو، خیام نے اس کے اس طعن و طنز کا کوئی جواب نہ دیا، (بیہقی، شہرزوری، درۃ الاخبار مطبوعہ لاہور ص۸۶)

اس حکایت سے اندازہ ہوگا کہ خیام، ابو علی سینا سے کس درجہ متاثر تھا، اس نے اپنے فلسفیانہ رسائل میں "فاضل المتاخرین" سے ابو علی سینا کو مراد لیا ہے، لیکن اس سے یہ نہ سمجھا جائے کہ اُس نے اس پر جائز نکتہ چینی نہیں کی ہے، چنانچہ آگے جیسا آئے گا

بقیہ حاشیہ صفحہ ۸۳) بااد بودے" (ص۸۶ لاہور) اس مطبوعہ نسخہ کے محشی نے بیہقی کے اصل متن عربی سے اس کی تصحیح کی ہے، کہ اصل میں یہ ہے دکان یذبُّ عن رای الحکیم، یعنی حکیم کی رائے پر اعتراضات کا جواب دیتا تھا، اور شہرزوری کے پیش نظر قلمی نسخہ میں ہے، یردعن رای ابی البرکات

اُس سے کہین کہین اختلاف بھی کیا ہے، مگر بہرحال خیام، ابوعلی سینا کے خیالات سے متاثر تھا، اوراس سے قیاس ہوتا ہے، کہ اس نے فلسفہ کا استفادہ ابوعلی سینا کے تلامذہ سے کیا تھا،

اس وقت غزنین مین غزنوی سلاطین اوربلخ وبخارا مین ایلک خانی بادشاہ تھے یہ دونون علم وفن کے قدردان تھے، ابوعلی سینا نے آل سامان کے دورمین جبکہ دارالحکومت بخارا تھا، اپنا فلسفہ پھیلایا تھا، اس لئے ہرات، بلخ، اوربخارا مین ابوعلی سینا کے تلامذہ موجود تھے ابوریحان بیرونی المتوفی سنہ ۴۴۰ھ کا آخری زمانہ غزنین مین گذرا، ادھر اصفہان وہمدان ورے مین بھی بوعلی سیناکے اثرات تھے، جہان اس نے وزارتین اورامارتین کی تھین، اورمختلف زمانون مین قیام کیا تھا،

ابوعلی سینا کے مشہور تلامذہ مین جو لوگ ایسے ہین جنسے خیام کی ملاقات ہوسکتی ہے، وہ حسب ذیل ذو بزرگوار ہین،

۱-حکیم ابومنصور حسین بن طاہر بن زیلہ اصفہانی المتوفی سنہ ۴۴۰ھ یا سنہ ۴۵۰ھ[1] اگر پہلی تاریخ وفات صحیح ہوتو خیام کا اس سے استفادہ کیا، ملاقات بھی ناممکن ہے، البتہ اگر دوسری تاریخ وفات درست ہے تواس نظریہ کی صحت کے لیے تاریخ مین گنجایش پیدا ہوسکتی ہے،

۲-بہمنیار آذربائجانی المتوفی سنہ ۴۵۸ھ،

---

[1] اس موقع کی عبارت توارخ حکماء مین مختلف ہے، تتمہ مین اُس کی وفات کا سال سنہ ۴۴۰ھ ہے، (یعنی ابوعلی سینا کے بارہ برس بعد) اوردرۃ الاخبار مین ابوعلی سینا (المتوفی سنہ ۴۲۸ھ) کے بائیس برس بعد لکھا ہے (یعنی سنہ ۴۵۰ھ مین) یہان پر درۃ الاخبار کے محشی سے ابومنصور کے بجائے بہمنیار کا نام غلطی سے لکھ گیا ہے، دیکھو کتاب مذکور ص ۱۷ حاشیہ ۲) اورشہرزوری مین ہے، ص ۴۲ "ابوعلی سینا کے بائیس برس بعد سنہ ۴۵۰ھ مین" لیکن یہ دونون باتین یعنی

خیام کا معاصر ابو العباس لوکری اسی بہمنیار کا شاگرد تھا، اور شہرزوری نے خیام اور ابو العباس لوکری کو باہم "قرین" کہا ہے، اس سے خیال ہوتا ہے کہ وہ بھی ممکن ہے کہ بہمنیار سے مستفید ہوا ہو، خصوصاً جبکہ سنین پوری طرح اجازت دیتے ہیں،

(بقیہ حاشیہ صہ ۸۵) بائیس برس بعد، اور سنہ ۴۴۰ھ ایک ساتھ درست نہیں ہو سکتیں، غالباً یہ سہو قلم ہے، بائیس برس اگر صحیح ہے تو سنہ ۴۵۰ھ ہونا چاہیے اور اگر بارہ برس صحیح ہے تو سنہ ۴۴۰ھ ہونا چاہیے، عبد الوہاب قزوینی نے حواشی چہار مقالہ میں (ص ۲۵۳) ابو منصور کی کتاب الکافی فی الموسیقی کے حوالہ سے اسکا نسب نامہ یوں نقل کیا ہے "ابو منصور حسین بن محمد بن عمر بن زیلہ"

فصل اوّل

تمام تذکرے اس پر متفق ہین کہ فلسفۂ و حکمت مین ابو علی سینا کے بعد اسی کا درجہ تھا،
بیہقی اور شہرزوری مین ہے،

وکان تِلو ابی علی فی اجزاء علوم	علوم حکمت کی مختلف قسمون مین ابو علی کے
الحکمۃ .... واما	بعد وہی تھا...... لیکن فلسفہ
اجزاء الحکمۃ من الریاضیات	ریاضیات اور معقولات تو وہ ان مین
والمعقولات فکان ابن بجدتھا	یگانہ تھا،

قفطی نے (جس کی عبارت میرے خیال مین بعینہٖ عماد کاتب کی نقل ہی، جو خیام سے
بہت قریب العہد تھا) باوجود خیام سے بدظن ہونے کے بالآخر یہ لکھا ہی:-

امام خراسان وعلامۃ الزمان	پیشواے خراسان اور علامۂ زمان....
.... وکان عدیم	.... علم نجوم اور
القرین فی علم النجوم والحکمۃ وبہ	فلسفہ مین خیام کا کوئی ہمسر نہ تھا، ان علوم
یضرب المثل فی ہذہ الانواع لو	مین اسکی مثال دیجاتی ہے، کاش اگروہ غلطی

رزق العصمۃ، سے محفوظ بھی رہ سکتا،

شہرزوری میں ہے،

اذا عُدّ حکماء خراسان فھو	اور جب حکماے خراسان کا شمار کیا جاوے
ازخرھم بحرًا، وارفعھم قدرًا،	تو خیام ان میں بحر زخار اور سب سے بلند مرتبہ
واطولھم فی الرّیاضیات باعًا،	اور ریاضیات میں سب سے بڑا، اور
وامدّھم فی القیاسات الحسابیۃ	حسابیات میں سب سے بڑھ کر ہی،

انفاسًا، (ص۲۶ نسخہ ندوۃ)

فردوس التواریخ میں مولنا ابرقوہی (۸۰۸ھ) کہتے ہیں،

"خیام وھو عمر بن ابراہیم خیام ××× در اکثر علوم، خاصہ در علم نجوم سرآمدہ زمانِ خود بود"

(المظفریہ ص ۳۳۵)

مشہور شاعر وحکیم وفلسفی خاقانی شروانی المتوفی ۵۹۵ھ اپنے حکیم و ہندس و فلسفی و ریاضی دان چچا کافی الدین عمر بن عثمان کی تعریف میں اسکو علم و فضل میں عمر خیام کا مثیل قرار دیتا ہے[۱]،

زان عقل بدو گفتہ کہ اے عمرِ عثمان،

ہم عُمرِ خیامی و ہم عمرِ خطاب رضؓ

اس سے اندازہ ہوگا کہ خیام کی وفات کے پچاس ساٹھ برس بعد تک اس کے فضل و کمال کی شہرت زندہ، اور ضرب المثل کی حیثیت رکھتی تھی،

---

[۱] تعجب ہے کہ نزہۃ الارواح (تاریخ الحکما) شہرزوری کے یہ فقرے ژوکوفسکی کے اقتباس میں نہیں ہیں ص۵۲ کلیاتِ خاقانی، مطبوعہ نولکشور،

خیام کی یہ کیسی بدبختی ہے کہ وہ مشرق مین تمام علوم حکمت مین سے سب سے زیادہ نجوم کا ماہر مانا گیا، اور مغرب مین وہ صرف ایک بادہ پرست شاعر ہوکر رہگیا، حالانکہ یہ دونون چیزین اس کے اصلی مرتبہ سے فروتر ہین، انتہا یہ ہے کہ عروضی سمرقندی جو اس کو اپنا استاد بھی کہتا ہے، وہ اس کو اپنی کتاب چہار مقالہ مین تین جگہ یاد کرتا ہے، اور ہر جگہ اسی منجم کی حیثیت سے، حالانکہ وہ خود لکھتا ہے، کہ امام عمر خیام کو علم نجوم سے ذرا بھی عقیدت نہ تھی، اور وہ اس کو بالکل لغو فن سمجھتا تھا، چنانچہ کہتا ہے:

"اگرچہ حکم حجۃ الحق عمر بدیدم، اما ندیدم او را در احکام نجوم ہیچ اعتقادے" (چہار مقالہ ص ۶۳ گب)

مگر اس کے باوجود اس نے اس کے منجمانہ ہی کمالات کی دو تین مثالین لکھی ہین کہ ۵۰۸ھ کے جاڑون مین سلطان (محمد بن ملک شاہ) نے عمر خیام کو کہلا بھیجا کہ ہمارے شکار کے لیے ایسا دن مقرر کرو کہ دو تین روز برف و باران نہ ہو، خیام نے دیکھ بھال کر ایسا دن مقرر کیا، اور خود ساعت دیکھکر سلطان کو سوار کیا، ابھی وہ سوار ہی ہوا تھا، کہ زور سے آواز ہوئی، اور ابر چھا گیا، برف و باران کا سامان نظر آیا، لوگ ہنسنے لگے، خیام نے بادشاہ سے کہا، حضور مطمئن رہین، مطلع ابھی صاف ہوا جاتا ہے، چنانچہ ایسا ہی ہوا، اور چار پانچ روز تک مطلق ابر و باد نہ ہوا، (چہار مقالہ، ص ۶۳، گب)

خیام کے احکام نجومی کی ایسی شہرت تھی، کہ لوگ اس کی مثالین دیتے تھے، سلطان محمد بن ملک شاہ جس وقت سیف الدولہ صدقہ امیر عرب (عراق) سے ۵۰۱ھ مین لڑنے کیلئے[1]

---

[1] واقعۂ جنگ کی تفصیل اور سیف الدولہ امیر صدقہ کے حالات کیلئے دیکھو ابن اثیر جلد عاشر حوادث ۵۰۱ھ

جانا چاہتا تھا، درباری منجم اس وقت کو حصول مقصد کے لیے مناسب نہین سمجھتے تھے اور اس لیے ساعت کی تعیین کی ہمت نہین کرتے تھے لیکن ایک بنے ہوئے جاہل غزنوی منجم نے ساعت مقرر کی، سلطان اُس وقت گیا اور کامیاب ہوا اور وہ غزنوی منجم انعام و اکرام سے مالا مال کیا گیا، ساتھ ہی درباری منجمون پر بادشاہ نہایت خفا ہوا کہ وہ اتنی طرح ایک معمولی سا مسئلہ حل نہ کر سکے، سب نے مل کر عرض کی کہ اس غزنوی نے اصول نجوم کے تمامتر برخلاف ساعت مقرر کی، اگر سلطان کو یقین نہ آئے تو

"بنویسند بخراسان فرستند تا خواجہ امام عمر خیامی چہ گوید"[1]

طب مین بھی اس کا پایہ بلند تھا،

"در طب دستے عظیم داشت وابن یحیدۂ آن بو دسے [illegible] ازان کردے"[2]

بیہقی سے معلوم ہوتا ہے، کہ ملک شاہ کے دربار کا وہ طبیب بھی تھا، چنانچہ ملک شاہ کا لڑکا سنجر جو ۴۷۱ھ مین پیدا ہوا تھا اُس کو بچپن مین چیچک نکل آئی تھی، اس کا علاج اس نے کیا تھا، گو خود حکیم خیام کو اس کے بچنے کی امید نہ تھی، مگر وہ اچھا ہو گیا[3]، اور جیا، اور سب بھائیون سے زیادہ حکومت کی،

معلوم ہوتا ہے کہ خیام کا ابتدائی تعلق امراء و سلاطین سے اسی طب کے ذریعہ سے ہوا ہے، کیونکہ وہ اپنی ابتدائی تصنیف "جبر و مقابلہ" کے دیباچہ مین اس پر افسوس کرتا ہے، کہ ذلیل بدنی اغراض کے علاوہ لوگ علم و فن کے قدردان نہین[4]، ان "بدنی اغراض" سے علم طب کے

---

[1] چہار مقالہ ص ۶۵ گب، [2] درۃ الاخبار، لاہور ص ۹ [3] بیہقی و شہرزوری [4] مقدمہ جبر و مقابلہ خیام ص ۲ پیرس،

سوا اور کیا مراد ہو سکتا ہے،

عقلیات کے علاوہ علوم نقلی مین بھی اس کا پایہ بلند تھا، بیہقی اور شہرزوری مین ہے،

وکان عالماً باللغۃ والفقہ والتواریخ — وہ لغت، فقہ اور تاریخ کا عالم تھا،

قرأت ایک ایسا علم ہے، جس سے خاص ہی خاص لوگون کو دلچسپی ہو سکتی ہے، اور یہ قیاس مین بھی نہین آسکتا کہ ایک خشک ریاضی دان اور فلسفی کو اس سے کیا تعلق ہو سکتا ہے، تاہم وہ اس مین بھی ید طولیٰ رکھتا تھا،

خواجہ نظام الملک کا بھتیجا عبد الرزاق[1] ایک ملا صفت فقیہ تھا، گو وزارت پانے کے بعد کہتے ہین، کہ "تر دامن" رہتا تھا، مگر بہرحال اسکی مجلس علمائے نقل و روایت سے آراستہ رہتی تھی، شہاب الاسلام اس کا لقب تھا، ۵۱۱ھ سے ۵۱۵ھ تک وہ سلطان سنجر سلجوقی کا وزیر رہا، اور ۵۱۵ھ مین مرا، اسکی مجلس مین ایک دن کسی آیت کے اختلاف قرأت کی بحث چھڑی ہوئی تھی، وہ اور امام القرا ابو الحسن غزال[2] دونون گفتگو کر رہے تھے، اتنے مین حکیم خیام آپڑا، دونون نے کہا کہ واقف کار آگیا، "علی الخبیر سقطنا" مسئلہ اسکے سامنے پیش ہوا، خیام نے قاریون کے اختلافات کو اور ہر ایک کی علت کو بیان کیا، اور قرأت شواذ یعنی قرآن پاک

---

[1] عبد الرزاق کا مختصر حال زبدۃ النصرہ للبنداری ص ۲۴۴ مصر، ابن اثیر حوادث ۵۱۵ھ ج ۱۰ ص ۱۹۴، نیز ضمیمۂ سیاست نامہ موسیو شیفر ص ۴۳ مین بحوالہ حبیب السیر مذکور ہے،

[2] ابو الحسن (علی بن احمد بن محمد) غزال نیشاپوری کا مختصر حال اس کے معاصر عبد الغافر نے سیاق مین لکھا ہے جسکو یاقوت نے اپنی معجم الادبار (جلد ۵ صفحہ ۱۰۴) مین حرف بحرف نقل کیا ہے، یہ اپنے وقت کا مشہور نحوی اور قاری تھا، زہد و تصوف مین بھی ممتاز تھا، امرا کے دربارون مین کم جاتا تھا، نحو و قرأت مین اس کی مفید تصنیفات ہین شعبان [illegible]

کی آیتون کی غیر معروف قرائتین اور اُن کی علتین ذکر کین، اور پھر اُن تمام مختلف پہلوؤن مین سے ایک کو ترجیح دی، قاری ابوالحسن غزال اس کی ان قاریانہ تحقیقات کو سنکر دنگ رہگئے اور فرمایا "خدا علما مین تمھارے جیسا اور پیدا کرے، مجھے قاریون کی نسبت بھی یہ گمان نہ تھا کہ ان مین سے کوئی اتنے معلومات رکھتا ہوگا چہ جائیکہ حکما سے یہ امید رکھنا"[1]

تفسیر اس کے دائرہ کی چیز نہ تھی، مگر شہرزوری نے قاضی عبدالرشید بن نصر کے حوالہ سے لکھا ہے، کہ مرو کے حمام مین اتفاقاً ایک دفعہ خیام سے اس کی ملاقات ہوئی، تو اس نے اس سے معوذتین (سورۂ ناس اور سورۂ فلق) کا مطلب پوچھا، اور سورۂ ناس مین بعض الفاظ کی تکرار کی وجہ دریافت کی، اس نے وہین اپنے معلومات کا دریا بہانا شروع کر دیا، قاضی صاحب کا بیان ہے کہ اس نے اس تفصیل سے ان سورتون کی تفسیر بیان کی کہ اس کی وہ تقریر اگر قلم بند کرلیجاتی تو ایک کتاب ہوجاتی، اس کے بعد کہتا ہے،

مع انه لم یمتط غارب فنا	حالانکہ یہ فن وہ ہے کہ خیام اسکی پشت پر سوار
ظنك بعلم قد اتعب نفسه	نہین ہوا، تو اس علم کی نسبت قیاس کرو
فیه، (شہرزوری ص ۲۶)	جسکی طلب و تکمیل مین اُس نے اپنی جان کو کھپا دی ہے

یونانی زبان کا جاننا بے ثبوت ہے،

اردو کے ایک لائق مصنف[3] نے اخبار العلما باخبار الحکما قفطی کے حوالہ سے لکھا ہے کہ خیام یونانی زبان جانتا تھا، یہ صریح غلط فہمی ہے

---

[1] بیہقی و شہرزوری [2] تعجب ہے کہ زدکوودسکی کے اقتباس مین یہ واقعہ بھی متروک ہے، شاید اس کا نسخہ ناقص ہوگا، [3] نظام الملک طوسی ص ۹۸ [4] نامی پریس کانپور،

قفطی کی عبارت یہ ہے، "یُعَلِّم علمَ یونان" (وہ یونان کا علم سکھاتا تھا) اور اگر یعلمُ کو مزید ن کے بجائے مجرّد یعنی یَعلَمُ پڑھو تو معنی یہ ہونگے، کہ "خیام یونان کا علم جانتا ہے"۔ بہرحال "علمِ یونان" سے مقصود یونان کا فلسفہ ہے، نہ کہ "یونان کی زبان"

ریاضیاتِ ہند سے واقفیت | گو کسی تذکرہ نگار نے نہین لکھا، مگر اس کے جبر و مقابلہ کے ایک فقرہ سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس کو ہندی ریاضیات سے بھی واقفیت تھی، وہ کہتا ہے کہ "اہل ہند کو چند ایسے طریقے معمولی استقرار سے معلوم ہوئے ہین، جیسے مربع اور مکعب کا ضلع آسانی سے نکال لیتے ہین"، پھر کہتا ہے کہ مین نے ان طریقون کی صحت پر ایک کتاب لکھی ہے[1]،

ادب و انشاء | آخری چیز اس کی ادب و شاعری ہے، اس کے تمام رسائل عربی مین ہین، اس وقت تک متاخرین کی طرح فلسفی مصنفین نے چیستان نویسی کو اپنا کمال نہین سمجھا تھا، اسلئے کی نثر مین ایک حد تک زور ہے، رسالہ جبر و مقابلہ کے دیباچہ سے بھی اس کے زورِ انشا کا اظہار ہوتا ہے،

اس کے عربی ادب کے ذوق کا اظہار اس سے ہوتا ہے کہ ابوالحسن بیہقی اپنے باپ کے ساتھ ۵۰۷ھ (یا ۵۰۸ھ) مین اس کے پاس گیا تھا، تو اس سے امتحاناً ریاضیات کے چند سوالون کے بعد حماسہ کے ایک شعر کا مطلب دریافت کیا تھا، صحیح جواب سنکر اس نے کہا[2] ع

شِنشِنۃٌ اعرِفُھا من اخزم

یہ ایک قسم کی عربی کی ضرب المثل ہے، جسکا مطلب یہ ہے کہ باپ ہی کے فضل و

[1] رسالہ جبر و مقابلۂ خیام مطبوعہ پیرس صفحہ ۹، [2] بیہقی و شہرزوری، و فردوس التواریخ،

کمال کو جان کر بیٹے کی لیاقت ظاہر ہے، الولد سر لابیہ،

شاعری | عربی و فارسی دونون زبانون مین شاعری کرتا تھا، اُسکی فارسی کا کیا کہنا، مگر اُس کی عربی شاعری کی زبان اس کے رتبہ سے فروتر ہے، ایسا معلوم ہوتا ہے کہ کسی ایرانی کو عربی کپڑے پہنا کر عرب بنانے کی کوشش کیگئی ہے،

عماد اصفہانی نے اپنی خریدۃ القصر مین ادیب و شاعر ہی ہونے کی حیثیت سے اس کو جگہ دی ہے، اس کتاب مین عماد نے ان ادیبون اور شاعرون کے تذکرے لکھے ہین جو ۵۰۰ھ کے بعد سے ۵۹۵ھ تک مرے ہین، انھین مین ایک خیام ہے چنانچہ عماد نے جیسا کہ قفطی مین ہے، اسکی نسبت لکھا ہے، "ولہ شعر طائر" یعنی اُس کے اشعار کو پرپرواز حاصل تھا،

حافظہ | اُس کا حافظہ ایسا قوی تھا کہ اس نے اصفہان مین ایک دفعہ ایک کتاب سات دفعہ بغور پڑھی تھی، اور یاد کر لی، اور نیشاپور آکر لکھوا دی، اور جب اصل سے مقابلہ کیا گیا تو کچھ بڑا فرق نہ نکلا[1]،

---

[1] شہرزوری صفحہ ۲۶ و بیہقی،

خیّام ابوطاہر کی تربیت میں

خیّام نے تحصیل کمال کے بعد، درس و تدریس کے بجاے، غالباً تحریر و تصنیف کا کام اپنے لیے پسند کیا، اُس کا دماغ زیادہ تر ریاضیات کے لیے موزون تھا، اور ریاضیات میں بھی مساحت، جبر و مقابلہ، اور اقلیدس کیطرف اُس کا میلان تھا، چنانچہ اس نے ان میں سے ہر بحث پر ایک مختصر رسالہ لکھا ہے، جسمین اس فن کے مشکلات کو حل کیا اور مسائل کی نئی نئی صورتین نکالین، اور ان کو ثابت کیا ہے،

اس کی کتاب جبر و مقابلہ میری تحقیق مین اس کی ابتدائی تصنیفات مین ہے، اس مین اس نے جبر و مقابلہ سے بھی پہلے اپنی ایک کتاب "البرهان علی استخراج اضلاع المربعات والمکعبات" کا حوالہ دیا ہے (ص ۹ پیرس) اس سے معلوم ہوا کہ رسالہ جبر و مقابلہ سے بھی پہلے اس نے اپنا یہ رسالہ لکھا تھا، جس کی نسبت وہ دعوی کرتا ہے کہ اس مین ایسے قواعد دریافت کئے گئے ہین، جو ہنوز دریافت نہین ہوئے تھے، معلوم ہوتا ہے کہ اس کی اس کتاب کی کوئی قدر نہین ہوئی، یہی سبب ہے کہ وہ اپنی دوسری تالیف جبر و مقابلہ کے دیباچہ مین زمانہ کی ناقدردانی اور کس مپرسی کی شکایت کرتا ہے، اور لکھتا ہے کہ

نجوم و طب کے علاوہ کسی عقلی علم و فن کی قدر اس زمانہ مین نہین،

خیام اس کتاب کے مقدمہ مین لکھتا ہے،

ولم اتمكن من التجرد لتحصيل هذا الجبر والمواظبة على الفكر فيه لاعتراض ما كان يعوقني عنه من صروف الزمان، فانا قد منينا بانقراض اهل العلم الا عصابة قليلة العدد كثيرة المحن فهمهم افتراص (اعتراض) غفلات الزمان ليتفرغوا في اثنائها الى تحقيق واتقان علم، واكثر المتشبهين بالحكماء في زماننا هذا يلبسون الحق بالباطل، ولا يتجاوزون حد التدليس والترائي بالمعرفة ولا ينفقون القدر الذي يعرفون من العلوم الا في اغراض بدنية خسيسة (ص ۲۴۳)

اور مین اس فن کی تحقیق اور اس مین مسلسل غور و فکر کا وقت ایک مدت تک اس لیے نہ پا سکا، کہ زمانہ کی گردشین مجھے اس سے روکے تھین، اور اہل علم کے مٹ جانے کی مصیبت مین ہم مبتلا تھے، کچھ تھوڑے اہل علم جو باقی ہین، وہ زیادہ تکلیف مین گرفتار ہین اس لیے زمانہ کی غفلتون کے سبب وہ تحقیق کا وقت نہین نکال سکے، اور آجکل حکما، کے جو نقال لوگ موجود ہین، وہ حق کو باطل کیساتھ ملا دیتے ہین، اور فریب اور علم کی نمایش کی حد سے آگے نہین بڑھے ہین اور جس قدر ان کو معلوم بھی ہے، اس کی بھی مانگ نہین ہے، لیکن چند بدنی پست اغراض کے لیے،

اس سے عیان ہے، کہ یہ کتاب اُس عہد کے درمیان لکھی گئی، جب وہ ہنوز کوئی اپنا مربی و سرپرست نہ پا سکا تھا، اور سلجوقیون نے علوم عقلیہ کے واقفکارون کی سرپرستی نہین شروع کی تھی، کیا یہ الفاظ اُس قلم سے نکل سکتے تھے جو وصایا اور سرگذشت کی داستان کے مطابق نجوم وہیئت کی طلب و تعلیم سے پہلے ہی بارہ سو اشرفی کا سالانہ وظیفہ نظام الملک کی طرف سے نیشاپور مین پاتا ہو،

جن بدنی اغراض کے علوم کی طرف اُس نے اشارہ کیا ہے کہ اُن کی کچھ قدر ہے، وہ علم طب اور نجوم ہین، سلاطین بیماری وصحت کے لیے طبیب اور صلح وجنگ اور آمد و رفت کی تاریخ سعید کی تعیین کے لیے منجم اپنے دربارون مین رکھتے تھے۔

اس کے بعد وہ کسی قاضی القضاۃ ابوطاہر کا ذکر کرتا ہے،

ولما منّ الله تعالیٰ علیّ بالانقطاع الی	اور جب خدا نے مجھپر مہربانی فرما کر مجھکو اپنے
جناب سیدنا الاجل الاوحد	بزرگ و یکتا قاضی القضاۃ امام ابوطاہر (خدا
قاضی القضاۃ الامام السید ابی	ان کی بلندی کو قائم رکھے اور ان کے حاسدون
طاھر ادام الله علاءہ وکبت	اور دشمنون کو نگونسار کرے) کے پاس ہمہ
حسدتہ واعداءہ بعد الیاس	وقت رہنے کا موقع عنایت کیا، جبکہ انکے مانند
من مشاھدۃ کامل مثلہ فی کل	کسی ایسے کے جو ہر علمی وعملی فضیلت مین
فضیلۃ علمیۃ ونظریۃ وجمع	کامل اور علوم مین ماہر اور اعمال مین بہتر
بین انفاذ فی العلوم وتثبت	اور اپنے ابنائے جنس مین سے ہر ایک کی

وفی الاعمال وطلب الخیر لکل واجد	خیر خواہی مین مستعد ہو پانے سے مایوسی ہو چکی
من ذوی جنسہ، فانشرح بمشاهدته	تھی، تو انکی ملاقات سے میرا دل کھل گیا، اور
صدری وارتفع بمصاحبته	انکی صحبت سے میری شہرت بلند ہو گئی اور
ذکری، وعظم بالاقتباس من انواره	انکے نور سے استفادہ کرنے سے میری حیثیت
امری، واشتد بآلائه ونعمه	بڑھ گئی، اور انکے احسانات و انعامات سے
ازری، فلم اجد بدًّا من ان انحو	میری پیٹھ مضبوط ہو گئی، تو پھر مجھے اسکی
نحو تلافی ما فوتنیه ریب الزمان	تلافی سے جس سے حوادث زمانہ نے اب تک
من تلخیص ما اتحققه من لباب	محروم رکھا تھا یعنی مسائل حکمت کی تحقیق، اب
المعانی الحکمیة تقربًا الی المجلس	کوئی چارہ نہین رہا، یہ اس لیے تاکہ اسکے ذریعہ
الرفیع، (ص۳)	ان کی بلند مجلس کی قربت حاصل ہو،

کیا یہ عبارت الپ ارسلان و ملک شاہ و نظام الملک کے وظیفہ خوار کے قلم سے نکل سکتی ہے، اور ابو طاہر نام کسی گمنام کا نام ان سلاطین اور نامور وزرا سے سلجوق کی جگہ جگہ پا سکتا تھا، اس سے ظاہر ہے کہ اسکی یہ کتاب سلجوقی دربار مین آنے سے پہلے کی تصنیف ہے، اور وہ اس وقت ابو طاہر نام کسی قاضی القضاۃ کی تربیت مین تھا،

ابو طاہر کون ہین؟ ان خوش قسمت قاضی القضاۃ ابو طاہر کی تلاش و جستجو مین ہم نے تاریخ و رجال کی تمام متداول کتابین چھان ڈالین، مگر اس عہد مین ایسا ابو طاہر جو ۴۴۸ھ (خیام کے سال پیدائش) اور ۴۶۷ھ (سلجوقی رصدخانہ مین آنے) کے درمیان نمایان ہوا اور علم و فضل کیسا تھ

انعام واکرام اور عطا و بخشش کی بھی اہلیت رکھتا ہو، نہین ملا، وفیاتِ ابن خلکان، فوات الوفیات ابن شاکر کبتی، انسابِ سمعانی، معجم الادبار یاقوت، طبقات الشافعیۃ سبکی، طبقات الحنفیہ ابن قطلوبغا، تاریخ زبدۃ النصر، راحۃ الصدور، تاریخ ابن اثیر سب کچھ دیکھا، اور پڑھا، مگر مقصود کا پتہ نہ لگا، مگر اتفاق سے ابن اثیر کے ایک گوشہ مین ایک ممتاز سمرقندی ابو طاہر کا پتہ چلتا ہے، اور سبکی مین بھی وہ نام ملتا ہے اور وہ دولتمند، صاحب جاہ، اور صاحب علم بھی نظر آتے ہین، اور اُن کا تعلق ایلک خانی شمس الملک خاقانِ سمرقند و بخارا کے دربار سے بھی معلوم ہوتا ہے، اور بعد کو سلجوقی سلاطین سے بھی اُن کے تعلقات قائم ہوتے ہین،

اس نشان کے بعد یقین سا ہوتا ہے، کہ خیام کا یہ خوش قسمت ممدوح یہی ابو طاہر ہوگا خیام کی مذکورۂ بالا عبارت سے عیان ہے کہ اس وقت تک وہ سلاطین کے دربارون تک نہین پہنچا تھا، یقین قاضی ابو طاہر کے ذریعہ اس کا نام چمکا، اور اسکی شہرت کا آغاز ہوا، یہ خیال میرے اس نظریہ کے بالکل مطابق ہوجاتا ہے، کہ ۴۶۷ھ یعنی رصدخانۂ ملک شاہی کے تعلق سے پہلے وہ ترکستان مین تھا، اور وہین سے اس کی شہرت کا آفتاب طلوع ہوا، اور اسی مغالطہ کے سبب سے غالبًا بعضون نے اس کو ترکستان کے شہرون سے نسبت دی ہے، اور بلخ وغیرہ کا باشندہ بتایا ہے، بہرحال ترکستان مین وہ پہلے ابو طاہر سے روشناس ہوا، اور شاید ابو طاہر ہی کے ذریعہ سے شمس الملک خاقانِ بخارا تک پہنچا، اور یہی وہ زمانہ ہے، جب شمس الملک اپنی قدرشناسی سے خیام کو اپنے تخت پر بٹھاتا تھا، جیساکہ آگے آئے گا،

ابو طاہر کے نام سے اس عہد مین ابو طاہر خاتونی (ملک شاہ سلجوقی کی بیگم ترکان خاتون

کا کارپرداز) اور ابو طاہر قسمی المتوفی (۵۱۶ھ) وزیر سلطان سنجر کے نام ملتے ہین، مگر ان مین سے کوئی قاضی القضاۃ کی حیثیت نہین رکھتا تھا، علاوہ ازین پہلے نام کی نسبت یہ ہے کہ جب خیام خود ملک شاہ کے دربار سے وابستہ تھا، تو ترکان خاتون کے ایک کارپرداز کو یہ عزت کیون دیتا، اور آخری نام بہت متاخر ہے، دوسرے وہ سلطان سنجر کا وزیر تھا، اور معلوم ہی سنجر سے خیام کو لطف نہ تھا، اور یہ ابو طاہر قسمی چند ماہ سے زیادہ وزیر بھی نہ رہا، اور سب سے بڑھ کر یہ کہ یہ اواخر کا زمانہ خیام کے انحطاطِ قوی، عدمِ جوش، اور لاادریت کا تھا، جو رسالۂ جبر کے جذبات کے سرسر خلاف ہے، جسمین قدم قدم پر اس کے جوشِ شباب، شوقِ تحقیق، اور نوجوانی کی امنگون کا نظارہ نمایان ہوتا ہے، اور پھر یہ دونون ابو طاہر ایسے لائق و فائق و قدردان بھی نہ تھے کہ ایسی اہم کتاب اُن کی ایسی بلند علمی تعریفون کے ساتھ اُن کی طرف منسوب کیجا سکی، اس لئے لازماً یہ تسلیم کرنا پڑے گا کہ خیام کی یہ کتاب سلجوقی سلاطین و وزراء کے تعلق سے پہلے کی ہے،

ابو طاہر ساری سمرقندی ظنِ غالب ہی کہ قاضی القضاۃ ابو طاہر سے خیام کی مراد امام ابو طاہر ساری سمرقندی شافعی سے ہے، یہ اصل مین مازندران کے ایک مقام ساریہ (دیکھو انساب سمعانی) کے رہنے والے تھے، مگر ولادت اصفہان مین ہوئی، اور پرورش، نشو و نما، تعلیم و تربیت سمرقند

لہ جرمن مستشرق روزن نے اپنے دیباچۂ رباعیات خیام مطبوعۂ برلن صفحہ ۴ مین یہ فرض کیا ہے کہ خیام نے یہ کتاب ملک شاہ کی وفات اور زیج کی بربادی (؟) کے بعد لکھی ہی، "گویا رسالہ جبر و مقابلہ خود درد اور انہین اوقات پژمردگی تالیف کردہ" لیکن یہ فرض بہت سے مشکلات کا باعث ہے، جن مین سے سب سے اہم یہ ہے کہ اس وقت یہ قاضی ابو طاہر کون ہو سکتا ہے جس کے نام سلطان سلجوقی اور وزرائے عہد کی موجودگی و تعلقات کے باوجود ایسی اہم کتاب موسوم کی جا سکی، اس لیے یہ کتاب اس پژمردگی کے عہد مین نہین لکھی گئی ہے جو خاتمۂ عمر مین ہوتی ہے، بلکہ اس پژمردگی کی حالت مین لکھی گئی ہی جو اوائلِ عمر مین کسی مناسب ماحول کی تلاش مین پیش آتی ہی،

مین پائی تھی، اور وہان کے رئیس شافعیہ ہوگئے تھے. فقہ وحدیث کے عالم تھے، (سبکی) اور دولتمند بھی تھے، (ابن اثیر) عبدالرحمن بن احمد نام تھا، تاریخ ولادت ۴۳۰ھ کے بعد اور وفات کا سال ۴۸۴ھ ہے، سبکی مین ہے،

عبد الرحمن بن احمد بن علك	عبدالرحمن بن احمد بن علک ابوطاہر ساری
ابو طاهر الساری احد الائمة	اامون مین سے ایک اصفہان مین
ولد باصفهان بعد الثلاثين	۴۳۰ھ کے بعد پیدا ہوے، اور سمرقند
واربع ماية وحمل الى سمرقند	لیجائے گئے، وہین تعلیم پائی،..
تفقه بها...... (شیوخ کے نام	....
مین) توفی سنة اربع وثمانين	.... ۴۸۴ھ مین بغداد

واربعمأية ببغداد، (طبقات الشافعیہ ج ۳ ص ۲۲) مین وفات پائی،

صاحب علم ہونے کے ساتھ، یہ سمرقند کے بڑے صاحب ثروت لوگون مین تھے، سمرقند مین شمس الملک کے تخت پر اب احمد خان[1] تھا، اس کے چال چلن سے اہل ملک خوش نہ تھے چنانچہ ۴۸۲ھ مین یہی ابوطاہر سمرقند سے تجارت اور حج کا بہانہ کرکے نکلے، اور ملک شاہ کے پاس آکر اہل ملک کی طرف سے فریادخواہ ہوئے، اور اس کو سمرقند کے لینے پر آمادہ کیا، ابن اثیر مین ہے،

وحضر الفقيه ابو طاهر بن علك	فقیہ ابوطاہر بن علک شافعی شکایت

---

[1] ان سلاطین کا تذکرہ آگے آتا ہے،

الشافعی عند السلطان شاکیاً وکان یخاف من احمد خان لکثرة ماله..... فاجتمع بالسلطان وشکی الیه واطمعه فی البلاد، (ج۱۰ ص۱۱۳ سنہ ۴۸۲ھ)

لے کر آئے، اور وہ احمد خان سے ڈرتے تھے کہ اُن کی دولت بہت تھی،.... ...تو سلطان سے ملے اور اس کو ملک (ترکستان) کی فتح کی لالچ دی،

اس سے اندازہ ہو سکتا ہے، کہ ترکستان مین قاضی موصوف کی عزت کیا تھی، سلجوقی ملوک و سلاطین و امراء و وزراء مین اُن کا یہ پایہ تھا کہ جب ۴۸۲ھ مین انھون نے وفات پائی، تو تمام امراء و وزراء پیادہ جنازہ کے ساتھ تھے، اور نظام الملک گو اپنے ضعف کی وجہ سے سوار تھا، مگر غم کی شدت سے اس پر گریہ طاری تھا، ابن اثیر مین ہے،

وفیها (۴۸۲ھ) فی شوال توفی ابوطاهر عبدالرحمان بن محمد بن علک الفقیه الشافعی وهو من رؤساء الفقهاء الشافعیة وهو الذی تقدم ذکره فی فتح سمرقند ومشی ارباب الدولة السلطانیة کلهم فی جنازته الا نظام الملک فانه اعتذر بعلو السن واکثر البکاء علیه۔ (ج۱۰ ص۱۳۵)

اور اس سال (۴۸۲ھ) شوال مین ابوطاہر عبدالرحمن بن محمد بن علک فقیہ شافعی نے انتقال کیا، وہ شافعی علماء کے سردارون مین تھے، یہ وہی ہین جنکا ذکر سمرقند کی فتح کے سلسلہ مین آیا ہے، تمام ارکان سلطنت اُن کے جنازہ مین پیادہ چلے، صرف نظام الملک اپنے بڑھاپے کے عذر کے سبب سے سوار تھا، وہ اُن کی وفات پر بہت رویا،

اس جاہ و عزّت اور علم و دولت کا آدمی بے شک اس کا مستحق ہو سکتا تھا کہ خیام اسکو اپنا ممدوح بنائے، اور اسکی تربیت اور صحبت مین کچھ دن گذارے، اور اپنی دوسری کتاب اُسکو نذر کر سکے، ابوطاہر کی ولادت سنہ ۴۳۱ھ کے بعد ہی ہوئی تھی، جس کے معنی یہ ہین کہ وہ خیام کے ہم عمر بھی تھے، خیام جیسے نقاد نے اُن کے علم و فضل اور اخلاق کی جو تعریف کی ہی، اس سے اُنکی عظمت کا حال معلوم ہوتا ہے، یہ غالباً ترکستان مین ایلک خانی سلطنت کے قاضی القضاۃ تھے، یا خیّام نے اعزازی طور سے قاضی القضاۃ کہدیا ہے،

اگر میری یہ تلاش صحیح ہے تو یہ تسلیم کرنا پڑے گا کہ پہلی تصنیف کی ناکامی کے بعد اس نے اپنی دوسری تصنیف کے لیے ابوطاہر سمرقندی کا دامن پکڑا، اور موصوف نے اسکی پوری قدردانی کی، اور انھین نے اس کو شمس الملک خاقان ترکستان تک پہنچایا، اور اس کی آیندہ ترقی کا راستہ صاف کیا، اس لحاظ سے امام ابوطاہر کا خیام پر بہت بڑا احسان ہے، اور وہ سب کچھ جو نظام الملک کی عنایات کیطرف منسوب ہے، قاضی ابوطاہر کی جانب منسوب ہو جائیگا،

خیام ترکستان کے ایلک خانی دربار مین

خیام کی طلب علم سے فراغت کا سال میرے قیاس مین ۴۶۶ھ کے قریب تھا، اور اس وقت گو سلجوقی حکومت کا آفتاب نصف النہار کو پہنچ چکا تھا، مگر علوم دینیہ کے سوا علوم عقلی کی پرسش اس کے دربار مین ہنوز نہ تھی، اس لیے عمر خیام جیسے فلسفی کے لیے غزنی و بخارا ہی کی سلطنتیں قدردان ہو سکتی تھین، جہان اس سے چالیس پچاس برس پہلے بھی ابو علی سینا، ابن مسکویہ اور ابوریحان بیرونی وغیرہ نے اپنے فضل و کمال کی مسندین بچھائی تھین،

اوپر یہ اشارہ گذر چکا ہے کہ خیام اپنے جوہر کے خریدار کی تلاش مین غالباً ترکستان آیا اور قاضی ابو طاہر سمرقندی سے روشناس ہوا، جنھون نے اسکی قدردانی کی، اور اس نے اُنکے نام سے بعض کتابین لکھین، قاضی ابو طاہر کو ترکستان کی حکومت مین جو اثر و رسوخ تھا اس کے ذریعہ خیام کو شمس الملک خاقان بخارا کے دربار مین پہنچنے مین دقت نہ ہوئی ہوگی، چنانچہ بخارا مین جہان اس وقت ایلک[1] خانی خاندان کا فرمانروا خاقان شمس الملک حکمران تھا، پہنچا، خاقان نے اس کے علم و فضل کی یہ قدردانی کی کہ وہ اُس کو اپنے ساتھ

[1] ان کے دوسرے نام خاقانیہ، ملوک خانیہ، اور آل افراسیاب بھی ہین،

تخت پر بٹھاتا تھا بیہقی اور شہرزوری مین ہے،

وکان ۔۔۔۔ والخاقان شمس	اور خاقان شمس الملوک بخارا مین
الملوك ببخاری یعظمه غایۃ	اُس کی بڑی تعظیم کرتا تھا، اور
التعظیم ویجلس الامام عمر	عمر خیام کو تخت پر اپنے ساتھ
معه علی سریرہ،	بٹھاتا تھا،

نزہۃ الارواح شہرزوری کے فارسی ترجمہ[1] مین ہے،

"خاقان شمس الملوک در بخارا غایت تعظیم او بجامی آورد و بر تخت در پہلوے خود می نشاند" (قلمی دار المصنفین)

اس خاقان کا نام بیہقی، اور شہرزوری دونون نے شمس الملوک لکھا ہے، مگر صحیح نام شمس الملک ہے، کہ سیاسی تاریخون مین یہی مذکور ہے، یہ اُن ایلک خانی خواقین مین تھا جنکا دائرۂ حکومت کاشغر سے بخارا تک یعنی پورے ترکستان پر حاوی تھا، انھین نے سامانیون سے بخارا چھین لیا تھا، ان سے ایک طرف غزنوی اور دوسری طرف سلجوقی برسرِ صلح و جنگ رہتے تھے، انھین کے حملون کو روکنے کے لیے سلطان محمود غزنوی ۳۹۶ھ مین ہندوستان سے ترکستان کی جانب بھاگا تھا، اور آخر سلطان محمود نے ان سے رشتۂ ازدواج قائم کرکے صلح کرلی تھی، پھر ملک شاہ سلجوقی نے بھی ان سے رشتہ قائم کیا، ملک شاہ کی سب سے

[1] اس کتاب کا ایک ناقص الطرفین نسخہ دار المصنفین کے کتب خانہ مین موجود ہے، اسمین خیام اور اس کے معاصرین کے تراجم موجود ہین،

چہیتی اور قابو یافتہ بیوی ترکان خاتون اسی خاندان کی تھی،

افسوس ہے کہ اس خاندان کی کوئی پوری تاریخ نہیں ملتی[1] اُن کی صرف ایک تاریخ ترکستان شرف الزمان مجد الدین محمد بن عدنان سُرخکتی نے لکھی تھی، مگر وہ ناپید ہے، یہ مجد الدین اس نور الدین عوفی کا ماموں[2] ہے جس کی لباب الالباب (تذکرہ) اور جوامع الحکایات (الموجود سنہ ۶۳۰ھ) تالیف ہے، ابن اثیر اور ابن خلدون کو سامنے رکھکر شروع سے شمس الملک تک اس خاندان کے سلاطین کی حسب ذیل فہرست بڑی مشکلوں سے تیار کی ہے، یہ پیش نظر رہے کہ ان سلاطین کے دوہرے نام ہوتے تھے، ایک ترکی اور دوسرا اسلامی نام، بعض دفعہ خاندان کے مختلف افراد ایک ہی ساتھ مختلف ملکوں پر حکمرانی کرتے تھے، اس خاندان کا آغاز تاریخوں میں بغراخان اوّل سے سنہ ۳۸۰ھ میں ہوتا ہے، اور شمس الملک نوین نمبر پر آتا ہے،

۱- شہاب الدولہ بغراخان ہارون بن قراخان سلیمان، سنہ ۳۸۰ھ - سنہ ۳۸۳ھ

۲- شمس الدولہ ایلک خان نصر بن علی (معاصر سلطان محمود) سنہ ۳۸۳ھ - سنہ ۴۰۳ھ

۳- طغان خان بن علی، سنہ ۴۰۳ھ - سنہ ۴۰۸ھ

۴- شرف الدولہ ابو المظفر ارسلان خان بن علی، سنہ ۴۰۸ھ - سنہ ۴۰۹ھ

۵- قدر خان یوسف بن بغراخان ہارون، سنہ ۴۰۹ھ - سنہ ۴۲۳ھ

۶- بغراخان ثانی بن قدر خان، سنہ ۴۲۳ھ - سنہ ۴۳۹ھ

---

[1] ابن اثیر ابن خلدون اور دوسرے مؤرخین نے اُن کے منتشر واقعات غزنویہ اور سلجوقیہ کے تعلق سے لکھے ہیں، ابن خلدون نے ان کی تاریخ میں مستقل کتاب لکھنی چاہی تھی (ابن خلدون ج ۴ ص ۳۹۵ مصر) مگر غالباً اسکو مہلت نہ ملسکی، بہرحال اس خاندان کے حالات کیلئے دیکھو (ابن اثیر ج ۹ ص ۲۱۲ و ج ۱۰ ص ۵۲ و ص ۱۱۲ طبع بریل) [2] حواشی چہار مقالہ ص ۱۴۲ گب،

۷۔ ابراہیم بن قدرخان ۴۳۹ھ

۸۔ عماد الدولہ ابو المظفر طفغاج خان ابراہیم بن نصر ایلک، ۴۳۹ھ۔ ۴۶۰ھ

۹۔ شمس الملک تکین نصر بن طفغاج خان ابراہیم، ۴۶۰ھ۔ ۴۷۲ھ

۱۰۔ خضر خان بن طفغاج خان ابراہیم، ۴۷۲ھ۔ ۴۷۷ھ

۱۱۔ احمد خان بن خضر خان ۴۷۷ھ۔ ۴۸۸ھ

اس خاندان کا زمانہ ۳۸۰ھ سے ۶۰۹ھ تک ہی کبھی یہ خود مختار رہا، اور کبھی غزنویہ کبھی سلجوقیہ اور کبھی قراخطائیہ اور کبھی خوارزمشاہیہ کا باج گذار، بلاساغون اور کاشغر اس کا مستقر تھا، بعد کو بخارا اُس نے سامانیہ سے ۳۸۳ھ مین چھینا[1]، پھر نکل گیا، اور آخر ۳۸۹ھ مین پھر اس کو فتح کر کے ماوراء النہر مین سامانیہ کی حکومت ختم کر دی، اُن کی حکومتِ ماوراء النہر کا پایہ تخت سمرقند تھا، اور بخارا اس کے ماتحت ہے ۴۶۰ھ مین طفغاج خان سر برآرا تھا، شمس الملک تکین اس کا بیٹا تھا، وہ اپنے باپ کی زندگی ہی مین عملاً فرمانروا تھا (ابن اثیر ص ۲۱۲ ج ۹ بریل) ۴۶۰ھ مین طفغاج خان مرگیا، اور شمس الملک تخت نشین ہوا، ۴۷۲ھ مین شمس الملک نے وفات پائی اور اس کا بھائی خضر خان اُسکا جانشین ہوا شمس الملک نے الپ ارسلان سلجوقی کی لڑکی سے شادی کی تھی، اور خود اپنی چچازاد بہن ترکان خاتون کی شادی ملک شاہ سے کی (ابن اثیر حوادث ۳۸۳ھ و ۴۰۸ھ و ۴۳۵ھ و ۴۶۵ھ و ۴۸۸ھ)

شمس الملک ایک علم دوست بادشاہ تھا، چنانچہ عوفی نے جوامع الحکایات مین

---

[1] ابن اثیر ج ۹، ص ۷۰، حوادث ۳۸۳ھ۔

خصوصیت کیساتھ اسکی اس صفت کو ظاہر کیا ہے، اور یہ معلوم ہو چکا ہی کہ اس خاندان کا تنہا مورخ مجدالدین ثمرقندی عوفی کا ماموں تھا، اور اس کی کتاب عوفی کے پیش نظر تھی، اس لیے اسکی شہادت نہایت قابل وثوق ہے، عوفی کہتا ہے،

"آوردہ اند کہ طمغاج خان بزرگ را پسر بود کہ او را شمس الملک گفتندے، واو در کمال علم وعدل بودہ است، وولایت ماوراء النہر در تصرف او بود، وقتے عزم کرد کہ زمستان بہ بخارا آید، و تا موسم بہار آنجا مقام کند،، (خاتمہ فصل مآثر ملوک و بادشاہان نسخہ خطیہ دار المصنفین)

اس اقتباس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ شمس الملک خود بھی صاحب علم تھا، اور اس لیے وہ خیام جیسے باکمال کا قدردان بھی ہو سکتا تھا، اور یہ بھی ظاہر ہوتا ہی کہ خاقان بخارا مین بھی اکثر رہا کرتا تھا، جہان اس نے خیام سے ملاقات کی تھی، اور اس کو اپنے ساتھ تخت پر بٹھاتا تھا، شمس الملک کا وہ عہد جب وہ خاقان ترکستان ہونے کی حیثیت سے خیام کی قدر دانی کرتا ہوگا، اور بخارا مین تخت پر اپنے ساتھ بٹھاتا ہوگا ۴۶۰ھ سے ۴۶۶ھ تک ہی ہو سکتا ہی کہ ۴۶۷ھ مین تو خیام ملک شاہی رصدخانہ سے متعلق ہو کر سلجوقیون کے دربار مین منتقل ہو گیا تھا،

یہ معلوم ہو چکا ہے کہ شمس الملک اور ملک شاہ مین سسرالی تعلقات قائم تھے، اور ایک دوسرے کی ملاقات بھی تھی، اس بنا پر بہ آسانی قیاس مین آسکتا ہے کہ ملک شاہ کے دربار تک پہنچنے مین خیام کو شمس الملک کے تعارف کی وساطت حاصل ہو سکتی تھی،

لہ طمغاج اور طمغاج نام کی دونون شکلین ملتی ہین، ابن اثیر مین شمس الملک کے باپ کا نام طمغاج لکھا ہی لیکن عوفی کی جوامع الحکایات کے پیش نظر نسخہ مین طمغاج ہی عوفی کی دوسری کتاب لباب الالباب مین اسی خاندان کے ایک دوسرے بادشاہ کا جو بہت بعد مین ہوا ہی، طمغاج نام آیا ہے،

خیّام ملکشاہ سلجوقی کے دربار مین

اس وقت سلجوقی خاندان کا سلطان اعظم ملکشاہ سلجوقی فرمانروا تھا جسکی سلطنت کا دائرہ کاشغر سے لیکر قسطنطنیہ کی دیوار تک پہنچا تھا، اور اسکا وزیر نظام الملک طوسی تھا جسکی شہرت تفصیل و بیان سے مستغنی ہی، ملکشاہ ۴۴۷ھ مین پیدا ہوا، ۴۶۵ھ مین ۱۹ برس کی عمر مین تخت نشین ہوا، اور ۴۸۵ھ مین وفات پائی، ملکشاہ اور نظام الملک نے جہان اور بڑے بڑے کام کئے انھین مین سی ایک رصد خانہ کی تعمیر بھی ہے اسی تعلق سے دوسرے علماے ہیئت کیساتھ عمر خیام بھی بلوایا گیا، اور رصد خانہ کا کام شروع ہوا، اور زیچ ملک شاہی لکھی گئی، اس رصد خانہ کا کام گو بہت دنون تک جاری رہا، چنانچہ سلطان محمد بن ملک شاہ کے حملۂ اصفہان (۵۰۰ھ) تک تو اس کا پتہ چلتا ہے، مگر معلوم ہوتا ہے کہ عمر خیام اس رصد خانہ کے کامون سے قطع تعلق کر چکا تھا، کیونکہ پھر اس کا ذکر اس رصد خانہ کے تعلق سے نہین ملتا،

الغرض ملک شاہ سلجوقی کے دربار مین پہنچکر اس کے مرغ شہرت نے پر پرواز حاصل کیا، دربار شاہی مین اسکا تعلق طبیب پھر منجم کی حیثیت سے نظر آتا ہے، بلکہ بہت جلد وہ سلطانی ندیم کی صورت مین نظر آنے لگتا ہے، بیہقی اور شہر زوری مین ہے،

وکان ملکشاہ ینزلہ منزلۃ الندماء — اور ملکشاہ اسکو ندیمون کے مرتبہ مین رکھتا تھا،

بیہقی نے اپنے باپ کے واسطہ سے عمر خیام کی زبانی ایک قصہ بھی ملکشاہ کی بزم کی صحبت کا نقل کیا ہے جس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ وہ ملکشاہ کی بزم کی صحبتون مین بے تکلفانہ شریک ہوتا تھا، عمر خیام بیان کرتا ہے، کہ ایک دفعہ مین بادشاہ کے پاس بیٹھا تھا کہ امیرزادون مین سے کوئی کمسن بچہ نہایت متانت اور سنجیدگی کے ساتھ آیا اور اس سلیقہ سے ایک کام انجام دیا، کہ ہم کو تعجب ہوا، سلطان نے کہا تعجب نہ کرو، کہ مرغی کا بچہ انڈے سے نکلنے کے ساتھ دانہ چگنے لگتا ہے، لیکن اپنے دڑبے کو نہین پہچانتا، اسی طرح کبوتر کا بچہ دانہ، مان کے منھ سے سیکھ کر نکلتا ہے، لیکن چھوڑ دو تو مکہ سے بغداد اڑ کر آجائے گا، خیام نے کہا کہ مین سلطان کی اس دانش سے بہت متعجب ہوا، اور دل مین کہا کہ "کُلّ کبیرٍ مُلھَم" ہر بڑے آدمی کو الہام ہوتا ہے،

بیہقی سے معلوم ہوتا ہے، کہ وہ ملکشاہ کا خانگی طبیب بھی تھا، چنانچہ ملکشاہ کے بیٹے شہزادہ سنجر کو جو ۴۷۱ھ مین پیدا ہوا تھا[1]، بچپن مین چیچک نکل آئی تھی، تو اسکا علاج حکیم خیام ہی سے متعلق تھا[2]

ملک شاہ نے ۴۸۵ھ مین وفات پائی، اس سے معلوم ہوتا ہے، کہ ۴۶۷ھ سے لے کر ۴۸۵ھ تک یعنی انیس ۱۹ برس تک خیام اس کے دربار مین رہا، اس عہد مین اسکا سب سے بڑا کام رصد خانۂ ملکشاہی کی تعمیر و قیام اور اسمین فلکیاتی تحقیق اور زیج ملکشاہی اور رسالہ کون و تکلیف وغیرہ بعض رسالون کی تصنیف ہے، رسالہ کون و تکلیف کی تصنیف کا زمانہ ۴۷۳ھ ہے، جیسا کہ اس رسالہ کے شروع مین لکھا ہے،

۱؎ زبدۃ النصرۃ، بنداری، ص ۲۳۴،
۲؎ بیہقی و شہرزوری،

خیام ملکشاہی رصدخانہ مین

رصدخانہ ملکشاہی کے ذکر سے پہلے مختصراً ان واقعات کو بیان کرنا چاہیے جو اس رصدخانہ کی بنا کے اسباب اور محرکات تھے،

یہ سب کو معلوم ہے کہ روز و سال کی تعیین کے لیے اللہ تعالی نے سورج اور چاند کو پیدا کیا ہے، آفتاب کے روزانہ کے طلوع و غروب سے بڑھ کر کوئی واضح اور مقررہ نظام دن اور رات کے معیار کے لیے نہین ہو سکتا، اس لیے بالاتفاق تمام قومون نے اسی کو روز و شب کی تعیین کی علامت مقرر کیا ہے، بلکہ اسی کا نام روز و شب ہے، اسی طرح مہینہ کی تعیین کے لیے چاند سے زیادہ واضح کوئی چیز نہین ہو سکتی، جو تیس انتیس دن مین نکلتا اور پھر ڈوبتا ہے، اس لیے اکثر مشرقی قومون نے جنکا مطلع عموماً صاف رہتا ہے اسی چاند کو مہینہ کا معیار مقرر کیا، البتہ وہ قومین جن کے مطلع اکثر ابر آلود رہتے ہین، اور جو پہلی کے چاند کے دیکھنے سے عموماً عاجز ہین انھون نے اپنے لیے سورج کو مہینہ کا معیار مقرر کیا، اور اسی طرح ہر قوم نے اپنے اپنے معیار کے مطابق، چاند یا سورج کے ۱۲ مہینون کے مجموعہ کا نام سال رکھا، اور اسی سے دو قسم کے سال کی بنیاد پڑی جنمین سے ایک کو شمسی یعنی آفتابی سال، اور دوسرے کو قمری یعنی چاند کا سال کہا گیا،

واقعات کی تدوین کے لیے تو خواہ شمسی سال کو اپنا معیار بنالے یا قمری کو یکسان بات
ہے، لیکن دقت یہ پیش آئی کہ زمین کے حوادث زیادہ تر سورج سے متأثر ہین، اور خصوصاً
زراعت کا مدار تمام تر سورج پر ہے، سورج ہی کے اوقات سے اسکی کاشت فصل اور موسم،
اور اسکی پیداوار ربیع و خریف کا کام انجام پاتا ہے، اور اسی معیار سے ملک اور سلطنت کی آمدنی خزانہ
مین آتی، اور جمع ہوتی ہے، اس بنا پر وہ قومین بھی جو قمری سال کا اعتبار کرتی تھین اُن کو شمسی
سال کو بھی ماننے پر مجبور ہونا پڑا،

اس طرح قومون مین تین تاریخون کا رواج ہوا،

۱- قمری ماہ اور قمری سال دونون کو ماننے والی، جیسے عرب،

۲- مہینہ بھی شمسی اور سال بھی شمسی ماننے والی، جیسے یونانی و رومی،

۳- مہینہ قمری مگر سال شمسی تسلیم کرنے والے، جیسے قدیم یہود و نصاریٰ، و قبط و ایران و ہند

پہلا طریقہ حساب تو بالکل سادہ ہے، اس مین کسی کمی بیشی کی ضرورت نہین، پیغمبر اسلام
علیہ السلام نے جس وقت اس کو اختیار کیا اُسی وقت اعلان کر دیا تھا "ہم اَن پڑھ لوگ ہین،
حساب کتاب نہین جانتے، مہینہ تیس ۳۰ کا اور کبھی انتیس ۲۹ کا ہوتا ہے" دوسرے طریقہ حساب
مین یہ دقت ہے کہ قمری مہینون کے حساب سے بارہ ۱۲ مہینون کے تقریباً ۳۵۴ دن ہوتے تھے
اور شمسی سال کے ۳۶۵ دن اور ۶ گھنٹے، گویا ہر سال ان دونون تاریخون مین تقریباً ۱۱ دن
۶ چھ گھنٹون کا فرق ہوتا تھا، جو تین سالون مین جاکر ایک مہینہ ہو جاتا ہے، چنانچہ قمری مہینون
اور شمسی سال کے ماننے والون نے یہ کیا ہے کہ ہر تیسرے سال ایک قمری مہینہ بڑھا کر سال

کو شمسی کے مطابق بنا لیتے ہین،، دوسرے طریقۂ حساب مین یہ اشکال تھا کہ شمسی سال ۳۶۵ دن چھ گھنٹون کا ہوتا تھا قبطی ۳۶۵ دن لیکر ۶ گھنٹون کو چھوڑ دیتے تھے، رومی یہ کرتے تھے کہ سال کے مختلف التعداد مہینون مین ۳۶۵ دن کھپا دیتے تھے، باقی چھ گھنٹے جنکا چار سال مین ۲۴ گھنٹے بنکر ایک دن ہو جاتا تھا، اس کو چوتھے سال بڑھا لیتے تھے،

اہل فارس یہ ۳۶۵ دن اس طرح شمار کرتے تھے کہ وہ ہر مہینہ ۳۰ دن کا لیتے تھے جس سے ۳۶۰ دن ہوتے تھے، باقی پانچ دن سال کے آخر مین بڑھا لیتے تھے، (ان دنون کو خمسہ مسترقہ یا دزدیدہ کہتے تھے،) با این ہمہ گھنٹے چھوٹ جاتے تھے، یہ گھنٹے چار برسون مین ایک دن اور ایک سو بیس سال مین ایک ماہ بنجاتا تھا، ہر ایک سو بیس سال کے بعد اس ایک ماہ کا اضافہ (کبس) کر دیتے تھے، اس طرح اُن کا نوروز تقریباً یکسان قائم رہتا تھا، اور اسی نوروز سے جو زراعت کی تیاری کے زمانہ مین ہوتا تھا خراج کے مالی سال کا آغاز ہوتا تھا،

عربون کی جب حکومت قائم ہوئی، تو انھون نے اپنے قمری سال سے اپنا کاروبار شروع کیا، مگر مشکل یہ پڑی کہ عراق و شام کے ذمی کاشتکارون سے جو رقم مالگذاری وصول ہوتی تھی وہ مجبوراً شمسی سال سے ہوتی تھی، کہ قمری سال سے جب زراعت ہی تیار نہ ہوتی تو وصولی کیونکر ہوتی، لیکن اخراجات و وظائف تمام قمری مہینون سے جاری تھے، ساتھ ہی شمسی سال کا نوروز بھی اپنے موسم سے ہٹتا جاتا تھا، یہ نوروز کا ہٹنا اس لیے اہم تھا کہ اسی دن سے مالی حساب کا سال بدلتا تھا، اور تحصیل وصول شروع ہوتی تھی، مگر غالباً دولتِ عباسیہ سے پہلے سالِ آمدنی اور سالِ مصارف کے اس اختلاف کا نقصان عربون کو محسوس نہ ہوا کیونکہ حضرت عمرؓ سے لیکر

بنی امیہ کے اواخرِ عہد تک کوئی زمانہ ایسا نہین گذرا کہ نئے ممالک کے فتوحات خزانہ مین
ہر سال داخل نہ ہوتے ہون، اس لیئے آمد و صرف کا فرق اُن کے خزانہ کو کبھی محسوس ہی نہین
ہوا، چنانچہ شمسی سال مین چھ گھنٹہ سالانہ کا جو فرق پڑتا ہے، اور جو چالیس۴۰ سال مین دس دن
اور ایک سو بیس سال مین ۳۰ دن ہو کر ایک ماہ ہوتا تھا، اور جس کو اہلِ فارس نوروز کی تاریخ
کو متعین رکھنے کے لیے ایک سو بیس سال مین ایک ماہ کا لوند لگا کر بڑھا دیتے تھے، ہشام بن
عبدالملک کے زمانہ مین جب خالد بن عبداللہ القسری عراق کا گورنر تھا، وہ لوند کا مہینہ آیا تو
اس لئے اہلِ فارس کو اسکی اجازت نہ دی، کہ یہ وہی نسئ ہے جس کی قرآن مین ممانعت آئی
ہے، اور اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ آغازِ خراج کے روز (نوروز) مین ہر چار برس مین ایک دن، اور
ایکسو بیس۱۲۰ برس مین ایک ماہ کا فرق پڑنے لگا،

دوسری دقت جو اس سے زیادہ نمایان تھی یہ تھی کہ مالیہ کی وصولی شمسی حساب سے
ہو کر قمری ہجری سال کی مطابقت سے درج ہوتی تھی، اور اوپر گذر چکا ہے کہ قمری اور
شمسی سالون مین ہر سال گیارہ دن چھ گھنٹون کا فرق پڑتا تھا، یہ فرق تین برسون مین
۳۳ روز پہنچا تا تھا، اور اس حساب سے ۳۲ برسون مین پورے ایک سال کا فرق پڑ جاتا تھا
اب جب کوئی سلطنت کسی قمری سنہ مین قائم ہوئی، تو اس قمری سالِ قیام کے حساب سے
شمسی سالِ حساب کے مطابق کسی نہ کسی طرح ۳۲ سال تک (گو آخر مین مہینہ ہی دس ہی روز
کی ہو) گونہ مطابقت باقی رہتی تھی، اور کہا جا سکتا تھا کہ مالیہ سال بسال خزانہ مین جمع ہو گیا،
مگر تینتیسوین سال بالکل ہی مطابقت نہین رہتی تھی، بلکہ سالِ آمد (شمسی سال) اور

سالِ خرج (قمری سال) مین پورے ایک سال کا فرق پڑ جاتا تھا، اور اس طرح دفتری سال حساب
۳۳ سال کے بعد ایک سال پیچھے ہو جاتا تھا،

کہا جاتا ہے کہ ہارون رشید کے زمانہ مین مجوس نے برمکی وزیرون کے سامنے اس صورتِ
واقعہ کو پیش کیا تھا، مگر انھون نے اس کو مذہبی مداخلت سمجھکر گریز کیا، بہرحال اسکی طرف سب سے
پہلے ساتوین عباسی خلیفہ مامون الرشید نے توجہ کی، اسکی صورت یہ تھی کہ مالی سالِ آمد کا آغاز
فارسی نوروز سے، اور مصارف کے سال کا آغاز یکم محرم سے ہوتا تھا، مامون الرشید نے جس
کے دربار مین علماے ہیئت کا مجمع رہتا تھا سنہ ۲۰۹ھ مین یہ دونون سال برابر کر دیئے، پھر رفتہ
رفتہ کمی بیشی ہوتے ہوتے سنہ ۲۴۲ھ مین پورے ایک سال کا فرق پیدا ہو گیا، اور حساب مین
یون درج ہونے لگا، کہ سنہ ۲۴۲ھ مین سنہ ۲۴۱ھ کا مالیہ وصول ہوا، اور سنہ ۲۴۳ھ مین سنہ ۲۴۲ھ
کا یہ زمانہ خلیفہ متوکل علی اللہ کا تھا، علی بن یحییٰ اس کے دربار کا منجم تھا، ایک دن جب خلیفہ اپنے
منجم کے ہمراہ اس کے زیر انتظام باغ کی سیر کر رہا تھا، تو اس نے دیکھا کہ زراعت تیار ہے مگر
ابھی تک نوروز نہین آیا، اس نے منجم سے اس کا سبب دریافت کیا، اس نے بتایا کہ شاہانِ
فارس اسکے لیے یہ کرتے تھے کہ ایک سو بیس سال مین ایک مہینہ بڑھا دیتے تھے، اس سے یہ
ہوتا تھا کہ نوروز موسمِ ربیع سے ہٹتا نہ تھا، متوکل نے حکم دیا کہ تاریخ مین علی بن یحییٰ منجم کی تجویز کے
مطابق اصلاح کیجائے، چنانچہ دوسری اصلاحون کے علاوہ یہ کیا گیا کہ شمسی و قمری سالون کی مطابقت
کے لیے دفاتر کے حسابات سے ایک قمری سال سنہ ۲۴۲ھ نکال دیا گیا، یا یون کہئے کہ دوسرے
سال مین ضم کر دیا گیا، اس اصلاح سے کاشتکارون کو اور خود مالیات کو بڑی الجھن سے نجات ملی

بتیس برس کے بعد ۲۶۷ھ مین پھر وہی صورت حال پیش آئی، یہ زمانہ خلیفہ معتمد علی اللہ کا تھا، اس کے زمانہ کے مالی عہدہ دارون نے ابتداءً ادھر توجہ نہ کی، اور دو سال یون ہی گذر گئے، ۲۶۷ھ مین ابوالحسن علی کاتب قزوین مین مالیات کا عہدہ دار تھا، اس نے اپنے افسرون کے سامنے جب مالیات کے کاغذات پیش کئے تو ان پر یہ لکھا تھا "۲۶۶ کا مالیہ جو ۲۶۷ مین وصول ہوا اس لیے ۲۶۶ء حذف کر دیا گیا" انھون نے اس کا سبب دریافت کیا تو صورت حال بتائی، اور عجیب تر یہ کہ اس نے قرآن پاک سے شمسی اور قمری مہینون کے توافق و تطابق کے جواز کی سند پیدا کی، قرآن پاک مین اصحاب کہف کے قصہ مین ان کے خواب کی مدت تین سو بتا کر کہا گیا ہے کہ اور "نو زیادہ" اس طریقہ ادا مین اس نے ثابت کیا کہ نکتہ یہ ہے کہ ۳۰۰ سال شمسی حساب کے ہین، اور یہ نو سال زائد قمری کے ہین، گویا ان کی مدت خواب جو شمسی حساب سے تین سو برس ہین وہ قمری حساب سے ۳۰۹ سال ہین، اس نے اپنی یہ رائے علماء کی خدمت مین پیش کی، اور خوش قسمتی سے کسی نے اُسکی مخالفت نہ کی،

اس کے بعد معتضد باللہ کا زمانہ آیا، اور قزوین کے افسر مال نے ابوالحسن علی کاتب قزوین کی تجویز (ایک سال کے حذف) کو وزیر مال کی خدمت مین پیش کیا، اور وہ خلافت سے منظور ہو کر ۲۷۹ھ مین نافذ ہوئی،

دوسری دقت جو خود شمسی سال کے کسور (¼ یوم) کو سالانہ حساب (۳۶۵ دن) مین شریک نہ کرنے کے سبب سے ایک سو بیس سال مین ایک ماہ کے فرق کی تھی وہ بڑھتے بڑھتے معتضد باللہ (۲۸۰ھ) کے زمانہ مین دو ماہ ہو گئے، علی منجم کے بیٹے ابواحمد یحیی بن علی نے خلیفہ

کو ادھر متوجہ کیا، اور متوکل کے زمانہ مین اس کے باپ نے جو اصلاحی حساب پیش کیا تھا، اسکی تفصیل کی، خلیفہ معتضد نے اس کو پسند کیا، اور ۲۸۲ھ مین ۱۱ صفر روز جمعہ کو جو نوروز یعنی مالیہ کا سال نو شروع ہونے والا تھا، اس کو دو مہینے آگے بڑھا کر ۱۳ ربیع الثانی ۲۸۲ھ سے شروع کیا، فارسی حساب سے یہ تاریخ ۱۱ حزیران تھی،[1] ابو احمد یحییٰ نے یہ بھی قرار دیا کہ بجائے ۱۲۰ سال مین ایک ماہ کے اضافہ کے ہر سال جو چھ گھنٹے بچتے ہین، اور جنکا چار سال مین ایک دن پورا ہو جاتا ہے، اس ایک دن کو شمسی فارسی سال مین ہر چار سال کے بعد بڑھا دیا جائے، یہ گویا رومی تقویم کی تقلید تھی مگر اس قاعدہ پر عمل کرنے سے فارسی شمسی سال کی خرابی ہمیشہ کے لیے دور ہو گئی، اس کی پیروی سے ہر سال ۱۱ حزیران ہی کو نوروز پڑنے لگا، اور اسکا نام نوروز معتضدی رکھا گیا، اور اس کے بعد ہمیشہ اسی تقویم (کیلنڈر) کی پیروی ہر جگہ جاری ہو گئی (آج بھی موجودہ یورپین تاریخ مین ہر چوتھے سال جو فروری مین ایک دن کا اضافہ ہوتا ہے، وہ اسی اصول کے مطابق ہے)

اس[2] کے بعد اسلامی تاریخون مین اس سلسلہ مین کسی نئے اقدام کی اطلاع نہین ملتی، بجز اس کے کہ قمری اور شمسی سالون کے عدم مطابقت کے حل کی یہی تدبیر زیر عمل رہی کہ ہر ۳۲ قمری سال کے بعد ایک قمری سال چھوڑ دیا جائے، اس کے بعد سے جو تاریخ شروع ہوتی

---

[1] حساب کا یہ طریقہ بیرونی کے آثار باقیہ صفحہ ۱۰ لیپزگ سنہ ۱۹۲۳ء سے معلوم ہوتا ہے، عبارت یہ ہے، ومن یعمل برای المعتضد باللہ فی السنۃ فقد اخذوا السنۃ الشمسیۃ التی ھی ۳۶۵ یوما وربع یوم بالتقریب وصیروا سنتھم ۳۶۵ یوما والحقوا الارباع فی کل اربع سنین یوما حین انجبرت وسموا تلک السنۃ کبیسۃ لا نکباس الارباع فیھا، [2] اوپر کے تمام معلومات کتاب الاوائل ابو ہلال عسکری قلمی (کتبخانۂ ندوہ) و آثار باقیہ بیرونی صہ۳۱ و صبح الاعشیٰ قلقشندی جلد ۱۳ صہ۵۴ تا صہ۶۲ و خطط مصر مقریزی جلد دوم "ذکر تحویل السنۃ الخراجیۃ القبطیۃ الی السنۃ الھلالیۃ العربیۃ" سے ماخوذ ہین،

میرا خیال یہ ہے کہ چونکہ ۴۲۹ھ میں سلجوقی حکومت کا آغاز ہوا، اس لیے ۴۳۱ھ سے باقاعدہ مالیہ کا حساب شروع ہوا ہوگا، اور اس طرح ۴۶۳ھ میں حکومت کے شمسی سال محاصل اور قمری سال حساب میں پورے ایک سال کا بل محسوس ہوا ہوگا، اس کے دو سال بعد ۴۶۵ھ میں ملکشاہ تخت پر بیٹھا، اور نظام الملک نے قلمدان وزارت سنبھالا، اور ہر قسم کے علمی و ملکی اصلاحات و تنظیمات کا دور شروع ہوا، اس سلسلہ میں اس حسابی دقت کی طرف بھی توجہ ہوئی ہوگی جو دو برس سے حکومت کے مالی حسابات میں پیش آرہی ہوگی،

اسلام میں شمسی سال یا قمری کبیسی سال اختیار کرنے کے موانع

شمسی سالوں کے حساب کو باقاعدہ درست رکھنے کیلئے یا قمری سال کو شمسی بنانے کے لیے سال کے اندر یا چند سالوں کے بعد چند روزوں کا اضافہ ناگزیر تھا، مگر چونکہ قرآن پاک میں عرب جاہلیت کے اسی قسم کے طریقہ حساب کے ابطال میں یہ آیت نازل ہوئی تھی کہ

اِنَّمَا النَّسِیْٓءُ زِیَادَۃٌ فِی الْکُفْرِ — نسی کفر میں زیادتی ہے،

اس کے بعد ہے کہ کفار قریش اس طریقہ حساب کے ذریعہ سے حلال مہینوں کو حرام اور حرام مہینوں کو حلال کر لیتے تھے، اور حج کے مہینہ کو جو قمری سال کے مطابق ہوتا تھا شمسی سال کی مطابقت سے بدلتے رہتے تھے، گو کہ نسئ کے معنی یہ تھے کہ قمری سال کو چند روز کے اضافہ سے شمسی بنا لیا جائے تاہم اس تہدید قرآنی کے ڈر سے مسلمان سلاطین شمسی سال میں بھی چند روز کے اضافہ سے جس کو عربی میں کبس اور ہندی میں لوند کہتے ہیں، بچتے تھے، اور ایک سبب اور بھی تھا جس کی تفصیل حسب ذیل ہے،

یہ معلوم ہو چکا ہے کہ شمسی سال کے اختیار کرنے مین کتنی دقتین ہین، اور اسمین حساب کے
کتنے رموز ہین، یہی وجہ ہے کہ ہیئت و حساب سے جاہل قومین اس کو سمجھ بھی نہین سکتین، اور
اسلام ایک ایسا مذہب تھا جو جاہل سے جاہل اقوام تک اپنے کو پہنچانا اپنا فرض سمجھتا تھا،
اس لیے اس نے اپنے عقیدہ اور عمل اور مذہب کی ہر چیز سادہ سے سادہ رکھی تھی، جو صرف
خواص تک محدود نہ ہو، ان متعلقات مذہب مین سے ایک چیز تاریخ بھی تھی، جس کے مطابق
رمضان اور حج کے مہینے آتے تھے، اور عیدین ہوتی تھین، اسلام سے پہلے جن مذاہب نے
اپنا شمسی سال بنایا تھا، ان مین ان تاریخون کی تعیین تمامتر مذہبی عہدہ دارون کے قبضہ
قدرت مین چلی گئی تھی، چنانچہ عہدِ جاہلیت مین بھی ہر سال یہ عہدہ دار آئندہ سال کے حج
کے مہینہ کا اپنے حسب مرضی اعلان کرتے تھے، یہودیون مین حاخام، عیسائیون مین پوپ
و پادری، اور ہندوون مین برہمن اس پر قابض تھے، اور یہ چیز اسلام کی عمومی روح کے خلاف تھی،
اس کے برخلاف قمری مہینون کے آغاز و انجام کو جاننا اور پہچاننا عامی سے عامی اور
جاہل سے جاہل آدمی کے لیے آسان ہے، جب چاند سر شام ناخن کی طرح پتلا ہو کر مغرب کے
افق سے نمودار ہوا ہر شخص نے سمجھ لیا کہ آج پہلا مہینہ ختم ہوا اور نیا مہینہ شروع ہوا، اسی لیے آنحضرت
صلعم نے اعلان فرمایا تھا کہ

انّا امۃ امیۃ لا نکتب ولا نحسب الشھر ھکذا وھکذا، (بخاری، صوم)	ہم ان پڑھ لوگ ہین جو حساب و کتاب نہین جانتے، مہینہ ایسے اور ایسے ہوگا،

یہ کہکر آپ نے انگلیون سے قمری مہینہ کے تیس اور انتیس دنون کی طرف اشارہ کیا،
شمسی سال کی تفصیلات بالا کو پڑھ کر آنحضرت صلعم کے اس قول کی صداقت مین کسکو شک
ہو سکتا ہے کہ شمسی حساب کی دقتین بے حساب ہین،

ان موانع کا حل | بہرحال یہ فرمان نبوی بھی قمری کے بجائے شمسی سال کے اختیار کرنے مین
حائل تھا، اس بنا پر اسلامی سلطنتون مین مالی سال کی تنظیم مین بہت بڑی دقت تھی، جو
اب تک کسی طرح حل نہین ہوئی تھی، اور نہ مسلمان اس کو پسند کر سکتے تھے کہ کسی دوسری
قوم کی مذہبی تاریخ کو بعینہ قبول کر لین، غرض اسی مشکل کا حل سب سے پہلے ملک شاہ سلجوقی کے
عہد مین عمر خیام کے ہاتھون سے ہوا،

عمر خیام نے دوسری شمسی تاریخون مین اصلاح دے کر ایک نئے شمسی سال کا طریقہ
ایجاد کیا، اور ملک شاہ نے یہ کیا کہ مذہبی امور کے لیے قمری سال کو برقرار رکھکر صرف مالی
تنظیمات کے لیے عمر خیام کے درست کردہ شمسی سال کو اختیار کر لیا، اس طرح یہ دونون
مشکلین حل ہو گئین، اور اس کے بعد کی اکثر اسلامی سلطنتون نے اس سلجوقی "بدعت
حسنہ" کی پیروی کی،

رصد خانہ کی تعمیر | کسی صحیح شمسی تاریخ کے قائم کرنے کے لیے پہلے اس بات کی ضرورت ہے
کہ آفتاب کی حرکات کو صحیح طور سے ضبط و مشاہدہ کیا جائے، جب سے آفتاب کی ترصید شروع ہوئی
اس وقت سے لیکر آجکل کی نئی تحقیق کے عہد تک آفتاب کی حرکت کے ضبط مین کچھ نہ کچھ
جل ضرور نکلا، اسلام مین سب سے پہلا رصد خانہ خلیفہ مامون الرشید المتوفی ۲۱۸ھ کے عہد مین

بغداد کے پاس رقہ مین تعمیر ہوا، اس کے بعد بھی متعدد رصد خانے قائم ہوئے جن کی تفصیل میرے بعض مضامین مین موجود ہے[1]، بہرحال رصد ملک شاہی سے پہلے اسلام مین حسب ذیل رصد خانے قائم ہو چکے تھے،

۱- رصد خانہ مامونی تعمیر تقریباً ۲۱۵ھ ایک شماسیہ اور دوسرا دمشق مین،

۲- رصد ابو حنیفہ دینوری المتوفی ۲۸۱ھ تاریخ بنا ۲۳۵ھ در اصفہان،

۳- رصد محمد بن جابر بتانی المتوفی ۳۱۷ھ ایک رقہ اور دوسرا انطاکیہ مین، از ۲۶۴ھ تا ۳۰۶ھ

۴- رصد محمد بن محمد بوزجانی المتوفی ۳۸۸ھ

۵- رصد علی بن حسین بن اعلم المتوفی ۳۷۴ھ عضد الدولہ دیلمی کے عہد مین بغداد مین،

۶- رصد شرف الدولہ دیلمی المتوفی ۳۷۹ھ، بغداد،

۷- رصد حاکم بامر اللہ فاطمی المتوفی ۴۱۱ھ، مصر،

۸- رصد ابو علی سینا المتوفی ۴۲۸ھ، اصفہان،

اس کے بعد ملک شاہی رصد خانہ کا نمبر آتا ہے، یہ رصد خانہ ۴۶۷ھ مین دار السلطنۃ اصفہان مین ملک شاہ کے حکم اور نظام الملک کے اہتمام سے بنا، تاکہ آفتاب کی حرکت کی صحیح تحقیق کر کے صحیح شمسی سال کی تعیین کیجائے اور نوروز یعنی مالیہ کا آغاز سال مقرر کیا جائے،

خیام کے رفقائے کار | رصد خانہ کی تعمیر و تحقیق مین وقت کے جن علمائے ہیئت نے شرکت

[1] مین نے الندوہ کے ماہ مارچ اور ماہ مئی ۱۹۰۹ء مین اسلامی رصد خانون پر ایک مفصل مضمون لکھا ہے جس سے زیادہ مکمل مضمون اس باب مین اب تک میری نظر سے نہین گذرا،

کی تھی محمد تھانوی الموجود ۱۱۵۸ھ نے کشاف اصطلاحات الفنون مین لکھا ہے، کہ انکی تعداد آٹھ تھی، مگر نام نہین گنائے ہین، ابن اثیر نے کامل مین عمر خیام، مظفر اسفزاری، اور میمون بن نجیب واسطی کے نام بیکر وغیرہم لکھدیا ہے، علامہ قطب الدین شیرازی نے اپنی تحفۂ شاہیہ مین عمر خیام کے ساتھ ابو العباس لوکری کا نام بے کر وغیرہما کر دیا ہے، بہرحال ان دونون حوالو سے یہ چار نام معلوم ہوتے ہین، اور یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ اُن کے علاوہ بھی کچھ اور علمائے ہیئت شریک تھے، شہرزوری مین محمد بن احمد معموری بیہقی کا نام رصد خانۂ اصفہان مین قیام کے اثنا مین باطنیہ کی شورش مین قتل ہو جانے کے تعلق سے آتا ہے، اور چھٹے شخص ابو الفتح عبد الرحمان خازن کا نام شہرزوری مین سلطان سنجر کے نام سے زیج سنجری لکھنے اور اسمین اپنے مشاہدات رصدی کی تدوین کے تعلق سے آیا ہے، اس طرح چھ نامون کی سند قدیم ہاتھ آتی ہے، نظام الملک کے مصنف نے تقویم ابو الضیا نام کسی ترکی تقویم کے حوالہ سے دو نام اور لکھے ہین، ابو الفتح ابن کوشک جو اس عہد کا مشہور حکیم تھا، اور دوسرا نام محمد خازن لکھا ہے جسکا تواریخ حکما، مین کوئی ذکر نہین، معلوم نہین ان دونامون کی سند کیا ہے؟ مگر بہرحال یہ آٹھ نام ہو جاتے ہین،

رصد خانہ کا آغاز رصد خانہ کا کام ۴۶۷ھ سے شروع ہوا، اور تاریخ ملک شاہی کا آغاز دسویں رمضان ۴۷۱ھ سے کیا گیا، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ کم وبیش پانچ برس مین رصد خانہ کے تحقیقات و مشاہدات کا کام شروع ہو چکا تھا،

۴۶۷ھ کے واقعات مین ابن اثیر مین ہے،

"اور اسی سال (سنہ ۴۶۷ھ) سلطان ملک شاہ کے لیے رصدخانہ بنایا گیا، اور اُسمین اعیان منجمین کی جماعت اکٹھا ہوئی، ان مین عمر بن ابراہیم خیام ابوالمظفر اسفزاری، اور میمون بن نجیب واسطی، اور اُن کے علاوہ دوسرے علماے ہیئت تھے، اس رصدخانہ پر بہت کچھ رقم صرف کیگئی، اور یہ رصدخانہ ۴۸۵ھ مین سلطان کی وفات تک کام کرتا رہا، اُس کے مرنے کے بعد وہ بند ہوگیا"

بعینہ یہی عبارت تاریخ ابوالفدا مین ہے، (ج ۲ ص ۱۹۲ مطبع حسینیہ مصر) زکریا قزوینی نے آثار البلاد واخبار العباد (۶۷۴ھ) مین رصدخانہ کے تعلّق سے صرف عمر خیام کا نام لیا ہے نیشاپور کے ذکر مین کہتا ہے :-

"اس شہر کی طرف عمر خیام کو نسبت ہے، یہ حکیم تھا، جس کو حکمت کی تمام شاخون سے واقفیت تھی، خصوصاً ریاضی، یہ ملک شاہ سلجوقی کے عہد مین تھا، سلطان نے خیام کو بہت بڑی رقم اس غرض سے حوالہ کی تھی کہ اُس سے رصد کے آلات خریدے، اور رصدخانہ بنائے، سلطان مرگیا، اور رصدخانہ مکمل نہین ہوا"

ابن اثیر کا یہ کہنا کہ سلطان ملکشاہ کی وفات کے بعد رصدخانہ معطل ہوگیا، مشتبہ معلوم ہوتا ہے، کیونکہ سنہ ۵۰۰ھ مین سلطان محمد بن ملک شاہ نے جب اصفہان کے باطنیون پر حملہ کیا تھا، تو اُس موقع پر رصدخانہ کے تعلق سے محمد بن احمد معموری بیہقی مہتمم رصدخانہ کے اتفاقی قتل کا ذکر ملتا ہے[1]، اسی طرح ابوالفتح عبدالرحمان خازن کے ذکر مین اسکی زیج معتزی سنجری

[1] شہرزوری ودرۃ الاخبار ص ۱۱۹ لاہور،

کا نام آتا ہے، کہ اُس نے یہ زیچ سلطان معزالدّین سنجر بن ملک شاہ المتوفی ۵۵۲ھ کیلئے تیار کی تھی، اور اُسمین عطارد کے رجوع کا حال "مشاہدۂ و امتحان" سے لکھا تھا[1]، اس سے بھی بعد تک رصدخانہ کے کاروبار کے جاری رہنے کا پتہ چلتا ہے،

اسی طرح زکریا قزوینی کا یہ بیان کہ ملکشاہ کے زمانہ تک رصدخانہ مکمّل نہین ہوا، صحیح نہین ہے، کہ رصدخانہ کی تاریخِ بنا ۴۶۷ھ اور سلطان کی تاریخِ وفات ۴۸۵ھ ہے، انیس برس کی کافی مدت مین عدمِ تکمیل کے کوئی معنی نہین ہین؛ علاوہ ازین اس رصدخانہ کے مشاہدات و تحقیقات کے نتائج کا زیچِ ملک شاہی و سنجری مین مدوّن ہونا خود اس کا ثبوت ہے کہ رصدخانہ چند برسون مین مکمل ہو کر کام کے لائق ہو چکا تھا، اور دہم رمضان ۴۷۱ھ سے تاریخِ جلالی ملک شاہی کی بنیاد ڈالی جا چکی تھی، اور نوروز کی تعیین ہو چکی تھی،

حرکتِ شمسی کی تحقیقات آفتاب کی حرکت کی تعیین کی کوشش، علم ہیئت کے آغاز سے قائم ہے، رصدخانون نے اس باب مین شروع سے تحقیقاتِ جدیدہ تک جتنی منزلین طے کین، انکی فہرست[2] یہ ہے،

نام راصد	دن	گھنٹہ	منٹ	سکنڈ
قدیم مصری	۳۶۵	۰	۰	۰
اثّیموں	۳۶۵	۶	۱۸	۵۷

[1] تاریخ الحکماء شہرزوری ذکر ابوالفتح خازن و درۃ الاخبار صفحہ ۱۱۹ لاہور،
[2] اسلامی تحقیقات کے لیے شرح چغمنی اور اس کے حواشی برجندی آخر کتاب، اور بقیہ کے لیے کرنل فاندیک امریکانی کی اصول علم ہیئت صفحہ ۱۴۱، بیروت، دیکھو،

نام راصد	دن	گھنٹہ	منٹ	سکنڈ
کلپوس	۳۶۵	۶	۰	۰
بطلیموس	۳۶۵	۵	۵۵	۱۲
اہلِ ہند	۳۶۵	۵	۵۰	۳۰
محمد بن جابر بتانی	۳۶۵	۵	۴۶	۲۴
محی الدین مغربی	۳۶۵	۵	۴۸	۰
رصدِ ملکشاہی	۳۶۵	۵	۴۹	۰
رصدِ نصیر طوسی	۳۶۵	۵	۴۹	۰
کوپرنیکس (سنہ ۱۵۴۳ء)	۳۶۵	۵	۴۹	۶
کیپلر	۳۶۵	۵	۴۸	۵۷٫۶
لاکائل	۳۶۵	۵	۴۸	۴۹
آجکل جو مانا جاتا ہے	۳۶۵	۵	۴۸	۴۹٫۷

اوپر کے نقشہ پر ایک نظر ڈالنے سے اندازہ ہوگا، کہ جس طرح گھنٹون کی صحیح تعیین سب سے اوّل بطلیموس نے کی، اسی طرح منٹون کی تعیین رصدخانۂ ملک شاہی سے شروع ہوئی، موجودہ تحقیق اور خیام یا ملک شاہی رصدخانہ کی تحقیق گو ان دونون مین چند سکنڈون کا فرق ہے، بیرونی نے آثارِ باقیہ مین تصریح کی ہے کہ یہ اختلاف اس وجہ سے نہین ہے کہ ہم تحقیق سے عاجز ہین بلکہ آلاتِ رصد کے چھوٹے ہونے کی وجہ سے ہے، کہ ان چھوٹے آلات سے آفتاب

کے دائرۂ عظمیٰ کی پوری پیمایش نہین ہو سکتی[1]،

تاریخِ جلالی یا ملکشاہی

اب آفتاب کی صحیح حرکت، اور سال کے دنون کی صحیح مدت معلوم ہو جانے کے بعد، خیام نے تاریخِ فارسی کے مشکلات کے حل کی طرف توجہ کی، ابن اثیر حوادث سنہ ۴۶۷ھ مین ہے،

"اس سال نظام الملک اور ملکشاہ نے بڑے بڑے منجمین کو جمع کیا، انھون نے نوروز اوس نقطہ کو قرار دیا، جب آفتاب برجِ حمل مین داخل ہو، اس سے پہلے نوروز اس وقت ہوتا تھا جب آفتاب نصف برجِ حوت مین پہنچتا تھا، اور آخر اسی سلطانی تحقیق کو جنتریون کا مبدا قرار دیا گیا"،

محقق نصیر الدین طوسی (متوفی سنہ ۶۷۲ھ) سی فصل مین لکھتے ہین،

"فصل ششم در تاریخ ملکی، در عہدِ سلطان جلال الدین ملک شاہ تاریخے نہادہ اند، و نام ماہہائے آن تاریخ ہم نامہائے فارسیان است، و عددِ روزہائے ماہہا سی روز بود، و پنجہ دزدیدہ را در آخرِ اسفندارمذ ماہ نہند، و بہر چہار سالے یا پنج سال یکدر جہت کبیسہ × آخر پنجہ افزایند تا شش روز شود، و اول فروردین ماہ روزے بود در نیم روز آنکہ آفتاب در حمل باشد، و از حوت انتقال کردہ باشد، و بعضے اول فروردین ماہ و ماہہائے دیگر روزے گیرند کہ پیش از نیم روز آن آفتاب انتقال کند از برجے بہ برجے دیگر، و این ماہہا را جلالی یا ملکی نام نہند"

(نسخۂ قلمی موجودۂ کتب خانۂ دار المصنفین)

رصد خانۂ الغ بیگ کے ناظر ملا علی قوشجی (متوفی سنہ ۸۷۹ھ) اپنے رسالہ ہیئت موسوم بہ

---

[1] آثار باقیہ مطبوعہ لیپزگ سنہ ۱۹۲۳ء،

تو شجیہ مین لکھتے ہین،

۳- اما تاریخ ملکی مبدء او از روز جمعه دہم رمضان سنه احدی وسبعین واربع مائة ہجری است و اول سال روزے راگیرند کہ در نصف النہار آن روز آفتاب بحمل آمده باشد، و ہم چنین ماہہا را از نزول آفتاب بہر برجے گیرند، و بعضے ماہہا ر۳۰ سی روز گیرند تا عدد ایام در اوراق مختلف نباشد، و اسامی ماہہاے این تاریخ بعینہ اسامی ماہ ہاے فرس باشد، الا آنکہ ماہ ہا را بجلالی مقید کنند و آنہا را بالقدیم و پنج روز را در آخر سال گیرند، و بعد چہار سال یا پنج سال (یک روز زیاده) کنند تا آن پنج روز شش شود،" (نسخہ قلمی کتب خانہ دار المصنفین)

علامی ابو الفضل آئین اکبری مین اس کے متعلق رقم پرداز ہین،

۴- تاریخ ملکی جلالی نیز خوانند، دران زمان تاریخ فرس بکار بردی، از گسیختن رشتۂ کبیسہ آغاز سالہا دگرگون شدے، بکوشش سلطان جلال الدین ملکشاه سلجوقی، عمر خیام و برخے از دانشوران این تاریخ برگزیدند مبدء سال از تحویل حمل قرار گرفت، سال و ماه حقیقی لیکن امروزہ اصطلاحی معمول ہر ماه را سی سی گیرند، و در آخر اسفندارمذ پنج یا شش روز افزایند، پانصد و شانزده سال سپری شد" (جلد اول ص۱۹۲ و ص۱۹۳، نولکشور)

محمد تھانوی، اپنی محققانہ تالیف کشاف اصطلاحات الفنون مین زیر لفظ "تاریخ" لکھتے ہین

۵- ومنها التاريخ الملكي ويسمى بالتاريخ الجلالي ايضاً وهو تاريخ وضعه ثمانية من الحكماء لما امرهم جلال الدين ملكشاه السلجوقي بافتتاح التقويم من بلوغ مركز الشمس اول الحمل وكانت سنو التواريخ المشهورة

غیر مطابقة لذلك، فوضعوا هذا التاریخ لیکون انتقال الشمس اوّل الحمل ابداً اوّل یوم من سنتهم واسماء شهورهم هی اسماء الشهور الیزدجردیة الا انها تقید بالجلالی واوّل ایام هذا التاریخ کان یوم الجمعة وکان فی وقت وضعه قد اتفق نزول الشمس اوّل الحمل فی الثامن عشر من فروردین ماه القدیم فهم جعلوه اوّل فروردین ماه الجلالی وجعلوا الایام الثمانیة عشر کبیسة، ومن هذا تسمعهم یقولون ان مبدء التاریخ الملکی هو الکبیسة الملک شاهیة، (ص۵۹، کلکته)

ہمارے پچھلے عہد کے مشہور ریاضی دان علامہ غلام حسین جونپوری، اپنی مستند تالیف جامع بہادر خانی مین جو ۱۲۵۱ھ مین خود انھین کے دست و قلم سے لکھکر کلکتہ مین چھپی ہے اس تقویم ملک شاہی جلالی کا ذکر ان الفاظ مین کرتے ہین،

۶۔ "در عہد جلال الدین ملک شاہ بن الپ ارسلان سلجوقی چنان اصطلاح مقرر کردند کہ ابتدای سال را از روزی گرفتند کہ تحویل در حمل قبل نصف النہار آن روز واقع شود، بعد ازان ہر ماہ را سی سی ۳۰ روز مثل شہور یزدجردی گرفتند کہ در آخر ماہ اسفندارمذ پنج روز و زدیدہ زیادہ کردند چون برخود ملتزم ساختند کہ ابتدای سال از روزی شود کہ تحویل حمل بر نصف نہارش مقدم باشد، لہذا بعد ہر سہ یا ہر چہار سال[۱] یک روز در آخر خمسہ مسترقہ افزودنی می شود، و آنرا ملحقہ خمسہ مسترقہ گویند، و در سالیکہ این ملحقہ را وجود بندد آن سال را سال کبیسہ می نامند" (ص۶۹۲ کلکتہ)

---

[۱] "بعد ہر سہ یا چہار سال" غالباً سہو قلم ہے، "بعد ہر چہار یا پنج سال" چاہیئے،

محققین فن کے یہ اقتباسات مین نے اس لیے پیش کیے ہین تاکہ اس تاریخ کی حقیقت معلوم ہو کہ وہ صرف شمسی سال کی صحت کے لیے مرتب ہوئی تھی، نہ کہ قمری اور شمسی سال کی باہمی تطبیق کے لیے، جیسا کہ ہماری زبان کے ایک لائق مصنف[1] نے سمجھا ہے،

اقتباسات بالا سے ہویدا ہے کہ اس تاریخ جلالی کی ترتیب درحقیقت فارسی اور رومی قاعدون کے امتزاج سے ہوئی تھی، اور تقریباً انھین اصول کی پیروی تھی جنکو ابو احمد یحیی منجم نے معتضد باللہ کے عہد مین (۲۸۲ھ) اختیار کیا تھا، یعنی یہ کہ:-

۱- فارسیون کی طرح ہر ماہ تیس تیس دن کا فرض کیا جائے (یہ تین سو ساٹھ ۳۶۰ دن ہوے)

۲- باقی پانچ دن ہر سال کے آخر مین بڑھا دیے جائین (جیسا کہ اہل فارس بڑھایا کرتے تھے، اس طرح اب تین سو پینسٹھ ۳۶۵ دن ہوے)

۳- ۵ گھنٹے انچاس منٹ کو ۱۱ منٹ بڑھا کر آسانی کے لیے ۶ چھ گھنٹے فرض کر لو، تو چار سال مین ایک دن ہو جائیگا، یہ ایک دن رومیون کی طرح ہر چوتھے سال یا پانچوین سال ان پانچ اضافی (مسترقہ یا وزدیدہ) دنون مین ملا کر ۶ چھ دن کر کے ان کا کبس (لوند) لگا کر شامل کر دیتے تھے،

---

[1] "عمر خیام کی تحقیقات کا نتیجہ یہ تھا کہ آفتاب اپنا سالانہ دورہ تین سو پینسٹھ دن، پانچ ساعت اور انچاس دقیقہ مین طے کرتا ہے، اس لیے خیام نے یہ قاعدہ مقرر کیا کہ ہر چوتھے سال پر ایک دن بڑھایا جائے، اور سات دورون کے ختم ہونے پر آٹھوین دور پر (بجائے ۴ چار کے) پانچوین سال ایک دن زیادہ کیا جائے، اس حساب سے شمسی و قمری سال کا فرق پورے ۳۳ برس مین نکل جاتا ہے"۔ (نظام الملک طوسی صفحہ ۴۶۹ کانپور)

کیا اس حساب سے قمری اور شمسی سال کا فرق ۳۳ سال مین مٹ جائے گا، یا اس عرصہ مین سالانہ گیارہ روز مع کسر کا فرق (۱۱ × ۳۳ = ۳۶۳) بقدر ایک سال کے تقریباً ہو جائے گا، فافھم،

اس طرح گھنٹون کی کمی ہر چوتھے سال نکل جاتی تھی،

اس کے علاوہ خیام نے یہ کیا کہ سال کے آغاز کا دن، اُس وقت کو مقرر کیا جس وقت آفتاب دوپہر سے پہلے برجِ حمل مین آئے، اس طرح آغاز سال کا وقت ور وز مقرر ہوکر اپنی جگہ پر اٹل ہوگیا، اس حساب کے اجرا کا مہینہ فروردین ماہ تھا، گو کچھ تاریخین اسکی گذر چکی تھین تاہم یکم فروردین سے اُس کا آغاز کیا، آفتاب کے برجِ حمل مین ہونے کا وہ دن تھا جب روز و شب بالکل برابر ہوتے ہین، اور بہار کا آغاز ہوتا ہے، اس طرح نوروز ہر سال کے یکم فروردین کو مقرر کرکے اسکو دائمی کر دیا، اور شمسی سال کا ہر نقص پورا ہوگیا،

سلجوقی سلطنت مین یہ تقویم جلالی یا ملکی سے نام سے دہم رمضان ۴۷۱ھ سے جاری ہوگئی، اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ بعد کی مشرقی سلطنتون نے بھی اس کو قبول کرلیا، چنانچہ سلجوقیون اور خوارزمیون کے مٹنے کے بعد تاتاریون نے جب ملک پر قبضہ کیا، تو انھون نے سال قمری پر عمل شروع کیا، اور اسی حساب سے خراج وصول کرتے رہے، مگر جب غازان خان نے اسلام کو سرکاری مذہب قرار دیا تو یہ اصلاح کی، کہ قمری سال کے بجائے شمسی سال سے حساب قائم کیا، تاریخ گزیدہ مین ہے،

" درعہدِ او تاریخ خانی کہ اکنون حساب بآن می کنند در ثانی عشر رجب ۷۰۱ھ وضع کردند" (ص ۵۹۵ گب)

آئینِ اکبری مین ہے،

"از آغاز اورنگ نشینی غازان خان، مبتنی بر زیج ایلخانی (مرتبۂ خواجہ نصیر طوسی متوفی ۶۷۲ھ) سال و ماہ شمسی حقیقی پیشتر ازین وضع دفاتر قلمرو تاریخ ہجری بود و قمری سال روائی داشت، و از ین رہگذر ستمگری راہ می یافت، زیراکہ سی و یک سال قمری سی سال شمسی میشود، و بزرگ گزندی بکشاورزان (دہقان) رسیدے، چہ خواستن خراج بر سالہائے قمری بود، و مدار دخل بر شمسی، آنرا برانداختہ بدین تاریخ معدلت افزود" (جلد اول ص ۱۹۳ نولکشور)

یہ تاریخ خانی غالباً اس اصلاح پر مبنی تھی جسکا ذکر محقق طوسی (متوفی ۶۷۲ھ) کی سی فصل اور علامہ قوشجی (۸۷۹ھ) کے رسالہ قوشجیہ مین موجود ہے،

یعنی گو ہر سال کے آغاز کا وقت اس سنہ جلالی ملک شاہی مین مقرر کر دیا گیا تھا لیکن ہر مہینہ کو تیس تیس کا فرض کر کے چھوڑ دیا گیا تھا، اسمین یہ کیا گیا کہ ہر مہینہ کا وقت بھی مقرر کر دیا گیا، یعنی وہ وقت جس مین آفتاب دوپہر سے پہلے کسی برج مین آئے اس طریق حساب سے یہ ہوا کہ سال کی طرح مہینے بھی حقیقی ہو گئے،

اکبر کے زمانہ مین ہندوستان مین حکیم فتح اللہ شیرازی نے قاعدۂ بالا مین (یعنی سال و ماہ کو تحویل برج کیوقت سے شروع کرنا) ایک اور ترقی کی، رصد گورگانی یعنی تیمور گورگان کے پوتے الغ بیگ نے سمرقند مین جو رصد خانہ ۸۲۳ھ مین قائم کیا تھا اُس کی تحقیقات پر بنیاد رکھکر سال کے ۱۲ مہینون کے ایام کو تیس تیس یوم لیکر آخر مین پانچ دن بڑھانے کے بجائے رومیون کی طرح یہ کیا کہ ان پانچ دنون کو بھی مہینون مین تقسیم کر دیا، اس سے گو مہینون کے

[1] جامع بہادر خانی ص ۶۹۲،

ایام میں برابری قائم نہ رہی اگر ہر سال ۵ یوم کے اضافہ کی دقت نکل گئی اور تقسیم اس طرح
ہوئی کہ پہلے دو مہینے اکتیس اکتیس کے پھر ایک مہینہ بتیس کا، اس کے بعد تین مہینے اکتیس کے،
پھر دو ماہ تیس کے، دو ماہ انتیس کے، آخری دو مہینے تیس تیس کے،

فروردین	اردی بہشت	خورداد	تیر	امرداد	شہریور	مہر	ابان	آذر	دی	بہمن	اسفندار
۳۱	۳۱	۳۲	۳۱	۳۱	۳۱	۳۰	۳۰	۲۹	۲۹	۳۰	۳۰

یہ کل ۳۶۵ دن ہوئے، باقی سالانہ ۶ گھنٹوں کی کسر جو ہر چار سال میں ایک دن کا فرق ڈالتی
ہے اُس کا کوئی علاج اس میں نہیں رکھا گیا، اس جدید تاریخ کا نام تاریخ الٰہی قرار پایا[۱]،
یہی تاریخ اب تک سرکار نظام میں جو ہر معنی میں سلطنت آل تیمور کی یادگار ہے،
اس فرق کیساتھ جاری ہے کہ ایک دن آذر میں جو سنہ الٰہی میں ۲۹ دنوں کا تھا بڑھا کر اُس کو ۳۰
دنوں کا کر دیا گیا ہے لیکن اس میں بھی کسرات یعنی ۶ گھنٹوں کے اضافہ کی کوئی شکل نہیں رکھی گئی ہے
یہ ۶ گھنٹے سالانہ چار سال میں ایک دن، اور ایک سو بیس برس میں ایک مہینہ ہو جاتے ہیں، حالانکہ
خیام نے ہر چوتھے سال ایک دن کے اضافہ سے یہ کسر مٹا دی تھی، موجودہ انگریزی طریقہ حساب
جو گریگورین اصول پر مبنی ہے ہر چار سال کے بعد فروری میں ایک دن بڑھا کر پورا کر دیا جاتا ہے،
بہرحال اس چار سال کے بعد ایک دن کے اضافہ نہ کرنے کے سبب سے ایک سو بیس
برس کے بعد ایک مہینہ کا تغیر لازمی تھا، چنانچہ اسی کا نتیجہ یہ ہے کہ سرکار نظام کے دفاتر میں ہر ایک سو بیس
برس کے بعد ایک مہینہ کا فرق نمایاں ہوتا ہے، چنانچہ ۱۳۵۵ف سے پہلے سال یکم آبان سے شروع

[۱] آئین اکبری، علامی ابوالفضل جلد اول، آئین تاریخ الٰہی، و جامع بہادر خانی ص۶۹۲ و ص۶۹۴،

ہوتا تھا، اور ۱۸۸۵ء مین ایک ماہ چھوڑ کر ماہ آذر سے شروع ہونے لگا، اور اب تک اسی پر عمل ہے

البتہ مہینون کے دنون مین بعد کو یہ ترمیم کیگئی ہے، کہ اب ۳۲ دنون کا کوئی مہینہ نہین رکھا گیا ہے

خورداد کے ۳۲ دنون مین سے ایک دن نکال کر آذر مین ایک دن بڑھا کر ۲۹ کے بجاے ۳۰

کر دیا گیا ہے، موجودہ صورت یہ ہے،

آذر	دی	بہمن	اسفندار	فروردین	اردی بہشت	خورداد	تیر
۳۰	۲۹	۳۰	۳۰	۳۱	۳۱	۳۱	۳۱

امرداد	شہریور	مہر	آبان ،
۳۱	۳۱	۳۰	۳۰

ان تفصیلات سے معلوم ہوگا کہ سنہ الٰہی بعینہ سنہ جلالی نہین، اور نہ وہ خیام کے اصول

کے مطابق ہے، تعجب ہے کہ یہ غلط فہمی نظام الملک کے لائق مصنّف کو کیونکر[1] ہوئی،

یہ تو غیر عربی یا شرقی سلطنتون کا حال تھا، مگر معلوم ہوتا ہے کہ عربی سلطنتون نے اس تغیر

کو قبول نہین کیا، اور بدستور خلافت عباسیہ کی طرح ہجری ہی سال پر حساب کا مدار رہا، اور وہی

۳۲ قمری سالون کے بعد ایک قمری سال کے حذف کر دینے، یا دوسرے سال مین ضم کر دینے

کا قاعدہ زیر عمل رہا، چنانچہ سلجوقیون کی معاصر سلطنت فاطمین مصر مین اسی پرانے طریق پر ہر ۳۲

قمری سال کے بعد ایک قمری سال کے حذف کر دینے کا قاعدہ جاری تھا، چنانچہ خود خیام

---

[1] بڑی جنتری رحمت اللہ رعد مرحوم بابت ۱۹۰۵ء ص ۵۲ "پارسیون مین جو سنہ آج جاری ہے اور جس کو وہ یزدجردی سمجھتے ہین، یہ سنہ دراصل خیام کا صحیح کیا ہوا ہے، اور جس کو ہم تحریہ خیامی کہہ سکتے ہین اور یہی سنہ الٰہی اکبر شاہی ہے، جو گورنمنٹ نظام مین جاری ہے" (نظام الملک کا نپور ص ۱۴)

کی زندگی مین (۵۰۱ھ) دفتر مال مین ۴۹۹ھ کی پیداوار کا حساب چل رہا تھا، اس لیے خراجی سال مین بھی دو سال چھوڑ کر ۵۰۱ھ کے لکھنے کا فرمان جاری ہوا، اور آئندہ کے لیے ہدایت کیگئی کہ ۵۳۴ھ مین بھی یہی عمل کیا جائے، اور اس کے بعد جب فاطمیین کی جگہ سلطان صلاح الدین کی حکومت قائم ہوئی، تو ۵۶۷ھ مین اس تغیر کے لیے فرمان جاری ہوا[1]،

تقویم جلالی خیام نے اس سنہ جلالی کی سالانہ تاریخون کی تعیین کے لیے ایک تقویم یعنی جنتری کی جدولین بھی قائم کی تھین، اس تقویم کے بنانے کی جو صورت ہے، خواجہ نصیر طوسی (متوفی ۶۷۲ھ) نے اپنے رسالۂ سی فصل "در معرفت تقویم" مین اس کا ذکر کیا ہے، کہ یون چار جدولین کھینچی جائین، اور ایک مین ہفتہ کے دنون کے نام، اور دوسری مین مہینون کے نام اور تیسری مین تاریخون کے ابجدی اعداد لکھے جائین، غالبًا اسی تقویم کا نام "آغاز حساب تاریخ جلالی" ہی، جس کا ذکر نظام الملک[2] کے مصنف نے اس طرح کیا ہے کہ یہ زیج ملک شاہی کا دوسرا نام تھا، حالانکہ یہ نام اگر ہو سکتا ہے، تو تقویم جلالی کا، نہ کہ زیج کا،

خیام کی تاریخ جلالی اور قطب شیرازی علامہ قطب الدین شیرازی المتوفی ۷۱۰ھ نے اپنی ہیئت کی مشہور کتاب "تحفۂ شاہیہ" کے باب الایام والتواریخ مین اس تاریخ کا ذکر کیا، اور اس مین خیام کی ایک غلطی دکھائی ہے، علامۂ موصوف لکھتے ہین،

الرابع التاریخ الملکی وھو	چوتھی ملکشاہی تاریخ ہے، اور وہ
منسوب الی السلطان	سلطان جلال الدین ملک شاہ

---

[1] خطط مصر مقریزی ج دوم ص ۴۹، ص ۵۲ مطبع نیل مصر، [2] نظام الملک کانپور، ص ۴۶۹، حاشیہ،

جلال الدین ملکشاہ بن	ابن الپ ارسلان سلجوقی کی طرف منسوب
الپ ارسلان السلجوقی	ہے، اور اس نسبت کا سبب یہ ہے کہ
والسبب فیہ انہ اجتمع	اُس کے دربار مین حکمار کا ایک گروہ
فی حضرتہ جماعۃ من الحکماء	جمع ہوا، اُس مین سے عمر خیام اور
ومنہم عمر الخیام والحکیم	حکیم لوکری وغیرہ آٹھ آدمی تھے، تو
اللوکری وغیرہما وہم ثمانیۃ	ان سب نے مل کر ایک تاریخ بنائی
فوضعوا تاریخا......	. . . .
...... وفی کل	. . . . اور ہر
اربع سنین یکبسون یوما	چار سال مین ایک دن بڑھاتے ہین
وتصیر ایام السنۃ ثلثمائۃ و	تو سال کے دن ۳۶۶ ہو جاتے ہین،
ستۃ وستین ولان الکسر	اور چونکہ ہر سال ۵ گھنٹے ۴۹ منٹ کی کسر
الزائد اقل من ربع بقلیل فالکبیسۃ	چوتھائی سے تھوڑی کم ہے، تو لوند کا
فی کل اربع اول من یوم	سال ہر چار سال مین ایک دن پہلے
ولہذا قد یتفق ان تکون	سے ہوا، اور اسی لیے کبھی ایسا ہوتا ہے
الکبیسۃ بعد خمس وذلک	کہ لوند کا سال، پانچ سالون کے بعد
بعد ان یکبس بعد اربع سنین	ہوتا ہے، اور یہ اس طرح کہ سات آٹھ
سبع مرات او ثمان وہو انما	دفعہ چار چار سالون کے بعد لوند لگا لیا جائے

يعرف بالاستقراء وكذا اوائل
سني هذا التاريخ، ومما ذكرنا
يعرف خطأ عمر الخيام في زيجه
الذي وضعه حيث ذكر ان
في كل اربع سنين يكون
كبيسة دائما ويوافق نزول
الشمس اول الحمل وهو خطأ
فاحش، سببه عدم تنبهه
لما نبهناك عليه او اخذه
الكسر ربعا تاما والله الموفق
للصواب،

(منقول از نسخۂ قلمی موجودہ پبلک اورینٹل
لائبریری، پٹنہ)

تب پانچ سال کے بعد لگایا جائے اور
یہ بات تلاش و استقرا سے معلوم ہوگی،
اور ایسے ہی اس تاریخ کے سالون کے
آغاز کا حال ہے، اور ہم نے جو بیان
کیا ہے اس سے عمر خیام کی وہ غلطی معلوم
ہوگی جو اُس نے اپنے تالیف کردہ
زیچ مین کی ہے کہ اس نے اسمین کہا
ہے کہ یہ لوند کا سال ہر چوتھے سال ہمیشہ
پڑیگا، اور سال کا آغاز آفتاب کے برج
حمل مین آنے کے وقت سے ہمیشہ ہوگا
اور یہ بڑی غلطی ہے جسکا سبب یا تو یہ ہے
کہ خیام نے اس نکتہ پر دھیان نہین دیا
جسکی طرف ہم نے تم کو دھیان دلایا،

[illegible]

علامۂ شیرازی نے جس غلطی کی طرف توجہ دلائی ہے، اُس کا حاصل یہ ہے کہ شمسی سال کے اصلی دن ۳۶۶ دن، اور کچھ منٹ کم چھ گھنٹے ہوتے ہین، مگر کسر کی دقت سے بچنے کے لیے خیام نے پورے چھ[6] گھنٹے لیے، جو چار سال مین چوبیس[24] گھنٹے ہو کر ایک دن بنجاتا ہے، اور وہ اضافہ پاتا ہے، مگر در حقیقت اس حساب مین ہر سال کچھ منٹ بڑھے ہوئے ہین، جنکو کم کرنا چاہیے،

اور اسکی صورت علامہ نے یہ بتائی کہ سات آٹھ دفعہ ہر چار سال کے بعد اضافہ کرنے کے بعد پھر چار سال کے بجائے پانچویں سال اضافہ کیا جائے،

زیچ | زیچ فارسی لفظ ہے جس کے معنی اُن جدولون کے ہین جنمین کسی رصد خانہ کے فلکی مشاہدات اور خصوصاً ستارون کے حرکات قلمبند کئے جائین، ملک شاہی رصد خانہ کے فلکی مشاہدات و تحقیقات آیا کسی زیچ مین قلمبند ہوئے یا نہین؟ اس کا کوئی مستند جواب ہم کو نہین ملتا، حاجی خلیفہ چلپی نے کشف الظنون مین زیر لفظ "زیچ" ایک زیچ ملکشاہی کا ذکر کیا ہے، اور اس کو عمر خیام کی تصنیف بتایا ہے، مگر یہ زیچ خود اُس کی نظر سے نہین گذری تھی، بلکہ خواجہ نصیر طوسی (متوفی ۶۷۲ھ) کے رسالہ سی فصل کی شرح مین اُس کے شارح عبدالواحد نے اُسکا نام لیا تھا اُسی کو چلپی نے ذکر کر دیا ہے، البتہ قطب الدین شیرازی المتوفی ۷۱۰ھ نے اپنی تحفۂ شاہیہ مین خیام کی اس زیچ کا اس طرح ذکر کیا ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ اُن کی نظر سے گذری تھی، خیام نے اسمین اپنی تاریخ کے اصول بھی بتائے تھے،

خیام کے رفیق کار ابو الفتح عبدالرحمان نے بھی سلطان معزالدین سنجر کے نام سے ایک زیچ ترتیب دی تھی، جسکا نام زیچ معزی سنجری ہے، اس مین اُس نے اپنے بعض مشاہدات فلکی مدون کئے تھے[1]، اس بنا پر یہی قیاس کیا جاسکتا ہے کہ یہ مشاہدات و تحقیقات اسی ملکشاہی رصد خانہ مین کئے گئے ہونگے،

---

[1] شہرزوری و دورۃ الاخبار،

دیگر سلاطین سے تعلقات

سلطان برکیارق بن ملکشاہ سلطان اعظم ملک شاہ سلجوقی نے ۴۸۵ھ مین جب وفات پائی، تو اس کے بعد اُس کا بیٹا سلطان برکیارق تخت پر بیٹھا، اور اُس کا زمانہ ۴۸۵ھ سے ۴۹۸ھ تک قائم رہا، ہم کو خیام کے اس عہد کا کوئی حال معلوم نہین، شاید کہ وہ اصفہان کے رصدخانہ مین ہو، جس کا کام ابھی تک بدستور جاری تھا،

سلطان محمد بن ملکشاہ برکیارق کے بعد اُس کا بھائی، سلطان محمد بن ملکشاہ ۴۹۸ھ مین تخت نشین ہوا، اور ۵۱۱ھ تک جلوس فرمارہا، اس کے زمانہ مین خیام کے صرف منجمی کے دو واقعات عروضی سمرقندی نے چہار مقالہ مین نقل کئے ہین، ایک تو بلخ مین خود خیام کی اپنی گل افشان قبر کے متعلق پیشینگوئی، اور دوسرا یہ کہ سلطان (غالبًا سلطان محمد) کے شکار کے لیے [illegible]ھ مین اس نے بے ابر و باد کا ایک دن مقرر کیا تھا، جس کی تفصیل پہلے گذر چکی، علاء الدولہ عضد الدین شاہ یزد سے ابوالبرکات اور ابن سینا کے متعلق خیام کا مناظرہ بھی غالبًا اسی عہد کا واقعہ ہے، کیونکہ علاء الدولہ کے اسی محمد سے برادرانہ تعلقات تھے، اور اُسی کے دربار مین اسکی آمدورفت تھی،

محمود بن محمد ملکشاہ محمد کے بعد اُس کا بیٹا محمود (۵۱۱ھ سے ۵۲۵ھ) تخت نشین ہوا، مگر اُس نے

اپنی عیش پرستی سے سب کچھ برباد کر ڈالا، اور ایک جنگ کے بعد اُس کا چچا سنجر بن ملکشاہ اُس پر مسلّط ہو گیا، اور اس کے ماتحت کی حیثیت سے وہ صرف عراق و شام پر حکمران رہا، اور خراسان و ترکستان وغیرہ پر سلطانِ اعظم کے نام سے سنجر فرمانروا ہوا،

سلطان سنجر کا تسلط اور خیام کی خلوت گزینی

سلطان سنجر بن ملک شاہ علاّاب فرمانروائے کل تھا، اُس کا یہ عہد ۵۱۱ھ سے ۵۵۲ھ تک وسیع ہے، اس عہد مین ہم کو خیام کا پتہ دربار شاہی مین نہین ملتا البتہ ایکدفعہ اُس کے وزیر شہاب الاسلام عبدالرزاق کی مجلس مین وہ نظر آتا ہے، اسکی وزارت کا زمانہ ۵۱۱ھ سے ۵۱۵ھ تک ہے، اس کے بعد خیام کا نام کسی محفل مین سنائی نہین دیتا، الا یہ کہ ۵۱۵ھ مین سلطانی خزانہ کے لیے بعض حکیمون نے فلزات کے تولنے کی ترازو بنانے پر مختلف رسالے لکھے تھے، اُن مین ایک رسالہ حکیم خیام کا بھی تھا،[1] اور اسی لیے اس سنہ کے بعد عام تذکرہ نویسون نے اُس کو مردہ سمجھ لیا ہے، مگر اُس کی اس خاموشی کا راز صرف بیہقی کے بیان سے فاش ہوتا ہے، اور تعجب ہے کہ اُس ضروری ٹکڑے کو درۃ الاخبار کے مصنف (یعنی بیہقی کے مترجم) نے چھوڑ دیا ہے، بیہقی اور شہرزوری مین ہے، کہ سلطان سنجر (المولود ۴۷۱ھ) کو بچپن مین جب چیچک نکلی تھی اور حکیم خیام اُس کا علاج کر رہا تھا، تو ایک دن جب خیام شہزادہ کو دیکھکر باہر نکلا تو مجیرالدولہ[2] (ابوالفتح علی بن حسین المعزول ۴۹۶ھ) نے پوچھا، کہ شہزادہ کو کیسا پایا، اور کیا علاج کیا، خیام نے کہا، "الصّبیّ مخوفٌ" "بچہ کا خوف ہے"، حکیم کے اس فقرہ کو شہزادہ کے ایک حبشی خدمتگار نے سن لیا،

---

[1] تحقیق کے لیے دیکھو تصنیفات کے سلسلہ مین اُس کے رسالہ میزان الحکم کا ذکر،

[2] زبدۃ النصرۃ ص ۵۵ مصر بعد کو یہ سنجر کا وزیر بھی ہو گیا تھا، ۴۹۶ھ مین معزول ہوا (ابن اثیر ۴۹۶ھ)

اور جاکر شہزادہ سے دہرادیا، شہزادہ خیام سے بدگمان ہوگیا، اور اُس سے نفرت کرنے لگا، بیہقی کا اصل فقرہ یہ ہے،

فلما برء السلطان وضمر بسبب	جب شہزادہ اچھا ہوا تو اس کے سبب سے امام عمر
(ذلک) بغض الامام عمر ( ) وکان یحبّہ	کا بغض دل میں چھپایا اور وہ اُنکو محبوب نہیں رکھتا تھا،

اس سے اندازہ ہوگا، کہ ۵۱۵ھ کے بعد سے وہ کیوں شاہی درباروں میں اور امراء کی مجلسوں میں نظر نہیں آتا، سلطان سنجر کو خیام کے بجائے خیام کے حریف معاصر ابوالفتح ابن کوشک سے عقیدت تھی، درۃ الاخبار میں ہے،

"و بواسطۂ حسن اعتقادے کہ سلطان مغفور سنجر انار اللہ برہانہ بطرف او داشت اکثر کتب او در خزانۂ سلطان بودی، و سلطان را بمطالعۂ کتب او شغفے عظیم بودے" (ص ۷۸)

آذر نے آتشکدہ میں اور والہ داغستانی نے ریاض الشعراء میں اور ہدایت نے مجمع الفصحاء میں لکھا ہے، کہ سلطان سنجر خیام کو اپنے ساتھ تخت پر بٹھاتا تھا،

"خیام و ہو عمر گویند با سلطان سنجر در سریک تخت می نشستہ" (آتشکدہ ص ۱۳۹ بمبئی)

"چنانچہ سلطان سنجر وی را با خود در یک تخت نشانید" (ریاض الشعراء تذکرۂ خیام قلمی کتبخانہ ندوہ)

ان بیانات میں سلطان[1] سنجر کا نام صحیح نہیں، کہ یہ واقعہ جیسا کہ اوپر گذر چکا شمس الملک کے ساتھ کا ہے،

---

[1] واقعات کے سمجھنے کے لیے سلجوقی سلاطین کا حسب ذیل نقشہ پیش نظر رہے،

سلاطین خراسان و ترکستان و ایران و عراق و شام	۱- الپ ارسلان، ۴۵۵ھ - ۴۶۵ھ،	۳- برکیارق بن ملکشاہ ۴۸۵ھ - ۴۹۸ھ
	۲- ملکشاہ، ۴۶۵ھ - ۴۸۵ھ،	۴- محمد بن ملکشاہ ۴۹۸ھ - ۵۱۱ھ
سلطنت خراسان و ترکستان و ایران،	۵- سلطان اعظم سنجر بن ملک شاہ، ۵۱۱ھ - ۵۵۲ھ	
سلطنت عراق و شام	۶- محمود بن محمد، ۵۱۱ھ - ۵۲۵ھ	
	۷- طغرل بن محمد ۵۲۵ھ - ۵۲۹ھ	

اُمراء اور وُزرائے سے تعلّقات،

درباری امیرون اور وزیرون مین سے سب سے پہلا نام اس کے سوانح مین نظام الملک کا آتا ہے، مگر مستند کتابون مین اسکے نام کا ذکر صرف ایک دفعہ ملتا ہے، ابن اثیر مین ہے کہ ملک شاہ اور نظام الملک نے رصدخانہ کی تعمیر کے لیے دوسرے عالمون اور ہیئت دانون کیساتھ عمر خیام کو بھی بلایا[1]، اس حوالہ کے سوا خیام کے مستند سوانح مین نظام الملک کا کوئی تذکرہ نہین ملتا، یہان تک کہ نظام الملک نے ۴۸۵ھ مین شہادت پائی،

نظام الملک کے چند روز کے بعد ملک شاہ نے بھی وفات پائی، اس طرح قلمدانِ وزارت کیساتھ تاجِ سلطنت بھی بدل گیا،

نظام الملک کے دو بیٹے مؤید الملک اور فخر الملک یکے بعد دیگرے برکیاق اور محمد بن ملکشاہ کے وزیر ہوئے، ان دونون کی وزارت ۴۸۷ھ سے ۵۰۰ھ تک ختم ہوجاتی ہے، خیام نے اپنا فارسی فلسفیانہ رسالہ کلیات الوجود انھین دونون بھائیون یا اُن مین سے ایک کے نام پر لکھا، ساتھ ہی اُس مین یہ بھی تصریح ہے کہ وہ اُس کی مجلس مین برابر حاضر رہتا تھا، اور اُس کو اُس کی

[1] ابن اثیر واقعات ۴۶۷ھ،

مجلس میں خاص تقرب حاصل تھا، چنانچہ کہتا ہے،

"چون مرا سعادتِ خدمتِ صاحبِ عادل فخر الملک بن مؤید (؟) حاصل گشت و قربتِ اختصاص داد و بعالی مجلس خویش بہر وقت، از من یادگارے خواستے در علمِ کلیات، پس این جزوے بر مثال رسالتے از بہرِ درخواست او املی (املا) کردہ شد[1]"

۵۰۶ھ میں بلخ میں خیام امیر ابو سعد جرہ کا مہمان تھا جس کا دولت خانہ شہر مذکور کے کوے بردہ فروشان" میں واقع تھا[2]، تاریخوں میں اس نام کا کوئی پتہ نہیں چلتا،

۵۰۸ھ میں سلطان محمد بن ملک شاہ نے جس وزیر کے ذریعہ خیام کو شکار کے لئے نجوم سے کسی بے ابر و باد دن کی تعیین کا حکم بھیجا تھا، اس کا نام نظامی عروضی نے "خواجۂ بزرگ صدر الدین محمد بن مظفر" لکھا ہے، اس سے مراد فخر الملک ابو الفتح مظفر بن نظام الملک کا بیٹا ابو جعفر محمد صدر الدین ہے، جو ۵۰۰ھ میں اپنے باپ فخر الملک کے قتل کے بعد وزیر ہوا، اور ۵۱۱ھ میں سلطان سنجر کے ایک غلام کے ہاتھ سے مارا گیا[3]،

اس کے بعد نظام الملک کا بھتیجا شہاب الاسلام ابو المحاسن عبد الرزاق بن عبد اللہ وزیر ہوا جس نے ۵۱۱ھ سے ۵۱۵ھ تک سلطان سنجر کی وزارت کی، انکی مجلس میں خیام کی آمد و رفت تھی، وہاں علماء و فقہاء کا مجمع رہتا تھا، وزیر خود بھی عالم و فقیہ تھا، اسی کی مجلس میں خیام نے اختلاف قرأت پر بحث کی تھی[4]،

علاء الدولہ فرامرز بن علی بن فرامرز امیر یزد سے اس کے جو تعلقات تھے، انکا ذکر اوپر گذر چکا ہے،

---

[1] دیباچۂ رسالۂ کلیات الوجود خیام موجودہ برٹش میوزیم لائبریری [2] چہار مقالہ ص ۶۲ [3] زبدۃ النصرۃ ص ۲۴۳، [4] ابن اثیر ج ۱۰ ص ۱۵ [5] بیہقی و شہرزوری،

معاصرین سے تعلقات و مباحثات

اس عہد مین یعنی پانچوین صدی کے اواسط و اواخر اور چھٹی صدی کے اوائل مین بڑے بڑے فلاسفہ اور اہل علم زندگی بسر کر رہے تھے، پانچوین صدی ہجری کے اواخر (۵۰۰ھ) تک ابو علی سینا المتوفی ۴۲۸ھ کے متعدد شاگرد زندہ تھے، شہر زوری نے ابو العباس اللوکری (ص ۲۹) کے حال مین لکھا ہے،

سبق اقرانہ الخیامیّ وابن کوشک	ابو العباس لوکری، اپنے ہمسرون، خیام، ابن
والواسطیّ ...... وانّ قوماً	کوشک اور واسطی سے بڑھ گیا تھا ...... اور وہ چند
ھو صدرھم لکبارہ وانہ لعتہ	لوگ جنکا وہ صدر تھا بڑے تھے اور یہ چارون
ھوا ولھم لخیاں،	جنمین وہ اول تھا اچھے تھے،

اس سے معلوم ہوا کہ یہ چارون ارباب دانش ہمسر و ہمعصر تھے، ان مین سے ابو العباس لوکری بہمنیار المتوفی ۴۵۸ھ کا شاگرد تھا، اور خود بہمنیار، ابو علی سینا کا خاص شاگرد تھا، بیہقی اور شہر زوری کے بیان کے مطابق خراسان مین فلسفہ کا رواج اسی ابو العباس کے ذریعہ ہوا،[1]

---

[1] شہر زوری صفحہ ۲۹ و درۃ الاخبار صفحہ ۱،

رصد خانۂ ملک شاہی کے کارکنون مین یہ بھی داخل تھا[1]،

ابو الفتح ابن کوشک بھی حکیم تھا، اور اسکی بہت سی تصنیفات تھین، سلطان سنجر سلجوقی (۵۱۱ھ تا ۵۵۲ھ) اُس کا عقیدتمند تھا، اُس کی تصنیفات اُس کے کتب خانہ مین تھین[2]،

واسطی سے مراد میمون بن نجیب واسطی ہے، جو طب و حکمت و فلسفہ سب کا ماہر تھا، ابو علی سینا کی شفا کے ابواب منطق و طبعیات و الٰہیات کا حافظ تھا، اہل دولت سے کم ملتا تھا، ہرات کا حاکم ظہیر الملک علی بیہقی اُسکا معتقد تھا،

واسطی ہیئت و فلکیات مین بھی ماہر تھا، رصد ملک شاہی کی تیاری کے لیے جو علمائے ہیئت ۴۶۷ھ مین جمع کیے گئے تھے، اُن مین ایک یہ بھی تھا، (ابن اثیر ۴۶۷ھ)

ان کے علاوہ ایک محمد بن عبد الرحیم نسوی، شاگرد بو علی سینا کا نام بھی ہے، جس نے ۴۷۳ھ مین خیام سے کون و تکلیف کے مسئلہ مین مراسلت کی تھی، جو تحریری صورت مین موجود ہے،

مشہور امام ابو حامد محمد غزالی (۴۵۰ھ تا ۵۰۵ھ) بھی خیام کے معاصرین مین تھے، اگر قیاس چاہتا ہے، کہ وہ عمر مین خیام سے کچھ چھوٹے ہون، اور آیندہ کا طرزِ کلام بھی اسی امر کو ظاہر کرتا ہے، ملک شاہ کے دربار سے دونون کو تعلق تھا، مگر دونون دو مسلک کے تھے، خیام بو علی سینا کا حامی اور فلسفۂ یونان کا طرفدار تھا، اور امام غزالی بو علی سینا کے مخالف، اور فلسفۂ یونان کے دشمن تھے، اور خصوصاً تہافت الفلاسفہ کے مصنف کی حیثیت سے اُن کا یہ پہلو سب کے سامنے ہے، جسمین انھون نے ابو علی سینا وغیرہ کی بیجا تکفیر کی ہے،

---

[1] تحفۂ شاہیہ قطب شیرازی ۵۲ شہرزوری صفحہ ۲۳ و درۃ الاخبار ص ۳۵ [2] شہرزوری ص ۲۲ و درۃ الاخبار ص ۷۷،

ایک دفعہ امام غزالی، خیام کی مجلس مین آئے، (اس سے خیام کی عمر کی بڑائی کا اشارہ نکلتا ہے)
اور پرانے یونانی فلسفہ کے مطابق یہ دریافت کیا کہ فلک (آسمان) کے تمام اجزاء مساوی ہین، پھر کیا
سبب ہے کہ فلک کے دو جزء (جنوبی و شمالی) قطبیت کے لیے متعین ہوئے، اور دوسرے اجزاء نہ ہوئے
امام کا مقصود یہ ہے کہ یونانی فلسفہ کے مطابق ترجیح بلا مرجح یعنی معلول بلا علت ہونا محال ہے،
پھر فلک کے موجودہ دو جنوبی و شمالی اجزاے قطبی ہی اجزائے قطبی کیون بنے، درانحالیکہ تمام
اجزاے فلکیہ اجزأ ہونے کی حیثیت سے برابر ہین، ان مین ترجیح کی کوئی وجہ نہین،

خیام نے اس اعتراض کا بڑا لمبا چوڑا جواب دینا شروع کیا، اور حرکت کی حقیقت اور اُس کے
اقسام کی تفصیل شروع کی، لیکن بیہقی اور شہرزوری کا بیان ہے کہ نفس نقطۂ اعتراض کا جواب
خیام نے نہین دیا، اور کہتے ہین کہ خیام کی خاص عادت یہ تھی کہ وہ اپنے علم مین بخیل تھا، بہرحال
خیام کی یہ تقریر اتنی طولانی ہوئی کہ ظہر کا وقت آگیا، اور موذن نے اذان دی، اور غزالی یہ کہکر اٹھ گئے،

جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ (قرآن) حق (اذان) آگیا اور باطل (فلسفیانہ بحث) رخصت ہوا،

ظاہر ہے کہ یہ ملاقات شہر نیشاپور مین ہوئی ہوگی، امام صاحب کے قیام نیشاپور کے دو زمانے
ہین، ایک طالب العلمی مین، جب وہ امام الحرمین کے درس مین شریک تھے، امام الحرمین نے
۴۷۸ھ مین وفات پائی، اور اس کے بعد ۴۸۴ھ مین امام غزالی مدرسۂ نظامیہ بغداد کے مدرس
ہو گئے اور پھر یہین سے فلسفہ سے دل برداشتہ ہو کر ۴۸۸ھ سے ۴۹۹ھ تک وہ دمشق، بیت المقدس،
مکہ معظمہ، اور اپنے وطن طوس مین تصوف کی مشق کرتے رہے، اور فلسفہ کا رد لکھتے رہے، پھر
ذوقعدہ ۴۹۹ھ مین فخر الملک بن نظام الملک وزیر سلطان سنجر کے اصرار سے مدرسۂ نظامیہ

نیشاپور کی رہی اختیار کی، اور دوبارہ نیشاپور آئے، فخر الملک ۵۰۰ھ میں مارا گیا، اور امام صاحب نیشاپور سے پھر طوس چلے گئے، اور وہین ۵۰۵ھ مین وفات پائی[1]،

امام صاحب آغاز عمر مین ۴۸۴ھ تک جب وہ پہلی بار نیشاپور سے بغداد کو گئے ہین، فلسفہ سے بدگمان نہ تھے، ان کی بدگمانی کا عہد ۴۸۸ھ سے شروع ہوتا ہے، اور اس حالت مین نیشاپور کی واپسی ۴۹۹ھ مین ہوئی، اس سے یہ پہلو بظاہر قوی معلوم ہوتا ہے، کہ عمر خیام اور امام غزالی کی یہ ملاقات اور گفتگو ۴۹۹ھ اور ۵۰۰ھ مین ہوئی ہوگی،

اوحد الزمان ابو البرکات بن ملکا بغدادی المتوفی ۵۴۷ھ جس نے فلسفہ مشائیہ کے رد مین المعتبر نام کتاب لکھی تھی، وہ بھی خیام کا چھوٹا معاصر تھا، یعنی خیام عمر مین اُس سے بڑا تھا، اُس کے بارے مین علاء الدولہ فرامرز سے جو خود ایک بڑا فلسفی اور حکیم تھا (درۃ الاخبار ص ۸۶ و شہرزوری ص ۲۵) خیام کی جو نوک جھوک ہوئی، وہ اوپر گذر چکی،

خیام کا ایک اور نامور معاصر ابو حاتم مظفر اسفرائنی (ابو المظفر؟ اسفزاری) ہے، یہ مہندس اور ہیئت دان تھا، اور رصدخانہ کے کامون مین بقول ابن اثیر یہ بھی خیام کا شریک تھا، اسمین اور خیام مین بڑے بڑے مناظرے اور تحریری سوال و جواب ہوتے تھے، شہرزوری مین ہے،

کان حکیما معاصرا للخیام وبینہما	وہ حکیم تھا، اور خیام کا معاصر تھا، اور ان
مناظرات، (ص ۲۹)	دونون کے درمیان مناظرے ہین،

بیہقی کے فارسی ترجمہ درۃ الاخبار مین ہے،

[1] یہ سنین امام صاحب کی تصنیف المنقذ من الضلال اور مولانا شبلی مرحوم کی الغزالی سے لیے گئے ہین،

"حکیمے باوانش و رہنمائی و معاصر فیلسوف عمر خیّام بود، و میان ایشان مناظرات بسیار و معارضات بے شمار بودہ" (ص ۹۹)

مگر دونون تذکرہ نگار لکھتے ہین کہ خیّام کا پایہ مظفر سے اونچا تھا، مظفر کو علم جر ثقیل اور آلات رسانی مین زیادہ کمال تھا، اس نے شاہی خزانہ کے لیے یونانی حکیم ارشمیدس کے اصول پر خالص سونے کے تولنے اور آمیزش کے دریافت کرنے کی ترازو سالہا سال کی محنت مین تیار کی تھی، مگر شاہی خزانچی نے اپنے جرم خیانت کے ڈر سے اس کو توڑ ڈالا، مظفر کو جب اپنی اس محنت کی بربادی کا علم ہوا، تو اتنا متاثر ہوا کہ تاب غم نہ لا سکا، اور مر گیا،

یہی دونون تذکرہ نگار بیہقی اور شہرزوری لکھتے ہین کہ "مظفر خیّام کے برخلاف طلبہ اور شاگردون پر مہربان رہتا تھا"

یہ مظفر غالبًا وہی ہے جس کو ابن اثیر نے رصد ملک شاہی کے کارکنون مین خیّام کیساتھ ابو المظفر اسفزاری کے نام سے لکھا ہے، اور جس سے نظامی عروضی ۵۰۶ھ مین بلخ مین خیّام کے ساتھ ملا تھا[1]،

دُرّۃ الاخبار کے عنوانِ حال مین "ابو حاتم المظفر الاسفزاری" لکھا ہے، اور خاتمۂ حال مین "حکیم ابو المظفر" لکھا ہے، اور شہرزوری مین "ابو حاتم المظفر الاسفراینی" ہے، اور قفطی نے اپنی اخبار الحکماء مین اس کا نام نہین لیا ہے، بہرحال یہ ظاہر ہے کہ یہ دونون نام ایک ہی شخص سے عبارت ہین، اور جو فرق ہے وہ کاتبون کی تصحیف ہے،

---

[1] چہار مقالہ عروضی ص ۶۳، گب،

اس کی تاریخِ وفات کسی نے نہین لکھی تاہم نظامی عروضی کے بیان کے مطابق ۵۰۶ھ تک تو وہ زندہ تھا ہی، لیکن فلزات والی ترازو اُس نے جس سلطان کے خزانہ کے لیے بنائی تھی، اُس سے مراد غالباً سلطان سنجر سلجوقی ہے، اگر ایسا ہے، تو ۵۱۵ھ کے بعد جو سنجر کے تسلطِ عام کا زمانہ ہے، مظفر نے وفات پائی، اس تخمینہ کی ایک اور تائید یہ ہے، کہ میزان الحکمۃ کے نام سے فلزاتی ترازو کے طریقوں پر مظفر کے معاصر عبدالرحمان خازن نے جو کتاب لکھی تھی، اور جس کے دو مختلف نسخے مکتبہ آصفیہ حیدرآباد اور کتب خانہ جامع مسجد بمبئی میں ہین، اُن میں سے دوسرے نسخہ (بمبئی) مین اس ترازو کی ساخت کا ذکر ۵۱۵ھ مین کیا گیا ہے، اور پہلے نسخہ (حیدرآباد) کے آٹھوین مقالہ مین ان ابو حاتم مظفر اسفزاری کی ترازو والجامع ذوالکفات کا ذکر ہے،

خیام اپنے ریاضی دان معاصرین مین محمد بن احمد معموری بیہقی کے فضل و کمال کا معترف تھا، ابوالحسن بیہقی، اور شہرزوری لکھتے ہین، کہ ریاضیات مین یہ (معموری) ابنو موسیٰ (خلیفہ مامون عباسی کے معاصر) کا ہم رتبہ تھا مخروطات مین اُس نے ایک کتاب لکھی تھی جس سے بہتر اس سے پہلے نہین لکھی گئی، عمر خیام ان علوم مین اُس کی سبقت اور تبحر کا اقرار کرتا تھا، شہرزوری مین ہے،

وعمر الخیامی یعترف بتبریزہ فی تلک العلوم، (ص ۷)

اور عمر خیام ان علوم مین اُس کی فضیلت کا معترف تھا،

درۃ الاخبار مین ہے،

"و امام عمر خیام در تفوق و تمیز او از اقران معترف بود" (ص ۱۲۰)

محمد بن احمد معموری بھی رصدِ ملک شاہی مین کام کرتا تھا، یہ رصد خانہ اصفہان مین قائم تھا

اور اسی کے اطراف مین باطنیہ کا زور تھا، سلطان محمد بن ملک شاہ سلجوقی نے جب قلعہ اصفہان کے باطنیون پر حملہ کیا تو یہ محمد بن احمد معموری بھی باطنی کے شبہ مین عوام کے ہاتھ سے قتل ہوا، (شہرزوری ص ۱۴۸ و درۃ الاخبار ص ۱۲۰) سلطان محمد بن ملک شاہ کا یہ حملہ جیسا کہ ابن اثیر مین ہے سنہ ۵۰۰ھ مین ہوا تھا، اس لیے یہی زمانہ اس حکیم کی وفات کا ہوگا،

حکیم کے معاصر شعرا مین عالی رومی نے ربیع المرسوم مین رسالہ تبریزی کے حوالہ سے لکھا ہو کہ

"در رسالہ تبریزی می نوشتہ کہ عمدۃ الشیوخ واصل معالی سیر شیخ ابوسعید ابوالخیر و مولٰنا حکیم ناصر خسرو، وشمس الحکما ر مولٰنا سنائی و حکیم سوزنی و مولانا نظامی عروضی ہر یک معاصر خیام بودند، واحیانا بمراسلات و مکاتبات ابواب استفادہ و موالفت را در کشودند[1]"

لیکن بعض نام اس فہرست مین صریحاً غلط ہین، چنانچہ ان بزرگون کی وفات کی تاریخین اس معاصرت کے مسئلہ کو حل کرینگی،

۱- ابوسعید ابوالخیر المتوفی سنہ ۴۴۰ھ	۳- سنائی المتوفی سنہ ۵۴۵ھ[3]
۲- حکیم ناصر خسرو، تقریباً سنہ ۴۶۰ھ[2]	۴- نظامی عروضی " بعد سنہ ۵۵۲ھ
۵- سوزنی المتوفی سنہ ۵۶۹ھ	

سلطان ابوسعید ابوالخیر کی معاصرت تو ناممکن ہے، اور سوزنی کی بمشکل قابلِ اعتبار ہی البتہ ناصر خسرو، سنائی اور نظامی عروضی کی صحیح ہو مگر ان مین سے ملاقات صرف نظامی عروضی کی ثابت ہی، جیسا کہ اس کے چہار مقالہ مین مذکور ہے،

---

[1] نسخہ قلمی دار المصنفین ص ۱۳، [2] خسرو کے تصنیفی قرائن سے یہی تاریخ نکلتی ہے [3] سنائی کی سنہ ۵۲۵ھ تاریخِ وفات غلط ہے،

وفات

تعیین عمر | ہم نے شروع مین پوری احتیاط اور استدلال سے خیام کی وفات کی تاریخ ۵۱۷ھ اور تاریخ ولادت ۴۳۱ھ قرار دی ہے، اس حساب سے وفات کے وقت اس کی عمر چھیاسی، ستاسی برس کی ہوگی،

کیفیت وفات | اسکی وفات کا واقعہ بھی نہایت عجیب ہے، اُسکا معاصر تذکرہ نگار بیہقی اس کے داماد امام محمد بغدادی سے سنکر لکھتا ہے، کہ خیام ایک دن ابوعلی سینا کی مشہور فلسفیانہ تصنیف شفا کی الٰہیات کا مطالعہ کر رہا تھا، جب واحد و کثیر کی بحث پر پہنچا، تو سونے کا خلال کتاب مین رکھکر کتاب بند کر دی، اور کہا کہ چند سمجھ دارون کو بلاؤ مجھے وصیت کرنی ہے، پھر وصیت کی، اور نماز کے لیے کھڑا ہوگیا، اس وقت سے پھر نہ کچھ کھایا، نہ پیا، رات کو عشا کی نماز کے سجدہ مین اسکی زبان سے یہ فقرے ادا ہو رہے تھے، کہ "بار الٰہا! تو جانتا ہے کہ مین نے اپنے امکان بھر تجھکو جانا، تو مجھے معاف کر، کہ مین نے تجھکو جتنا بھی جانا، وہی تیرے حضور مین میرا وسیلہ ہے" یہ کہتے کہتے وہ مرغ خوشنوا ہمیشہ کے لیے خاموش ہوگیا[1]،

خاقانی نے مرثیہ نہین لکھا | صاحب نظام الملک نے اس موقع پر خاقانی کا جو مرثیہ نقل کیا ہے[2]، وہ حکیم غیاث الدین عمر بن ابراہیم خیام کی موت پر نہین بلکہ حکیم کافی الدین عمر بن عثمان کی موت پر ہے، جو خاقانی کا چچا تھا اور جسکی تربیت مین وہ پلا تھا،

مدفن | خیام نے نیشاپور مین وفات پائی، اور وہین کے ایک گورستان مین جسکا نام حیرہ تھا، دفن ہوا[3]،

۱؎ تاریخ الحکماء بیہقی و شہرزوری ۲؎ نظام الملک طوسی مطبع نامی کانپور ص ۲۰۳ ۳؎ چہار مقالہ عروضی سمرقندی ص ۶۳ گب ۔

خیام نے اپنی قبر کی نسبت اپنی زندگی مین ایک عجیب[1] پیشین گوئی کی تھی، جو حرف حرف پوری ہوئی، نظامی عروضی کہتا ہے، کہ ۵۰۶ھ مین شہر بلخ مین بردہ فروشون کی گلی مین امام عمر خیام اور خواجہ مظفر اسفزاری ٹھہرے تھے، مین اُن سے ملنے گیا، خیام نے باتون باتون مین کہا کہ میری قبر ایسی جگہ ہوگی، جہان ہر موسم بہار مین، بادِ شمال اُس پر پھول برسائیگی، عروضی کہتا ہے کہ خیام کی یہ پیشین گوئی مجھے محال معلوم ہوئی، لیکن مین جانتا تھا کہ امام خیام تو نہین بکتا، ۵۳۰ھ مین نیشاپور پہنچا، تو چار (یا چند) سال ہوئے تھے، کہ وہ زیرِ خاک ہو چکا تھا، مجھ پر اُسکی استادی کا حق تھا، جمعہ کے دن اُس کی زیارت کو گیا، ایک شخص کو اپنے ساتھ لے گیا کہ اس کی قبر کا پتہ بتائے، وہ مجھکو گورستان حیرہ مین لے گیا، بائین ہاتھ مڑا، تو باغ کی دیوار کے نیچے قبر پائی، دیکھا کہ امرود اور زردآلو کے درخت لگے ہین، اور پھولون کی اتنی پتیان اُس پر گری ہین کہ قبر بالکل ڈھک گئی ہے، اس وقت مجھکو بلخ کا واقعہ یاد آیا اور رو پڑا،

مزید احتیاط کے لیے ہم اس موقع پر چہار مقالہ کی اصل عبارت نقل کر دیتے ہین، ساتھ ہی

---

[1] ایک عجیب حادثہ:- عین اس وقت جب قلم نے یہ لفظ لکھا تار پیون نے میرے عزیز داماد سید علی اشرف مرحوم کی وفات کی خبر کا تار لاکر ہاتھ مین دیا، انا للہ، مرحوم چار برس سے سل مین مبتلا تھا اُس کی جوانمرگی کا ماتم!

غمزدہ سلیمان (۲۱ر نومبر ۱۹۳۰ء)

ہمارے فاضل دوست پروفیسر عبد القادر صاحب (دکن کالج پونہ) نے چہار مقالہ کا جو ایک نیا قلمی نسخہ دریافت کیا ہے، اس کے تقابل سے جو اختلافاتِ نسخ نظر آتے ہیں اُن کو بھی حاشیہ مین لکھ دیتے ہین[1]،

قزوینی کا مطبوعہ نسخہ

"خواجہ امام عمر خیامی[1] و خواجہ امام مظفر[2] اسفزاری[3] نزول کردہ بودند و من[4] بدان خدمت پیوستہ بودم در میان مجلس عشرت از حجة الحق عمر شنیدم[5] کہ او گفت گور من در موضعی باشد[6] کہ ہر بہاری شمال بر من[7] گل افشان میکند، مرا این سخن مستحیل نمود و دانستم کہ چنونی[8] گزاف نگوید، چون در سنہ ... بنیشاپور رسیدم چہار[9] (چند-ن) سال بود تا آن بزرگ روی در نقاب خاک کشیدہ بود و عالم سفلی از وی یتیم ماندہ، و او را[10] بر من حق استادی بود، آدینہ[11] بزیارت او رفتم و یکے را با خود ببردم[12] کہ خاک او[13] بمن نماید مرا بگورستان حیرہ بیرون آورد و بر دست چپ گشتم[14] در پایین[15] دیوار باغی خاک او دیدم[16] نہادہ و درختان[17] امرود و زرد آلو سر از آن[18] باغ بیرون کردہ[19] و چندان برگ شکوفہ[20] بر خاک او ریختہ بود کہ خاک او در زیر گل پنہان[21] شدہ بود،"

---

[1] (بمبئی والا قلمی نسخہ) [1] عمر خیام [2] خواجہ منظفر [3] اسفزانی [4] من بخدمت [5] پرسیدم [6] بود [7] بر او گل افشان کند [8] چنین مرد [9] و چند سال بود کہ آن [10] او را حق استادی [11] روز آدینہ [12] تا [13] او را [14] گشتیم [15] پایان [16] خاک او نہادہ [17] و درختان زرد آلو [18] سر از تن باغ [19] کشیدہ [20] برگ و شکوفہ [21] ناپدید گشتہ پس مرا آن حکایت،

"چہار مقالہ کا یہ قلمی نسخہ جس کا پروفیسر صاحب نے پتہ چلایا ہے بمبئی مین ملا فیروز کے کتب خانہ مین ہے، یہ نسخہ مستقل طور پر نہین لکھا گیا ہے بلکہ کتاب وصایاے نظام الملک کے حواشی پر درج ہے، سنہ کتابت معلوم ہوتا ہے چھوٹ گیا ہے گو وصایا کے اختتام پر دیا ہوا ہے، مگر صاف نہین، چہار مقالہ کے آخر مین یہ عبارت ہے، "تمت رسالہ مجمع النوادر بستم ذی حجہ ... سنہ" وصایا کے اختتام پر یہ عبارت ہے :-

"تمت الوصایاے سلطان الوزرا خواجہ نظام الملک علیہ الرحمہ و المغفرہ بتاریخ شانزدہم ذیقعدہ سنہ ۱۱... من ہجرہ"

اس نسخہ کے پہلے ورق کی پشت پر ایک مربع مہر ہے جسمین یہ عبارت اور سنہ ہے :- قمر الدین حسن الحسینی سنہ ۱۱۹۴،

اس سے ثابت ہوتا ہے کہ یہ نسخہ سنہ ۱۱۹۴ کے پیشتر کا ہے، مجمع النوادر کے آخر مین سنہ کے نیچے جو ... لکھا ہے وہ غالباً [illegible]

تلامذہ

خیام بخیل العلم تھا؟ | خیام کی نسبت یہ عام شکایت کیگئی ہے، کہ وہ اپنے علم مین بخیل تھا، اسی لئے نہ اُس نے بڑی بڑی تصنیفات کین، اور نہ وہ طالب علمون اور شاگردون کے ساتھ لطف سے پیش آتا تھا، بیہقی اور شہرزوری مین ہے،

ولہ ضنّۃ بالتصنیف والتعلیم	اس کو تصنیف کرنے اور سکھانے مین بخالت تھی،

ابوحاتم مظفر اسفرائنی کے حال مین شہرزوری مین ہے،

وکان رؤفا بالمتعلمین والمستفیدین	خیام کے برخلاف ابوحاتم مظفر طالب علمون
علی خلاف طبیعۃ الخیامی (ص۲۰)	اور شاگردون پر مہربان تھا،

اس کا سبب | غالبًا یہی سبب ہے کہ خیام کے تلامذہ کا حلقہ بہت مختصر ہے، اور یہ بھی وجہ ہے کہ وہ آخر عمر مین جب اہل کمال استادی کے مرتبہ کو پہنچتے ہین لا ادریت تک ترقی کر چکا تھا، اور اس منزل مین آکر تعلیم و تعلّم، درس و تدریس، اور استادی و شاگردی سب ہیچ نظر آتی ہے، خود اوس کی ایک رُباعی ہے،

یک چند بکودکی باُستاد شدیم	یک چند باستادی خود شاد شدیم
پایانِ سخن نگر کہ مارا چہ رسید	چون آب بر آمدیم و چون باد شدیم

(نسخہ بوڈلین)

چند شاگردون کے نام

بہرحال اس کے دو تین شاگردون کے نام بمشکل معلوم ہوئے ہین،

۱- **ابوالمعالی عبداللہ بن محمد میانجی عین القضاۃ**، یہ خیام اور امام احمد غزالی المتوفی ۵۲۶ھ کے برادر امام محمد غزالی دونون کے شاگرد تھے، انھون نے گویا (خیام کے) فلسفہ اور (امام احمد غزالی) تصوف کو ملاکر ایک نئی چیز گھڑی کی، وزیر ابوالقاسم استرآبادی نے کسی عداوت کے سبب اُن کو پھانسی دیدی، کشف الظنون مین ۵۲۵ھ تاریخ وفات لکھی ہی، شہرزوری مین ہے،

کان من تلامذۃ الخیامی وتلامذۃ احمد الغزالی وخلط کلام الصوفیۃ بکلام الحکماء، (ص ۴۹)

درۃ الاخبار (ص ۹۱) مین مزید یہ ہے کہ اُنھون نے اپنی اس کتاب کا نام زبدۃ الحقائق رکھا، اس کے قلمی نسخے لاہور یونیورسٹی اور انڈیا آفس کے کتبخانون مین موجود ہین،

۲- دوسرا شخص حکیم **علی بن محمد حجازی قاینی** ہے، بیہق مین اس کا قیام رہتا تھا، سلطان سنجر سلجوقی (۵۱۱ھ-۵۵۲ھ) اور خوارزمشاہ اتسز بن محمد (۵۲۱ھ-۵۵۱ھ) کے نام سے کتابین لکھی ہین، ۵۴۶ھ مین نوے سال کی عمر مین وفات پائی،

"او از شاگردان امام عمر خیام بود" (درۃ الاخبار ص ۱۰۶)

ان کے علاوہ ایک شخص اور ہے،

۳- احمد بن عمر بن علی **نظامی عروضی** سمرقندی، سمرقند کا باشندہ تھا، ملوک غور کے دربار مین رہتا تھا، چہار مقالہ کا مصنف ہے، اس نے اپنی یہ کتاب (حسب تحقیق عبدالوہاب قزوینی محشی چہار مقالہ) ۵۵۱ھ اور ۵۵۲ھ کے درمیان لکھی، یہ شاعر، ادیب، اور منجم تھا، بہرحال وہ اپنے

کو خیّام کا شاگرد اور اس کو اپنا استاد کہتا ہے، (چہار مقالہ ص ۶۳) وہ خود بھی منجم تھا (ص ۶۶)
اور اُس نے خیّام کا ذکر بھی منجمین کے زمرہ مین کیا ہے اس سے قیاس ہوتا ہے کہ وہ علم نجوم ہی
مین خیّام کا شاگرد تھا،

ایک فقیہ شاگرد کا قصہ | آثار البلاد مین زکریا قزوینی المتوفی ۶۸۲ھ نے ایک قصہ لکھا ہے کہ ایک فقیہ
صاحب صبح تڑکے آکر خیّام سے فلسفہ کا درس لیتے تھے، اور جب اپنے معتقدون کے حلقہ مین بیٹھتے
تھے تو اُس کو برا بھلا کہتے تھے، خیّام کو اس کی خبر لگی تو اُس نے ایک سنجیدہ مذاق کیا، سویرے ہی
اس نے چند ڈھول بجانے والون کو گھر مین چھپا کر بٹھا دیا، جب فقیہ صاحب حسب دستور سبق پڑھنے
آئے تو اُس نے ڈھول والون کو اشارہ کیا، انھون نے ڈھول پٹینا شروع کیا، لوگ جمع ہوگئے،
تو اُس نے کہا دیکھو یہ تمھارے فقیہ شہر تم سے چھپکر مجھ سے پڑھنے آتے ہین، اور تم مین بیٹھ کر مجھے بُرا
بھلا کہتے ہین[1]،

آثار البلاد ۶۷۴ھ کی تصنیف ہے،

کیا امام غزالی بھی شاگرد تھے؟ | ربیع المرسوم مین عالی رومی نے کسی کتاب سے (حوالہ کا صفحہ ہمارے نسخہ
سے کھو گیا ہے) نقل کیا ہے، کہ امام غزالی باصرار حکیم خیّام کے شاگرد ہوئے، اور بارہ برس اوسکی
صحبت مین رہے، وہ برابر خیّام سے تدریس کی اجازت مانگتے تھے مگر وہ نہین دیتا تھا، آخر ایک
دن مستی کی حالت مین اجازت دیدی، رومی کی اصل عبارت یہ ہے،

گویند کہ پیشوائے بزرگوار عالی، امام محمد بن محمد غزالی، از خدمت حکمت مآبی استفادۂ علم حکمی فرمودی،

---

[1] آثار البلاد و اخبار العباد زکریا قزوینی، ذکر نیشاپور ص ۳۱۸،

اما حکیم مشار الیہ تعلیم وتدریس را رخصت ننمودے، بعد از ابرام والحاح کہ می بودے بحالتِ مخموری افادہ بیک دو کلمہ چراغ تعہد بر فرودے، تا دوازدہ سال بدین نہج و منوال، امام ہمام خجستہ خصال بمذاکرہ علوم مشغوف و میال گشتی، وکتاب حکمۃ العین را در اثنائے آن توغل نوشتے، باز برخصت حکیم بمشہد رضویہ کرامت نعیم میرفتے، اما مقصود ایشان ازین تعلم واذعان، بطلانِ براہین حکما، روشناسان بودے[۱]"

امام غزالی کا استفادہ ممکن ہے، مگر امام موصوف کے احوال مین کسی نے خیام کا نام نہین لیا ہے، اس لیے یہ بیان مشکوک ہے، خصوصًا بارہ سال کا زمانہ اس طرح گذارنا امام غزالی کے حال مین قابل ترک واقعہ نہ تھا، مگر نہ تو امام نے اپنے احوال مین اور نہ تذکرہ نگارون نے انکے حالات مین اسکا ذکر کیا ہے، پھر حکمۃ العین نام کی کوئی کتاب امام کی مصنفات کی فہرست مین نہین، حکمۃ العین عربی فلسفہ کی جو ایک مشہور کتاب ہے، وہ نجم الدین علی کاتبی قزوینی المتوفی ۶۷۵ھ کی تصنیف ہے،

البتہ بیہقی نے تاریخ الحکما مین غزالی اور خیام کی ملاقات اور سوال و جواب کا حال لکھا ہے، جو اوپر گذر چکا ہے،

---

[۱] ربیع المرسوم ص ۱۴۷، صفحات، دار المصنفین مین لگائے گئے ہین،

تصنیفات

خیام پر تصنیفی بخل کا الزام

خیام کی نسبت بیہقی نے لکھا ہے، اور شہرزوری نے اس کو نقل کیا ہے، کہ "وہ تصنیف مین بخیل تھا" بیہقی سنہ ۵۰۷ھ مین اس سے ملا تھا، یہ خیام کے اواخر زندگی کے سال ہین ان تذکرہ نویسون نے اس کی تعلیم و تصنیف کے عدم ذوق کو علمی و تعلیمی بخل پر محمول کیا ہے، لیکن درحقیقت ایسا نہین معلوم ہوتا جس شخص نے بڑی ہی کاوش و جدوجہد سے جبر و مقابلہ کے اصول پر بے مثال کتاب تصنیف کی ہو، اور اصول اقلیدس پر محققانہ کتاب لکھی ہو، اور مشاہدات فلکی کی زیچ تیار کی ہو، اس کو کوئی بخیل العلم نہین کہہ سکتا، مگر رباعیات خیام کے پڑھنے والے سے یہ راز چھپا نہین رہ سکتا کہ حکیم خیام اواخر عمر مین فلسفہ دانی کے اس درجہ پر پہنچ گیا تھا جہان ہر حکیم اپنے علم کے کمال اور زندگی کے پایان کار مین پہنچ جاتا ہے، یعنی مرتبۂ علم کی ہیچ میرزی، دانستہ نادانی، اور عالمانہ اقرار جہل،

"معلوم شد کہ ہیچ معلوم نہ شد"

دل گفت مرا علم لدنی ہوس است — تعلیم کن اگر ترا دسترس است

گفتم کہ الف، گفت دگر ہیچ مگو — در خانہ اگر کس است یکحرف بس است

---

(۱) خیام "نسخۂ بوڈلین"

پیچند بگودکی باستاد شدیم — پکچند باستادی خود شاد شدیم
پایان سخن نگر کہ مارا چہ رسید — ولہٗ — چون آب بر آمدیم و چون باد شدیم

من ظاہر نیستی و ہستی دانم — من باطن ہر فراز و پستی دانم
با این ہمہ از دانش خود شرمم باد — ولہٗ — گر مرتبۂ ورائے مستی دانم

از درس علوم جملہ بگریزی بہ — واندر سر زلف دلبر آویزی بہ

(نسخۂ بوڈلین)

ان اشعار سے ثابت ہے، کہ خیام اواخر عمر مین علم کے کس رتبہ پر تھا، اور اس لئے نوآموزگان علم وفن جو ابھی تک ”علوم وفنون“ کے طلسمات مین پھنسے تھے، اس کو ”بخیل العلم“ سمجھنے مین درحقیقت معذور سمجھے جاسکتے ہین، اسی سے یہ نظریہ بآسانی قیاس مین آسکتا ہے کہ خیام کی جن تصنیفات مین سعی ومحنت اور جدوجہد آشکارا ہے، وہ اُس کے آغاز و اواسط عمر کی کمائی ہے، انتہائے عمر کی نہین، اور رباعیات جنہین اس کے اس خیال کی بہتات ہے، اس کے اواخر عمر کا سرمایہ ہین،

تصنیفات کے نام — خیام کی تصانیف کا ذکر سب سے پہلے بیہقی مین ملتا ہے، بیہقی نے اس کے حسب ذیل تین رسالون کے نام لیے ہین،

۱- رسالہ مختصر طبیعیات،

۲- رسالہ بحث وجود،

۳- رسالہ کون وتکلیف،

انھین تینون رسالون کے نام شہرزوری نے بتائے ہین،

تاریخ الفی مین اس کے دو نئے رسالون کے نام ہین،

۴- میزان الحکم (فلزات کے وزن دریافت کرنے مین)

۵- رسالہ لوازم الامکنہ (انقلاب موسم اور مختلف اقلیمون کے اختلاف آب وہوا کے بیان مین)

حاجی خلیفہ چلپی نے زیج کے بیان مین لکھا ہے،

۶- زیج ملک شاہی لعمر الخیام،

بروکلمن (BROCKELMAN) نے تاریخ علوم عرب مین اسکی دو اور کتابون کے پتے دیئے ہین،

۷- رسالۃ فی الاحتیال لمعرفۃ مقداری الذہب و الفضۃ،

۸- رسالۃ فی شرح ما اشکل من مصادرات کتاب اقلیدس،

حاجی خلیفہ نے کشف الظنون مین اس کے ایک اور رسالہ کا تذکرہ کیا ہے،

۹- رسالۃ فی الجبر و المقابلۃ،

۱۰- خیام نے اپنے اسی رسالہ جبر و مقابلہ مین اپنی ایک اور تصنیف کا حوالہ دیا ہے،[1]

کتاب البرهان علی طرق استخراج اضلاع المربعات والمکعبات،

علمائے مصر مین سے ایک صاحب محی الدین صبری کردی (شیخ المقر السلطان قلاون مصر) نے ۱۳۳۰ھ مطابق ۱۹۱۷ء مین مطبع سعادت مصر سے ابوعلی سینا اور عمر خیام وغیرہ کے چند رسائل کا مجموعہ شائع کیا ہے، اور اس کا نام جامع البدائع رکھا ہے، اس مجموعہ مین بوعلی سینا

---

[1] رسالہ جبر و مقابلہ خیام مطبوعہ پیرس ۱۸۵۱ء صفحہ ۹

کے چند رسالے تو بو علی سینا کے اس مجموعۂ رسائل سے لیے گئے ہین، جو ۱۸۹۴ء مین لیڈن مین چھپا تھا اور اس کے نام کے بقیہ رسائل اور عمر خیام کے تین رسالے ناشر نے نور الدین بک مصری کے کتبخانہ سے حاصل کیے ہین، یہ مجموعۂ رسائل کتبخانۂ مذکور مین ۶۹۹ھ کا لکھا ہوا ہے، اور نہایت عتیق ہے[1]

اس مجموعہ مین خیام کے یہ تین رسالے ہین،

۱۱- پہلا رسالہ کون و تکلیف،

۱۲- دوسرے رسالہ مین مسائل ثلاثہ، تین سوالون کے جواب ہین، کیا خدا شر کا مبدا ہے؟ جبر و قدر مین حق کیا ہے؟ باقی کی صفت زائد بر ذات ہے؟

۱۳- تیسرے رسالہ کا عنوان الضیاء العقلی فی موضوع العلم الکلی ہے، ناشر یا کسی دیباچہ نگار نے لکھا ہے کہ اس مین موجود اعلی کے علم کو استدلال سے حاصل کرنے کے استحالہ اور علم اعلی (الہیات) کے موضوع کی تعیین کی گئی ہے، لیکن یہ درحقیقت بحث وجود پر ہے،

۱۴- اسی بحث وجود پر اس کا ایک اور رسالہ ملتا ہے، جس کے تین نسخے اسوقت ہمارے سامنے ہین، پہلا نسخہ ہندوستان ہی مین پروفیسر شیخ عبد القادر صاحب (پونہ) کے پاس ہے، اور جو جناب عبد القادر بن جمال الدین نائکی، بی اے، ایم ال سی، رئیس بیجاپور حال ساکن ہبلی، احاطہ بمبئی کی ملکیت ہے، شیخ صاحب موصوف کے پاس صوفیانہ و فلسفیانہ رسائل کا ایک قلمی مجموعہ ہے، جسمین ارسطو، فارابی، ابو علی سینا، شیخ الاشراق مقتول سہروردی، ملا افتخار الدین دامغانی، اور میر محمد باقر داماد المتوفی سنہ ۱۰۴۰ھ کے رسائل ہین، خط ایرانی نستعلیق ہے، مجموعہ کے ایک رسالہ (مختصر من قول الحکیم ارسطو فی النفس)

---

[1] دیکھو خاتمۂ جامع البدائع مطبوعۂ مطبع سعادت، مصر، ص ۲۰۵، سنہ ۱۳۳۰ھ،

پر کتابت[1] کا سال ۱۰۲۷ھ لکھا ہے،

اس مجموعہ مین ایک مختصر عربی رسالہ ہے، جس کی لوح پر "رسالۃ للحکیم عمر الخیام بخط کاتب قوم" ہے، رسالہ کا پہلا فقرہ دو سطر کی حمد و نعت کے بعد یہ ہے، "الاوصاف للموصوفات علی ضربین" رسالہ کے آخر مین "ستعرف تفصیل ھذا الکلام بعد ھذا الفصل" ہے، لیکن چند سطرون کے بعد یہ رسالہ ختم ہو جاتا ہے، جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ ناقص ہے،

اس رسالہ کے دو اور نسخے برلن کتبخانہ مین موجود ہین، ان دونون کے فوٹو مجھی ڈاکٹر زبیر صاحب صدیقی کے ذریعہ سے مجھ تک پہنچے ہین، ان دونون مین سے ایک کے اول پر اور دوسرے کے آخر مین رسالہ کا نام "رسالہ الوجود" لکھا ہی جس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ خیام کا دوسرا رسالۂ وجود ہے، یہ دونون نسخے بھی اسی طرح تمام ہوئے ہین،

۱۵۔ ۱۹۰۸ء مین حضرۃ الاستاذ علامہ شبلی نعمانی مرحوم نے مجھے حیدرآباد دکن بھیجا تھا کہ وہان جا کر نواب عماد الملک مولوی سید حسین بلگرامی مرحوم کے کتب خانہ سے وہ کتابین لے آؤن، جو نواب صاحب نے ندوۃ العلماء کو دی تھین، اس تعلق سے مین نے تقریبًا ایک مہینہ نواب صاحب مرحوم کے ساتھ ان کے کتب خانہ مین کتابون کے نکالنے اور رکھنے کا کام کیا، نواب صاحب مرحوم بنفس نفیس اسٹول پر چڑھکر ایک ایک کتاب کو نکال کر دیتے جاتے تھے، اور مین ان کو علحدہ رکھتا جاتا تھا، اسی ضمن مین ایک مختصر سے فارسی رسالہ پر نظر پڑی، جس پر "مکاتبات عمر خیام"

---

[1] "این کتاب با رسالہائے عربی و فارسی از حضرت ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ وکشاف معضلات حقایق، یعنی حکیم الملک صاحب ادام اللہ تعالیٰ این فقیر خاکسار یوسف علی القفار دائم الحال در دعا بودہ با تمام رسانید سنہ ۱۰۲۷ھ" لفظ حکیم الملک صاحب سے ظاہر ہوتا ہے، کہ حکیم الملک اور کاتب گو ایرانی ہین، مگر دونون ہندوستان مین تھے، ۱۰۲۷ھ جہانگیر کا عہد حکومت ہے، اور اس مین حکیم الملک گیلانی مشہور تھے، (دیباچہ تزک جہانگیری، اسماے حکما،)

...... (دوسرے نامور کا نام یاد نہین) لکھا تھا، اور اُسکی لوح پر مرقوم تھا "یکے از نوادر کتبخانہ بلگرام"۔ رسالہ کی زبان فارسی، اور اوراق کی تقطیع چھوٹی تھی، اور ضخامت کا اندازہ سو سوا سو صفحون کا ہے، مین نے وہ رسالہ بھی بدنصیب ندوہ کی قسمت مین شامل کردیا، اور قیامگاہ پر اگر وہ رسالہ صاحب خانہ اور دوسرے لوگون کو دکھایا، اور پھر اس کو اپنی ناتجربہ کاری سے کتابون کے ڈھیر مین شامل کردیا، دوسرے دن جب اس خرمن مین اس خوشۂ پروین کو تلاش کیا، تو اُس کو ناپید پایا، دل پر بجلی سی گر پڑی، اور آج تک وہ زخم تازہ ہے، ہزار تلاش پر بھی کچھ پتہ نہ چلا کہ اس کو زمین کھا گئی یا آسمان، لیکن بہرحال وہ حیدرآباد ہی کی زمین و آسمان مین ہے، عالی رومی نے رسالہ تبریز کے حوالہ سے لکھا ہے کہ "...... و مولنا نظامی عروضی ہر یک معاصر خیام بودند، و احیاناً بمراسلات و مکاتبات ابواب استفادہ و موالفت را در کشودندے" اس فقرہ سے ہم کو اسی "یوسف گم گشتہ" کی "بوے پیراہن" آتی ہے،

۱۶- رسالہ مکعبات (اس کا ذکر گنج دانش محمد تقی خان حکیم مطبوعہ اصفہان ۱۳۰۵ھ مین ہے)

۱۷- عرائس النفائس (شہرزوری نے غلطی سے ذکر کیا ہے[1])

۱۸- رباعیات و اشعار کا مجموعہ،

اسکے حسب ذیل دو نئے رسالون کا ذکر فریڈرک روزن نے اپنی مطبوعہ رباعیات عمر خیام کے دیباچہ مین کیا ہے،

۱۹- رسالہ نوروزنامہ،

۲۰- باب در مجموعۂ روضۃ القلوب، (دیباچۂ مجموعۂ رباعیات مطبوعہ کاویانی پریس برلن)

[1] اس غلطی کا ازالہ آگے ہوگا،

۲۱- رسالہ بالعجمیۃ فی کلیات الوجود (بروکلمن، و قزوینی در حواشی چہار مقالہ)،

تصانیف کی تعداد | یہ تمام تصانیف جنکا ذکر اوپر گذرا ہے، تعداد مین (۲۱) ہین، لیکن درحقیقت اُن مین بعض مکرر ہین، اور بعض بے سند ہین، میرے خیال مین رسالہ نمبر (۱) "مختصر در طبعیات"، اور رسالہ نمبر (۵) "لوازم الامکنۃ" ایک ہین، اس کے رسائل مختصر مضامین ہین، جن کے کوئی نام نہین، لوگ موضوع بیان کو دیکھکر ان کو مختلف نامون سے یاد کرتے ہین، اسی طرح "میزان الحکم" اور "رسالہ فی الاحتیال لمعرفۃ مقداری الذہب والفضۃ" ایک ہین، رسالہ "البرہان علی طرق استخراج المکعبات" اور "رسالہ مکعبات" (۱۶) ایک ہین، رسالہ نمبر (۳) کون و تکلیف اور رسالہ نمبر (۱۱) تو ظاہر ہے کہ ایک ہی ہین، اور رسالہ نمبر (۱۲) مسائل ثلاثہ، رسالہ کون و تکلیف (۳ و ۱۱) ہی کا تتمہ ہے، اور رسالہ نمبر (۱۳) و رسالہ نمبر (۱۴) باہم مسلسل و مربوط اور ایک ہی زنجیر کی ٹوٹی ٹوٹی کڑیان معلوم ہوتی ہین، رسالہ بحث وجود نمبر (۲) یا تو یہی ہین یا فارسی رسالہ کلیات الوجود نمبر (۲۱) ہے، نمبر (۲۰) "باب روضۃ القلوب" درحقیقت اسی رسالہ بالعجمیۃ فی کلیات الوجود نمبر (۲۱) کا آخری باب ہے، یہ علیحدہ کوئی چیز نہین،

تصنیفات کی صحیح فہرست | اب اس کی تصنیفات کی صحیح اور مرتب فہرست حسب ذیل ہے،

نام	حوالہ
۱- رسالہ مکعبات	(جبر و مقابلہ خیام مین اسکا حوالہ ہے)
۲- رسالہ جبر و مقابلہ،	(چلپی نے کشف الظنون مین ذکر کیا ہے)
۳- رسالہ شرح ما اشکل من مصادرات اقلیدس	(بروکلمن)

نام	حوالہ
۴۔ زیج ملک شاہی،	(تحفہ شاہیہ و چلپی)
۵۔ رسالہ مختصر در طبیعیات (بیہقی) یا لوازم الامکنۃ	(تاریخ الفی)
۶۔ میزان الحکم (تاریخ الفی) یا رسالہ فی الاحتیال لمعرفۃ،	
مقداری الذہب والفضۃ	(بروکلمن)
۷۔ رسالہ کون و تکلیف، رسالہ اسئلہ ثلاثہ	(بیہقی و شہرزوری)
۸۔ رسالہ فی کلیات الوجود (فارسی)	(بروکلمن)
۹۔ رسالہ موضوع علم کلی و وجود، (عربی)	(بیہقی و شہرزوری)
۱۰۔ رسالہ اوصاف یا رسالۃ الوجود (عربی)	
۱۱۔ بعض عربی اشعار،	
۱۲۔ رباعیات فارسی،	
۱۳۔ مکاتبات خیام و۔۔۔۔۔۔ (فارسی)	(گم شدہ)

تصانیف پر تبصرہ

۱۔ رسالۂ استخراج اضلاع مربعات

و

ملعبات

خیّام کی تصنیفات مین غالبًا یہی اوسکی سب سے پہلی تصنیف ہے لیکن اسکا ذکر اس کے کسی سوانح نگار نے نہین کیا ہے، حالانکہ اُس نے خود اپنے رسالۂ جبر و مقابلہ مین اس کا بتصریح نام لیا ہے،

شمس الملک خاقان بخارا کے حال مین پہلے اور پھر رسالۂ جبر و مقابلہ کے بیان مین آگے جو کچھ قرائن جمع کئے گئے ہین اور کئے جائین گے، اُن سے بخوبی ہویدا ہے کہ اس کا رسالۂ جبر و مقابلہ ع۴۶ھ اور ملک شاہی دور سے پہلے کی تصنیف ہی، اس ابتدائی تصنیف مین خیّام نے اپنے اس رسالہ کا ضمنًا نام لکھا ہے، اس سے ثابت ہوتا ہے کہ اس کا یہ مختصر رسالہ، اس کے رسالۂ جبر و مقابلہ سے بھی پہلے کی تصنیف ہی، وہ پہلے یہ بیان کرتا ہے، کہ مربع اور مکعب چیزون کے اضلاع دریافت کرنے کے چند طریقے اہل ہند کو معلوم تھے، جو معمولی استقرار پر مبنی ہین، اور وہ

ایک سے لیکر نو تک کے مربّعات ہین یعنی ایک، دو، تین کے مربعات اور اسی طرح اُن کے مضروبات جیسے دو کو تین ہین ضرب دیکر حاصل ضرب نکالا جائے "۔

غالبًا اس بیان سے اس کا مقصود وہ طریقۂ حساب ہے جس کو ہم اہل ہند "پہاڑا" کے نام سے جانتے ہین، اسکی اصل عبارت یہ ہے،

وللھند طرقٌ فی استخراج اضلاع المربّعات والمکعّبات مبنیۃ علی استقراءٍ قلیلٍ، وھو معرفۃ مربّعات الصّور التسعۃ، اعنی مربّع الواحد والاثنین والثلاثۃ وکذالک مضروب بعضھا فی بعض اعنی مضروب الاثنین فی الثلاثۃ ونحوھا ۔ (ص۱)

اس کے بعد وہ کہتا ہے کہ ہماری ایک کتاب اس طریقۂ حساب کے صحیح ہونے اور اس سے صحیح مطلوب حاصل کرنے کی دلیلون پر ہے، اور ہم نے اس کی بہت سی قسمین اور اضافہ کی ہین یعنی مالُ المال، مالُ الکعب، کعبُ الکعب وغیرہ کے اضلاع کو دریافت کرنے کے

لہ اعلم انّ اصحاب الجبر والمقابلۃ یسمون العدد المجھول شیئًا، ومضروب ذلک العدد المجھول فی نفسہ مالًا، وحاصلہ فی المال کعبًا ومکعّبًا، وحاصلہ فی الکعب یُسمّی مال مالٍ وحاصلہ فی مال مال یُسمّی مال کعبٍ وحاصلہ فی مالِ الکعب یُسمّی کعب کعب،

(مفاتیح العلوم خوارزمی مطبوعۂ بریل منتۂ حاشیہ)

جبر و مقابلہ والے عدد مجہول کو شئی کہتے ہین، اور اس عدد مجہول کو اسی سے ضرب دے کر مضروب کو مال، اور مال کے حاصل ضرب کو کعب اور مکعب اور کعب کے حاصل ضرب کو مالُ المال اور مال المال کے حاصل کو مال کعب اور مالِ کعب کے حاصل کو کعب الکعب،

قواعد، جہان تک بھی ہو، یہ قواعد اب تک کسی نے نہین دریافت کئے تھے، ان قواعد کے دلائل، عددی ہین جو کتاب الاسطقسات کے عددیات پر مبنی ہین،

اس کی اصل عبارت یہ ہے،

ولنا کتابٌ فی البرهان علی صحّة تلك الطرق، وتادیتها الی المطلوبات

وقد غزرنا انواعها اعنی من استخراج اضلاعِ مال المال ومال

الکعب وکعب الکعب بالغاً مّابلغ، ولم یُسْبق الیه، وتلك البراهین

انما هی براهین عددیة مبنیة علی عددیات کتاب الاسطقسات[۱]،

صاحب نظام الملک نے گنج دانش مؤلفہ محمد تقی خان حکیم (مطبوعہ اصفہان ۱۳۰۵ھ ص ۵۲۳ بضمن حالات نیشاپور) کے حوالہ سے اس کی ایک کتاب کا نام "علم المساحۃ والمکعبات" ذکر کیا ہے، معلوم نہین اس کی قدیم سند کیا ہے، بظاہر یہ اسی "رسالہ استخراجِ اضلاعِ مربّعات و مکعبات" کا دوسرا نام معلوم ہوتا ہے،

۲ - جبر و مقابلہ

یہ خیام کی دوسری کتاب ہے، اس کا پورا نام "رسالۃٌ فی براہین الجبر والمقابلہ" ہے، حاجی خلیفہ چلپی نے کشف الظنون مین جبر و مقابلہ کے تحت مین اسکا ذکر کیا ہے، اور اسکی چند سطرین نقل کی ہین، جو مطبوعہ نسخہ کے مطابق ہین،

[۱] یہ دونون عبارتین رسالہ جبر و مقابلہ خیام کے ص ۹ مین ہین، مطبوعہ پیرس ۲ نظام الملک طوسی ص ۴۵۶، کانپور،

اس کتاب کا قلمی نسخہ ہولینڈ کی لائیڈن لائبریری مین تھا، یورپ مین اسکا پہلا حوالہ سنہ ۱۷۴۲ء مین گیرالڈ میرمین (GERALD MEERMAN) نے اپنی کتاب کے دیباچہ مین دیا، پھر موسیو سیدیو (SEDELLOT) نے ۱۸۳۴ء کے ایشیاٹک سوسائٹی جرنل کے ایک مضمون مین دیا، پھر اس کا دوسرا نسخہ پیرس کے کتب خانہ مین ملا، آخر ایشیاٹک سوسائٹی پیرس کے ایک فاضل ممبر موسیو ایف ویپکے (F. WOEPCKE) نے سنہ ۱۸۵۱ء مین اس کو فرنچ ترجمہ کیساتھ پیرس سے چھاپ کر شائع کیا[1]،

یہ مطبوعہ رسالہ (۵۱) صفحون کے باریک ٹائپ مین ہے،

خیام نے یہ کتاب میرے خیال مین جیسا کہ پہلے کہا جا چکا ہے سنہ ۴۶۷ھ سے پہلے ترکستان کے کسی شہر بخارا یا سمرقند مین شمس الملک خاقان بخارا کی مملکت مین لکھی ہے، اور ظاہر ہے کہ وہ اس وقت تک شمس الملک تک نہین پہنچا تھا، ورنہ وہ اپنی کتاب اسی قدرشناس کے نام جو اس کو تخت پر اپنے ساتھ بٹھاتا تھا، معنون کرتا، لیکن اس نے اپنی یہ کتاب سمرقند کے ایک دولتمند فاضل قاضی القضاۃ ابوطاہر کے نام معنون کی ہے[2]، اور جو جیسا کہ پہلے لکھا جا چکا ہے، غالبًا ابوطاہر ساری سمرقندی المتوفی سنہ ۴۸۴ھ ہین، اس لیے جرمن فاضل فریڈرک روزن کے اس قیاس سے مجھے سخت اختلاف ہے،

پس از فوت ملک شاہ زیجیکہ او درست کردہ بود خراب شد و کار عمر از رونق افتاد و گویا رسالۂ

---

[1] انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا جلد ۲۰ صفحہ ۱۰ سنہ ۱۹۱۱ء و فرنچ مقدمہ بر رسالۂ جبر و مقابلۂ خیام، پیرس،
[2] صاحب نظام الملک نے رسالۂ جبر و مقابلہ کا نظام الملک کے نام تہدیہ ہونا جو بیان کیا ہے، (صفحہ ۴۵۶) وہ خلاف واقعہ ہے،

جبر و مقابلہ خود را در ہمین اوقات پژمردگی تالیف کرد" (مقدمہ رباعیات مطبوعہ کاویانی ص ۶۶)

کہ ملکشاہ کے بعد محمد بن ملکشاہ اور دوسرے امرا اس کے قدردان موجود تھے، جنکے نام وہ اسکو معنون کرسکتا تھا،

مسلمانون مین جبر و مقابلہ (الجبرا) کا فن خلیفہ مامون الرشید المتوفی ۲۱۸ھ کے عہد مین پیدا ہوا اور محمد بن موسیٰ خوارزمی نے جو مامون کا معاصر تھا اس پر پہلی عربی کتاب لکھی، جو لندن مین ۱۸۳۱ء مین انگریزی ترجمہ و حواشی کے ساتھ چھپ چکی ہے، بعد کو جبر کے دو رسالے یونانی سے عربی مین ترجمے ہوئے ایک دیوپانطوس کا جس کو قسطا بن لوقا معاصر مقتدر (۲۹۵ھ – ۳۲۰ھ) نے، اور دوسرا ابرخس کا جس کو ابوالوفا بوزجانی المولود ۳۲۸ھ نے ترجمہ کیا،

خیام کے رسالہ جبر و مقابلہ کے صفحہ صفحہ سے ہویدا ہے، کہ اس نے اپنے اس رسالہ کو بڑی کوشش، محنت اور استقصا کے ساتھ لکھا ہے، اور اپنی نئی تحقیقات پر آپ نازان اور خوش ہوتا ہے، اس فن پر جس قدر ممکن کتابین تھین، ان کو پڑھتا ہے، اور ان کی غلطیون کی اصلاح کرتا ہے، یہی واقعہ اس راز کو فاش کرتا ہے کہ یہ اس کے اوائل کی تصنیف ہے، جب وہ ہنوز فلسفۂ لاادریت کے انتہائے کمال کو نہین پہنچا تھا، جبر و مقابلہ کی پہلی کتابون کے پڑھنے کا ذکر انکی ان عبارتون سے ثابت ہے،

وعادۃ الجبریین ان یسمّوا (ص ۲)	[illegible]	جبر و مقابلہ کے عالمون کی عادت ہے کہ وہ . . .	[illegible]
والذی فی کتب الجبریین، (ص ۵)		اور جو مسئلہ جبر و مقابلہ والون کی کتابون میں ہے . . .	
وثلاثۃ من ہذہ الاصناف		اور ان چھ اصناف مین سے تین اہل جبر و مقابلہ	

خیام اس کتاب کے مقدمہ مین کہتا ہے،

ان احد المعانی التعلیمیۃ المحتاج
الیہا فی جزء الحکمۃ المعروف
بالریاضی ہو صناعۃ الجبر
والمقابلۃ الموضوعۃ
لاستخراج المجہولات العددیۃ
والمساحیۃ، وانّ فیہا اصنافاً
یحتاج فیہا الی اصناف من
المقدمات معتاصۃ جدّاً،
فتعذّر حلّہا علی اکثر الناظرین
فیہا، اما المتقدّمون فلم
یصل الینا منہم کلام فیہا،
لعلّہم لم یتفطّنوا لہا بعد
الطلب والنظر، اولم یضطرّ
البحث ایاہم الی النظر فیہا،
اولم ینقل الی لساننا کلامہم فیہا،
واما المتاخرون فقد عنّ

تعلیمی مورون مین سے ایک فن جبر و مقابلہ ہے،
جسکی حکمت کی اُس شاخ مین جسکا نام
ریاضی ہے، ضرورت پڑتی ہے، جبر و مقابلہ اس
لیے بنایا گیا ہے کہ اس سے نامعلوم عدد
اور مساحت کو دریافت کیا جائے، اس
فن مین کئی مسائل ہین، جن کے حل کرنے
مین چند نہایت مشکل مقدمات کی ضرورت
ہوتی ہے، جنکا حل اکثر علمائے فن سے
نہین ہوسکا، اگلے محققین کی کوئی تصنیف
اس بارہ مین مجھ کو نہین ملی، معلوم
نہین کہ تلاش و تحقیق کے بعد وہ اُنکو
نہین سمجھ سکے، یا اُن کو اپنے اثنائے
تحقیق مین ان مقدمات کی ضرورت
ہی پیش نہ آئی، یا ہماری زبان مین
ان کی کتاب کا ترجمہ نہین ہوا،
پچھلے لوگون مین سے ماہانی اس مقدمہ

للماهانى منهم تحليل المقدمة
التي استعملها ارشميدس
مسلمة في الشكل الرابع من
المقالة الثانية من كتابه
في الكرة والاسطوانة بالجبر
فأدّى الى كعاب واموال و
اعداد متعادلة، فلم يتّفق له
حلّها بعد ان افكر فيها مليًّا،
فجزم القضاء بانه ممتنع حتى
نبع (نبغ؟) ابو جعفر الخازن
وحلّها بالقطوع المخروطية
ثم اقتفى بعده جماعة من
المهندسين الى عدة اصناف
منها، فبعضهم حلّ البعض، و
ليس لواحدٍ منهم في تعديد
اصنافها وتحصيل انواع كل صنف

کا حل جبر و مقابلہ سے کر سکا ہے، جس کو
ارشمیدس نے اپنی کتاب الکرۃ والاسطوانۃ
کے دوسرے مقالہ کی چوتھی شکل مین
مسلّم مان کر استعمال کیا ہے، تو ماہانی
کو دوسرے چند متعادل کعاب، اموال[1]
اور اعداد کی ضرورت پیش آئی جن کو
غور کے بعد بھی وہ جب حل نہ کر سکا
تو اس نے یہ یقین کر لیا کہ ان کا حل
ناممکن ہے، یہانتک کہ ابو جعفر خازن
پیدا ہوا، اور اُس نے اُن مشکلات
کو قطوع[2] مخروطیہ سے حل کیا، پھر اہل
ہندسہ[3] کا ایک گروہ ان مقدمات
مین سے چند کا محتاج ہوا، تو بعض نے
گو کسی مقدمہ کا حل کر لیا، لیکن ان کل
مسائل کے شمار کرانے اور ہر مسئلہ کے
اقسام کے حاصل کرنے، اور ان مین سے

[1] انگریزی اصطلاحات انکے لیے یہ ہین، کعاب (کیوب) اموال (اسکویر) اعداد (نمبر) [2] علم مثلثات (ٹرینالوجی) [3] ہندسہ (جیومیٹری)

سنها والبرهان علیها کلامٌ یعتدّ به	ہر مسئلہ پر دلیل قائم کرنے مین کوئی قابل
الا علیٰ صنفین ساذکرهما،	شمار گفتگو نہین کی، صرف دو مسئلون
وانی لم ازل کنت شدید	پر دلیلین پیش کین، جنکا ذکر مین کرونگا
الحرص علیٰ تحقیق جمیع اصنافها	اور مین ہمیشہ سے جبر و مقابلہ کے تمام
وتمییز الممکن من الممتنع	مسائل کی تحقیق کا حریص تھا، اور اُس کے
فی انواع کل صنف ببراهین،	ممکن الحل اور غیر ممکن الحل مسائل مین بدلائل فرق
لمعرفتی بان الحاجة الیها	جاننے کا مشتاق تھا، کیونکہ مین جانتا تھا
فی مشکلات المسائل ماسّة	کہ مشکل سوالون کے حل کرنے مین انکی
جدًّا، (ص۲)	بڑی ضرورت پڑتی ہے،

صفحہ ۶و۷ مین خیام نے وہ مسائل گنائے ہین جنکا حل متقدمین کر چکے تھے، اور وہ مسائل ذکر کئے ہین جنکو اگلے لوگ حل نہ کر سکے، اور اُن کو خود اس نے اپنی تحقیق سے حل کیا ہے[1]

وثلاثة من هذه الاصناف	ان چھ مسائل مین سے تین مسئلے اہل جبر و
الستة مذکورة فی کتب الجبریین	مقابلہ کی کتابون مین مذکور ہین۔ ۔ ۔ ۔
۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ولم یبرهنوا	۔ ۔ ۔ ۔ ۔ لیکن اُن پر ہندسہ سے
علیه من الهندسة (ص۶)	دلیل نہین قائم کی ہے،

[1] مجھے افسوس ہے کہ مین اس فن سے آشنا نہین، بلکہ اس کے فنی مباحث کو مین سمجھ بھی نہین سکتا، اس لیے مین اس کتاب پر صرف تاریخی حیثیت سے بحث کر رہا ہون،

وھذہ الثلاثۃ مذکورۃ فی کتب الجبریین ومبرھن علیھا من جھۃ الھندسۃ واما من جھۃ العدد فلا ۔ (ص ۲)

اور یہ تین مسئلے جبر ومقابلہ والون کی کتابون مین مذکور ہین، اور ہندسہ سے اُن پر دلیلین دی گئی ہین، لیکن حساب و عدد سے دلیل نہین دی گئی،

وھذہ الستۃ الاصناف لم یوجد فی کتبھم منھا شئ الا الکلام فی واحد منھا مبترًا وسابینھا وابرھن علیھا من جھۃ الھندسۃ لا من جھۃ العدد ۔ (ص ۷ و ۸)

اوران چھ مسئلون مین سے ایک بھی اُن کی کتابون مین مذکور نہین صرف ایک مسئلہ کی نسبت متفرق باتین کی گئی ہین، جن کو مین آگے بیان کرونگا اور اُسپر ہندسہ سے دلیل دونگا، عدد سے نہین،

صفحہ ۲۶ مین کہتا ہے،

وھذا التماس او التقاطع لم یتفطن لہ ابو الجود المھندس الفاضل حتی جزم القضاء بان ۔۔۔۔۔۔ کانت المسئلۃ مستحیلۃ والطل فی حکمہ ھذا وھذا الصنف ھو الذی اضطر ۔۔۔ الیہ الماھانی من بین الاصناف الستۃ حتی بینا (ص ۲۶)

اس تماس اور تقاطع کو فاضل مُہندس ابوالجود یہ فیصلہ کرلینے کے سبب سے کہ یہ مسئلہ محال ہے، نہین سمجھ سکا، اور وہ اپنے اس فیصلہ مین غلطی پر تھا، اور یہی ایک مسئلہ ہے جس کی ماہانی کو مسائل ششگانہ مین سے ضرورت پڑی،

صفحہ ۴۳ مین کہتا ہے،

واما المسئلة التي اضطرت	اور لیکن وہ مسئلہ جس نے متاخرین مین
واحدا من المتاخرين الى هذا	سے ایک کو اس کی طرف مضطر کیا، یہ
الصنف هي هذه	ہے .... تو اس
فاستخرج المسئلة هذا الفاضل	فاضل نے اس کو حل کر لیا، حالانکہ عراق
بعد ما اعيت هذه المسئلة	کے فضلا، جیسے ابو سہل کوہی، رحمہم اللہ
جماعة من فضلاء العراق	سے یہ حل نہ ہو سکا تھا، لیکن یہ حل
ومنهم ابو سهل القوهي رحمه الله	کرنے والا فاضل (خدا اس سے راضی
الا ان هذا المستخرج رضي الله	ہو) با این ہمہ ان اختلافات
عنه مع فضله وعظم قدره	کو نہین سمجھا، اور اس صنف مین
في الرياضيات لم يخطر بباله	جو ناممکن مسائل ہین، اُن کو نہین جانا،
هذه الاختلافات وفي	اس فاضل کا نام ابو الجود ہے،
مسائل هذا الصنف ما يستحيل	
وهذا الفاضل هو ابو الجود،	

صفحہ ۴۴ مین وہ ابو علی ابن الہیثم مصری کا ذکر کرتا ہے، جو علم مرایا اور ریاضیات کا بڑا عالم تھا،

وذالك قد بيّنه ابو علي	اور اس کو ابو علی بن ہیثم نے خدا اُس پر
ابن الهيثم رحمه الله تعالى،	رحم کرے بیان کیا ہے،

آخر مین کہتا ہے کہ میرے ان مقدمات کے سمجھ لینے کے بعد وہ تمام مشکلات حل ہوجائینگے جن کو اگلے علماء نہین سمجھ سکے تھے،

فمن وقف علی ھذہ المقدمات	ان مذکورۂ بالا مقدمات سے جو واقف
المذکورۃ واتفق لہ مع ذلک	ہو چکا، اور اس کے ساتھ اوس کی
قوۃ فی الطبع ودربۃ فی	طبیعت مین تیزی، اور اس کو مسائل
المسائل لم یکد یخفی علیہ	کا عملی تجربہ ہو، اس سے وہ مسئلے
من المسائل المعتاصۃ علی	پوشیدہ نہ رہین گے، جن کو اگلے حل
المتقدمین شئی، (ص ۴۶)	نہ کرسکے تھے،

اس کتاب کی تصنیف کرنے کے پانچ برس بعد کسی نے اس سے ابوالجود محمد بن لیث مہندس کی کتاب کا ذکر کیا تو اس نے اس پر ایک مختصر ضمیمہ لکھکر ابوالجود کی غلطی ظاہر کی کہتا ہے،

ھذا وقد حکی لی بعض من شذ	یہ اور مجھ سے ایک شخص نے جو کسی قدر
شیئاً نزراً من الھندسۃ بعد	علم ہندسہ سے آشنا تھا، میرے اس
تالیفی ھذہ الرسالۃ بخمس	رسالہ کی تالیف کے پانچ برس بعد
سنین ان لابی الجود محمد بن	ذکر کیا کہ ابوالجود محمد بن لیث مہندس
اللیث المھندس رحمہ اللہ	(خدا اُس پر رحمت کرے) نے ان
کلاماً فی تعدید ھذہ الاصناف (ص ۴۷)	اقسام کے گنانے مین کچھ بحث کی ہر،

پھر ابوالجود کی غلطی ظاہر کی ہے،

وبعد فان واحدا من اصحابنا	بعد ازین، ہمارے دوستون مین سے ایک
اقترح علینا ان نبین خطأ	نے ہمسے فرمائش کی، کہ ہم ابو الجود محمد بن لیث
ابی الجود محمد بن اللیث فی الصنف	کی اس غلطی کو واضح کرین، جو اُس نے
الخامس، (ص ۴۰)	پانچوین قسم مین کی ہے،

ان اقتباسات سے واضح ہے، کہ اس نے کس محنت، مشقت، جانفشانی، کوشش اور استقصائے سے یہ کتاب لکھی ہے، کیا یہ بخیل العلم کا کارنامہ ہے؟ اس سے ظاہر ہے کہ اُس کی یہ کتاب اس کی جوانی کے علمی جوش و خروش کا نتیجہ ہے، اس کے بڑھاپے کی سرد مہری کا نہین، جب رسمی علم کی آخری حقیقت اس کے سامنے بے نقاب ہو چکی تھی، اور وہ لاادریت کے بدولت ان علوم و فنون کی بے قدری و ہیچ میرزی کا معتقد ہو چکا تھا،

اس کتاب مین اس نے جن مہندسین اسلام کے نام لیے ہین، اُن کے اسمار اور سنین حسب ذیل ہین،

۱- ماہانی، ابو عبد اللہ محمد بن عیسٰی بغدادی، [۱] (الموجود ۲۳۹ھ و ۲۵۰ھ)

۲- ابو سہل قوہی (کوہی) المتوفی فی اواسط قرن رابع، [۲] (اواسط ۳۴۰ھ)

۳- ابو الجود محمد بن لیث مہندس، ابو ریحان بیرونی المتوفی ۴۴۰ھ کا معاصر تھا،

۴- ابو علی بن ہیثم، المتوفی بین ۴۳۰ھ و ۴۴۰ھ

---

[۱] ماہانی کی تاریخ حکمار کے تذکرون مین نہین، ابن یونس حاکمی المتوفی ۳۹۹ھ نے اپنی زیج حاکمی مین ماہانی کے مشاہدۂ فلکی کی تاریخ ۲۳۹ھ و ۲۵۰ھ نقل کی ہے، زیج حاکمی مرتبۂ کوسن مطبوعہ پیرس ۱۸۰۴ء ص ۸۲ و ۹۷، [۲] ابن ابی اصیبعہ ج ۱ ص ۲۲۱ مصر، [۳] الفہرست ص ۲۸۲

لیڈن کے کتب خانہ مین (1716, FOL) محمد بن لیث کا وہ رسالہ ہے جو اس نے ماہانی کی کتاب پر لکھا ہے (فرنچ ضمیمۂ خیام ص ۱۰۲) ابو الجود کا ایک اور رسالہ ہے، جس مین ابوریحان بیرونی کے ایک سوال کا جواب دیا ہے، جسکا عنوان یہ ہے، جواب الشیخ الفاضل ابی الجود محمد بن اللیث ایدہ اللہ عما سالہ عنہ الاخ الفاضل ابو الریحان محمد ابن احمد البیرونی (فرنچ ضمیمہ خیام ص ۱۱۴) بہرحال ان نامون کے لکھنے کے بعد عموماً خیام نے رضی اللہ عنہ یا رحمۃ اللہ تعالیٰ لکھکر یہ ثابت کردیا ہے کہ اس تالیف کے وقت وہ سب مرچکے تھے، ان مرنے والون مین آخری قریب نام ابن ہثیم کا ہے جو سنہ ۴۲۶ھ اور سنہ ۴۵۴ھ کے درمیان مرا، (عیون الانبا ص ۹۲ ج ۲) اس سے ظاہر ہے کہ یہ کتاب سنہ ۴۵۴ھ کے بعد لکھی گئی ہے، ہم نے تخمینی طور سے خیام کی پیدائش کا سال سنہ ۴۴۰ھ قرار دیا ہے، اس لئے یہ کتاب تحصیل کمال کے بعد اور رصد خانہ ملکشاہی مین جانے سے پہلے سنہ ۴۶۰ھ اور سنہ ۴۶۷ھ کے درمیان مین تالیف پاسکتی ہے،

۳- زیج ملک شاہی

رصد خانہ کے کامون کے تذکرہ مین "زیج ملک شاہی" کا ذکر پہلے آچکا ہے، خواجہ نصیر طوسی المتوفی سنہ ۶۷۲ھ نے معرفت تقویم مین سی فصل کے نام سے ایک فارسی رسالہ لکھا ہے، اُس کی شرح عبد الواحد نام کسی ہیئت دان نے بعد کو لکھی ہے، اس شرح مین اس نے خیام کی اس زیج کا ذکر کیا ہے، اور حاجی خلیفہ چلپی متوفی سنہ ۱۰۶۸ھ نے کشف الظنون مین زیج کے

سلسلہ مین اسی شرح کے حوالہ سے اسکی اس زیچ کا ذکر کیا ہے، چنانچہ کہتا ہے،

"زیج ملکشاہی لعمر الخیام، ذکرہ عبدالواحد فی شرح سی فصل"

اس زیچ کا تذکرہ، اس سے بھی پہلے علامہ قطب الدین شیرازی المتوفی سنہ ۷۱۰ھ کی تحفۂ شاہیہ[1] مین ملتا ہے، باب التواریخ مین ہے:۔

وممّا ذکرنا یعرف خطاء	اور ہمنے جو بیان کیا اس سے خیام کی وہ غلطی
عمر الخیام فی زیجہ الذی	معلوم ہوگئی جو اس نے اپنے اوس
وضعہ حیث ذکر ان فی	زیچ مین کی ہے، جسکو اس نے تالیف
کل اربع سنین تکون کبیستہ	کیا ہے، اور جسمین یہ بیان کیا ہے کہ ہر
دائما،	چار سال کے بعد ہمیشہ لوند ہوگا،

اس عبارت سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ خیام نے اپنی زیچ مین اپنی تاریخ جلالی کے اصول بیان کئے تھے،

۴۔ رسالہ مصادرات اقلیدس

اس رسالہ کا نام "رسالۃ فی شرح ما اشکل من مصادرات کتاب اقلیدس" ہے، یہ کتاب ابھی چھپی نہین، اور نہ مین نے دیکھی ہے، اور نہ کسی دیکھنے والے نے اس کا حال لکھا ہے، البتہ بروکلمن نے اپنی تاریخ علوم عرب مین لکھا ہے، کہ "اس کا قلمی نسخہ لائیڈن (ہالینڈ) کے کتبخانہ

[1] تحفۂ شاہیہ کا قلمی نسخہ اورینٹل لائبریری پٹنہ مین نظر سے گذرا، جسکا نمبر ۲۰۳۹ ہے،

مشرقی مین محفوظ ہے[1]؛ اس کتاب کے عنوان سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس مین اقلیدس کی ان شکلون کی مشکلات حل کیگئی ہونگی، جنکا ثبوت ایک دوسرے کے ثبوت پر موقوف ہے، مگر ڈاکٹر ڈینی سن راس نے اس کتاب کا نام انگریزی ترجمہ مین یہ لکھا ہے "اقلیدس کے حدود و تعریفات کے چند مشکلات[2]" اگر یہ صحیح ہے تو اس رسالہ کا تعلق، اشکال کے بجائے حدود سے ہوگا،

خیام کی یہ چار کتابین ریاضیات سے متعلق ہین،

۵- رسالہ طبیعیات و لوازم الامکنۃ،

سب سے پہلے بیہقی نے اس کے اس رسالہ طبیعیات کا ذکر کیا ہے، کہتا ہے،

ولہ ضنۃ بالتصنیف والتعلیم لم	اسکو تصنیف کرنے اور پڑھانے مین بخل تھا، اُسنے
یکتب تصنیفا الا مختصراً فی الطبیعیات...	کوئی کتاب نہین لکھی لیکن ایک مختصر رسالہ طبیعیات مین...

یہی عبارت ذرا تغیر سے شہرزوری مین ہے،

لہ مختصر فی الطبیعیات و...	اسکا ایک مختصر رسالہ طبیعیات مین ہے اور...

یہ طبیعیات کا کیا رسالہ تھا؟ اور طبیعیات کی کس صنف سے متعلق تھا، مذکور نہین، مگر تاریخ الفی کے مصنف احمد ٹھٹھوی سندھی نے لوازم الامکنۃ کے نام سے خیام کے جس رسالہ کا ذکر کیا ہے، اوسکی تفصیل یہ لکھی ہے،

---

[1] حواشی چہار مقالہ ص ۲۲۰ بحوالۂ تاریخ علوم عرب بروکلمن ج ۱ ص ۴۷۱،

[2] مقدمۂ رباعیات خیام از ڈاکٹر ڈینی سن راس، مطبوعۂ میتھیون پریس لندن ۱۹۰۰ء ص ۴۲،

غرض ازان رسالہ دریافتن فصولِ اربعہ است وعلت اختلافِ ہوائے بلاد واقالیم (مظفریہ ص۳۴)

خیام اپنے مختصر رسالوں کا آپ نام نہیں رکھتا، لوگ عنوان مضمون سے نام بطور خود متعین کر لیتے ہیں، خیال ہوتا ہے کہ یہ مختصر رسالۂ طبیعیات اور رسالہ لوازم الامکنہ دونوں ایک ہیں، بیہقی نے اس کو صرف "مختصراً فی الطبیعیات" کہدیا ہے، اور اسی کو تاریخ الفی نے موضوع کے لحاظ سے مسمّٰی بلوازم الامکنہ" لکھا ہے، یعنی وہ رسالہ جس میں مکان کے لوازم وخصائص طبعی کا ذکر ہو، جو تمامتر طبیعیات کی بحث ہے، اور اجکل اس بحث کو کہ موسموں کا تغیر کیوں اور کیونکر ہوتا ہے اور مختلف اقلیموں کی آب وہوا میں سردی وگرمی کا اختلاف کیوں اور کس طرح ہوتا ہے، جغرافیہ طبعی میں ذکر کرتے ہیں، احمد ٹھٹھوی نے تاریخ الفی میں اس رسالہ لوازم الامکنہ کے مضامین کی جو تفسیر کی ہے، اس سے قیاس ہوتا ہے کہ یہ رسالہ اس نے دیکھا تھا، اور اکبر کے زمانہ میں (۱۰۰۰ھ) وہ رسالہ ہندوستان میں موجود تھا، یا یہ کہ یہ بیان اس نے کسی اور کتاب سے نقل کیا ہے جسکا حوالہ اس نے نہیں دیا ہے،

۶- میزان الحکم و رسالہ معرفۃ مقداری الذہب والفضۃ

احمد ٹھٹھوی نے اس کے ایک اور رسالہ کا نام "میزان الحکم" بتایا ہے، اور اس کی تفصیل یہ کی ہے:

"انچہ از وے شہرت دارد رسالہ ایست مسمّٰی بمیزان الحکم دربیان یافتن قیمت چیزہاے مرصّع

بدون کندن جواہر ازان۔۔ (مظفریہ ص ۳۲۷)

گوتھا (جرمنی) کے کتب خانہ مین ایک مختصر رسالہ حسب ذیل عنوان سے ہے،

للحکیم الفاضل ابی الفتح عمر بن	حکیم فاضل ابوالفتح عمر بن ابراہیم
ابراھیم الخیّامی فی الاحتیال	خیّامی کا رسالہ سونے اور چاندی سے
لمعرفۃ مقداری الذھب	ملا کر بنائے ہوے جسم مین سے ہر ایک
والفضۃ فی جسم مرکّب منہما،	کے وزن جاننے مین۔

ان دونون عبارتون کے ملانے سے ظاہر ہوتا ہے کہ جس رسالہ کا ٹھٹھوی نے ذکر کیا ہے وہ بعینہ وہی ہے، جسکا ایک نسخہ گوتھا کی لائبریری مین موجود ہے،

گو خاص اس فن مین خیّام سے اس کے حریف و معاصر المظفر اسفزاری کا نام زیادہ شہرت رکھتا ہے، جس نے اپنی عمر کا بیشتر حصہ اسی فلزاتی ترازو کی تکمیل مین صرف کیا، اور اسکے علاوہ علم جرثقیل و آلات مین بھی اس کو کمال حاصل تھا، شہرزوری مین ہی،

وھو الذی عمل میزان	اور اُسی نے ارشمیدس کی وہ میزان بنائی
ارشمیدس الذی یعرف بہ	جس سے کھوٹا اور کھرا پہچانا جاتا تھا، اور
الغشّ والعیار و صرف عمرہ	اس مین اپنی عمر صرف کی، اور اس
فی ذلک وقوّضہ بخزانۃ	ترازو کو سلطانی خزانہ کے سپرد کر دیا،
السلطان فخاف خازن السلطان	تو سلطانی خزانچی نے اسکو اس ڈر سے
.... ظہور خیانتہ فی الخزانۃ	توڑ ڈالا کہ اس سے اسکی بددیانتی نہ کھلجائے

بسبب هذا المیزان فکسرہ وقت اخر اجزاء (۲۹)

خیام کے ایک اور معاصر عبدالرحمان خازن نے میزان الحکمۃ کے نام سے اس فن کے مباحث پر ایک مستقل کتاب لکھی تھی، جسکا ایک نادر قلمی نسخہ جامع مسجد بمبئی کے کتب خانہ مین موجود ہے، اسی نام کی ایک اور نادر تصنیف کتبخانۂ آصفیہ حیدرآباد دکن مین موجود ہے، گو اس مین اسکے مصنف کا نام نہین، مگر اس کے مقالۂ ثامنہ مین پانچوین ترازو الجامع ذو الکفات کا ذکر ابو حاتم مظفر اسفزاری کے انتساب سے ہے، اور پھر اسی مقالہ مین انھین مظفر کی اختراع کردہ ایک اور ترازو کا ذکر ہے،

کتبخانۂ بمبئی کے نسخہ مین چند ابتدائی سطرین ایسی لکھی ہین، جنسے معلوم ہوتا ہے کہ ۵۱۵ھ مین چند حکمار نے فلزات کے تولنے کی ترکیب پر مختلف رسالے لکھے تھے، عبارت یہ ہے، د بسطه المتاخرون فی شهور سنة خمس وعشرۃ وخمسمائة، اور حیدرآبادی نسخہ مین مختلف حکمائ کے رسائل ایک خاص ترتیب سے جمع کئے گئے ہین، چنانچہ چوتھے مقالہ مین ہے، فی ذکر موازین الماء للحکماء المتقدمین وهم ارشمیدس ومنالاوس ومحمد بن زکریا الرازی والامام عمر، یہ آخری نام امام عمر یعنی عمر خیام کا ہے، ۵۱۵ھ سلطان سنجر سلجوقی کے عہد حکومت کا سال ہے، معلوم ہوتا ہے کہ اس سلطان کے حکم سے اس عہد کے مختلف حکما، نے فلزات کے وزن پر رسالے لکھے تھے، جنمین سے تین حکیمون کے نام میزان الحکمۃ کے ان دونون مختلف نسخون سے معلوم ہوتے ہین، یعنی ابو حاتم مظفر اسفزاری، عبدالرحمان خازن، اور امام عمر خیام،

عمر خیام کا یہ رسالہ جو چند صفحوں کی تالیف ہے غالباً اسی ۵۱۵ھ میں لکھا گیا ہوگا. جسکا ذکر
مبئی والے نسخۂ میزان الحکمۃ میں ہے، اور یہ رسالہ بعینہٖ حیدرآبادی نسخہ کے مقالۂ رابعہ میں ہے، اور جرمنی
کی گوتھا لائبریری میں خیام کا یہ رسالہ قلمی مستقلاً الگ موجود ہے، مگر ناتمام ہے، فریڈرک روزن
نے اسی ناتمام نسخہ کو اپنے مطبوعۂ کادیانی رباعیات کے آخر میں شائع کردیا ہے،

۷۔ رسالۂ کون وتکلیف

اس رسالہ کا ذکر بیہقی اور شہرزوری نے کیا ہے، خوش قسمتی سے اس کا ایک نسخہ جو ۶۹۹ھ
کا لکھا ہوا نہایت قدیم تھا، دوسرے بعض فلسفیانہ رسائل کے مجموعہ میں مصر کے ایک رئیس (نورالدین بک
مصطفےٰ خسر عبدالحلیم پاشا عاصم) کے کتب خانہ میں موجود ہے، اور جیسا کہ پہلے کہا گیا ہے، یہ مجموعہ
بوعلی سینا وغیرہ کے رسائل کے ساتھ سنہ ۱۳۳۰ھ مطابق سنہ ۱۹۱۱ء میں چھپ چکا ہے، اور اسوقت ہمارے سامنے ہے
اس رسالہ کی حقیقت، جیسا کہ خود اس کے دیباچہ میں مذکور ہے، یہ ہے کہ ابوعلی سینا کے
شاگردوں میں سے ایک صاحب جن کا نام ابونصر محمد بن عبدالرحیم نسوی ہے، اور جو نواحِ
فارس میں قاضی تھے، انھوں نے سنہ ۴۷۳ھ میں خیام سے ۲ دو سوال پوچھے تھے،

۱۔ خدا نے یہ دنیا اور خصوصاً انسان کو کیوں بنایا؟

۲۔ اور انسانوں کو عبادات بجالانے کی تکلیف کیوں دی؟

انھیں ۲ دو سوالوں کی وجہ سے اس رسالہ کا نام رسالۂ کون وتکلیف پڑگیا، پہلا سوال
کون (ہستی) کی علت سے، اور دوسرا سوال تکلیف (احکامِ الٰہی) کی علت سے ہے،

اس کے شروع مین سائل نے خیام کو خطاب کر کے عربی کے چند شعر لکھے تھے جن مین سے یہ چار باقی ہین،

ان کنت ترعین یا ریح الصبا ذممی	اے باد صبا! اگر میرے عہد کی رعایت تو کر سکتی ہے
فاقری السلام علی العلامۃ الخیمی	تو علامہ خیام کو میرا اسلام پہنچا،
بوسی لدیہ تراب الارض خاضعۃ	جھک کر ان کی خاک قدم چوم،
خضوع من یجتدی جدوی من الحکم	اس ادب سے جیسے حکمت کا کوئی مستفید جھکتا ہے،
فھو الحکیم الذی تسقی سحائبہ	کہ وہی ایسا حکیم ہے جس کے برستے بادل
ماء الحیاۃ رفات الاعظم الرمم	بوسیدہ ہڈیون کو آب حیات پلاتے ہین،
عن حکمۃ الکون والتکلیف یات بما	اس سے ہستی اور تکلیف کا سبب پوچھ،
تغنی براھینہ عن ان یقال لم	وہ وہ کہیگا کہ پھر اسکی دلیلین کیون کے سوال سے بے نیاز ہونگی

خیام نے جواب کے آغاز مین سب سے پہلے یہ لکھا ہے کہ تمام فلسفہ کا نچوڑ صرف تین سوالات ہین،

۱- کیا یہ ہے؟ (انیّۃ)

۲- اگر ہے تو کیا ہے؟ (ماھو؟)

۳- اور کیون ہے،؟ (لم ھو؟)

پھر بتایا ہے، کہ "ہر وہ شی جو دنیا مین موجود ہے، وہ انیت (موجودیت) اور ماہویت (ماہیت) سے کبھی خارج نہین ہو سکتی ہے، البتہ لمیت سے بعض وجود بے نیاز ہو سکتے ہین، اور اس کی صورت یہ ہے کہ موجود کی دو۲ قسمین ہین، ایک واجب الوجود، اور دوسری ممکن الوجود،

علت اور سبب کا سوال ضرور ہے کہ کہین جا کر رُکے، اور ایک ایسی علت پہ جا کر انتہا ہو جس کی پھر کوئی علت نہ ہو، یہ شان واجب الوجود کی ہے، اور ممکن الوجود کے تمام اسباب و علل بالآخر علۃ العلل یعنی اسی واجب الوجود پر جا کر ختم ہوتے ہین، واجب الوجود جسطرح اپنے وجود کی علت سے بے نیاز ہے، اسی طرح اس کے اوصاف وصفات اور افعال بھی علل و اسباب سے مستغنی ہین، اس لئے یہ سوال ہی بے معنی ہے کہ اس نے کیون بنایا، اور ہست کیا؟ یہ واجب الوجود کے جود و کرم کی صفت کا نتیجہ ہے کہ یہ دنیا ہست ہے، اور ہم موجود ہین"

اس کے بعد اس نے موجودات کی ترتیب اضافی کی فضیلت پر بحث کی ہے، اور لکھا ہے کہ اس مسئلہ مین بہت سے لوگ سرگردان ہین، اور شاید مین اور معلّم افضل المتاخرین شیخ الرئیس ابو علی حسین بن عبداللہ البخاری اعلی اللہ درجتہ" نے اس پر پورا غور کیا، اور ہم اس نتیجہ پر پہنچے"

اس کے بعد جو عبارت ہے، اس سے خیام کی لا ادریت کا پردہ فاش ہوتا ہے کہتا ہے،

وانتھی بنا البحث الی ما قنعت	اور بحث و تحقیق وہان تک پہنچی، جہان ہمارے
بہ نفوسنا القانعۃ بالشئ	اس نفس کو قناعت ہوگئی، جو معمولی غلط
الرکیک الباطل المزخرف ظاہرا	نمایشی، ظاہر چیز (علم) پر قانع ہو جایا کرتا ہے
واما لقوۃ الکلام فی نفسہ و	اور یا درحقیقت بات ہی فی نفسہ ایسی
لقوتہ بحیث یجب ان یقنع بہ	قوی اور پر زور ہوتی ہے کہ اس کو تسلیم
(ص ۱۷)	کر لینا ضروری ہے،

اس کے بعد وہ کہتا ہے، جس سے مسئلۂ ارتقار کی جھلک نمودار ہوتی ہے،

فنقول ان البرھان الحقیقی الیقینی	تو ہم کہتے ہین کہ اس بات پر یقینی وقطعی
قائم علی ان ھذہ الموجودات لم	دلیلین قائم ہین کہ اللہ تعالیٰ نے موجودات
یبدعھا اللہ تعالیٰ معاً بل ابدعھا	کو یکبارگی نہین بنایا، بلکہ اُن کو تدریج
نازلۃ من عندہ فی سلسلۃ	اپنے پاس سے اتار کر ترتیب کے سلسلہ
الترتیب،	سے بنایا،

اس کے بعد ابو علی سینا کے الٰہیات کی وہ ترتیب بیان کرتا ہے، کہ پہلے عقل اوّل پیدا ہوئی، پھر عقل ثانی پیدا ہوئی، پھر عقل سوم اسی طرح عقل دہم تک، یہان تک کہ مادہ پر اس ابداع کا خاتمہ ہوا، بعد ازین ایجاد کا دور شروع ہوا، اس مین خام مرکبات ومعدنیات سے بڑھتے بڑھتے انسان تک پیدا ہوا، ادھر مبدعات مین سب سے اشرف وہ ہے جو مبدأ اول سے قریب ہے، اور اسی طرح فضیلت وبزرگی درجہ بدرجہ نیچے اترتی آئی، اور اِدھر ایجاد مین مادۂ کائنات کے بعد مرکبات ومعدنیات ونباتات وحیوانات مین اس فضیلت وبزرگی کی ترتیب نیچے سے اوپر کو چڑھتی گئی، یہانتک کہ انسان سب سے افضل قرار پایا، اور نیچے سے جا کر اوپر انسان کا قرب روحانی مبدأ اول سے قریب ہو گیا،

حتی انتھی الی الانسان الذی	یہانتک کہ اس انسان پر اس کی انتہا ہوئی
ھو اشرف الموجودات المرکبۃ	جو تمام مرکب موجودات مین سب سے اشرف،
وآخر الموجودات فی عالم الکون	اور اس عالم مادی مین وجود مین آنے

والفساد فالاقرب منه	مین سب سے آخر ہے، کیونکہ غیر مادی موجودات
فی المبدعات اشرفھا	مین اشرف وہ ہے، جو سب سے زیادہ خدا
والابعد من الطینۃ	سے قریب ہے اور مادیات مین اشرف
فی المرکبات اشرفھا،	وہ ہے، جو اپنی مادی اصل سے زیادہ
(ص ۱۷۱)	دور ہے،

اب اس کے بعد سوال ہوتا ہے، کہ مرکبات مادی ترتیباً یکے بعد دیگرے کیون ظہور پذیر ہوتے ہین، اور غیر مادی مُبدعات کی طرح ایک ساتھ کیون نہین ہوئے؟ اس کا جواب نہایت عمدہ دیا ہے کہ یہ تمام مادی کائنات و موجودات آپس مین متضاد و متقابل ہین اور جو باہم متضاد و متقابل ہون وہ سب ایک ساتھ نہین ظہور پذیر ہو سکتے، ایک ہی کپڑا ایک ہی وقت مین سپید و سیاہ دونون نہین ہو سکتا، اس لیے دونون رنگ یکے بعد دیگرے اس پر چڑھینگے،

پھر سوال ہوتا ہے کہ دنیائے کون و فساد مین یہ تضاد کیون ہے؟ اس کا جواب وہی دیا ہے، جو امام غزالی نے دیا ہے، کہ عالم جس نہج پر پیدا ہوا ہے اگر اُسمین کچھ شر یا نقص بھی ہے، تو اس کے خیر کثیر کے مقابلہ مین یہ قلیل شر ناقابلِ التفات ہے، کہ

ان الامساک عن الخیر الکثیر	بہت بھلائی سے تھوڑی سی برائی کے
من جھۃ لزوم شرٍ قلیل	لازم آجانے کے خیال سے رُک جانا
ایاہ شرٌ کثیرٌ،	بہت بڑی برائی ہے،

اس لیے باری تعالیٰ ان تمام متضاد و متقابل ممکن ہستیون کو باری باری منصۂ وجود

پرلاکر انصاف کیساتھ ان مین سے ہرایک کو کمالِ ذاتی حاصل کرنے کا موقع عطا فرماتا ہے، اور ان ہستیون مین قرب و بعدِ الٰہی کی حیثیت سے جو تفاوت ہے، وہ حق تعالیٰ کے بخلِ کرم کی وجہ سے نہین ہے، بلکہ اسکی حکمتِ سرمدی کی وجہ سے ہے، اس کے بعد کہتا ہے،

فهذا مجمل وان اوردتها	یہ مختصراً ہے، اگرچہ مین نے ان کو حکماء کے
علی سبیل اقتصاص مذهب	ایک خاص گروہ کی پیروی کے مطابق بیان
قوم من الحکماء فان تحقق	کیا ہے، تو اگر ان کے اصول کی تحقیق تو
اصولها بالبرهان يهديك	دلیل سے کرے، تو خدا ان کی تحقیق کی
سبیل تحقیقها بالیقین (ص ۱۷۲)	بذریعہ یقین تجھکو ہدایت کرے گا،

اس کے بعد اُس نے تکلیف کی حقیقت ظاہر کی ہے کہ اُس کے معنی گو مختلف ہین، لیکن حکماء کے نزدیک اسکے معنی یہ ہین،

التکلیف هو الامر الصادر	تکلیف وہ فرمانِ الٰہی ہے، جو اس لیے صادر
عن الله تعالیٰ السائق للاشخاص	کیا گیا ہے تاکہ وہ افرادِ انسانی کو اُن کے
الانسانیة الی کمالاتهم المستعدّ	ان دنیاوی و اخروی کمالات کی طرف
لهم فی حیاتهم الاولی والاخری	عملاً لائے، جن کی استعداد اُن کے اندر رکھی
الرادع ایاهم عن الظلم والجور	گئی ہے، اور اُن کو ظلم و بے انصافی اور
وارتکاب القبائح واکتساب	برائیون کے ارتکاب اور نقائص کے
النقائص والانهماک فی متابعة	حاصل کرنے اور ان جسمانی خواہشون کی

الفقوی البدنیة انمانعتا ایاھم — پیروی سے باز رکھے حیوانی کو عقلی

عن اتباع الفقوی العقلیة — قوت کی پیروی سے روکتی ہین

بعد ازین اس نے شریعت کی ضرورت اور نبوّت کے متعلق جو لکھا ہے اس پر ہم کو نٹشے کے فوق البشر (SUPERMAN) نظریہ کا دھوکا ہوتا ہے، کہتا ہے کہ اللہ تعالی نے نوع انسانی کو اس طرح بنایا ہے کہ اس کے افراد الگ الگ غیر محدود مدت تک زندہ نہین رہ سکتے اس لیے جب تک موجودہ اور آیندہ نسلین باہم مل کر ترقی کی کوششین اسی طرح نہ کرتی چلی جائین کمال نوعی حاصل نہین ہو سکتا، نیز موجودہ تمام افراد انسانی باہم آپس کے تعاون اور تعاضد اور ایک دوسرے کی تمدنی واجتماعی امداد کے بغیر زندگی کے ضروریات، لباس وخوراک ومسکن وغیرہ کو پورا نہین کر سکتے، اس طرح باہمی تعاون وامداد کے ایک منصفانہ ومعاونانہ دستور کی ضرورت پیش آئی ہے، جسکا نام شریعت ہے،

اس کے بعد نبوت کی بحث آتی ہے کہ اس شریعت عادلہ کی حامل ایک ایسی ہستی ہونی چاہیئے، جو تمام افراد انسانی سے زیادہ عاقل، زیادہ پاک وطاہر ہو، جو دنیاوی نجاست مین ملوث نہ ہو، اس کی غرض وغایت دولت وریاست کی محبت اور جاہ پسندی نہ ہو، اور اپنے شہوانی وغضبی جذبات پر اس کو پورا پورا قابو ہو، اور ہر کام مین اوسکی غرض رضاے الہی کی طلب ہو، ایسا ہی شخص دستور انسانی یعنی شریعت کا حامل ہو سکتا ہے، تا کہ کسی طرف اور کسی خاص فرقہ اور جماعت کے حق مین اُسکا پلہ جھکنے نہ پائے اور اس کے حکم کی پیروی بادشاہ ورعایا پر یکسان ضروری، اور امیر وغریب دونون پر یکسان حاوی ہو،

پھر چونکہ افرادِ انسانی خیر و شر کے قبول و استعداد میں مختلف ہوتے ہیں، لہذا ہر شخص میں خیر کے قبول اور شر کے ترک کی استعداد مختلف ہوتی ہے، کوئی وعظ و پند سے قبول کرتا ہے، کوئی دلیل و برہان سے مانتا ہے، کوئی محبت و تالیفِ قلب سے تسلیم کرتا ہے، کوئی انعام و اکرام سے رام ہوتا ہے، کوئی جزا و سزا اور جنگ کے بعد باز آتا ہے، اس لیے انبیاء افرادِ انسانی کی تکمیل کے لیے یہ سب مختلف طریقے اختیار کرتے ہیں،

اس کے بعد تکرارِ عبادات کی بحث کی ہے، اور اس سلسلہ میں اس نکتہ کو ادا کیا ہے جو آجکل سائکالوجی کا مسلمہ مسئلہ ہے، وہ کہتا ہے کہ یہ عبادات بار بار ادا کرنے کا حکم اس لیے ہو کہ

ففرضت علیهم العبادة المذکورة	بس ان پر یہ مذکورۂ بالا عبادت فرض
....وکررت علیهم تلك حتی	کیگئی ہو.... اور یہ بار بار اُن سے کرائی
یستحکم التذکیر بالتکریر المتواتر	جاتی ہے، تاکہ متواتر تکرار سے یہ یادگیری
(ص ۱۷۴)	اُن کے اندر مستحکم ہو جائے،

پھر کہتا ہے کہ ان اوامر کے بجالانے اور ان نواہی سے بچنے میں تین فائدے ہیں،

۱- نفس انسانی کا شہواتِ نفسانی سے احتراز کرکے قوتِ عقلیہ کو پرورش پانے کا موقع پہنچانا

۲- نفس کو امورِ آلہیہ اور امورِ معاد و آخرت میں غور و نظر کا عادی بنانا کہ اس دارِ ناپائدار کے طلسمات سے نکلکر جنابِ حق اور ملکوتِ ربانی کی طرف توجہ و التفات کی استعداد پیدا ہو،

وتحرضها علی وجه الحق الاول	اور عبادت، نفس کو اس حقِ اول (خدا)
اعنی الذی عنه وجه کل موجود	کے وجود پر آمادہ کرتی ہے، جس سے ہر موجود

جل جلالہ وتقدست	کا وجود ہے، اس کا ذکر بلند ہو، اور اس کے
اسماءہ ولا الٰہ غیرہٗ الذی	نام مقدس ہوں، جس کے سوا اور کوئی
فاضت الموجودات عنہ	دوسرا معبود نہیں، جس سے موجودات کو
منتظمۃ فی سلسلۃ الترتیب	وجود کا فیض اس سلسلۂ ترتیب میں منظم
التی اقتضتھا الحکمۃ الحقۃ	ہو کر ملا ہے، جس کا مطالبہ وہ سچی حکمت
بالبرھان المبنی علی القیاس	کرتی ہے، جو ایسے قیاس پر مبنی ہے جو
المجرد عن اصناف التمویہات	فریب اور مغالطہ سے بری ہے،
والمغالطات،	

۳- تیسرا فائدہ یہ ہے، کہ اس عالم میں امن وامان، نظم واطمینان، اور عدل وانصاف اور باہمی اجتماعی تعاون ومشارکت پیدا ہو، اور نظامِ عالم حکمتِ ربانی کے مطابق قائم رہے،

اس بیان پر رسالہ ختم ہو جاتا ہے،

(۲)

تین سوالات،

رسالۂ کون وتکلیف کا تتمہ

اس کے بعد اس مجموعہ میں خیام کا دوسرا رسالہ ہے، جس کو مصری ناشر نے ایک دوسرا مستقل رسالہ سمجھکر اس کے سائل کے نام ونشان نہ ملنے پر افسوس کیا ہے، حالانکہ عبارت اُو

مطالب سے ظاہر ہے کہ اس کا سائل بھی وہی ہے جس نے کون و تکلیف کا پیدا سوال کیا
تھا، اور اسی نے خیام کے مذکورۃ الصدر جواب پر تین سوالات کئے اور خیام نے اس تتمہ میں ان
تینوں کا جواب دیا ہے، اس لیے اس رسالہ کو مستقل سمجھنے کے بجائے اسی رسالہ کون و تکلیف
کا تتمہ سمجھنا چاہئے، اور اس جوابی رسالہ کی تاریخ بھی وہی ۴۷۳ھ یا اس کے بعد کا سال ہوگا،
اس کی تائید اس سے ہوتی ہے کہ گو بیہقی میں اور شہرزوری کے عربی نسخہ میں اور اس قلمی فارسی
نسخہ میں جو دارالمصنفین کے قبضہ میں ہے یہ تصریح نہیں کہ رسالہ کون و تکلیف ایک ہی رسالہ تھا
یا اس کے کچھ اور اجزاء تھے، مگر شہرزوری کے اس فارسی نسخہ میں جسکا اقتباس زوکوووسکی نے اپنے
مضمون خیام میں شائع کیا ہے "در رسالہ کون و تکلیف" کے بجائے "در دو رسالہ کون و تکلیف" ہے،
اس سے معلوم ہوتا ہے اس رسالہ کے دو جزء تھے، اور میرے خیال میں یہ "تین سوالات" ہی
رسالہ کون و تکلیف کا دوسرا جزء ہے، جو معترض کے جواب الجواب میں ہے،

معلوم ہوتا ہے کہ پچھلے رسالہ میں خیام نے دنیا کی ضرورت تضاد پر جو نکتہ پیدا کیا تھا، اہل علم کے
دائرہ میں اُسکا بڑا غلغلہ ہوا، اور سب نے خیام کی اس نکتہ آفرینی کی بڑی داد دی، چنانچہ خیام اس
رسالہ کے شروع میں کہتا ہے،

بعد فان مباحثتہ ایای عن مسألتہ	عالم میں تضاد کے ضروری ہونے پر میرے
ضرورۃ التضاد رفعت من ذکری	اس کے مباحثہ نے میری شہرت بڑھادی
وعظمت فی امری واستوجبت	اور میرے نام کو چار چاند لگادیے، اور
للہ تعالیٰ خالص شکری، اذلم	خدا کے لئے میرے خالص شکریہ کو واجب ٹھہرایا

يخطر ببالي ان اسئل عن امثالها خصوصاً على ذالك النمط مرد فا بذالك التشك القوي (ص ٤٧)

کیونکہ میرے گمان میں بھی نہ تھا کہ مجھ سے اس قسم کے مسئلے پوچھے جائیں گے اور وہ بھی ایسے زبردست اعتراض کیساتھ،

اس کے بعد خیام نے اس اعتراض کو نقل کیا ہے جو سائل مذکور یعنی قاضی نسوی نے خیام کے پہلے جواب پر کیا ہے، اس اعتراض کی تقریر یہ ہے کہ "دنیا میں تضاد کا ضروری ہونا ممکن ہے، یا واجب، یعنی یہ تضاد ہو بھی سکتا، اور نہیں بھی ہو سکتا تھا، یا اس کا ہونا ضروری تھا، پہلی صورت (امکان) میں ضرور ہے کہ اس کے وجود کی علت بالآخر واجب الوجود پر ختم ہو، کیونکہ تمام ممکنات کی علت بالآخر واجب الوجود پر جا کر ختم ہوتی ہے، اور دوسری صورت (وجوب) میں وہ واجب الوجود ہو کر پایا جائے گا، اور اس صورت میں واجب الوجود میں کثرت ثابت ہو گی، حالانکہ یہ اپنی جگہ پر ثابت ہو چکا ہے کہ واجب الوجود ہر حیثیت سے واحد ہے، اس لیے لامحالہ یہی ماننا پڑے گا کہ وہ ممکن ہے، اور اسکی آخری علت بالآخر اللہ تعالیٰ (واجب) ہے، جس کے یہ معنی ہوئے کہ عالم میں یہ تضاد اللہ تعالیٰ کے خلق و ایجاد سے ہے، اور شر کا وجود چونکہ اسی تضاد کی وجہ سے ہوا ہے، اس لیے یہ کہنا صحیح ہوا کہ شر کا خالق بھی خدا ہے،

خیام نے حسب عادت اس سوال کے جواب میں پہلے متعدد مقدمات بیان کئے ہیں، اوصاف و لوازم کتنے قسم کے ہوتے ہیں، اور ہر ایک کی خصوصیات کیا ہیں، اس سلسلہ میں ذاتی، عرضی، لازم مفارق، لازم غیر مفارق، لازم بواسطہ، اور لازم بلاواسطہ کی عام تقسیمیں کی ہیں، اور بتایا ہے کہ ماہیت کیلئے ماہیت کے لوازم کا ثبوت بالوجوب ہوتا ہے، پھر یہ بتایا ہے کہ وجود کے کیا معنی ہیں، اور اس کا ثبوت افراد کے لیے کیونکر ہوتا ہے،

بالتواطئو یا بالاشتراک، اور پھر یہ ثابت کیا ہے کہ موجود خارجی درحقیقت صرف ایک ہے اور وہ واجب الوجود ہے، کلی کا وجود خارج مین نہین، اور افراد محض کلی کا نقش و مثال ہین (یہ خیال افلاطون کے ہان مثل افلاطونی کے نام سے پایا جاتا ہے) اس کے بعد ظاہر کیا ہے کہ لوازم ماہیت کے ثبوت کیلئے کوئی نئی علت نہین ہوتی، بلکہ خود ماہیت کی علت اس کے لوازم کی بھی علت ہوتی ہے، مثلاً جب زید انسان ہوا، تو یہ سوال نہین ہو سکتا کہ اس مین گویائی کی قوت کیون ہے؟ اس کے دو پاؤن کیون ہین؟ اس کی دو آنکھین کیون ہین؟ کیونکہ انسان ہونے کے معنی ہی یہ ہین کہ یہ لوازم وخصائص اس مین پائے جائین، اسی طرح موجودات عالم مین تضاد ہونا اون کی ماہیت کے لوازم مین سے ہے، جس مین کیون کا سوال نہین ہو سکتا، ان موجودات کو باہم متضاد کسی بنانیوالے نے نہین بنایا، بلکہ وہ بجائے خود متضاد ہین، سیاہ وسپید کو باہم متضاد خدا نے نہین بنایا، بلکہ وہ درحقیقت خود باہم متضاد ہین، اگر ان کا خارج مین وجود نہ بھی ہو، اور وہ صرف ذہن و وہم مین ہو کر پائے جائین، تو بھی متضاد ہی ہو کر پائے جائین گے، اس لیے یہ کہنا صحیح نہین، کہ ان کو خدا نے متضاد بنایا، اللہ تعالی نے اشیاء کو بحیثیت اشیاء کے بنایا، باقی یہ کہ ان اشیاء مین باہم نسبت اتحاد کی ہے، یا تضاد کی ہے، یہ کسی بنانے والے کے بنانے سے نہین ہے، بلکہ از خود ہے، اس لیے ان کی مجعولیت اور پیدائش خدا کی طرف بالذات منسوب نہین، بلکہ بالعرض ہے، اس کے بعد کہتا ہے کہ خدا نے سیاہی کو اس لیے نہین بنایا کہ وہ سپیدی کی ضد ہے، بلکہ اس لیے بنایا کہ یہ بھی ایک ممکن الوجود چیز تھی ہو سکتی تھی، اس لیے اس کو ہو سکنے کا موقع عنایت فرمایا، اس بنا پر عالم مین شر کو خدا نے بالذات نہین بنایا، لیکن موجودات کی پیدائش کے بعد اس کا از خود ہو جانا ضروری تھا،

ولا یکون الشرُّ منسوباً الی موجد	شر سیاہی کے بنانے والے کیطرف
السواد بوجہ من الوجوہ اذ	کسی طرح منسوب نہ ہوگا، کیونکہ خدا
القصد الاوّل (وجل عن القصد)	کا ارادہ (اور وہ ارادہ سے بلند ہے)
بل العنایۃ الاسمدیۃ الحقۃ	بلکہ اوسکی حقیقی سرمدی عنایت خیر کی
توجہت نحو الخیر الّا ان ھذا النوع	طرف متوجہ ہوئی، لیکن اس قسم کا خیر
من الخیر لا یمکن ان یکون	ناممکن ہے کہ شر اور عدم سے خالی ہوکر
مبرّءً اخالیاً عن الشرّ والعدم،	پایا جائے، تو شر خدا کی طرف بالعرض
فلیس الشرّ منسوباً الیہ الا	منسوب ہوا، اور یہان گفتگو عرضی
بالعرض ولیس الکلام ھہنا	شر مین نہین، بلکہ ذاتی شر مین
فیما بالعرض، بل فیما بالذات،	ہے،

معلوم ہوتا ہے کہ چونکہ اس زمانہ مین اشاعرہ کا خاص زور تھا، اور بڑی بڑی ہستیان اشعریت کی حامی تھین، امام ابن فورک، امام الحرمین، اور امام غزالی جیسے نوادرِ روزگار اپنی ساری قوت اشعریت کی حمایت مین صرف کر چکے تھے، اور کر رہے تھے، امام اشعری نے خلق شر کی نسبت بھی خدا ہی کی طرف کی تھی، اور ایرانی فلسفہ مین خلق خیر و شر کے مسئلہ کو خاص اہمیت پہلے ہی سے حاصل تھی اور قدیم اہل ایران خیر کا خالق الگ اور شر کا خالق الگ تسلیم کرتے تھے، اسلام نے توحید کی تعلیم کی، تو اشاعرہ نے خیر و شر دونون کا خالق ایک تسلیم کیا، خیام کا مقصد یہ ہے کہ خدا محض خالقِ خیر ہے، دنیا مین درحقیقت صرف خیر ہے، شر کا وجود عرضاً اور تبعاً ہے، اور خدا نے اس کو بالذات پیدا نہین کیا، بلکہ اشیاء کو

پیدا کیا، ان اشیار کے ساتھ جو ان کے ضروری لوازم تھے وہ بھی بالعرض پیدا ہو گئے، اس کے بعد وہ کس حسرت کے ساتھ کہتا ہے،

وانّی اوصی کلّ من اعرف من	اور مین ہر اس شخص کو جسکو حکمار مین جانتا
الحکماء بتقدیس ذالک الجناب	ہون، یہ وصیت کرتا ہون کہ وہ اوسکی
عن الظلم والشر، (ص ۱۸۳)	جناب کو ظلم اور شر سے پاک رکھے،

یہ بھی ابو علی سینا کی کتابون مین مذکور ہے، چنانچہ اپنی کتاب نجات مین اس نے یہ باب باندھا ہے، فصل فی ان واجب الوجود خیر محض،

بعد ازین وہ کہتا ہے کہ اگر کوئی یہ کہے کہ پھر خدا نے ایسی چیز کیون بنائی جسکی نسبت وہ جانتا تھا کہ اس کو عدم اور شر لازم ہین، تو اس کا جواب یہ ہے کہ ہر شے مین خیر کے جتنے پہلو ہین ان کے مقابلہ مین شر کا پہلو بمنزلہ صفر کے ہے، مثلاً سیاہی مین ایک ہزار خیر کے پہلو ہین تو ایک شر کا، ایسی حالت مین ایک شر کے خیال سے ایکہزار خیر کو نہ پیدا کرنا خود شر عظیم تھا،

فقد بان ان الشرور موجودۃ	تو اس سے ظاہر ہوا کہ شر کا وجود
فی مخلوقات اللہ تعالیٰ بالعرض	مخلوقات الٰہی مین بالعرض
لا بالذات، وبان ان الشر فی	اور ضمناً ہے، بالذات اور براہ راست
الحکمۃ الاولیٰ قلیل جداً الا	نہین، اور یہ بھی معلوم ہوا کہ حکمت
نسبۃ لہ فی الکمیۃ والکیفیۃ	اولیٰ مین شر، خیر کے مقابلہ مین تعداد
الی الخیر،	اور کیفیت دونون مین بہت کم ہے،

یہ خیال بعینہ ابوعلی سینا سے منقول ہے، چنانچہ شفا میں اس نے اس اعتراض کا بعینہ یہی جواب دیا ہے، لیکن حقیقت یہ ہے کہ اس سوال کا جو جواب ابن رشد نے فصل المقال اور کشف الادلہ میں دیا ہے وہ سب سے بہتر ہے اور حقیقت ہے، وہ کہتا ہے کہ دنیا میں کوئی شے بالذات شر نہیں ہے، شر ہمارے برے استعمال سے وہ ہو جاتی ہے، مثلاً آگ بذات خود شر نہیں، ہاں اس سے کسی غریب کے گھر کو جلا دو تو تمہارا یہ فعل شر ہوگا، اور اس فعل کی وجہ سے اس آگ کو جس نے اس مکان کو جلایا بالعرض شر کہہ دینگے، احادیث میں بھی آتا ہے کہ والشر لیس الیک، اے خدا شر تیری طرف راجع نہیں ہوتا، اور یہ عین تعلیم اسلام ہے،

۲- اس کے بعد اس رسالہ میں خیام سے ایک نہایت اہم سوال کیا گیا ہے کہ جبر و قدر کے مسئلہ میں کون فریق برسر حق ہے؟ یہاں خیام لاجواب ہو جاتا ہے، اور اس کا اندرونی فلسفہ اس پر غالب آجاتا ہے، اور دو سطروں میں نہایت چپکے سے یہ کہکر اتنے بڑے اہم سوال کی ذمہ داری سے سبکدوش ہو جاتا ہے، کہتا ہے،

واما سوالہ عن ای الفریقین اقرب	لیکن اس کا یہ سوال کہ ان دونوں فریقوں
الی الصواب، فلعل الجبری	میں سے کون صواب سے قریب تر ہے،
اقرب الی الحق فی بادی الرای	تو شاید جبر کا قائل حق سے بظاہر زیادہ قریب
وظاہر النظر من غیر ان یتلجلج	ہے، اس شرط سے کہ وہ ہذیان میں
فی ھذیانہ، وینغلغل فی خرافاتہ	یاوہ گوئی نہ کرے اور اپنے خرافات میں زیادہ
فانہ حینئذ یبعد عن الحق جداً،	دور تک نہ چلا جائے، ایسی حالت میں وہ حق سے

لیکن کیا اس خرافات گوئی کا ملزم وہ خود نہین قرار پائیگا، اگر اس نے یہ کہا ہے،

مے میخورم و ہر کہ چو من اہل بود | مے خوردن من بنزد او سہل بود
مے خوردن من حق بازل میدانست | گر مے نخورم علم خدا جہل بود

بر رہگذرم ہزار جا دام نہی | گوئی کہ بگیرمت اگر گام نہی
یک ذرہ ز حکم تو جہان خالی نیست | حکم تو کنی و عاصیم نام نہی

۴- رسالۂ مذکور مین آخری سوال یہ ہے، کہ باقی کی بقا عین باقی ہے، یا اس سے الگ کوئی چیز ہے؟ یہ بحث پرانے زمانہ سے معتزلہ، اشاعرہ اور دوسرے متکلمین مین زیر بحث رہی ہے، تفصیل جاننی چاہو تو امام اشعری (المتوفی ۳۲۴ھ) کی مقالات الاسلامیین جلد دوم ص ۳۶۶ وص ۳۶۷ مطبوعہ استامبول دیکھو،

خیام کہتا ہے، کہ یہ بحث نہایت فضول ہے، جب وجود کے متعلق یہ تسلیم کیا جا چکا ہے کہ وجود اور موجود، خارج مین ایک ہین، گو ذہن مین الگ الگ ہون، تو یہی صورت بقا کی نسبت کیون نہین ہو سکتی، وجود اور بقا مین صرف اسی قدر فرق ہے کہ وجود مطلق ہستی کو کہتے ہین اور بقا ایک مدتِ متعینہ تک کی ہستی کو،

۸- رسالۂ موضوعِ علم کلی

بیہقی نے اس کے "رسالۂ وجود" کا حوالہ دیا ہے، اور شہرزوری نے بھی خیام کی تصنیفات

مین "رسالۃ فی الوجود" وجود کے مسئلہ مین ایک رسالہ کا نام لکھا ہے، اس بحث پر اس کے دو[۲]
رسالے ملتے ہین، ایک فارسی مین ہے جسکا ذکر آگے آتا ہے، اور دوسرا عربی مین ہے، چنانچہ اس کے
مطبوعہ مصر رسالون مین یہ رسالہ موجود ہے اور ناشر نے اسکا نام الضیاء العقلی فی موضوع العلم الکلی
رکھا ہے، یہ نام اس رسالہ کی ابتدائی سطرون سے اخذ کر لیا گیا ہے، کہ اسکی ابتدائی سطرین یہ ہین،

انّ الموجود (؟) الّذی هو	وہ موجود (؟) جو فلسفۂ اولی کا موضوع
موضوع الفلسفة الاولی اعنی	ہے، یعنی وہ علم کلّی جس کے تحت مین
العلم الکلی الّذی تحته جمیع	تمام علوم ہین، ظاہر التصوّر
العلوم ظاهر التصوّر (۱۸۷)	ہے،

اس مطبوعہ نسخہ مین اس عبارت مین "الموجود" کا لفظ چھپا ہے، مگر مطلب کا اقتضا یہ ہے کہ
"الموجود" کے بجائے "الوجود" پڑھا جائے کہ عبارت یون ہو گی، انّ الوجود الّذی . . . . ظاهر
التصوّر، کہ وجود کا تصوّر ظاہر ہے، اس نسخہ کے ناشر و محشی نے اپنی غلط قرأت کے مطابق اس پر
حاشیہ دیکر یہ سمجھایا ہے کہ "موجود مطلق ظاہر التصوّر ہے" حالانکہ یہ صحیح نہین اور نہ اس پر استدلال ہے،
بہرحال اس رسالہ کی بحث کا ماحصل یہ ہے کہ وجود کا تصوّر بدیہی ہے، وجود کے ثبوت
کے لیے کسی دلیل کی حاجت نہین، پھر یہ ذکر ہے کہ وجود عین موجود ہے، نیز یہ کہ کلّی موجود فی الخارج
نہین، موجود فی الخارج صرف جزئیات ہین، اسی سلسلہ مین اس نے وہ بات لکھی ہے جو ہیوم
کے فلسفہ مین ملتی ہے،

بان المعقول الصّرف لا یکون لنا	خالص عقلی علم نہ ہم کو ہوا ہے، نہ ہو سکتا ہے

ولا یمکن، بل انما تکون معقولاتنا
مشوبة بالتخیل والتخیل لایدرک الا
الجزئی (ص ۱۹۲)

بلکہ ہمارے تمام معقولات تخیل آمیز ہوتے
ہین، اور تخیل صرف جزئی کا ادراک
کرسکتا ہے،

اور آخر مین ایک فاضل المتاخرین کی راے نقل کرکے اسکی تصویب کی ہے کہ واجب الوجود اور ممکن الوجود مین وجود کا اشتراک محض لفظی ہے، دونون جگہ وجود کی حقیقت مختلف ہے،

ونعم ما قال فاضل المتاخرین
روح رمسه وقدس نفسه
فی بعض مباحثاته لعل الوجود
الذی هو ماهیة الحق الاول
هو الواجبیة، وانما قال ذلک
لان الواجبیة المطلقة لا
شرکة فیها بوجه من الوجوه
ثم قال .....

پچھلے لوگون کے فاضل نے خدا اوس کی
قبر کو خوش، اور اُس کی جان کو پاک
رکھے، اپنے بعض مباحثات مین کیسی اچھی
بات کہی کہ وہ وجود جو حق اول کی
ماہیت ہے وہ خود واجبیت ہے، اور
یہ اس لیے اس نے کہا کہ واجبیت مطلقہ
مین کوئی دوسرا موجود کسی حیثیت سے
شریک نہین، پھر فرمایا ......

یہ فاضل المتاخرین ظاہر ہے کہ ابوعلی بن سینا ہے، اس کے بعد خیام کہتا ہے،

عند هذا الموقف عدید (عدة)
مباحثات عمیقة، وتحصیلات
کثیرة، وتحاقیق جمة، ومن

اس مقام پر کئی گہرے مباحث اور بہت
سی تحقیقات ہین، اور ذہن کی تیزی
جس کی دستگیری کرے، اور خدا کی

اخذت (ہ) الفطانة بیدہ، وصحبہ	طرف سے توفیق جس کے ہمراہ ہو، تو وہ
توفیق من اللہ تعالیٰ، صادف	توحید کے مسئلہ مین یہان وہ پائے گا
فی التوحید ھھنا ما یسکن الیہ	جس سے عقل کو تسکین ملے گی کمال تک
العقل، نسئل اللہ التوفیق	پہنچنے کے لیے خدا سے توفیق کی بھیک
للوصول الی الکمال والحمد	مانگتے ہون اور ہر حال مین اوس کا
للہ علی کل حال،	شکر ہے،

ان فقرون پر یہ رسالہ ختم ہو جاتا ہے، ان سے اندازہ ہو سکتا ہے کہ مسئلہ توحید کی اہمیت اور بزرگی اور خدا تعالیٰ کی عظمت اس کے دل مین کتنی تھی، اور اپنے فلسفیانہ تصوف کے راستہ سے مقصد تک پہنچنے کی اس کے دل مین کتنی امنگ تھی،

۹۔ رسالہ فی الوجود

مسئلہ وجود پر خیام کا دوسرا رسالہ جو فارسی مین ہے، اُس کا ایک نسخہ برٹش میوزیم لندن کے کتب خانہ مین ہے، جس کا نمبر Or. 6572 F51 ہے، برٹش میوزیم لائبریری کے ارکان کا ممنون ہون جنھون نے اس کا ایک عکسی نسخہ مجھے عنایت فرمایا، اس رسالہ کا عنوان یہ ہے،

"رسالہ بالعجمیۃ لعمر بن الخیام فی کلیات الوجود"

اس کے دیباچہ مین ہے کہ خیام نے یہ رسالہ فخر الملک بن مؤید (؟) کی درخواست پر

فارسی مین لکھا ہے مگر یہ فخر الملک بن مؤید نام صریح تحریف ہے، کہ فخر الملک اور مؤید الملک
دونون باپ بیٹے نہین بلکہ بھائی بھائی تھے، دونون نظام الملک طوسی کے بیٹے تھے اور
وزیر تھے، پہلے مؤید الملک بن نظام الملک ۴۸۶ھ مین برکیاروق بن ملک شاہ کا وزیر مقرر ہوا، پھر
فخر الملک ہوا، جس نے ۵۰۰ھ مین وفات پائی، اس لیے یہ رسالہ اگر فخر الملک کے نام سے
معنون ہوا تھا، تو یہ سمجھنا چاہیے کہ اس کے زمانۂ وزارت مین ۴۸۶ھ سے لے کر ۵۰۰ھ
تک تالیف ہوا ہے،

یہ چند صفحون کا رسالہ ہے، جسمین وجود کی فلسفیانہ بحث ہے، اور بدانک (بدانکہ) کے
عنوان سے، مختصر فصلین ہین، پہلی فصل مین جوہر، جسمیت (مرکب) بسیط، عقل اور نفس کی
تعریفین اور تقسیمین ہین، پھر عقل و نفس اور افلاک کی ترتیبی تخلیق کی بحث ہے، دوسری فصل
مین افلاک، اُمہات (عناصر) اور موالید (عنصریات) کا اور اُن کے باہمی علت و معلول ہونے
کا بیان ہے، تیسری فصل مین عقل و نفس کے ادراک کا ذکر ہے، چوتھی مین کلیات خمس اور
اعراض کا، پانچوین مین واجب الوجود، ممکن اور ممتنع کی تعریفین ہین، چھٹی مین جوہر و عرض، اور
آثار و خصائص کی بحث ہے، اور ساتوین مین اس وقت کے چار گروہ متکلمین، حکمار، اسماعیلیہ اور
صوفیہ کے اصول و مسلک پر مختصر تبصرہ ہے، اور اسی پر رسالہ کا خاتمہ ہے،

اس رسالہ مین یون تو الٰہیات و امور عامہ کے وہی عام و فرسودہ مسئلے ہین، اور خصوصیت
کے ساتھ، عقل و نفس و افلاک و عناصر کی ترتیبی پیدائش کا ذکر ہے، مگر اس رسالہ سے خیام کے دو
اصولی عقیدون کا سراغ لگتا ہے،

۱۔ ایک یہ کہ انھیں عقول عشرہ اور نفوس فلک سے جو کدورت اور مادیت کے غبار سے پاک ہیں، ایجاد عالم کا آغاز ہوا، پہلے واجب الوجود سے عقل اوّل جسکا دوسرا نام عقل فعّال ہی، پیدا ہوئی، پھر عقل اوّل سے نفس اوّل اور عقل دوم، علی ہٰذا الترتیب، (اسی کا نام سلسلۃ الترتیب ہے) اور خلق کائنات کی تکمیل انسان پر اور انسان کی انتہا عقل و نفس پر ہوتی ہے، اس لیے انتہائے خلق (عقل و نفس انسانی) اور ابتدائے ایجاد (یعنی عقل و نفس کلی) کے درمیان مناسبت و مشابہت ہونی چاہیئے، کہ الجنس الی الجنس یمیل، اللہ تعالیٰ (واجب الوجود) اور مخلوق انسان کے درمیان یہ عقول، نفوس اور افلاک، واسطہ ہیں، اور انھیں کا دوسرا نام ارباب ہے، انسان کی عقل و نفس کا کمال یہ ہے کہ وہ پاکی، طہارت، نزاہت اور مادیت سے بری ہو جانے میں ان نفوس و عقول کی نقل اتارے، اور اُن کے ساتھ تشبہ حاصل کرے، کہ مادی انسان، عالم مجردات کی مثال و پیکر بنجائے، ان کا تقرب جنت، اور انھیں سے دوری کا نام دائمی عذاب ہے،

"و این قاعدہ را سلسلۃ الترتیب خوانند، و مردم را مردمی آنگہ درست شود کہ این سلسلۃ الترتیب بشناسند، پیدا اندکہ این جملہ ارباب (عقل و نفس و افلاک) متوسط اند، چونکہ افلاک و امہات و موالید و علت وجود او اند، نہ از جنس او از ایزد جل جلالہ اکنون چون ما شریفترین چیزے در آخر نفس و عقل یافتیم معلوم شد کہ ابتدا ہمان باشد، و مردم چون ابتدا و انتہا را بدانست، باید کہ نزدیک او درست شود کہ نوع عقل و نفس او از جنس نفس و عقل یکے است، و این دیگر ارباب متوسط است، و از او بیگانہ، و از ایشان بیگانہ، پس باید کہ آہنگ بنفس خویش بود، تا از ہم گوہران (؟) خود دور نماند، زیراکہ عذاب مقیم باشد"

یہ خیام کا وہی اخلاقی اصول ہے جس کو عماد کاتب نے بروایت قفطی یوں بیان کیا ہے

تھے وہ یونانی فلسفہ کے اصول کے مطابق طہارت نفس اور حسن اخلاق کی تعلیم دیتا تھا۔

۲- اس رسالہ سے خیام کا دوسرا اصولی خیال یہ ظاہر ہوتا ہے کہ وہ متکلمین کے مناظرانہ اور حکماء کی فلسفیانہ شعبدہ بازی اور نکتہ پروری کے طلسم کو بے اثر سمجھ چکا تھا، اور تصوف کے دریچہ نظر سے جھانک تاک کے نظارون کا اسکو چسکا پڑ رہا تھا، چنانچہ رسالہ کے آخری باب مین کہتا ہے،

بدانکہ کسانے کہ طالبانِ شناخت خداوند سبحانہ و تعالیٰ اند، چہار گروہ اند؛ اول متکلمان اند کہ ایشان بجدل و حجت ہاے اقناعی راضی شدہ اند، و بدان قدر بسندہ کردند در معرفت باری عز اسمہ، و دوم فلاسفہ و حکماء اند کہ ایشان با دلۂ عقلی صرف در قوانین منطقی طلب شناخت کردند، و بہیچ ادلۂ اقناعی نہ کردند لیکن ایشان نیز بشرائط منطق وفا نتوانستن کرد، وازان عاجز آمدند، سیّم اسماعیلیان اند و تعلیمیانند کہ ایشان گفتند کہ طریق معرفت جز اخبار خبر دُمُخبر صادق نیست چہ در ادلۂ معرفت صانع و ذات وصفات وے اشکالات بسیار است، وادلہ متعارض، وعقول دران متحیر وعاجز پس اولیٰ تران باشد کہ از قول صادق طلبند، چہارم اہل تصوف بودند کہ ایشان بتفکر و اندیشہ (؟) طلب معرفت نہ کردند، کہ بتصفیۂ باطن و تہذیب اخلاق نفس ناطقہ را از کدورت طبیعت، وہیئت بدنی منزہ کردند، چون آن جوہر صافی گشت و در مقابلۂ ملکوت افتاد، صورتہاے آن بحقیقت در آنجا بیدا شود بے ہیچ شکّے و شبہتے، واین طریق از ہمہ بہتر است، کہ ہیچ کمال از حضرت خداوند ممنوع (؟) نیست وآنجا مانع وحجاب نیست، پس ہر آنچ آدمی را نبود از کدورت طبع باشد، چہ اگر حجب زائل شود، وحائل و مانع دور گردد، حقایق چیزہا چنانک باشد بیدا شود، وسید عالم علیہ افضل الصلوٰۃ والتحیۃ بدین اشارت کردہ است وفرمودہ الا ان لربکم فی ایام دھرکم نفحات فتعرضوا لہا،

اس آخری باب سے واضح ہے کہ خیام متکلمانہ مناظرون حکیمانہ دلیلون اور حصول تسکین کے اسمٰعیلی باطنی طریقون سے تشفی نہ پاکر تصوف کے مشاہدات و انوار سے فیض چاہتا ہے، لیکن عجیب بات یہ ہے کہ خیام کے اس آخری باب مین جو کچھ اختصار کے ساتھ ہے، وہی امام غزالی کی "منقذ من الضلال" مین شرح و تفصیل کے ساتھ مذکور ہے، انھین چار فرقون کا ذکر ہے، اور امام کا ان چارون پر بعینہٖ یہی تبصرہ ہے، اور آخر متکلمین حکمار، اسماعیلیہ کے دلائل و تلقینات سے تسلی نہ پاکر صوفیہ کے گروہ مین داخل ہو جانے کا بیان ہے، اب یا تو اس زمانہ مین اکثر اہل نظر اسی ایک راستہ سے تصوف کے مقام پر پہنچے تھے، اسلئے خیام و غزالی کے واردات یکسان ہین، یا ایک کے اصلی اور دوسرے کے نقلی ہین،

امام غزالی نے یہ کتاب جو حقیقت مین اُن کے سوانح اور واردات قلبی ہین تقریباً پچاس برس کی عمر مین غالباً ۴۹۹ھ مین لکھی ہے اور ۵۰۰ھ سے ۵۰۰ھ تک کا زمانہ خیام کے اس رسالہ کلیات الوجود کی تالیف کا ہے، کہ وزیر فخر الملک کی وزارت کا زمانہ جسکے نام سے یہ رسالہ لکھا گیا ہی یہی ہے، ہولینڈ کے فاضل کرسیتن زن نے، اور اُس سے نقل کر کے جرمن فاضل فریڈرک روزن نے اپنے مطبوعۂ کاویانی مجموعۂ رباعیات کے دیباچہ مین[۱] خیام کی ان آخری سطرون کو روضۃ القلوب نام کسی قلمی مجموعہ سے خیام کے نام سے نقل کیا ہے، مگر جیسا کہ ابھی معلوم ہو چکا کہ یہ سطرین درحقیقت خیام کے اسی رسالہ کلیات الوجود کی ہین، یہ الگ کوئی رسالہ نہین ہی،

---

[۱] مجموعۂ رباعیات خیام مطبوعۂ کاویانی مرتبۂ فریڈرک روزن صفحہ ۶۶، طبع نوروز سال ۱۳۰۴ھ ہجری شمسی،

۱۰۔ رسالۂ وصف و موصوف،

یہ سات صفحون کا عربی رسالہ ہے جو ابتک نہین چھپا ہے، قلمی نسخہ ہمارے پیش نظر ہے، یہ بھی حقیقت مین وجود کے مسئلہ پر ہے، جس سے خیام کو بڑی دلچسپی معلوم ہوتی ہے، اس کے مضامین جگہ جگہ، رسالۂ کون وتکلیف کے تتمہ سے ملتے جاتے ہین، انہین کہین الفاظ اور فقرے بھی ملتے ہین، نتیجۂ بحث بھی ملتا ہے، مگر عبارت مین کافی فرق ہے، ایسا معلوم ہوتا ہے کہ کسی نے خیام کے رسالۂ تکلیف کے تتمہ پر پھر بعض ایرادات کئے تھے تو خیام نے اس رسالہ مین ان کا جواب دیا، لیکن چونکہ اس رسالہ کا آغاز ان الفاظ سے ہے، کہ "الاوصافُ للموصوفات علی ضربین" اس لیے ناقل نے مجموعہ کی فہرست رسائل مین اس کا نام "رسالۂ وصف و موصوف عمر خیام" رکھدیا ہے، یہی الفاظ الاوصاف للموصوفات علی ضربین رسالۂ کون وتکلیف کے تتمہ کا پہلا فقرہ ہین، تاہم اس کے وجود کے دوسرے رسالون سے اسکا مضمون کافی الگ ہے،

اسمین اوّلاً یہ بیان ہے کہ اوصاف ولوازم کا ثبوت اپنے موصوف اور ملزوم کے لیے کیونکر ہوتا ہے، اور وجود کا ثبوت موجود کے لیے کس طرح ہوتا ہے؟ اوصاف ولوازم کے اقسام ذاتی اور عرضی کی تعریف، پھر سارے رسالہ مین یہ بحث ہے کہ ممکنات کا وجود، موجود فی الخارج نہین اور زائد بر ذات ہے، وہ صرف مفہوم انتزاعی ہے، ممکنات کی اصلیت عدم ہے، اور وجود واجب الوجود کے اثر سے خارج سے انکو ملتا ہے، اس عام بحث کے علاوہ اس رسالہ سے اس کے دو عقیدے ثابت ہین، اوّل یہ کہ چیزون کی حقیقت تک پہنچنے کے لیے، فکر و مراقبہ اور ریاضت کی ضرورت

ہے، کہتا ہے،

فمن وجد نفسہ من المقصرین	تو جو شخص اپنے کو اس بات میں عاجزوں
فی ھذا المعنی فلیعلم انھا قد	میں سے پائے تو وہ ایک وہمی بات
زاغت لسبب امر وھمی غلطھا،	ہے جس نے اس کو غلطی میں ڈال دیا
وعلیہ بالریاضۃ التامۃ ولاستعانۃ	ڈرگیا، اس کو چاہئے کہ پوری ریاضت
بحسن التوفیق من اللہ تعالیٰ	کرے اور اللہ تعالیٰ سے حسن توفیق کی
انہ ولی الاجابۃ ،	مدد مانگے، وہ قبول کرنے والا ہے،

رسالہ کا آخری نتیجہ ان سطروں میں ہے،

فقد بان ان جمیع الذوات	تو ظاہر ہوا کہ تمام ذاتیں اور ماہیتیں
والماھیات انما تفیض من ذات	مبدء اول (اللہ تعالیٰ) کی ذات
المبدء الاول الحق جل جلالہ	سے جو حق ہے، ترتیب اور سلسلۂ
علی ترتیب وفی سلسلۃ نظام	نظام کے ساتھ وجود پذیر ہوئی ہیں،
وھی کلھا خیرات لا شر فیھا	اور یہ کل کی کل خیر ہیں، ان
بوجہ من الوجوہ، انما الشر	میں کسی طرح شر نہیں، اور جو
الذی ھو الذم او لازمہ	شر مذمت یا لازم مذمت کے معنی میں
یحصل من ضرورۃ التضاد علی	ہے وہ تضاد کی ضرورت کے سبب
ما قد عرفت تفصیلہ تعالی اللہ	سے پیدا ہوا ہے، جیسا کہ تم اسکی تفصیل

عما یقول الظالمون	جان چکے، بلند ہے اللہ اس سے جو ظالم ملحد
الملحدون علوا کبیرا،	لوگ کہتے ہین،

ان سطرون سے ہویدا ہے کہ یہ رسالہ، رسالۂ کون و تکلیف کے مباحث سے متعلق ہے، اور اسی سلسلہ مین یہ لکھا گیا ہے،

۱۱- عرائس النفائس (؟)

مولنا شبلی مرحوم کو ۱۹۰۲ء مین حیدرآباد مین شہرزوری کی تاریخ الحکما، موسوم بہ نزہۃ الارواح کا ایک نسخہ ملا، جو ۱۰۲۹ھ مین ایک ایسے نسخہ سے نقل ہوا تھا جو ۶۲۰ھ مین تبریز مین لکھا گیا تھا، مولانا نے اس نسخہ کی نقل لی، اور اصل کے مطابق اسکی تصحیح کی، یہ نسخہ اسوقت ہمارے سامنے ہے، اس مین خیام کے حال مین اس موقع پر جہان امام غزالی اور خیام کا مناظرہ مذکور ہے، خیام کی زبان سے یہ فقرہ درج ہے،

فقال الخیامی انا قد ذکرت ذلک	تو خیام نے کہا کہ مین نے اس کو اپنی تصنیف
فی کتاب عرائس النفائس من	عرائس النفائس مین بیان کیا ہے، پھر
تصنیفی فاطال عمر الخیامی	خیام نے ایک لمبی تقریر شروع
الکلام (ص ۲۷)	کی،

لیکن شہرزوری کے سوانح خیام کا جو اقتباس ژوکوفسکی نے مظفریہ مین شائع کیا ہے، اس مین یہ عبارت سرے سے موجود نہین، یعنی "فقال الخیامی الکلام" سے عبارت

شروع ہوتی ہے،

اصل یہ ہے کہ شہرزوری نے بیہقی کی تاریخ الحکماء کے مطلب سمجھنے مین غلطی کی ہے، عرائس النفائس خیام کی نہین بلکہ خود علی بیہقی کی تصنیف ہے، جسمین اس نے اس مسئلہ پر بحث کی ہے، اور جسکا ذکر اس نے یہان جملۂ معترضہ کے طور پر کیا ہے بیہقی کی اصل عبارت یہ ہے،

دخل یوماً علیہ الامام حجۃ	امام حجۃ الاسلام غزالی ایک دن اس کے
الاسلام محمد الغزالی وسالہ	ہان گئے، اور اس سے دریافت کیا کہ تمام
عن تعیین جزء من اجزاء	اجزائے فلکی مین سے ایک خاص جزء ہ
الفلک القطبیۃ دون غیرھا	قطبیت کیساتھ کیون مخصوص ہے، اور
مع ان الفلک متشابہ الاجزاء	مین نے (یعنی بیہقی نے) اوس کو اپنی
وانا قد ذکرت ذلک فی	کتاب عرائس النفائس مین ذکر
کتاب عرائس النفائس من	کیا ہے، تو امام عمر خیام نے بڑی لمبی
تصنیفی، فاطال الامام عمر الکلام	گفتگو شروع کی،

اس حقیقت کی تائید اس سے ہوتی ہے کہ عرائس النفائس نام کتاب علی بیہقی کی تصانیف مین موجود ہے، علی بیہقی کا مفصل حال یاقوت نے معجم الادباء[1] مین لکھا ہے، اور اسکی تصانیف کی فہرست نقل کی ہے، اس فہرست مین عرائس النفائس کا نام بھی ہے،

[1] معجم الادباء، یاقوت جلد خامس ص۲۰۸ - ص۲۱۸، عرائس کا نام ص۲۱۲ مین ہے، (گب)

۱۲۔ نوروز نامہ

خیام کی تصانیف مین ایک نئی کتاب نوروزنامہ کا انکشاف اسٹیٹ لائبریری برلن کے مشرقی شعبہ کے ناظم ڈاکٹر ویل نے کیا ہے، اوران کے حسب ہدایت، رسالہ کے بعض مضامین کا خلاصہ فریڈرک روزن نے اپنی مطبوعہ رباعیات عمر خیام (میتھوین کمپنی ۱۹۳۰ء) کے دیباچہ مین دیا ہے، اور اصل کتاب کے پہلے صفحہ کا عکس چھاپا ہے، اسٹیٹ لائبریری مذکور مین گیارہوین صدی عیسوی (پانچوین صدی ہجری) کے چھ علما کے لکھے ہوئے چند رسائل کا ایک مجموعہ ہے، اس کا سال کتابت ۱۰۶۵ء (۳۶۵ھ ؟) ہے، اس مجموعہ مین ۵۴ صفحون کا ایک فارسی رسالہ خیام کا ہے، جسکا نام نوروزنامہ ہے، خیام نے اس کے ابتدائی دیباچہ مین اسکی تصنیف کی وجہ یہ لکھی ہے کہ ایک دوست نے نوروز کی حقیقت اور اسکی تاریخ پوچھی تھی، اس کی فرمائش کی تعمیل مین یہ رسالہ لکھا ہے، اس کے دیباچہ کی اصل عبارت حسب ذیل ہے،

"سپاس وستائش مر خدائے را جل جلالہ کہ آفریدگار جہانست، و دارندۂ زمین و زمانست، و روزی دہ جانورانست، و دانندۂ آشکارا و نہانست، قیوم بے ہمتا و بے انباز، و بے دستور و بے نیاز، یکے نہ از حد قیاس و عدد قادر و مستغنی از ظہیر و مدد، و درود بر پیغمبران او از آدم صفی تا پیغمبر عربی محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہم اجمعین، و بر عترت و اصحاب برگزیدگان او، چنین گوید خواجہ حکیم فیلسوف الوقت، سید المحققین، ملک العلماء عمر بن ابراہیم الخیام رحمۃ اللہ علیہ کہ چون نظر افتاد از انجا کہ کمال عقل است ہیچ چیز نیافتم شریف تر از سخن، و رفیع تر از کلام، چہ اگر بزرگوار تر از کلام چیزے

بودے، حق تعالیٰ با رسول صلی اللہ علیہ خطاب فرمودے، و گفتہ اند تازی و خیر جلیس فی الزمان کتاب، دوستے کہ بر من حقِ صحبت داشت و در نیک عہدے یگانہ بود از من التماس کرد کہ سبب نہادن نوروز چہ بودہ است، و کدام پادشاہ نہادہ است، التماس او را مبذول داشتم و این مختصر جمع کردہ آمد، بتوفیق جل جلالہ،

آغاز کتاب نوروز نامہ

درین کتاب کہ بیان کردہ آمد در کشفِ حقیقت نوروز کہ نزدیک ملوک عجم کدام روز بودہ است و کدام پادشاہ نہادہ است، و چرا بزرگ داشتہ اند آنرا و دیگر آئین پادشاہان و سیرت ایشان در ہر کارے، مختصر کردہ آید، انشاء اللہ تعالیٰ، اما سبب نہادن نوروزان بودہ است کہ چون بدانستند کہ آفتاب را دو دور بود، یکے آنکہ"

رسالہ مین سولہ مختلف ابواب ہین،

۱- اصلِ نوروز نامہ،

۲- شاہانِ ایران کے زمانہ مین،

۳- موبد موبدان کا شاہی دربارون مین نوروز کی تہنیت و تبریک اور تحفے پیش کرنے کے لئے آنا،

۴- بادشاہ کو خطاب کر کے موبد موبدان برکت کے جو دعائیہ کلمے کہتا تھا،

۵- سونا (زر) اور اُس کے متعلق جو کچھ کہا گیا،

۶- چھپے ہوئے خزانون کا پتہ پانا،

۷۔ انگوٹھی اور انگوٹھی کے متعلق جو باتین کہی گئی ہین،

۸۔ غلہ (اور خصوصاً جو) کے متعلق،

۹۔ تلوار کے متعلق،

۱۰۔ تیر اور کمان کے متعلق،

۱۱۔ قلم اور اس کی قسمین،

۱۲۔ گھوڑے اور اُن کی قسمین،

۱۳۔ باز کے شکار اور باز کی پرورش،

۱۴۔ شراب کی خوبیان (اور اس کے طبّی فائدے اور نقصان، اور اس کے بُرے اثرات سے بچنے کی تدبیرین)

۱۵۔ شراب کی ایجاد کی کہانی،

۱۶۔ ایک حسین چہرہ کے فوائد،

رسالہ کے خطبہ مین جو بعد کو بڑھایا گیا ہے خیام کے صریح نام موجود ہونے کے باوجود اس کو خیام کی تصنیف ماننے پر دل آمادہ نہین۔ یہ حقیقت مین علم محاضرات اور منادمت سلطانی کے فن پر ہے، یعنی اُن مسائل پر ہے جنکے جاننے کی ضرورت بادشاہ کے مصاحبون اور ندیمون کو پیش آتی ہے، حکیم خیام کو اس قسم کے تر مباحث سے کوئی مناسبت نہین معلوم ہوتی، اسی عہد مین امیر عنصر المعالی کیکاؤس نے اِس قسم کی کتاب لکھی ہے جو قابوس نامہ کے نام سے مشہور ہے، اور جو بمبئی مین چھپی ہے، نیز اس عہد کے بعد ۵۹۹ھ مین محمد بن علی بن

سلیمان راوندی نے راحۃ الصدور تاریخ آل سلجوق کے آخر مین اس سے ملتی جلتی چند فصلین لکھی ہین،

اس کتاب کے اس فقرہ سے "کہ دوستے کہ برمن حق صحبت داشت، و در نیک عہدے یگانہ بود، ازمن التماس کرد" فرڈرک روزن نے جو بے محابا قیاس آرائیان کین ہین کہ یہ دوست مرد تھا یا عورت؟ اور اس پر جو دور از کار بحثین کی ہین، وہ مشرقی آداب سے یکسر ناواقفیت کا آئینہ ہین :

خیام نے اس دیباچہ مین جس عربی مثل کو نقل کیا ہے، وہ عرب کے مشہور شاعر متنبی المتوفی ۳۵۴ھ کا مصرع ہے،

شاعرِ خیام

خیام اپنے عہد کے دوسرے حکماء کی طرح شاعر بھی تھا، مگر اس کی شاعری پیشہ ورانہ شاعری نہ تھی، بلکہ صرف علم و خیال کی شاعری تھی اسی لئے اس کے ابتدائی سوانح نگاروں نے اس کی اس حیثیت کا تذکرہ نہین کیا ہے، چنانچہ تعجب ہے کہ خیام کی شاعری کا ذکر نہ چہار مقالہ مین ہے، نہ بیہقی مین ہے، البتہ اس کے ایک تیسرے ہمعصر کیکاؤس بن اسکندر ابن قابوس بن وشمگیر رئیس جرجان نے قابوس نامہ مین جو ۴۷۵ھ[1] مین یعنی خیام کی زندگی ہی مین لکھی گئی ہے، اس کے دو فارسی شعر نقل کئے ہین، اور یہ اسکی شاعری کی سب سے قدیم شہادت ہے، جو ہم کو ہاتھ آسکی ہے، تذکرون مین اس کے شاعر ہونے کا ذکر سب سے پہلے شہرزوری مین ملتا ہے، جو ۵۸۶ھ سے ۶۱۱ھ تک کی تصنیف ہے، چنانچہ اس کے عربی نسخہ مین خیام کے چند عربی اشعار اور فارسی نسخہ مین اسکی ایک دو رباعیان لکھی ہین، اس کے بعد قفطی المتوفی ۶۴۶ھ کی تاریخ الحکماء مین جسکی تالیف کا زمانہ ۶۲۴ھ سے ۶۴۶ھ کے درمیان ہے، اس کے

---

[1] امیر کیکاؤس مؤلف قابوس نامہ نے اپنی کتاب کے خاتمہ مین، آغاز تالیف کی تاریخ ۴۷۵ھ خود بیان کی ہے، اس سے معلوم ہوگا کہ حبیب السیر اور جہان آرا کے مؤلفون کا یہ بیان کہ امیر کیکاؤس نے ۴۶۲ھ مین وفات پائی، نادرست ہے، (ضمیمۂ فہرست فارسی برٹش میوزیم لائبریری نمبرہ ۱۴۲، ص ۱۰۵) تعجب ہوتا ہے کہ قابوس نامہ مین جو ۴۷۵ھ کی تالیف ہے، شیخ سعدی جیسے متاخر شاعر کے بعض اشعار کیسے درج ہوگئے ہین، ضرورت ہے کہ اس کتاب کے قلمی نسخون سے اس مطبوعہ نسخہ کا مقابلہ کرکے ایک صحیح نسخہ ترتیب دیا جائے،

بعض عربی اشعار نقل کئے گئے ہین، اصلیت یہ معلوم ہوتی ہے، کہ تاریخ الحکما کی کتابون کو اسکی شاعرانہ حیثیت سے کوئی تعلق نہ تھا، اس لیے بیہقی نے اس کی اس حیثیت کو چھوڑ دیا، اور چونکہ وہ پیشہ ور قصیدہ گو یا مدّاح شاعر نہ تھا، اس لیے عروضی سمرقندی نے بھی اس کو اس حیثیت سے یاد نہین کیا، میرا گمان ہو کہ اسکی شاعرانہ حیثیت کا ذکر سب سے پہلے عماد اصفہانی کے تذکرہ شعرا موسوم خریدۃ القصر مین آیا ہے، جو ۵۷۲ھ کی تصنیف ہے، اور اس عہد کے عربی شعرا کا تذکرہ ہے، غالبًا اُسی مین اس کے وہ عربی اشعار ثبت ہین، جنکو بعد مین شہرزوری اور قفطی نے اس سے اپنی کتابون مین نقل کیا ہے،

شہرزوری کے عربی نسخہ مین ہے،

ولہ اشعار حسنۃ ملیحۃ....	اس کی تصنیف سے فارسی اور عربی مین
بالعربیۃ والفارسیۃ منہا (نسخۂ لندن)	عمدہ اشعار ہین منجملہ اُن کے یہ ہین،

اسی کتاب کے فارسی نسخہ مین ہے،

"او را بعربی و فارسی شعر بسیار است، از انجملہ دو رباعی بفارسی آوردہ شد" (نسخۂ دار المصنفین)

قفطی مین ہے،

وقد وقف متأخرو الصوفیۃ	اور پچھلے صوفیہ اس کے اشعار
علی شیٔ من ظواھر	کے ظاہری معنی کو کچھ سمجھے....
شعرہ...... ولہ	.... اور اس کی
شعر طائر، (مطبوعۂ مصر)	تصنیف سے مشہور اشعار ہین،

ان اقتباسات سے ظاہر ہے کہ وہ شاعر بھی تھا، اور عربی و فارسی مین اُسنے اشعار کہے ہین،

اس کے عربی اشعار

خیام کے متفرق عربی اشعار شہرزوری اور قفطی مین ہین، جو میرے گمان کے مطابق جیسا کہ مین پہلے کہہ چکا ہون، عماد اصفہانی کی خریدۃ القصر سے منقول ہین، یہ اشعار ان دونون کتابون مین تعداد مین چودہ[14] ہین، اور یہ سب کے سب اس کے مذاق کے مطابق فلسفیانہ اور اخلاقی نظمین ہین، ان مین اس کا رنگ طبیعت پوری طرح جھلکتا ہے، یہ اشعار ان کتابون مین بہت غلط سلط نقل ہوئے ہین، قفطی کے مطبوعۂ یورپ نسخہ مین بھی غلطیان ہین، زوکوودسکی کے اقتباس و نقل مین بھی اغلاط و بیاض ہین، نیز شہرزوری کے نسخہ شبلی مین بھی اغلاط ہین، قزوینی نے بھی حواشی چہار مقالہ مین ان غلطیون کو یکجا لکھکر یون ہی رہنے دیا ہے، مین نے حتی الامکان ان کی تصحیح کی پوری کوشش کی ہے، بشرطیکہ وہ صحیح چھپ بھی جائین قصیدہ کے بعض اشعار قفطی نے نقل کئے ہین، اور بعض شہرزوری نے، مین نے قصیدہ کے تمام اشعار دونون سے لیکر یکجا کر دیئے ہین، اسمین اختلافات نسخ بھی دکھائے گئے ہین[1]،

۱- یُدَبّرلی[2] الدُّنیا بَلِ السَّبعةُ العُلی   بلِ الافقُ الاعلی اذا جاشَ خاطری

جب میرا دل جوش مارتا ہے تو پوری دنیا، بلکہ ساتون سیارے، بلکہ افق اعلی میرے لئے تدبیر مین مصروف ہو جاتا ہے

۲- اصومُ عنِ الفحشاءِ جهراً وخُفیةً   عفافاً وافطاری بتقدیس فاطری[3]

مین کھلے اور چھپے، اپنی پاکدامنی کی خاطر برائیون سے روزہ رکھتا ہون اور میرا افطار اپنے خالق کی پاکی بیان کرنا ہے

---

[1] اصطلاحات کی تفصیل حسب ذیل ہے،
(۱) ش (شہرزوری نسخۂ شبلی) (۲) ز- (شہرزوری نسخۂ زوکوودسکی) (۳) ق پ- قفطی مطبوعۂ یورپ
(۴) ق م (قفطی مطبوعۂ مصر) [2] ز- مدبر، [3] ش- خاطری،

۳- وکم عُصبۃٍ ضلّت عن الحق فاهتدت ، بُطُهِ قِ الهُدیٰ مِن فیضیَ المتقاطر

کتنے لوگ ہین، جو حق سے گمراہ ہوگئے تھے، میرے فیضِ باران سے انھون نے راستہ پایا

۴- فان صراطی المستقیم لبصائر نُصبن علی وادی العمی کالقناطر

کیونکہ میری راہِ راست وہ بصیرتین ہین جو ضلالت کی وادی مین پلون کی طرح نصب ہین

۵- اذا قنعت نفسی بمیسور بلغۃٍ یحصّلھا بالکدِّ کفی وساعدی

جب میرے نفس نے ایسے معمولی توشہ پر قناعت کرلی، جس کو میرے دست و بازو محنت سے حاصل کرتے ہین

۶- امنت تصاریف الحوادث کلّھا فکن یا زمانی موعدی او مواعدی

مین تمام حوادث کی گردشون سے بیخوف ہوگیا تو اب اے زمانہ خواہ تو مجھ سے مکانے والا بن یا مجھ سے نیک سلوک کا وعدہ کرنیوالا

۷- وھبنی اتخذت الشعرین منازلی وفوق مناط الفرقدین مصاعدی

اور یہ فرض کرکہ مین نے دونون شعری ستارون کو اپنی منزل بنالیا، اور دونون فرقد ستارون کے اوپر میرے جائے صعود ہے

۸- الیس قضی الافلاک فی دورھا بان تعید الی نحس جمیع المساعد

پھر کیا آسمانون نے اپنی گردش مین یہ فیصلہ نہین کردیا ہے کہ وہ ہر خوش بختی کو آخر کار بدبختی کی طرف لوٹادینگے

۹- ومتی مادنت دنیاک کانت مصیبۃ فواعجبا من ذا القریب المباعد

جب تیری دنیا تجھسے قریب ہوگی تو مصیبت بنجائیگی، تو اے افسوس اس قریب پر جو دور ہوجانیوالا ہے

---

[1] ش، نطرف، [2] ش، صراط، [3] ز- یصبن، [4] ز کا لقفا (غلط)

[5] ق- رضیت، [6] ش ونر، مساعدی، [7] ز- رشی (بے معنی) [8] ز- الشعرین، (غلط) بمناسبت فرقدین شعرین چاہیئے، والمراد شعری العبور وشعری الدبور کما صحح شیخنا شبلی [9] ش ونر، الیس قضی الرحمان فی حکمہ بان

[10] ق- من، [11] ز وش- یعید،

۱۰- اذا کان محصول الحیوٰۃ منیّۃ — فسیّان حالا کلّ ساع وقاعد

جب زندگی کا حاصل موت ہے، تو ہر کوشش کرنے والا، اور بیٹھ رہنے والا حال مین برابر ہے

۱۱- فیا نفس صبراً عن مقیلک انّما — تخرّ ذُراہ بانقضاض القواعد

تو اے دل اپنے خوابگاہ سے صبر کر، کہ بنیادون کے گرنے سے، اوس کی بلندیان گر پڑینگی

۱۲- زجیتُ دھراً طویلاً فی التماس اخ — یرعی ودادی اذا ذو خلّۃ خانا

مین نے ایک بڑا زمانہ کسی ایسے بھائی کے ڈھونڈھنے مین صرف کیا، جو میری محبت کو اسوقت قائم رکھے، جب دوست خیانت کرے

۱۳- فکم الفت وکم آخیت غیر اخ — وکم تبدّلت بالاخوان اخوانا

تو کتنون سے الفت کی، اور کتنے غیر بھائیون کو اپنا بھائی بنایا، اور کتنے بھائیون کو چھوڑ کر پھر دوسرن کو بھائی بنایا

۱۴- وقلت للنفس لمّا عزّ مطلبھا — باللہ لا تالفی ما عشت انسانا

تو دل سے مینے کہا جب اسکی طلب ناکام رہی کہ اب خدا کا واسطہ، جبتک تم زندہ ہے، کسی کو دوست نہ بنا

یہ آخر کے تین شعر (۱۲ و ۱۳ و ۱۴) صرف شہر زوری مین ہین، مگر ابو منصور ثعالبی المتوفی سنہ ۴۲۹ھ نے تتیمۃ الدہر قسم رابع مین ابو سہل سعید بن عبد العزیز نیلی المتوفی سنہ ۴۲۰ھ کے حال مین اس کے اشعار کے ضمن مین ان کو نقل کیا ہے، ابو سہل نیلی کا حال تتیمہ کے علاوہ عیون الانبار لابن ابی اصیبعہ (جلد اول صفحہ ۲۵۳ مصر) اور معجم الادبا، یاقوت (جلد ۴ صفحہ ۲۴۰ مصر) مین بھی ہے، ان مین نیلی کے

لے ز- فتسّان ٹے یہ شعر صرف قفطی مین ہے، سے ش- برحست، ٹے شہر زوری کے پیش نظر نسخون مین اذا ما خُلّۃ ہی، مگر قزوینی نے حواشی چہار مقالہ مین اس کی جگہ اذ ذو خلۃ نقل کیا ہے جو صحیح ہے،

ھ ز- جانا،

چند شعر ہین، مگر ان مین یہ تین نہین ہین، مگر بہر حال ثعالبی کی کتاب مین ان شعرون کے ہونے سے اتنا قطعی ثابت ہے کہ یہ شعر خیام کی پیدائش سے پہلے ہی دنیا مین موجود تھے اور اس لیے ان اشعار کی خیام کی طرف نسبت شہر زوری کی غلط فہمی یا غلط بینی ہے،

ترک مصنف رضا توفیق بے نے ترکی مین، اور شامی عرب مترجم ودیع بستانی نے عربی مین رباعیات خیام کے مقدمون مین خیام کے پانچ اور عربی شعر نقل کیے ہین، مگر چونکہ ان کا کوئی قدیم حوالہ ان مین مذکور نہین ہے، اس لئے ہم اُن کو قلم انداز کرتے ہین،

مگر ظاہر ہے کہ خیام جب عربی مین بھی شاعری کرتا تھا تو صرف یہی چند شعر تو اوس کی ملکیت نہین ہو سکتے، اس کے اور بھی عربی اشعار ہونگے، مگر افسوس ہے کہ وہ ہم تک نہین پہنچے،

فارسی رُباعیات

خیام کچھ بھی تھا، اور کچھ بھی ہو، مگر آج اسکی شہرت صرف اسکی فارسی رباعیات کے بدولت قائم ہے، خصوصًا آج لوگون کو اس سے جو دلچسپی ہے وہ صرف اسلئے ہے کہ یورپ، فٹز جیرلڈ کے انگریزی ترجمہ کے بدولت اس سے دلچسپی لے رہا ہے، ورنہ تنہا ایک رُباعی گو شاعر کی حیثیت سے مشرق مین اس نے کوئی بڑا درجہ نہین پایا ہے،

رُباعی گوئی ایک زمانہ دراز سے عجم کے مسلمان فلاسفہ اور صوفیہ کے فضل و کمال کا جزو لازم

رہی ہے، اور جب سے ہماری فارسی زبان مین رُباعی کی پیدائش ہوئی ہر دہ فلاسفہ اور صوفیہ کے آغوش مین پرورش اور نشو و نما پاتی رہی ہے، اسلیے ضرورت ہے کہ اس کی تاریخ پر اس سلسلہ مین ایک نظر ڈالی جاے، اور بتایا جاے کہ تمام اصناف سخن مین سے رُباعی ہی کیون اُن خشک مزاجون کے پسند خاطر ہوئی، نیز خیام کے زمانہ تک رُباعی کی صنف نے جہانتک ترقی کی تھی اُسکا بیان اور اسی تقریب سے ان مین سے اکثر لوگون کا حال آجائیگا جنکے کلام سے خیام کا کلام مخلوط ہوگیا ہے

رباعی کی تاریخ فارسی کے اصناف سخن مین رُباعی گو چار مصرعون کی مختصر نظم ہوتی ہے، مگر اس کوزہ مین سمندر بند ہوتا ہے، بڑے سے بڑا فلسفیانہ خیال، دقیق سے دقیق اخلاقی نکتہ، اور پیچیدہ سے پیچیدہ صوفیانہ مسئلہ جو صفحون اور دفترون مین نہین سماتا، ان دو سطرون مین پورا کا پورا ادا ہو جاتا ہے،

وجہ تسمیہ "رباعی" عربی زبان کا لفظ ہے جس کے معنی "چار والے" کے ہین، عام طور سے یہ سمجھا جاتا ہے کہ چونکہ یہ چار مصرعون سے مرکب ہوتی ہے اسلیے اس کو رباعی کہتے ہین، چنانچہ دولت شاہ نے تذکرہ (۸۹۲ھ) مین اسکی یہی وجہ تسمیہ بیان کی ہے، کہ

"تا فضلاء لفظ دوبیتی رانکو ندیدند، گفتند کہ این چار مصراع است رباعی می شاید گفتن" (ص ۳۱ گب)

لیکن محمد بن قیس رازی نے جس کی تالیف و تصنیف کا عہد ۶۱۴ھ سے حدود ۶۳۰ھ تک ثابت ہے[۱]، اپنی مشہور تصنیف المعجم فی معاییر اشعار العجم مطبوعہ گب مین رُباعی کی ایجاد و پیدائش کے سلسلہ مین لکھا ہے کہ اہل عرب اس کو رباعی اس لیے کہتے ہین کہ بحر ہزج جسمین رُباعی کہی جاتی

[۱] اتابک سعد زنگی اول بادشاہ فارس (۵۹۹ھ۔ ۶۲۸ھ) کے دربار سے اس کا تعلق تھا، علم عروض و قوافی مین یہ اس کی نہایت اہم کتاب ہے، ۱۹۰۹ء مین گب میموریل سیریز لیدن مین یہ کتاب چھپی ہے، اسکا ایک قلمی نسخہ کتبخانہ ندوۃ العلماء لکھنؤ مین موجود ہے،

ہے، چار اجزار سے مرکب ہوتی ہے، اور اسلیے اس وزن کا ایک مصرع عربی میں دو جزء کا ایک شعر ہو جاتا ہے، اور اس طرح چار مصرعون مین چار شعر ہو جاتے ہین[1]" رازی کے اس بیان کی تائید معیار الاشعار نام[2] فارسی عروض کی ایک قدیم کتاب (سنہ ۶۴۹ھ) سے ہوتی ہے، یہ کتاب مفتی سعد اللہ مرحوم مرادآبادی المتوفی سنہ ۱۲۹۴ھ کی شرح کے ساتھ ہندوستان مین چھپی ہے، اسمین یہ عبارت ہی:

"وقد ما بران شعر بسیار گفتہ اند و ہیتان ہر مصرع را قائم مقام بیتی آوردہ اند و آنرا بیتی می شمردہ اند مانند رجز مشطور یا ملہاے معقد از اشعار تازیان . . . . . . و باین سبب ترانہ (رباعی) را قدما چہار بیت می گرفتہ اند و آنرا چہار بیتی خواندہ اند و بتازی رُباعی، و در ہر چہار قافیہ آوردن لازم می شمردہ' اما بنزدیک متاخران چون مربعات این اوزان مستعمل نیست این اوزان متروک است، و ہر بیتے را ازین ابیات مصراعی می شمرند و رُباعی را دو بیتی میخوانند، و قافیہ شرط نمی نہند،،

اس سے بھی ثابت ہوتا ہے کہ رُباعی کا نام رُباعی چار مصرعون کی وجہ سے نہین، بلکہ چار مصرعون کے چار شعر ہو جانے کی وجہ سے پڑا ہے،

الغرض محمد رازی اور مؤلف معیار الاشعار جیسے قدیم محققین عروض کے بیانات سے یہ بات تو مسلّم ہو گئی کہ رباعی پہلے دو دو جزء کا ایک ایک مصرع ہو کر چار مصرعون مین چار شعر

---

[1] المعجم ص ۹۰ [2] تنقید شعر العجم کے فاضل مؤلف پروفیسر شیرانی نے اپنے مضمون کے پہلے نمبر مین اسکو کسی تذبذب کے بغیر محقق طوسی کی تالیف بتایا ہی، معلوم نہین ان کے سامنے اس کی کیا سند ہے، درآنحالیکہ مشرق و مغرب کے فضلا اس نسبت کے قبول کرنے مین تردد کرتے ہین، چنانچہ علامہ عبدالوہاب قزوینی نے معجم کے دیباچہ مین (ه) تصریح کی ہی کہ "کتاب مرغوب معیار الاشعار است در علم عروض و قوافی کہ در سنہ ۶۴۹ھ تالیف شدہ و مصنف آن معلوم نیست..... وے مفتی سعد اللہ مرادآبادی شارح المتوفی سنہ ۱۲۹۴ھ تالیف این کتاب را بخواجہ نصیر الدین طوسی معروف متوفی سنہ ۶۷۲ھ نسبت دادہ است، ولے معلوم نیست از روی چہ ماخذی" ڈاکٹر ریو نے برٹش میوزیم لائبریری کی فارسی کتابون کی فہرست صفحہ ۵۲۵ مین بعینہ یہی لکھا ہی اور بتایا ہی کہ محقق طوسی کی تصانیف کی فہرست مین یہ نام نہین،

ہوتی تھی اور ان چارون شعرون کے اواخر متحد القافیہ ہوتے تھے، مثلاً

۱- در منزلِ غم فگندہ مفرش مائیم

۲- وز آبِ دو چشمِ دل بر آتش مائیم

۳- عالم چو ستم کند ستمکش مائیم

۴- دستِ خوشِ روزگار ناخوش مائیم (منسوب بہ رودکی)

سوال یہ ہے کہ دو دو جزء کا اس طرح ایک ایک شعر ہو جانا، آیا فارسی مین تھا، اور اسلیے شبھی اسکو چہار بیتی کہتے تھے، یا عربی مین تھا، اور اسلئے اسکو رباعی کہتے تھے، مولف معیار الاشعار نے صرف "قدما" یعنی پہلے لوگ لکھا ہے جس سے فارسی و عربی کی تخصیص نہین نکلتی، مگر محمد ابن قیس رازی نے تصریح کی ہے کہ یہ رباعی (چہار بیتی) کہنے والے قدماء عربی کے شاعر تھے، کیونکہ اس کا ثبوت نہین ملتا کہ عربی کیطرح فارسی اہل عروض بھی ایک لفظ کے حرفون کو توڑ کر کبھی دو مصرعون مین بانٹتے تھے،

بہرحال عربی کی طرح چونکہ فارسی مین دو دو جزء چار مصرعون کے چار شعر فارسی مذاق سلیم کے مطابق نہین تھے، اس لیے اہل فارس نے ان کو دو ہی شعر قرار دیا، اور اس لیے

---

[1] سلسلۂ شعر العجم کے وسیع النظر ناقد پروفیسر شیرانی نے تنقید کے پہلے نمبر (رسالہ اردو اورنگ آباد دکن) مین رباعی کی بحث پر دو صفحے لکھے ہین اور معیار الاشعار کی مذکورۂ بالا عبارت کے لفظ "قدما" سے اتنی وسعت پیدا کرلی ہو کہ یہ دعوی کر دیا ہو کہ "قدیم الایام مین ایران مین ایک خاص قسم کی نظم جسکو چہار بیتی کہا جاتا تھا رائج تھی، اس کے اوزان عربی اوزان سے غالباً مستخرج نہین ہین، بلکہ ایران زاد اور مقامی معلوم ہوتے ہین" حالانکہ ان مین سے ہر دعوی ثبوت کا محتاج ہو، اہل عروض و اہل موسیقی کی روایا (قابوس نامہ کا حوالہ آتا ہی) کا جہان تک تعلق ہی یہ بات ظاہر ہوتی ہو کہ ارباب فن کے یہان یہ چیز نو پیدا تھی اور اسلام کے بعد اہل فن کے استعمال مین آئی ہے،

اس بارہ مین جو میرا خیال ہے وہ آگے آتا ہے،

اس کو دوبیتی ہی کے نام سے یاد کیا، اور مذاقِ عرب پر چار شعر ہو جاتے تھے، اس لئے انھون نے رباعیہ کہا، مگر پھر وہ بھی اہل فرس کے تتبع مین اُسکو دو ہی شعر بنا کر دوبیتی بھی کہنے لگے، چنانچہ عربی مین رباعیہ اور دوبیتی دونون کہتے ہین،

فارسی رباعی مین متاخرین تو عموماً صرف پہلے، دوسرے اور چوتھے مصرعون مین قافیے لاتے ہین، مگر چوتھی پانچوین صدی کے شعراء فارسی پہلے، دوسرے اور چوتھے مصرعون کیساتھ تیسرے کو بھی اکثر ہم قافیہ لایا کرتے تھے، مگر اس کا قطعی لزوم ان کے ہان بھی نہ تھا، چنانچہ رودکی، فردوسی، عنصری وغیرہ کی رباعیون مین کبھی تیسرے مصرع مین قافیہ ہے اور کبھی نہین ہے، اور یون کبھی کبھی قافیہ لے آنا تو سعدی جیسے متاخر کے ہان بھی پایا جاتا ہے[1]،

عربی کی رباعیون مین چارون مصرعون کا ہم قافیہ لانا اسلئے ضروری تھا، کہ اس کا ہر مصرع شعر ہوتا تھا، اس پر مستزاد یہ کہ بعض جدت پسندون نے قافیہ کے ساتھ ردیف کی بھی شرط کرلی، چوتھی صدی کے خاتمہ اور پانچوین صدی کے آغاز مین خراسان و ترکستان کے ایک ادیب احمد بن حسین الخطیب تھے، جو عربی و فارسی دونون زبانون کے شاعر تھے، انھون نے عربی مین رباعیان کہی تھین،

۱- قد ہاض فراقہ فقار ی واللہ

[1] ناقد شعر العجم نے اپنے اسی پہلے سلسلہ مین یہ بے سند دعوی کیا ہے، جس کا مدار ساتوین صدی کی معیار الاشعار پر ہے کہ "قدماء (کس عہد تک کے قدماء؟) تمامتر چہار بیتی کہتے تھے، جنکے چارون مصرع ہم قافیہ ہوتے تھے" اور اس سے نادر تر دعوی یہ ہے کہ چہار بیتی کی اب کوئی مثال نہین پائی جاتی، حالانکہ ایسی رباعیان جن کے چارون مصرعے ہم قافیہ ہون عوفی کی لباب الالباب کے قدماء کے حالات مین دس بارہ سے زیادہ ہین، اور بعد کے شعراء کے یہان بھی ایسی رباعیان ملتی ہین،

۲۔ واستبدلت هجرہ   قراری واللہ

۳۔ اذری الدمع لیلی و   نهاری واللہ

۴۔ لم یغن عن الهوی   حذاری واللہ

۱۔ ابلی جسدی هوی   ظلوم جانی

۲۔ قد هجّن قدہ   قضیب البان

۳۔ یا من اضحی وما   له من ثانی

۴۔ ما ضرّک لو فککت هذا العانی

ابوالحسن علی باخرزی، المتوفی ۴۶۷ھ نے اپنی کتاب دُمیۃ القصر مین ذکر کیا ہے کہ مین نے اس سے پہلے اس طریقہ پر رباعی نہین سنی تھی" لم اکن سمعت هذہ الطریقۃ یہان تک کہ میرے والد نے ابوالعباس باخرزی کی چند رباعیان اسی طرز کی سنائین جنمین ایک یہ ہے:

۱۔ قد صیّرنی الهوی   اسیرَ الذلّۃ

۲۔ واستنهکنی وما   بجسمی علّۃ

۳۔ واستأصل هجرہ   بصبری کلّہ

۴۔ لاحول ولا قـوّۃ الّا باللہ

عام طور سے رباعی کا وزن لاحول ولا قوّۃ الّا باللہ جو مشہور ہے، دیکھو کہ اوسکی سند کتنی پرانی ہے،

اس کے بعد باخرزی نے لکھا ہے کہ میرے باپ حسن باخرزی نے اسطرح کی بہت سی

رُباعیان کہین جنمین ایک یہ ہے،

۱- اعطیتُک یا بدُ   رُ عنان القلب

۲- لا زلت اری ہوا   ک شان القلب

۳- لو لم یکن الصد   ر صوان القلب

۴- انزلتک واللّٰہِ مکان القلب

پھر علی باخرزی نے خود اپنی ایک رُباعی لکھی ہے،

۱- قد ملّ ہوای فافترشت الملل

۲- خلّ بوصالہ لیبدّ الخلّہ

۳- ادمی کبدی بسیف ھجرسلہ

۴- ماا جورہ علیّ سبحان اللّٰہ

آپ دیکھین کہ ان سب رباعیات کے چارون مصرعون مین قافیے ہین، حالانکہ اسی عہد کی بلکہ اس سے پیشتر کی فارسی رباعیون مین اسکی پابندی مطلق نہین ہے، عمارہ مروزی جو چوتھی صدی کے اواسط مین تھا، کہ اس نے سامانی و غزنوی دونون دربارون مین رسوخ پایا تھا، کہتا ہے[۲]،

آن می بدست آن بت سیمین من نگر   گوئی کہ آفتاب بہ پیوست با قمر

وان ساغری کہ سایہ بیفگند می برو   برگ گل سپید است گوئی بلالہ بر

---

[۱] دمیۃ القصر باخرزی، ص۱۷۱، حلب، [۲] لباب الالباب عوفی، جلد دوم، ص۲۵

تیسرا مصرع قافیہ سے خالی ہے،

رباعی کے دوسرے نام | فارسی مین رباعی کا سب سے پرانا نام غالباً "ترانہ" ہے، اسدی طوسی نے جو ۴۵۸ھ مین موجود تھا اپنی کتاب لغت فرس" مین جو فارسی کا قدیم ترین موجود لغت ہے "ترانہ" کے معنی "دوبیتی" کے لکھے ہین، (ص۱۱ ابرلن ۱۸۹۷ء) عربی مین دو نام پائے جاتے ہین، رباعیہ اور دوبیتی، چنانچہ قاضی ابوعلی محسن بن علی تنوخی المتوفی ۳۸۴ھ کی کتاب نشوار المحاضرہ مین رباعیات کا لفظ موجود ہے، (ص۱۸۹ مصر مرگیولیتھ) اور باخرزی المتوفی ۴۶۷ھ کی دمیۃ القصر مین بھی رباعیات ہی کا لفظ ہے (ص۱۴۲، حلب)

فارسی مین امیر کیکاؤس نے قابوس نامہ (تالیف ۴۷۵ھ) مین اپنی رباعیان جابجا نقل کی ہین، لیکن ہر جگہ ان کو مختلف نامون سے یاد کیا ہے کہین دوبیتی کہا ہے، "اندرین گلہ پیری مرا دوبیتی است" (ص۱۲ بمبئی) دوسری جگہ رباعی" کہا ہے (ص۱۵) لیکن عموماً صرف "بیت" کہنے پر اکتفا کی ہے، (ص۲۸ و ص۵۲ و ص۶۴ و ص۶۷ و ص۱۱۴) باب سی و پنجم "اندر آئین و رسم شاعری" مین مختلف اصناف سخن کے سلسلہ مین "غزل و ترانہ" کہا ہے، "اگر غزل و ترانہ گوئی سہل و لطیف ترگوئی، و بقوافی معروف گوئی" پھر آگے چل کر ہے،" و غزل و ترانہ، تر و آبدار گوئی" (ص۱۴۴ بمبئی) محمد بن قیس رازی نے معجم (۶۱۴ھ - ۶۳۰ھ) مین ذرا ذرا سے فرق سے اسکے حسب ذیل نام بتائے ہین،

قول:۔ ہرچہ ازان جنس بر ابیات تازی (عربی) سازند آنرا قول گویند

غزل:۔ و ہرچہ بر مقطعات پارسی باشد آنرا غزل خوانند

ترانہ ، اہل دانش ملحونات این وزن را ترانہ نام کردند،

دوبیتی ، دشعر بحر دائرا دوبیتی خوانند برای آنکہ بنائی آن بر دو بیت بیش نیست،

رباعی ، دستعربہ ان را رباعی خوانند، از بہر آنکہ بحر ہزج در اشعار عرب مربع الاجزاء

آمدہ است، پس ہر بیت ازین وزن دو بیت عربی باشد، (ص ۹۰)

قدما رسکے کلام مین "غزل و ترانہ" کا لفظ ساتھ ساتھ آتا ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس

عہد تک غزل کی موجودہ اصطلاح پختہ نہین ہوئی تھی،

رباعی کی ایجاد اہل ادب اور اہل تذکرہ جنکا خیال ہے کہ رباعی اتفاقیہ ایجاد کا نتیجہ ہے اسکے

متعلق ایک قصہ بیان کرتے ہین کہ غزنین یا سجستان کے کسی شہر مین چند لڑکے گولی کھیل

رہے تھے، ایک گولی لڑھکتی ہوئی سوراخ کے پاس آئی، اس پر خوشی کے عالم مین ایک لڑکے

کے منھ سے بیساختہ نکلا،

غلتان غلتان ہمی رود تا بن گو،

اتفاق سے کوئی صاحب ذوق وہان کھڑا تھا، اس کو یہ وزن بہت پسند آیا اُسنے

اس کا وزن عروضی دریافت کیا، اور پھر وہ اور شعرا مین مقبول ہو کر رواج پذیر ہو گیا،

یہ اس قصہ کا قدر مشترک ہے، لیکن معجم اور تذکرۂ دولت شاہ کے بیانون مین باہم

فرق ہے، دولت شاہ [۲] (تالیف ۸۹۲ھ) مین ہے کہ یہ بچہ صفاریہ خاندان کے بانی یعقوب

صفار المتوفی ۲۶۵ھ کا لڑکا تھا اور وہ صاحب ذوق خود یعقوب صفار تھا، جو کھڑا اپنے

[۱] یہ متن معجم کی روایت کے مطابق ہے، دولت شاہ مین "لب گو" ہے، متاخرین نے اسکو "سر گو" کر دیا ہے، [۲] تذکرۂ دولت شاہ مطبوعہ لیڈن

بچہ کا تماشا دیکھ رہا تھا کہ دفعتہً بچہ کی زبان سے یہ برجستہ مصرع نکلا یعقوب کو یہ وزن پسند آیا، لیکن چونکہ اس وقت تک یہ وزن شعرا میں مستعمل نہ تھا اس لیے اس نے ابو دلف عجلی اور ابن الکعب کو جو دربار کے شاعر تھے بلوا کر پوچھا کہ یہ کون بحر ہے، انھوں نے تحقیق کرکے بتایا کہ یہ بحر ہزج کی ایک قسم ہے، اور اس پر اسی وزن کے تین اور مصرع لگا کر دو شعر پورے کر دیئے اور دوبیتی اس کا نام رکھا،

لیکن اس سے متقدم اور مستند تصنیف معجم کے مصنف محمد بن قیس رازی نے بڑی عبارت آرائی کیساتھ اس واقعہ کو اسطرح لکھا ہے کہ "غزنین کی ایک سڑک پر چند خوشرو بچے گولی کھیل رہے تھے، تماشائیوں کا ہجوم تھا، انھیں میں ایک طرف ایک شاعر بھی کھڑا تھا، جس کی نسبت رازی کا گمان ہے (پندارم) کہ وہ رودکی تھا، دفعتہً بچہ کی زبان سے وہ موزون مصرع نکلا، شاعر کو یہ وزن بہت پسند آیا اور اس نے تین مصرع اور لگا کر دوبیتی کر دیا، اور ترانہ نام رکھا[1]، کہ ایک حسین خوشرو کی زبان سے نکلا تھا،

اگر پہلی روایت صحیح ہے تو رباعی کی ایجاد کی تاریخ تیسری صدی ہجری کے اواسط کا زمانہ ہوگا، کہ یعقوب صفار نے جس کے سامنے کا یہ واقعہ ہے ۲۶۵ھ میں وفات پائی ہے، اور پہلے رباعی گو اس کے دربار کے شاعر ابو دلف اور ابن کعب ہونگے، لیکن اگر دوسری روایت صحیح ہے تو یہ چوتھی صدی ہجری کے شروع کا واقعہ ہوگا، اور پہلا رباعی گو (رازی کے "پندار" میں) رودکی المتوفی ۳۲۹ھ[2] ہوگا، اور یہ فخر صفاریہ کے بجائے سامانیہ کو حاصل ہوگا، کہ رودکی

---

[1] معجم ص۹۰ [2] انساب سمعانی لفظ "رودکی" اہل تذکرہ میں ۳۰۴ھ میں اسکی تاریخ وفات کی شہرت غلط ہے،

نصر بن احمد سامانی المتوفی ۳۳۱ھ کے دربار کا شاعر تھا جو آٹھ برس کے سن میں ۳۰۱ھ میں تخت نشین ہوا تھا۔ اور ہرات کے مشہور سفر میں رودکی اس کے ساتھ تھا،

لیکن اگر تحقیق کا قدیم مواد ہمارے سامنے ہوتا، تو اس ایجاد کی تاریخ کا پتہ اس سے بھی کچھ پہلے مل سکتا، اسدی طوسی نے جو سلطان محمود کا معاصر تھا اور جس نے ۴۵۸ھ میں گرشاسب نامہ نظم کیا ہے، اپنی کتاب لغت فرس میں ترانہ کے تحت میں لکھا ہے،

"ترانہ دو بیتی بود، فرخی گفت،

زدلآویزی و تری چو غزلہائے شہید وزغم انجامی و خوشی[1] چو ترانۂ بوطلب

شہید بن حسن بلخی جسکا اس شعر میں ذکر ہے امیر نصر بن احمد سامانی مذکور الصدر کا معاصر تھا اور رودکی المتوفی ۳۲۹ھ نے اسکا مرثیہ لکھا ہے، شہید کی غزلون کے بالمقابل ابوطلب کے ترانے (رباعیات) مشہور تھے، ابوطلب نام کسی شاعر کا پتہ ہم کو نہین چلتا، فرخی جسکا یہ شعر ہے اُس نے ۴۲۹ھ مین وفات پائی ہے، اسلئے ابوطلب ترانہ گو کا زمانہ اس سے تو بہرحال پہلے تھا، ایک خیال ہوتا ہے کہ ابوطلب، ابودُلف تو نہین؟ مگر یہ امر سراپا تحقیق طلب ہے، اور اگر یہ صحیح ہے تو ترانہ گوئی کا زمانہ تیسری صدی ہجری کے اوائل مین پہنچ جائیگا،

لباب الالباب عوفی مین حنظلۂ بادغیسی کی حسب ذیل دو بیتین ملتی ہین جو رُباعی

---

[1] پروفیسر شیرانی نے تنقید شعر العجم کے پہلے نمبر مین اس شعر کو کہین سے نقل کیا ہے، مگر اپنے متن کا ماخذ نہین بتایا ہے، جو اسدی کے متن سے بہت کچھ مختلف ہے، شیرانی صاحب لکھتے ہین:

ازدلآویزی و نغزی چون غزلہائے شہید وزدلآویزی و خوبی چون ترانۂ بوطلب

بظاہر معلوم ہوتا ہے کہ پروفیسر صاحب نے کسی متاخر ماخذ کو سامنے رکھا ہے، جس نے فرخی کے قدیم الفاظ مین متاخرین کے محاورون کے مطابق تصرف کردیا ہے،

کے وزن پر ہین،

یارم سپند اگرچہ بر آتش ہمی فگند　　از بہر چشم تا نرسد مر ورا گزند

اورا سپند و آتش نا ید ہمی بکار　　با روی ہمچو آتش و با خال چو سپند[1]

حنظلہ باد غیسی امراے طاہریہ کے عہد مین تھا جنکا زمانہ ۲۰۵ھ سے ۲۵۹ھ تک ہے،

مجمع الفصحا نے نہین معلوم کس حوالہ سے حنظلہ کا سال وفات ۲۱۹ھ لکھا ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ رباعی کی تاریخ رودکی بلکہ ابو دلف اور ابن الکعب سے بھی پہلے سے شروع ہوتی ہے اور سامانی، بلکہ صفاری کے بجاے طاہری دربار کو اسکی اولیت کا فخر پہنچتا ہے، حنظلہ صاحب دیوان تھا، اس کے دیوان کا حوالہ چہار مقالہ کی ایک حکایت مین مذکور ہے[2]،

اندرین حالات، ایجاد رباعی کے ان قصون سے تاریخی نتیجہ کا ثبوت بہت کچھ مشتبہ ہے[3]

---

[1] لباب الالباب عوفی جلد دوم ص۲۵ ۔ [2] چہار مقالہ ص۲۶ گب،

[3] یہ قصے اس لیے مشتبہ ہین، کہ جن دو کتابون مین ان کا ذکر ہے، وہ یعقوب صفار اور رودکی کے سینکڑون برس بعد لکھی گئی ہین، اور باایں ہمہ ان دو مین سے کسی نے اپنے مقدم ماخذون کا ذکر نہین کیا ہے، معجم کے مصنف رازی نے تو اس قصہ کو اس طرح لکھا ہے کہ وہ بالکل افسانہ معلوم ہوتا ہے، ساتھ ہی اس نے یہ لکھا ہے کہ "پندارم رودکی" جس سے صاف ظاہر ہے کہ اس کے اس قصہ کا ماخذ تحریری نہین بلکہ کوئی زبانی روایت ہے، پھر اس نے قصہ کی سرزمین غزنین بتائی ہے، حالانکہ رودکی کے عہد مین غزنین کوئی آباد شہر نہ تھا، دولت شاہ نے اپنی روایت مین یعقوب صفار کے دربار کے جن دو شاعرون کے نام لیے ہین، ان مین سے ابن الکعب سے ہم واقف نہین، البتہ رابعہ بنت الکعب (دختر کعب) کا ذکر ملتا ہے جو عہد سلاطین غزنین (پانچوین صدی) مین تھی، (عوفی، ۲-۶۱) دوسرے شاعر ابو دلف عجلی کا تذکرہ سیاسی و ادبی کتابون مین ملتا ہے، یہ شخص نسلاً عرب اور مامون و معتصم کے عہد مین ایران کا سپہ سالار تھا، قاسم بن عیسی نام تھا، ابن خلکان نے اسی نام کے تحت مین اوس کا پورا حال لکھا ہے، ۲۲۶ھ مین اسنے وفات پائی حمزہ (بن حسن) اصفہانی (الموجود ۳۵۰ھ) نے اپنی تاریخ اصفہان مین اسکا حال لکھا ہے محمد بن اسحاق ندیم (الموجود ۳۸۵ھ) نے الفہرست مین اس کے ادبی اور موسیقیانہ فضائل کا حال چند سطرون مین درج کیا ہے، (ص۱۶۵ مصر) اور حمد اللہ مستوفی نے تاریخ گزیدہ مین اس کے قبیلہ کے کرج مین آکر بسنے کا زمانہ ہارون رشید کا عہد بتایا ہے، (ص۴۴۲ گب) یہ شخص بجاے خود امیر اصفہان، اور سیاسی حیثیت سے یعقوب کے برابر تھا، طبری اور ابن اثیر مین اسی حیثیت سے اسکا نام آیا ہے، ابن ندیم نے بھی اسکو امیر لکھا ہے، اس کا زمانہ امیر یعقوب صفار سے پہلے تھا، یعقوب صفار کے عہد مین اسکے

البتہ اس حد تک ایک قدیم سند سے ثابت ہے کہ ترانہ عورتوں اور بچوں کا خاص راگ تھا کیکاؤس قابوس نامہ (۴۷۵ھ) میں "آئین خنیاگری" کے تحت میں کہتا ہے،

پس کودکان وزنان ومردان لطیف طبع برخی بے بہرہ ماندند، کہ ترانہ گفتن پدیدار آمد،

این ترانہ را ہم نصیب آن قوم کردند۔ (ص ۱۴۷ المبئی)

اس قدیم شہادت سے ثابت ہوتا ہے کہ اس وزن کا تعلق ابتدا ئر بچوں اور عورتوں سے تھا، اور بعد کو دوسرے نازک طبع اہل ذوق نے اس کو قبول کر لیا،

خیال ہوتا ہے کہ اولاً یہ وزن عورتوں، اور بچوں نے پیدا کیا تھا، اور اسمیں وہ گیت اور راگ گایا کرتے تھے، اور اہل شعر کے ہاں اس وزن کا رواج نہ تھا، مگر کسی اتفاقی واقعہ کے سبب سے جیسا کہ اوپر کے قصوں میں ہے کسی قدیم مشہور شاعر نے اس کو فن عروض کی بحر ہزج کی ایک شکل کے مطابق پاکر اس کو فن میں داخل کر لیا اور شعرا نے اس نئے اضافہ کو قبول کر کے اسمیں ایک تفنن پیدا کیا، اور چونکہ سامانی وسلجوقی وغزنوی عہد کے شعراء عموماً ذولسانین یعنی عربی وفارسی دونوں کے ماہر ہوتے تھے، اس لیے عربی وفارسی دونوں میں رباعی اور دوبیتی کے نام سے اس کا رواج ہوا،

ابتدائی رباعی گو | رباعی گو صوفیہ بلکہ شعراء کے ضمن میں تذکروں میں سب سے پہلا نام حضرت بایزید بسطامی المتوفی ۲۶۴ھ کا ملتا ہے، چنانچہ مجمع الفصحا میں یہ تین رباعیاں ان کے نام سے ہیں، (جلد اول ص ۶۵ ایران)

(بقیہ حاشیہ ص ۲۳۰) سے بیٹے عبد العزیز بن ابی دلف کا نام اصفہان کے سیاسیات کے سلسلہ میں آتا ہے،

اے عشق تو کشتہ عارف و عامی را | سودائے تو گم کردہ نکونامی را
ذوقِ لبِ میگون تو آورد برون | از صومعہ بایزید بسطامی را
مارا ہمہ رہ بکوئی بدنامی باد | وز سوختگان نصیب ماخامی باد
ناکامی ما چو ہست کامِ دلِ دوست | کامِ دلِ ما ہمیشہ ناکامی باد
گر قربِ خدای طلبی دلجو باش | وندر پس و پیش خلق نیکوگو باش
خواہی کہ چو صبحِ صادق الوعد شوی | خورشید صفت باہمہ کس یکرو باش

لیکن زبان کی یہ صفائی جو اس زمانہ کے لحاظ سے بہت بعید ہے، اس نسبت کی صحت مین شک پیدا کرتی ہے، اور اس شک کی تائید والہ داغستانی کے بیان سے ہوتی ہے، معلوم ہوتا ہے کہ صاحب مجمع الفصحا نے یہ رباعیات تقی اوحدی سے نقل کی ہین، اور اس کی نسبت والہ داغستانی نے ریاض الشعرا مین حسب ذیل خیالات ظاہر کئے ہین:-

"راقم حروف را اعتماد بقول و ضبط تقی اوحدی نیست، چہ میر مذکور بسیار کم مایہ و کم تتبع بودہ، چنانچہ بعض رباعیات شیخ ابوسعید و بابا افضل کاشی را بنام شیخ بایزید قدس سرہ نقل کردہ، وحال آنکہ ہیچ کس از متقدمین و متورخین و ارباب خبرت و اہل تحقیق ذکر نہ کردہ اند کہ شیخ بایزید شعر میفرمود، تقی اوحدی را نسیان بسیاری نیز بودہ، چنانچہ گاہ ہست کہ یک شعر را بنام سہ کس چہار کس نقل کردہ است" (نسخہ قلمی کتب خانہ ندوۃ العلما، در ترجمہ حکیم سنائی)

۲- اس کے بعد دوسرا نام رودکی المتوفی ۳۲۹ھ کا آتا ہے، چنانچہ رودکی کا جو دیوان

---

[1] والہ داغستانی گو متاخر ہے، محمد شاہ کا معاصر تھا، مگر کاوش و تحقیق مین اسکا پایہ بلند ہے، جیسا کہ اسکے تذکرہ سے ظاہر ہے

ایران مین ۱۳۱۵ھ مین چھپا ہے، اس کے آخر مین ص ۱۰۰ سے ص ۱۱۳ تک رُباعیات کا عنوان ہے، اس کے تحت مین دو دو شعر کے بیس منظومات ہین، جنمین عشقیہ، حکیمانہ، اخلاقی، اور خمریہ مضامین ہین، مگر وزن و قافیہ کے اعتبار سے ان مین صرف چھ منظومات ایسے ہین جو رُباعی ہین، اور بقیہ قطعے ہین، وہ چھ رباعیان یہ ہین،

۱

با آن کہ دلم از غم ہجرت خون ست — شادی بغم تو ام زغم افزون ست
اندیشہ کنم ہر شب و گویم یا رب — ہجرانش چنین است وصالش چون ست

۲

چشمم زغمت بہر عقیقے کہ بسفت — بر چہرہ ہزار گل ز براز م بشگفت
رازیکہ دلم ز جان ہمی داشت نہفت — اشکم بزبانِ حال با خلق بگفت

۳

ہان تشنہ جگر، مجوی زین باغ ثمر — بیدست اینست این ریاض بد و در
بیہودہ ممان کہ باغبانت بقفاست — چون خاک نشستہ گیر و چون باد گذر

۴

چون کشتہ بہ بینیم دو لب کردہ فراز — وز جان تہی قالبِ فرسودہ باز
بر بالینم نشستہ می گوئی بناز — ای کشتہ ترا من و پشیمان شدہ باز

۵

اے از گلِ سرخ، رنگ بربودہ و بو — رنگ از پے رُخ ربودہ، بو از پی مو
گلرنگ شود چو روی، شوئی ہمہ جوی — مشکین گردد چو مو فشانی ہمہ کو

۶

چون کارِ دلم ززلفِ او ماندہ گرہ — بر ہر رگ جان صد آرزو ماندہ گرہ
امید زگریہ بود، افسوس افسوس — کانہم شبِ وصل در گلو ماندہ گرہ

ایک اور رُباعی مجمع الفصحا مین ہے،

در منزل غم فگندہ مفرش مائیم　　　وز آب دو چشم، دل بر آتش مائیم
عالم چو ستم کند ستمکش مائیم　　　دست خوش روزگار ناخوش مائیم

حضرۃ الاستاذ نے مجمع الفصحا[1] کے حوالہ سے چھٹی رباعی شعر العجم مین نقل کی ہے، اور ذوق شعری کی بنا پر فیصلہ فرمایا ہے کہ یہ صناعانہ کلام رودکی کا نہین ہو سکتا، (شعر العجم جلد اول، احوال رودکی)

اصل یہ ہے کہ رودکی کا کلام جو متقدمین کی تصریح کے مطابق ہزار ہا شعرون پر مشتمل تھا ضائع گیا، اور جو دیوان قلمی یا مطبوعہ ملتا ہے، وہ حکیم قطران کے کلام سے مخلوط ہے[1] جسکا زمانہ رودکی کے سو برس بعد ہے، اس اختلاط کی وجہ سے ان رباعیون پر بھی یقین نہین کہ وہ واقعًا اسی کی ہین،

۳- رباعی گو حکیمون مین پہلا نام اور مطلق رباعی گویون مین تیسرا نام معلم ثانی ابو نصر فارابی المتوفی ۳۳۹؁ھ کا ملتا ہے، فارابی گو نسلًا ترک تھا، مگر اس زمانہ مین عجم و ترکستان کی عام زبان فارسی ہی تھی، اور اس کے علاوہ وہ متعدد زبانون سے واقف تھا[2]، اسلئے

[1] رضا قلی خان ہدایت نے مجمع الفصحا کے دیباچہ (ص۳) مین لکھا ہے:-
"و طرفہ تر این کہ در زمان ما اشعاری کہ بنام ابو عبد اللہ جعفر بن محمد الرودکی معروف و مشہور است
در دیوان ابو منصور قطران مسطور است، و از وست"
اور پھر آگے چل کر رودکی کے حال مین (ص۲۳۷، طبع ایران) اس کو اور زیادہ وضاحت سے لکھا ہے، اور بتایا ہے کہ اس دیوان مین اکثر قصائد ابو منصور قطران کے ہین، لوگون کو نصر بن احمد سامانی ممدوح رودکی اور ابو نصر مملان ممدوح قطران کے درمیان اختلاط ہوگیا، تعجب ہے کہ آج رودکی کا دیوان ناپید ہے، حالانکہ سمعانی کے زمانہ مین (۵۰۶ھ، ۵۶۲ھ) اس کا دیوان ایران مین عام طور سے ملتا تھا، سمعانی مین ہے، السائر دیوانہ فی بلاد العجم (زیر لفظ رودکی) [2] تاریخ مختصر الدول ابو الفرج ملطی ص ۲۹۵ بیروت،

اسکی طرف فارسی رُباعیات کا انتساب غیر متوقع نہین ہے، شہرزوری کی تاریخ الحکما مین ہے، (اصلہ فارسی)،

بہرحال تذکرون اور بیاضون مین اسکی طرف چند رباعیات منسوب ملتی ہین، مجموعۂ منتخبات دارالمصنفین مین حسب ذیل رباعیان اس کے نام سے درج ہین،

اے آنکہ شما پیر و جوان دیدارید | ازرق پوشان گنبد دوّار اید
طفلے ز شما در برہ ما محبوس است | اورا بہ خلاص ہستی (؟) بگمارید

اسرار وجود خام و ناپختہ (؟) بماند | وآن گوہر بس شریف ناسفتہ بماند
ہر کس ز سر قیاس حرفے گفتند | وآن نکتہ کہ اصل بود ناگفتہ بماند

یہی دونون رباعیان کچھ لفظی تغیرات کے ساتھ مجمع الفصحا مین حکیم مذکور کے حال مین (جلد اوّل ص ۸۳) مندرج ہین، آخری رباعی ذرا سے فرق سے خیام کے ہان بھی ہے،

ایک اور مجموعہ (خیابانِ عرفان مرتبۂ محمد حسن بلگرامی) مین فارابی کے نام سے ایک اور رباعی لکھی ہے،

زان پیش کہ از جہان فرومانی فرد | آن کن کہ نبایدت پشیمانی خورد
امروز بکن چو می توانی کارے | فردا چہ کنی چو ہیچ نتوانی کرد

فارابی صوفی حکیم تھا، اور صوفیون کے لباس مین رہتا تھا،[۱] مگران قرائن کے باوجود کوئی قدیم اور غیر مشکوک دلیل اس کے رباعی گو شاعر ہونے پر ہمارے ہاتھ مین نہین ہے،

---

[۱] قفطی اور ابو الفرج ملطی صفحہ ۲۹۶ طبع بیروت، درۃ الاخبار مین فارابی کے صوفیانہ کلمات بھی مذکور ہین،

بجز اس کے کہ شہرزوری نے تاریخ الحکما میں اس کے حال میں لکھا ہے، ولہ اشعار حسنۃ حکمیۃ" اور اس کے اچھے حکیمانہ اشعار ہیں"۔ اور اس کے عربی حکیمانہ اشعار دو صفحوں میں نقل کئے ہیں۔

۴۔ اس کے بعد شاعرانہ رنگ میں رودکی کے معاصر ابوشکور بلخی کا نام ملتا ہے، جسکا شمار سامانی عہد کے شاعروں میں ہے، ۳۳۶ھ میں اس نے آفرین نامہ ایک کتاب لکھی تھی، عوفی نے لباب الالباب (جلد دوم ص۲۱ گب) میں اسکا ذکر کیا ہے، اور شراب کے متعلق اس کے متعدد قطعے نقل کئے ہیں، اور ایک یہ رباعی لکھی ہے،

اے گشتہ من از غم فراوان تو پست	شد قامت من ز درد ہجران تو شست
اے شستہ من از فریب دستان تو دست	خود ہیچ کسی ببیرت دشان تو ہست

۵۔ اسی عہد کا ایک اور حکیم شاعر عمارۂ مروزی ہے، جس نے سامانیہ کا آخری اور غزنویہ کا ابتدائی زمانہ پایا ہے، صاحب مجمع الفصحا نے اس کا سال وفات ۳۶۰ھ لکھا ہے، وصف شراب اس کا خاص موضوع ہے، عوفی نے اسکی یہ رباعی نقل کی ہے،

آن می بدست آن بت سیمین من نگر	گوئی کہ آفتاب بہ پیوست با قمر
وان ساغری کہ سایہ بفگیند می برد	برگ گل سپیدست بگوی بلالہ بر

رباعی کی بحر کے بعض قطعات بھی ہیں، جنسے معلوم ہوتا ہے کہ ہنوز رباعی فن کی زنجیروں میں جکڑی نہیں گئی تھی، جامی نے نفحات میں لکھا ہے کہ ایک دفعہ سلطان ابوسعید ابوالخیر کو عمارۃ کا کوئی شعر سنایا گیا تو وجد کا عالم طاری ہو گیا، اور اپنے مریدوں کیساتھ وہ اسکی قبر پر گئے،[1]

---

[1] نفحات الانس، تذکرۂ ابوسعید،

۶- اس زمانہ مین دیالمہ کی ایک شاخ آل زیار کا بادشاہ شمس المعالی قابوس بن وشمگیر دیلمی تھا، جو ۳۶۶ھ مین تخت نشین ہوا، کمال البلاغۃ اور سیر الملوک اسکی تصنیف ہے، کمال البلاغۃ مصر مین چھپ گئی ہے، اسمین ایک ادیب نے اس کے عربی خطوط اور رسائل جمع کئے ہین، شمس المعالی نے بعض رباعیان بھی کہی ہین، لباب الالباب سے یہ رباعیان نقل ہین،

گل شاہ نشاط آمد و مے میر طرب ۔۔۔ زان روی بدین دو میکنم عیش طلب
خواہی کہ بدین بدانی ای ماہ سبب ۔۔۔ گل رنگ رخت دارد و می رنگ لب

شش چیز در آن زلف تو دارد معدن ۔۔۔ پیچ و گرہ و بند و خم و تاب و شکن
شش چیز دگر ازان نصیب دل من ۔۔۔ عشق و غم و درد و رنج و تیمار و حزن

حکیمانہ تصوف کا آغاز دیلمیون کے زیر سایہ ہوا ہے، جو ۳۲۱ھ سے لیکر ۴۲۹ھ یعنی سلجوقیون کی پیدائش تک برسر عروج رہے، اس بنا پر تصوف کی حکیمانہ رباعی چوتھی صدی کے وسط مین پیدا ہو چکی تھی، نشوار المحاضرہ کی شہادت سے جو چوتھی صدی کے وسط کی تصنیف ہی، ثابت ہے کہ دیالمہ کے عہد مین صوفیانہ رباعیان مجلس سماع کو گرم کرتی تھین،

چوتھی صدی کے اواخر مین غزنوی دور آیا، اس دور کے سلاطین اور شعرا مین مختصر ہنگامی واقعات مثلاً شکریہ، معذرت، شکایت، فخر، تہنیت، اور دوسرے ہنگامی واقعات کی نی البدیہہ نظم مین یہ صنف سخن ترقی کرتی نظر آتی ہے، غزنویہ کا آغاز ۳۶۵ھ مین ہوا، اور اس کے عروج کا ستارہ سلجوقیہ کے آفتاب اقبال کی روشنی مین ۴۲۹ھ مین چھپکر رہ گیا، تاہم غزنین اور ہندوستان

مین اسکی چمک نمایان رہی، غزنوی دور کے شعرا مین سے عنصری المتوفی ۴۳۱ھ اور عسجدی المتوفی ۴۳۲ھ کے ہان رباعیان کثرت سے ہین، مجمع الفصحا مین عنصری کی بیس رباعیان درج ہین، مگر وہ زیادہ تر انھین ہنگامی واقعات اور حسن و عشق کے مضامین کی ہین، البتہ عسجدی المتوفی ۴۳۲ھ کی رباعیات خاص نوعیت رکھتی ہین، ان مین عشق حقیقی و مجازی کی معتدل ترکیب پائی جاتی ہے، مجمع الفصحا مین اسکی دس رباعیان ہین، جنمین سے چار خمریہ یہان نقل ہین،

صبح است و صبا مشک فشان میگزرد ۔۔ دریاب کہ از کوے فلان می گذرد

برخیز چہ خسپی کہ جہان میگزرد ۔۔ بوی بستان کہ کاروان می گذرد

در جسم پیالہ جان روانست روان ۔۔ در روح مجسم آن روانست روان

درآب فسردہ آتش سیال است ۔۔ در درج بلور لعل کانست روان

آن جسم پیالہ بین بجان آبستن ۔۔ ہمچون سمنی بارغوان آبستن

نی نی غلطم پیالہ از غایت لطف ۔۔ آبے ست باتش روان آبستن

از شرب مدام ولاف مشرب توبہ ۔۔ وز عشق بتان سیم غبغب توبہ

در دل ہوس شراب و برلب توبہ ۔۔ زین توبہ نادرست یارب توبہ

اس عہد کا رباعی گو حکیم ابوعلی سینا المتوفی ۴۲۸ھ ہے، اس نے متعدد حکیمانہ رباعیان کہین جو تذکرون اور سفینون مین مذکور ہین، ان مین سے بعض خیام کے نام سے بھی ملتی ہین، ڈاکٹر ایتھے (ETHE) نے ۱۸۷۵ء مین ابن سینا کی بارہ ۱۲ رباعیون کو جمع کرکے چھپوایا ہے،

مجمع الفصحا مین اسکی یہ پانچ رباعیان ہین،

دل گرچہ درین بادیہ بسیار شتافت | یکموی ندانست ولی موی شگافت
اندر دل من ہزار خورشید بتافت | آخر بکمال ذرۂ راہ نیافت

۱

با این دوسہ نادان کہ چنین می دانند | از حمق کہ دانای جہان آنانند
خر باش کہ این جماعت از فرط خری | ہر کو نہ خراست کافرش می خوانند

۲

کفر چو منی گزاف و آسان نبود | محکم تر از ایمان من ایمان نبود
در دہر چو من یکے و آن ہم کافر | پس در ہمہ دہر یک مسلمان نبود

۳

از قعر گل سیاہ تا اوج زحل | کردم ہمہ مشکلات گیتی را حل
بیرون جستم ز قید ہر مکر و حیل | ہر بند گشادہ شد مگر بند اجل

۴

ای کاش بدانمی کہ من کیستمی | سرگشتہ بعالم از پی چیستمی
گر مقبلم آسودہ و خوش زیستمی | ورنہ بہزار دیدہ بگریستمی

۵

مجموعۂ منتخبات[1] دار المصنفین مین ایک دو رباعیان اور بھی ہین، مگر وہ عمر خیام اور محقق طوسی کے منسوبات مین بھی ہین، اوپر کی پانچ رباعیون مین دوسری تیسری اور چوتھی، خیام کے مجموعہ مین بھی ملتی ہین،

---

[1] دار المصنفین کے کتب خانہ مین شعرار کے کلامون کا ایک نہایت عمدہ ضخیم قلمی انتخاب ہے، یہ نسخہ نہایت خوشخط ہے اور اس قرینہ سے کہ اسمین شیخ علی حزین المتوفی ۱۱۸۰ھ کے نام کیساتھ سلمہ و مدظلہ ہے، یہ ظاہر ہوتا ہے کہ اُن کے زمانہ مین مرتب ہوا تھا، اسمین سلاطین، وزرار، امرار، علمار، حکما، اور عام شعرا کے طبقون کی تقسیم سے ہر قسم کا منتخب کلام جمع کیا ہے، اس مجموعہ کا حوالہ آئندہ صفحون مین بھی آتا رہیگا،

غزنوی دور مین سلطان محمود کے زمانہ مین مشہور صوفی شاعر شیخ ابوالحسن خرقانی المتوفی سنہ ۴۲۵ھ کا ظہور ہوا، یہ پہلی مقدس ہستی ہے جس نے رُباعیات کے پردہ مین عشق حقیقی کے مضامین ظاہر کئے، ہمارے مجموعۂ منتخبات ہبع مجمع الفصحا اور آتشکدہ مین انکی متعدد رباعیان ہین، ہمارے مجموعہ مین یہ رُباعیان شیخ کے نام سے ہین،

تا گبر نشی، با تو بتے یار نبو	۱	در گبر شی از بہر بتے عار نبو
آنزا کہ میان بستہ بزنّار نبو		آنزا ہمیان عاشقان کار نبو
روزم بملال بے تو بگذشت و گذشت	۲	شب ہم بخیال بے تو بگذشت و گذشت
یک چشم زدن ہبے تو نبودم ہرگز		اکنون مہ و سال بے تو بگذشت و گذشت
سودائے سر بے سرو سامان یک سو	۳	اندیشۂ خاطر پریشان یک سو
بے مہری چرخ و جور دوران یک سو		اینہا ہمہ یک سو، غم جانان یک سو
اے سینہ بیا طرح فغان اندازیم	۴	افسانۂ عشق در میان اندازیم
تا از دل ما خبر رسانند بیار		دل بر سر راہ کاروان اندازیم

والہ داغستانی نے صرف پہلی رُباعی نقل کی ہے، اور اس کی زبان کی بنا پر یہ لکھا ہے:

"در رباعیات دیگر ایشان نیز مبہمین سیاقت آمیختہ بزبان پہلوی است" (در ترجمۂ ابوالحسن خرقانی)

مجمع الفصحا مین دو رُباعیان اور ہین:-

آن دوست کہ دیدنش بیاراید چشم	۵	بے دیدنش از گریہ نیاساید چشم
ما را ز برائے دیدنش باید چشم		گر دوست نہ بیند بچہ کار آید چشم

اسرارِ ازل را نہ تو دانی و نہ من ۔۔۔ وین حرف معما نہ تو خوانی و نہ من

ہست از پسِ پردہ گفتگوی من و تو ۔۔۔ گر پردہ برافتد نہ تو مانی و نہ من

ایک اور رُباعی اُن کی طرف منسوب ملتی ہے،

گویند مرا کہ مَی پرستم ہستم ۔۔۔ گویند مرا فاسق و مستم ہستم

در ظاہرِ من نگاہ بسیار مکن ۔۔۔ کاندر باطن چنانکہ ہستم ہستم

چھٹی رُباعی خیام کے اکثر نسخون مین موجود ہے، اور ساتوین بھی دیسنہ اور کاویانی کے نسخون کے روسے خیام کی ملکیت مین داخل ہے، اور پہلی رباعی کی زبان بقیہ رُباعیون سے الگ ہے، جو قابلِ لحاظ ہے،

نفحات الانس جامی کے تفحص سے معلوم ہوتا ہے کہ شیخ ابوالحسن خرقانی سے پہلے شعرسید صوفیہ اس ساز کو عربی لے مین چھیڑتے تھے، کہ ان سے پہلے فارسی کا کوئی ترانہ خوان صوفی نظر نہین آتا، الا یہ کہ بایزید بسطامی کی طرف چند مشکوک رباعیان منسوب ہین جنکی حقیقت ظاہر کیجا چکی ہے،

اسی زمانہ مین شیخ کا معاصر **باباطاہر** ہمدانی المتوفی ۴۱۰ھ (یا بقول براؤن بقیاس روایت راحۃ الصدور بعد ۴۴۷ھ) ہے، یہ نُصیری فرقہ کا درویش تھا، رے کی دہقانی بولی مین یہ رباعیان کہا کرتا تھا، اسکی رباعیون کا مجموعہ موجود ہے، اور چھپ بھی گیا ہے، یہ پہلا مستقل مجموعہ رباعیات کا ہے، جو اسوقت ہمارے سامنے موجود ہے،

اس کی دو رباعیان یہ ہین:۔

دلے دارم کہ بہبودش نمی بو ۔۔۔ نصیحت می کرم سودش نمی بو

بیادش می وہم نش ببیرہ باد | برآذرمی نہم دودش نمی بو
نسیمے کز بن آن کاکل آید | مرا خوشتر ز بوی سنبل آید
چو شوگیرم خیالت را در آغوش | سحر از بسترم بوے گل آید

اس کے بعد سلطان **ابو سعید ابو الخیر** صوفی المتوفی سنہ ۴۴۰ھ آتے ہین، جنکی رباعیان عشقِ حقیقی کی تیز و تند شراب سے لبریز ہین، اُن کی رُباعیون کے بھی کئی اڈیشن مشرق و مغرب مین شایع ہو چکے ہین،

اس سلسلہ مین ایک اور قابلِ ذکر ہستی بابا **افضل الدین** افضل کاشانی (یا کاشی) کی ہے، یہ ایک فاضل و حکیم صوفی تھے، ایک بیان کے مطابق یہ سلطان محمود غزنوی المتوفی سنہ ۴۲۱ھ کے معاصر تھے، اور دوسرے بیان کے مطابق یہ محقق طوسی المتوفی سنہ ۶۷۲ھ کے ہمعصر تھے[1]،

[1] آزاد بلگرامی نے ید بیضا مین لکھا ہے کہ یہ سلطان محمود غزنوی کے معاصر تھے، اور سلطان ان کو ایران سے اپنے ساتھ لایا تھا، اور وہ مدت تک غزنین مین مقیم رہکر پھر اپنے وطن مالوف کو واپس گئے، امین رازی نے ہفت اقلیم مین عوفی کے حوالہ سے لکھا ہے کہ ایاز بابا کا شاگرد تھا، سلطان نے جب بابا کو قید کر دیا تو بابا نے سلطان کی مدح مین قصیدہ لکھ کر ایاز کی وساطت سے پیش کیا اور رہائی پائی، مگر عوفی کی لباب الالباب مین یہ بیان مجھے نہین ملا، ممکن ہو کہ اسکی کسی اور تصنیف مین یہ ذکر ہو، دوسری طرف آذر نے آتشکدہ مین لکھا ہی، کہ بابا خواجہ نصیر طوسی اور ہلاکو کے معاصر تھے اور خواجہ نے تاتاریون کو برپا کرنے مین اللہ تعالیٰ کی کیا مصلحت ہو، اس سوال کو ایک رباعی مین نظم کرکے بابا کے پاس بھیجا تھا، اور بابا نے اس کا جواب دیا تھا، مگر خواجہ کی جس رباعی کا حوالہ دیا گیا ہی، وہ خیام کے مملوکات مین ہی، ہدآیت نے مجمع الفصحا مین نہ صرف یہی لکھا ہے کہ یہ خواجہ نصیر کے معاصر تھے، بلکہ یہ بھی افواہ نقل کی ہو کہ وہ خواجہ نصیر کے خالو تھے، اور والہ داغستانی نے نقل کیا ہو، کہ خواجہ نصیر بابا کے ہمشیر زادہ تھے،

بہر حال ان دو مختلف تصریحون کے مطابق ان دونون زمانون مین ڈھائی سو برس کا فصل ہو جاتا ہے، اگر وہ بقول آزاد سلطان محمود کے معاصر تھے، تو چوتھی صدی کے اواخر اور پانچوین صدی کے اوائل مین تھے، اگر بقول آذر و ہدایت خواجہ نصیر طوسی کے معاصر تھے تو ساتوین صدی ہجری کے اواسط مین ان کو ماننا پڑے گا،

باباکی رباعیات کا انتخاب سب سے زیادہ والہ داغستانی نے کیا ہے، چنانچہ پانچ صفحون مین انکی رُباعیان نقل کی ہین، ہمارے مجموعۂ منتخبات مین بھی انکی بہت سی رُباعیان ہین، یہ تمامتر اسرارِ تصوّف اور رموزِ حقیقت کے بیان مین ہین،

ان کے کلام مین بھی خیّام کے رباعیات کا التباس موجود ہے،

۴۲۹ھ مین نیشاپور کے مطلع سے سلجوقی دور کا آفتاب طلوع ہوتا ہے، سلجوقیون کا زمانہ صنفِ سخن کے اوجِ شباب کا زمانہ ہے، اس عہد مین رُباعی گوئی سلاطین، وزراء، امرا، علما، حکما اور عام شعرا کا دلچسپ مشغلہ ہوجاتا ہے، اسی مین سوال و جواب ہوتے ہین، حسن و عشق کی روداد بیان کیجاتی ہے، مناظرِ قدرت کی تصویرین کھینچی جاتی ہین، اور بادہ و ساغر کی نئی نئی تشبیہون کے مرقعے تیار کئے جاتے ہین، اس عہد مین ہر قسم کی عشقیہ، خمریہ، حکیمانہ اور صوفیانہ رُباعیات کے دفتر کے دفتر ملتے ہین، یہی زمانہ خیّام کی رباعیون کا ہے،

اس زمانہ کے مشہور رُباعی گویون مین سلجوقی دربار کے کاتب و ادیب و شاعر و ندیم علی بن حسن **باخرزی** کا نام ہے، جو یتیمۃ الدھر اور جریدۃ العصر کے ذیل دُمیۃ القصر کا مصنف ہے جو اس عہد کے عربی شعرا کا تذکرہ ہے، ۴۶۷ھ مین اپنے ایک محبوب غلام یا حریف دوست کے ہاتھ سے[1] مارا گیا، یہ عربی و فارسی دونون زبانون کا ادیب و شاعر تھا، عربی دیوان کیساتھ فارسی

---

[1] عوفی مین اس کا سالِ وفات ۴۶۲ھ لکھا ہے، مگر ابن خلکان مین ۴۶۷ھ ہے، عوفی نے اسکی کنیت ابوالقاسم بتائی ہے، اور ابن خلکان مین ابوالحسن ہے، میرے خیال مین عوفی کا بیان صحیح ہے کہ خود باخرزی نے اپنی کتاب کے آخر مین اپنے معاصرین کی جو تقریظین شامل کی ہین، ان مین سے ایک مین اُسکو ابوالقاسم کہکر خطاب کیا گیا ہے، (دمیۃ القصر، ص ۳۱۲، حلب)
سیف الدین باخرزی دوسرے ہین، جو صوفی شاعر تھے، اور نجم الدین کبری کے مرید تھے، ۶۵۸ھ مین وفات پائی، یہ بھی رُباعی کہتے تھے، اور ان کی بھی بعض رُباعیان خیام کی رُباعیون کے ساتھ مخلوط ہین،

دیوان بھی یادگار چھوڑا، عوفی نے لباب الالباب مین اس کے تذکرہ مین (جلد اول ص ۷۰) لکھا ہے کہ اُس نے اپنے فارسی رُباعیات کا ایک مجموعہ بھی ترتیب دیا تھا جس کا نام طرب نامہ رکھا تھا، اور جو حروف معجم کی ترتیب پر مرتب ہے" عوفی نے اس کا ایک نسخہ بخارا کے کتبخانہ سرندیپی مین دیکھا تھا، باخرزی ایک بادہ پرست، سرخوش، امیرون اور بادشاہون کی مجلس انس کا ندیم و مصاحب تھا، اور خود اپنی کتاب مین اُس نے اپنے جرم کا ہلکا سا اعتراف کیا ہے، بہرحال اسی کا اثر تھا کہ اسکی رباعیان بھی تمامتر مست و سرخوش ہین، اور صرف عیش و طرب کی محفلون کے موزون ترانے ہین، عوفی نے اسکی وہ چند رباعیان نقل کی ہین، جو طرب نامہ کے مطالعہ کے بعد اس کو زبانی یاد رہ گئی تھین،[1]

۱

پیرامن روز قیرگون شب دارد
زیر دو شکرسی دو کوکب دارد
بر سُرخ گل از غالیہ عقرب دارد
واز نوش دو تریاک مجرب دارد

۲

برگردن خویش بستۂ عقد گہر
واز گوش بیاویختۂ حلقۂ زر
گوئی غم عشق جلوہ کرد ای دلبر
زاشک شرخ من بگردن و گوش تو در

۳

زان می خواہم کہ خرمی راسبب است
نامش می و کیمیای شادی لقب است
سرخ است چو عناب دراب عنب است
آبی کہ برخ بر آتش آرد عجب است

۴

خصم تو اگر باز ندارد ز تو جنگ
صد گونہ برائے تو برآمیزم رنگ
بنشینم اگر کار بنا ست و بہ ننگ
بر آتش چو کباب و بر تیغ چو زنگ

[1] لباب الالباب عوفی جلد ا ص ۷۰،

تیسری رُباعی خیام کے بعض مجموعون مین بھی داخل ہے، باخرزی کا ایک دوست اور عزیز وہمدم وہم پایہ محمد بن ابی نصر ہے، باخرزی نے اسکی نسبت اپنے تذکرہ مین لکھا ہے "وَلہٗ رباعیات بالفارسیۃ واختراعات فیہا دقیقۃ" فارسی کی رُباعیان نقل نہین کی ہین، مگر عربی اشعار نقل کئے ہین، جو تمامتر سوز و ساز اور رنگ مستی ہین[1]،

عونی نے لباب الالباب کی پہلی جلد مین سلاطین غزنویہ، اور امراے چغانیہ (جو غزنویہ کے زیر اثر تھے) اور امراے جرجان کی بہت سی رُباعیان (باب اول در لطائف اشعار ملوک کبار) نقل کی ہین، مگر یہ زیادہ تر ہنگامی واقعات کے ذکر و بیان مین تفریحی حیثیت رکھتی ہین، البتہ ان مین سے ایک شخص خاص ذکر کے قابل ہے، اور وہ شمس المعالی قابوس کا پوتا عنصر المعالی کیکاؤس ہے، جو ۴۷۵ھ مین حکیم خیام کا معاصر تھا، یہ ایک سخن سنج و سخن فہم امیر تھا، اُس کے اشعار تذکرون مین مذکور ہین، مجمع الفصحا مین اسکی دس اخلاقی اور عشقیہ رباعیان لکھی ہین، اور اُس نے خود بھی اپنی کتاب قابوس نامہ مین جابجا اپنی بہت سی رباعیان درج کی ہین، جنکو اگر جمع کیا جاے تو چند صفحے ہو جائین مگر یہ زیادہ تر عشقیہ ہین، مثلاً

ہر آدمی کہ حی و ناطق باشد	باید کہ چو عذرا و چو وامق باشد
مردم نبود ہر کہ نہ عاشق باشد	ہر کو نہ چنین بود منافق باشد

عہد سلجوقی کے حکما، اور صوفیہ مین تین نام خاص قابل ذکر ہین، ان مین پہلا نام شیخ الاسلام ابو اسماعیل عبد اللہ انصاری کا ہے، جن کی ۳۹۶ھ مین ولادت اور ۴۸۱ھ مین وفات ہوئی[2]

---

[1] دمیۃ القصر ص ۲۶۵، حلب [2] ابن اثیر واقعات ۴۸۱ھ و تذکرۃ الحفاظ ذہبی جلد ثالث ص ۳۷۵، و ص ۳۹۵، حیدرآباد، و طبقات الحنابلہ ابن رجب حنبلی،

یہ اس عہد کے مشہور رباعی گو صوفی ہین، یہ مذہباً حنبلی اور مشرباً صوفی تھے، عربی اور فارسی دونون زبانون مین شعر کہتے تھے، جو زیادہ تر عجز و تقصیر طلب مغفرت، نصیحت و موعظت اور مناجاتون پر مشتمل ہین، ذہبی نے تذکرۃ الحفاظ مین اور ابن رجب حنبلی نے طبقات الحنابلہ مین ان کا مفصل ذکر کیا ہے، منازل السائرین تصوف مین انکی مشہور کتاب ہے، فارسی مین اُن کی مناجاتین بہت دلکش ہین، اسی سلسلہ مین اُن کی رباعیان بھی ہین، جنکا نمونہ یہ ہے، دوسری رباعی مجموعۂ منتخبات دارالمصنفین مین اور بقیہ تین مجمع الفصحا مین ہین،

(۱)

عیب است بزرگ برکشیدن خود را ورجملۂ خلق برگزیدن خود را
از مردمک دیدہ بباید آموخت دیدن ہمہ کس را و ندیدن خود را

(۲)

عودم چو نبود، چوب بید آوردم روی سیہ و موی سپید آوردم
تو خود گفتی کہ ناامیدی کفر است فرمان تو بردم و امید آوردم

(۳)

شرط است کہ چون مرد رہ درد شوی خاکی تر و ناچیز تر از گرد شوی
ہر کو ز مراد گم شود مرد شود بفگن الف مراد تا مرد شوی

(۴)

دی آدم و نیامد از من کارے وامروز ز من گرم نشد بازارے
فردا بردم بے خبر از اسرارے ناآمدہ بہ بود ازین بسیارے

خیام اور عبداللہ انصاری کی بعض رباعیان بھی باہم مختلط ہین، دوسری رباعی کو احمد علی سندیلوی نے مجمع الغرائب (۱۲۱۸ھ) مین شیخ شرف الدین یحیٰی منیری کے نام سے لکھا ہے،

اُنکے بعد دوسری قابل ذکر ہستی امام محمد غزالی المتوفی ۵۰۵ھ کی اور تیسری اُن کے بھائی امام احمد

غزالی المتوفی ۵۲۰ھ کی ہے، امام محمد غزالی کا ایک قطعہ اور تین رباعیان مجمع الفصحا مین ہین، رباعیان حسب ذیل ہین،

کس را پس پردہ قضا راہ نشد | وز سر قدر ہیچ کس آگاہ نشد
ہر کس ز سر قیاس چیزے گفتند | معلوم نگشت و قصہ کوتاہ نشد ۱

ما جامہ نمازی بسر خم کردیم | وز آب خرابات تیمم کردیم
شاید کہ درین میکدہا دریابیم | آن یار کہ در صومعہ ہا گم کردیم ۲

خاک درِ کس مشو کہ گردت خوانم | گر خود ہمہ آتشی کہ سردت خوانم
تا تشنہ تری بخلق محتاج تری | سیراز ہمہ شو تا سر مردت خوانم ۳

پہلی اور دوسری رباعیان خیام کے بعض نسخون مین بھی ہین، (دیکھو مطبوعات بمبئی)

امام احمد غزالی صوفی صافی تھے، مجمع الفصحا مین ان کی تین صوفیانہ رباعیان ہین، یہ تمام اشخاص خیام کے معاصرین تھے،

اسی عہد کے ایک اور صوفی شاعر ہین، جنکا نام اس سلسلہ مین اب تک نہین لیا گیا ہے، اور وہ شیخ احمد بدیلی[1] سبزواری ہین، جو ۵۸۲ھ مین سلطان تکش خوارزم شاہ کے عہد مین موجود تھے، مصنف جہان کشا نے ان کا ذکر ان لفظون مین کیا ہے:-

"چون کار اہل سبزوار باضطرار رسید و ملجا و مہربے نبود شیخ احمد بدیلی کہ از ابدال زمانہ بود در علوم دینی و حقیقی یگانہ . . . . و او را در حقائق اشعار است از غزل و رباعیات و رسائل"

[1] مستوفی نے تاریخ گزیدہ مین مشائخ کے سلسلہ مین انکا مختصر ذکر کیا ہے (ص ۷۸۶، گب) اور انکا نام احمد بن بدیل سبزواری بتایا ہے،

آخری فقرہ جہان کشا کے دوسرے نسخہ مین جو مطبوعہ نسخہ کے حاشیہ پر ہے، حسب ذیل ہی،

"و او را در حقائق اشعار و رباعیات و رسائل بسیار است"

اس کے بعد یہ ہے،

"و این رُباعی او راست"

ای جان اگر از غبار تن پاک شوی　　تو روح مقدسی بر افلاک شوی

عرش است نشیمن تو، شرمت بادا　　کائی و مقیم خطۂ خاک شوی

مگر یہ رُباعی بتغیر خیام کے نسخون مین بھی موجود ہے،

اس صدی کے آخری قابل ذکر بزرگ شیخ فریدالدین عطار (المتوفی ۶۲۷ھ) ہین، قصائد اور مثنویون کے علاوہ رباعیان بھی بہت کہی ہین، جنکے مجموعہ کا نام مختار نامہ ہے، اس کے بعض دیباچون مین ہے کہ شیخ نے دس ہزار رباعیان کہی تھین، جنمین سے پانچہزار انتخاب کی ہین، اور پھر اُن کا بھی انتخاب کرکے یہ مختار نامہ لکھا، شیخ نے اسکا ذکر اپنی مثنوی خسرو نامہ مین اسطرح کیا ہے،

بخاطر داشت از تصنیف داعی　　همہ مختار نامہ از رُباعی

بہرحال عطار کی رُباعیان بکثرت موجود ہین، اور مختار نامہ کلیات کے ضمن مین چھپا بھی ہی، یہ رباعیان زیادہ تر وحدۃ الوجود، عشق حقیقی، اور دوسرے صوفیانہ مسائل پر ہین، انمین چھ رباعیان عطار اور خیام کے درمیان ما بہ النزاع ہین،

حکماء اور صوفیہ نے رباعی کو کیون اختیار کیا، | ایک سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ حکماء اور صوفیہ نے تمام اصناف

سخن مین رباعی کو کیون اپنے لیے مخصوص کیا؟ اس کا جواب جہانتک مجھے معلوم ہے، ابتک نہین دیا گیا ہے، مین نے جہانتک چھان بین کی حسب ذیل نتائج سامنے آئے،

۱۔ اس وقت تک شاعری کے جو اصناف رواج پذیر تھے، وہ قصیدہ، مثنوی اور قطعہ تھے قصیدہ مین تیس چالیس بلکہ اُن سے بھی زیادہ شعر ہوتے تھے، اور وہ عموماً مدح و ہجو مین کام آتا تھا، ابتدا ہی شروع مین تشبیب ہوتی تھی جسمین حسن و عشق کی روداد، یا مناظر قدرت بیان کئے جاتے تھے، مثنوی رزم و بزم کے مسلسل واقعات و حکایات کیلئے مخصوص تھی، قطعہ مین مختصر واقعات نظم ہوتے تھے گو ابتدا اً فلسفہ کے خیالات قصیدون، قطعون اور مثنویون مین بھی ادا کئے گئے، سب سے پہلے فلسفی شاعر حکیم ناصر خسرو المتوفی تقریباً ۴۸۱ھ نے ہر قسم کے فلسفیانہ خیالات قصیدون ہی مین ادا کئے ہین، تاہم حکمت و تصوّف کے اچھوتے خیالات ایک نئی صنف سخن کے طالب تھے، تاکہ حسن و عشق کی روداد اور مدح و ذم کی حکایات سے تصوّف و حکمت کے حقائق ظاہری و باطنی ہر طرز سے علیحدہ ہو جائین،

۲۔ حکما، اور صوفیہ پیشہ ور شاعر نہ تھے، اُن کے شب و روز کے مشاغل کچھ اور تھے، شاعری انکا پیشہ نہ تھا، اس لیے ان کے ذہنی خیالات کی تحریر و ترتیب کے لیے قصائد و مثنوی کے طویل الاشعار اصناف سخن کارآمد نہین ہو سکتے تھے، نہ اُن کے پاس تعلیم و تصنیف و مطالعہ یا ذکر و فکر عبادت سے اتنا وقت نکل سکتا تھا، کہ وہ قصیدہ یا مثنوی تصنیف کرنے بیٹھتے، کبھی سانس لینے کے لیے وہ کچھ کہہ لیتے تھے، اور اتنی تھوڑی دیر مین چار مصرعے لکھکر الگ ہو جاتے تھے، اور پھر اپنے مشاغل مین لگ جاتے تھے:

۳- قصیدہ اور مثنوی مین مسلسل واقعات نظم ہوتے ہین، اور غزل بحیثیت ایک مستقل صنفِ سخن کے اب تک پیدا نہین ہوئی تھی جسمین معنی کے لحاظ سے ہر شعر بجائے خود مستقل ہوتا ہے کمال اسماعیل المتوفی ۶۳۵ھ نے اس طرز کا آغاز کیا، اور شیخ سعدی المتوفی ۶۹۱ھ نے اس کو کمال کو پہنچایا، اس لیے فلسفہ و حکمت کے مختصر متفرق خیالات کے لیے رباعی کے سوا کوئی چیز اس وقت موجود نہ تھی،

۴- فارسی مین اسلام کے بعد موسیقی کا رواج سامانی دربارون مین شروع ہو چکا تھا، مگر یہ معلوم نہین کہ فارسی مین گایا کیا جاتا تھا، قصیدہ اور مثنوی گانے کی چیز نہ تھی، غزل پیدا نہین ہوئی تھی، البتہ چھوٹی بحرون کے مختصر قصیدے جنکو متاخرین کی اصطلاح مین غزل کہہ سکتے، گائے جا سکتے تھے جس طرح کہ رودکی نے اپنی یہ نظم "بوی جوی مولیان آید ہمی" جسمین سات شعر ہین امیر نصر سامانی کے سامنے گائی تھی، مگر ایسی نظمین کم ہوتی تھین، میرا خیال ہے کہ غناء و موسیقی کے کام مین اس وقت اکثر یہی رباعی آتی تھی، صوفیہ جو سماع کے شائق تھے انکے لیے اسی سبب سے رباعی موزون تھی، غالباً یہی وجہ ہے کہ شروع شروع مین رباعی کو ترانہ (راگ) کہتے تھے محمد بن قیس رازی (موجود ۶۱۴ھ) مصنف معجم فی معاییر اشعار العجم کی حسب ذیل عبارت سے یہ بات مترشح ہوتی ہے،

بحکم آن کہ مشدد و منشی وبادی و بانی آن وزن کودکے بود ونیک موزون و دلبر و جوانی سخت تازہ و تر آن را ترانہ نام نہاد، و مایۂ فتنۂ بزرگ را سر بجہان در داد، و ہمانا طالع ابداع این وزن برج میزان بودہ است . . . . کہ خاص و عام مفتون این نوع شدہ اند، عالم و عامی مشغوف

این شعر گشته، زاہد و فاسق را در آن نصیب، صالح و طالح را بدان رغبت، کرطبعانی که نظم از نثر نشناسند و از وزن و ضرب خبر ندارند، بہانۂ ترانہ در رقص آیند، مردہ دلانی کہ میان لحنِ موسیقار و نہیق حمار فرق نکنند، و از لذت بانگ چنگ بہزار فرسنگ دور باشند، بر دو بیتی جان بدہند، بسا دختر خانہ کہ بر ہوس ترانہ در و دیوار خانۂ عصمت خود در ہم شکست، بسا ستی (خاتون) کہ بر عشق دو بیتی تار و پود پیراہنِ عفتِ خویش برہم گسست، و بحقیقت ہیچ وزن از اوزان مبتدع و اشعار مخترع کہ بعد از خلیل احداث کردہ اند بدل نزدیک تر، و در طبع آویزندہ تر ازین نیست، و بحکم آنکہ ارباب صناعت موسیقی برین وزن الحان شریف ساختہ اند، و طرق لطیف تالیف کردہ، و عادت چنان رفتہ است کہ ہر چہ از آن جنس بر ابیات تازی سازند آنرا قول خوانند و ہر چہ بر مقطعات پارسی باشد آنرا غزل خوانند، اہلِ دانش ملحونات این وزن را ترانہ نام کردند۔ (ص ۸۹ و ۹۰)

سلطان محمود غزنوی (۳۹۱ ؁ھ - ۴۲۱ ؁ھ) کی مجلس نشاط میں ایاز کی زلفوں کے کٹنے اور سلطان کے مغموم ہونے اور عنصری کے فی البدیہہ رُباعی پڑھنے کی داستان نظامی عروضی نے چہار مقالہ (۵۵۰ ؁ھ) میں بیان کی ہے، سلطان نے اس رُباعی کو پسند کیا، اور عنصری کا منھ موتیوں سے بھر دیا، اس وقت مجلس نشاط پھر مرتب ہوئی، اور موسیقی نوازوں نے عنصری کی اسی رُباعی کو گانا شروع کیا،

کے عیب سر زلف بت از کاستن است | چہ جائے بغم نشستن و کاستن است
جای طرب و نشاط و می خواستن است | کاراستن سرو ز پیراستن است

سلطان یمین الدولہ محمود را این دو بیتی بغایت خوش افتاد، بفرمود تا جواہر بیاوردند و سہ بار دہانش

او (عنصری) پر جواہر کردند و مطربان رابیش خواست و آن روز تا بشب بدین دو بیتی شراب خوردند[1]

۵۸۶ھ میں سلطان تکش خوارزم شاہ کے دربار میں مصنف جہان کشا کے پر دادا نے

سلطان کی مدح میں ایک رباعی پڑھی، کہتا ہے، "جد پدرم این رباعی بداہتہً بگفت"۔

لطفت شرف گوہر مکنون ببرد — جود کف تو رونق جیحون ببرد

حکم تو بیک لحظہ اگر رائے کنی — سودائے محال از سر گردون ببرد

سلطان برین ترانہ تا شبانہ شراب نوشید[2]

سلطان شاہ خوارزمشاہ (۵۵۸ھ-۵۸۹ھ) سلطان غیاث الدین غوری (۵۵۸ھ-

۵۹۹ھ) کے پاس شیر سرخس کے دہانہ تک فوج لے کر آیا، اور وہاں سے ایک قاصد سلطان

کے دربار میں بھیجا، سلطان نے اُس قاصد کے لیے جشن ترتیب دیا، اور شراب کا دور چلا تاکہ قاصد

مستی کے عالم میں اپنے دل کے اصل راز کو آشکارا کر دے، یہ تدبیر کارگر ہوئی، اور قاصد نے

مطرب سے فرمایش کی کہ وہ یہ رُباعی گائے،

آن شیر کہ باش او دہانہ است مقیم — شیران جہان از و ہراس اند عظیم

اے شیر تو از دہانہ دندان بنمائے — کین ما ہمہ در دہان شیر ند زبیم

"چون رسول این بیت باز خواست و مطرب در نوا آورد و برگرفت (بربط) بزد"

سلطان کا رنگ متغیر ہو گیا، دربار کے ایک فاضل نے برجستہ اُس کے جواب میں

---

[1] چہار مقالہ عروضی سمرقندی ص ۳۹ گب [2] ۵۲ تاریخ جہانکشا علاء الدین عطا ملک جوینی جلد اول صفحہ ۲۰ مطبوعہ بریل، لائیڈن،

ایک رباعی کہکر مطرب سے اُس کے گانے کی فرمائش کی،

آن روز کہ ما رایت کین افرازیم   واز دشمن مملکت جہان پردازیم

شیرے زدہانہ گر نماید دندان   دندانش بگرز در دہان اندازیم

اس کو سنکر سلطان کا تکدّر جاتا رہا، اور شاعر کو انعام سے سرفراز کیا[1]،

یہ دربارِ سلطانی کی مثالین ہین، صوفیون کی خانقاہون مین رباعی کا نغمہ اس سے بھی زیادہ پہلے سنائی دیتا ہے، نشوار المحاضرہ واخبار المذاکرہ جو قاضی ابو علی محسن تنوخی المتوفی ۳۸۴ھ کی تصنیف ہے، اسمین ایک واقعہ کے ضمن مین ہے،

حضرنی ابو احمد عبد اللہ   ابو احمد عبد اللہ بن عمر حارثی میرے پاس

ابن عمر الحارثی وعندی   آئے، اور اُس وقت ایک صوفی میرے

صوفی یترنم بشیٔ من الرباعیات[2]   پاس بیٹھا ہوا کچھ رباعیان گا رہا تھا،

یہ واقعہ ظاہر ہے، کہ مصنف کے سالِ وفات ۳۸۴ھ سے پہلے کا ہے، اس سے اندازہ ہوگا کہ خیام بلکہ سلطان ابو سعید ابو الخیر سے بھی پہلے صوفی اور رباعی مین مناسبت پیدا ہو گئی تھی، اور صوفیون کی مجلس مین، یہ سماع و ترنم کے کام مین آتی تھی، محمد بن علی راوندی جس نے اپنی تاریخِ سلجوقیہ راحۃ الصدور ۵۹۹ھ مین لکھی ہے، امام غزالی المتوفی ۵۰۵ھ کی مجلسِ سماع کا ایک واقعہ ان لفظون مین لکھا ہے:-

وقتے در سماعے کہ فتوحِ روح وآسایشِ عاشقان مجروح بود صوفیان را صفا دے)، در و (ن) ظاہر شُد

---

[1] طبقات ناصری، ص۳۰، کلکتہ، [2] نشوار المحاضرۃ جلد اول ص۶۵، مصر، مرگولیتھ،

عارفان را حالت آمدہ مطرب بلحنے خوش و آوازے دلکش بر نوائے نے، نہ بر آوائے نائے، این ترانہ بساختہ بود و این بیت در انداختہ، بیت:-

دارم سخنان تازہ و زر کہن ‌ ‌ ‌ ‌ ‌ ‌ اخر بکف آر رست بزر یا بسخن،

امام غزالیؒ حاضر بود از سر وجدے گفت، زر را چہ محل، سخن، سخن سخن،

کتاب مذکور مین رباعی کا دوسرا شعر مذکور نہین،

خود خیام کی رباعیات خیام کے بعد ہی چھٹی صدی مین صوفیون کے حال وقال کی مجلسون مین پڑھی جاتی تھین، اخبار الحکمار قفطی مین ہے:-

وقد وقف متاخر و الصوفیۃ	اور پچھلے صوفیون نے اس کے اشعار کے کسی
علی شئی من ظواھر شعرہ فنقلوھا	قدر ظاہری مطالب پر اطلاع پائی، تو انکو
الی طریقتھم و تحاضروا بھا	اپنے مشرب مین ڈھال لیا، اور اپنی مجلسون
فی مجالسھم و خلوتھم،	اور خلوتون مین انکو پڑھکر ایک دوسرے کو سنایا

۵- رباعی کے وزن کو موسیقی کی لے سے کوئی خاص مناسبت تھی، اسکا ایک اور ثبوت اس واقعہ سے ملتا ہے، کہ ابو دلف عجلی اور رودکی جنکی طرف رباعی کی ایجاد کی نسبت کیجاتی ہے، موسیقی کے مشہور استاد تھے، رودکی وہی ہے، جس نے "بوی جوی مولیان آید ہمی" گا کر امیر سامانی کو بے اختیار بخارا کے سفر پر آمادہ کر دیا تھا، اور ابو دلف عجلی کی نسبت ابن ندیم مین ہے

لے راحۃ الصدور راوندی ص ۷۰۴ (گب)، سے اخبار العلماء باخبار الحکماء جمال الدین قفطی تذکرہ خیام سے تذکرہ دولت شاہ سمرقندی احوال رودکی۔

کہ وہ موسیقی کا ماہر تھا[1]،

۶۔ رباعی کا ایک نام قول تھا، اور غالباً اسی سے مشتق کرکے صوفیون مین "قوّال" کے معنی گویّے کے ہین، کیونکہ غالباً اس کے ابتدائی معنی "قول" (رباعی) گانے والے کے ہونگے، بعد کو ہر صوفیانہ مطرب کو "قوال" کہنے لگے،

۷۔ قابوس نامہ (تالیف ۴۷۵ھ) مین ترانہ کے متعلق ایک ایسا اہم فقرہ ہے، جس سے رباعی کے متعلق تمام متفرق اقوال ایک نظم مین منسلک ہوجاتے ہین، یہ معلوم ہوچکا ہے کہ رباعی کو اہل موسیقی کی اصطلاح مین "ترانہ" کہتے تھے، اس کے بعد قابوس نامہ کا مصنف عنصر المعالی امیر کیکاؤس موسیقی (آیین خنیاگری) کے سلسلہ مین، بوڑھون کے دلپسند لحن، پھر جوانون کے پسندیدہ راگ کا ذکر کرکے کہتا ہے کہ اب بچون، عورتون، اور لطیف مزاج مردون کا مقبول راگ رہگیا، تو ان کے لیے بھی ایک خاص راگ وجود مین آیا ہے،

"پس کودکان وزنان و مردمان لطیف طبع برخی بے بہرہ ماندند کہ ترانہ گفتن پدیدار آمد این ترانہ راہم نصیب آن قوم کردند، تا ایشان ہم نیز راحت ولذت یابند، از انکہ اندرو زنہا ہیچ وزنے لطیف تر از وزن ترانہ نیست" (ص ۱۹۴ طبع بمبئی)

رُباعی کی حقیقت کے متعلق اس قدیم ترین حوالہ سے حسب ذیل امور ثبوت کو پہنچتے ہین

۱۔ ترانہ کا وزن، فارسی موسیقی کے دوسرے اوزانِ سرود کے بہ نسبت نیا اور نو پیدا ہے،

۲۔ یہ اوّل اوّل بچون، اور عورتون اور نازک مزاج مردون کے لیے تھا، اس سے ایجاد

---

[1] الفہرست ابن ندیم ص ۱۶۶ مطبوعہ مصر

رباعی والی حکایت کی اتنی اصلیت کا پتہ چلتا ہے کہ شعرا نے اسکو کسی بچہ کی زبان سے سنکر پسند کیا، اور اس لحن پر شعر موزون کئے،

۳- اس لحن کو ایسی مقبولیت ہوئی، کہ بچون اور عورتون اور لطیف الطبع مردون کی محفل سے نکل کر خشک مزاج فلسفیون اور صوفیون کے حلقون تک پہنچ گیا،

۴- کیون؟ اس لیے کہ اس سے بڑھکر لطیف کوئی دوسرا وزن فارسی مین نہ تھا،

"از انکہ اندر وزنہا ہیچ وزنے لطیف تر از وزن ترانہ نیست"

ان بیانات سے یہ امر ذہن نشین ہوتا ہے کہ ترانہ اصل مین ایران مین، بچون اور عورتون اور دوسرے لطافت پسند مردون کے لیے گانے کا ایک پرانا لحن و وزن تھا، مگر تیسری صدی ہجری کے خاتمہ مین وہ شعرا کی پسندیدگی کی بدولت شاعری کے اصناف سخن مین داخل ہوگیا، اور گانے کی وجہ سے وہ پہلے صوفیہ کے حلقۂ سماع مین آیا، پھر فلاسفہ کے حلقۂ درس و فکر مین،

۵- یہ وزن موسیقیت کے لیے دلچسپ اور دلپذیر تھا، اور یہی اسکی مقبولیت کا راز ہے،

رباعی گو خیام

غرض خیام کے زمانہ تک جو رُباعی گو شعرا پیدا ہوے تھے، وہ تین قسم کے تھے

یا تو عام شعرا تھے، جنھون نے رباعی کو ہنگامی واقعات معذرت، شکایت، تہنیت وغیرہ مین استعمال کیا،[1] اور دوسرے غیر پیشہ ور شاعر تھے، جیسے بعض سلاطین و امرا، انھون نے

---

[1] اورنٹیل پبلک لائبریری پٹنہ مین ۸۲۳ نمبر پر رشید الدین وطواط (المتوفی ۵۷۳ھ) کی طرف منسوب عروض کا ایک منظوم فارسی رسالہ ہے جسکا نام اقسام البحور (اقسام البحور) لکھا ہے، اس مین ایک ایک دو دو شعرون مین ہر بحر کو بیان کیا ہے، اسمین بحر ہزج کی نسبت جو رباعی کا وزن ہے حسب ذیل دو شعر ہین،

در بحر ہزج زحاف بسیار آید | این وزن بہر بدیہہ درکار آید
مفعول مفاعلن فعولن فعلن | تقطیع کنی ہمہ پدیدار آید

(صفحۂ آیندہ)

تفریح طبع کے طور پر اگر کبھی رُباعی کہی تو اس کو فخریہ، خمریہ، اور اس قسم کے خاص مضامین کے لیے مخصوص کیا، تیسری جماعت صوفیہ کی تھی جس نے اس مجاز سے حقیقت کے اظہار کا کام لیا، خیام سے پہلے کسی حکیم نے رُباعی کو اپنی تعلیم حکمت کا ذریعہ نہین بنایا تھا، فارابی اور ابو علی سینا کی طرف جو رُباعیان منسوب ملتی ہین اگر وہ ثابت بھی ہون، تو چند سے زیادہ ان کی مثالین نہین ملتین، وہ خیام ہی ہے جس نے باقاعدہ اس سے فلسفۂ و حکمت کے بیان کا کام لیا، اور اس کے بعد اس کے طبقہ نے اسکی تقلید کی، میرے نظریہ کے مطابق رُباعی پہلے اہل سرود کے یہان آئی، ان کے یہان سے صوفیہ کی مجلس سماع مین، اور وہان سے حکمار کے حلقۂ درس مین، اور خیام پہلا حکیم شاعر ہے جس کی رُباعیون کی قدر ہوئی، اور وہ اسکی شہرت کا ذریعہ ہوئین،

البتہ عربی زبان مین خیام سے کچھ ہی پہلے ابو العلاء معری کا زمانہ گذرا ہے، اس نے ۴۴۹ھ مین وفات پائی ہے، اس نے عربی مین بہت سے حکیمانہ و فلسفیانہ قطعات لکھے ہین، جو لزومیات کہلاتے ہین، اسکا پورا امکان ہے کہ ابو العلاء معری کی شاعری نے اسکو اپنی طرف متوجہ کیا ہو، مگر ان دونون مین عظیم الشان فرق یہ ہے کہ ابو العلاء، یہودیت، عیسائیت اور اسلام علحدہ علحدہ سب کا ذکر کرتا ہے، اور ان پر رائے دیتا ہے، مگر خیام کے ہان کفر اور دین کے سوا کوئی تیسرا لفظ نہین ہے، دوسرا فرق یہ ہے کہ خیام شراب کی حقیقی یا مجازی مستی کے بغیر ایک مصرع بھی نہین کہہ سکتا، اور ابو العلاء شراب کا سخت تر دشمن اور مخالف ہے،

(حاشیہ صفحۂ گذشتہ) اس سے معلوم ہوتا ہے کہ رباعی کا اصل استعمال بدیہہ گوئی کے موقع پر تھا،

ایک اور تیسرا فرق یہ ہی کہ ابو العلا کہتا ہی کہ دنیا فانی ہی اسلیے یہان کے عیش و آرام سے بھی فائدہ اٹھانا بیکار ہے،

خیام کہتا ہے کہ چونکہ دنیا فانی ہی اس لیے اس سے جتنا فائدہ اٹھانا ہو، جلد اٹھالو،

رُباعیات خیام کے قدیم حوالے،

خیام کے فارسی رُباعیات کا سب سے قدیم حوالہ ہم کو اس کے معاصر عنصر المعالی کیکاؤس بن اسکندر کی کتاب قابوس نامہ مین ملا ہے، جو ۴۷۵ھ مین تالیف ہوئی ہے، اسمین عنصر المعالی "باب یازدہم اندر رسم و آداب شراب خوردن" مین کہتا ہے کہ شراب اتنی نہ پی جاے کہ آدمی بدمست ہو جائے، اس کے بعد "چنانکہ عمر خیام گفتہ" کہکر اسکی ایک رباعی[1] نقل کی ہے، قابوس نامہ کے بعد خیام کی رباعیات کا دوسرا قدیم حوالہ اسکی وفات کے ۹۲ برس بعد ۶۱۷ھ مین اس طرح ملتا ہے کہ اس سنہ مین تاتاریون نے مرو مین جب قتل عام کیا تو سید عز الدین نسابہ نے خیام کی ایک فارسی رباعی پڑھی، تاریخ جہانکشا جوینی مین جو ۶۵۸ھ کی تالیف ہے، یہ واقعہ مذکور ہے،

"و درین حالت رباعی عمر خیام کہ حسب حال بود، بر زفان (زبان) راندست[2]"

اس کے بعد تیسرا بیان شیخ نجم الدین ابو بکر رازی معروف بہ "دایہ" کی کتاب مرصاد العباد مین (جو ۶۲۰ھ کی تالیف ہے) ملتا ہے،

وآن بیچارہ فلسفی و دہری و طبائعی کہ ازین ہر دو مقام محروم اند و سرگشتہ و گم گشتہ تا یکے را از فضلاء، کہ نیز د ایشان بفضل و حکمت و کیاست و معرفت مشہور است و آن عمر خیام است، از غایت حیرت و ضلالت این بیت می باید گفت (بعد ازین خیام کی دو رباعیان ہین)

---

[1] قابوس نامہ ۷۵ مطبوعہ گلزار حسنی، بمبئی ۱۳۲۵ھ [2] تاریخ جہانکشا علاء الملک جوینی جلد اول ۱۴۰ گب،

اس کے بعد نزہۃ الارواح فی تاریخ الحکما، شہرزوری (الموجود ۵۸۶ھ ۔ ۱۱۹۰ء) کے عربی نسخہ مین ہے،

ولہ اشعار حسنۃ ملیحۃ . . . . بالعربیۃ والفارسیۃ

شہرزوری کے فارسی نسخہ مین ہے،

"اورا بعربی وفارسی شعر بسیار است ازانجملہ دو رباعی بفارسی آوردہ شد"

خیام کی فارسی رباعیات کی نسبت ہم کو سب سے پہلی تنقید فقیہ و محدث و ادیب عماد کاتب اصفہانی (د ۵۹۷ھ) کی زبان سے قاضی جمال الدین قفطی (د ۶۴۶ھ) کے حوالہ سے حسب ذیل الفاظ مین ملتی ہے،

وقد وقف متاخروا الصوفیۃ	اور پچھلے صوفیہ نے اس کے اشعار کے ظاہری
علی شئی من ظواہر شعرہ	معنون کو سمجھ کر ان کو اپنے مسلک کی طرف
فنقلوھا الی طریقتھم، و	منتقل کیا، اور اپنی مجلسون اور خلوتون
تحاضروا بہا فی مجالساتھم و	مین باہم سنا سنایا، حالانکہ ان اشعار
خلواتھم، وبواطنہا حیات	کے اندرونی معنی شریعت کے لیے کاٹنے
للشریعۃ لواسع، ومجامع	والے سانپ ہین، اور انواع فساد
للاغلال[1] جوامع	(دینی) کو جامع ہین . . . . . .

[1] اغلال کے معنی خیانت کے ہین، (دیکھو لسان العرب مادۂ غلّ) مین نے اسکا حاصل ترجمہ فساد کیا ہے قفطی کی اس عبارت کو غالباً سب سے پہلے موسیو ویپکے F. WOEPCKE نے ۱۸۵۱ء مین خیام کے جبر و مقابلہ کے آخر مین شائع کیا، اور اس طرح کہا جا سکتا ہے کہ حقیقی خیام سے یورپ مین سب سے پہلے وہی واقف ہوا، لیکن عبارت کے آخری ٹکڑے کو اس نے صحیح نہین پڑھا یا اس کا نسخہ صحیح نہ تھا اس نے پڑھا ہے وحبات للشریعۃ الواسع، ژوکوودوسکی نے ۱۸۹۷ء مین روسی مین جو مضمون لکھا، اسمین صحیح نسخہ نقل کیا، اور حاشیہ مین ویپکے کے نسخہ کا حوالہ دیدیا ہے (مظفریہ ص ۳۳۳) اور محقق براون نے اپنی تاریخ ادبیات

....ولہ شعر طائر تظھر	اور اُسکا شعر ایسا طائر ہے جس کے چھپے معنی
خفیاتہ علی خوافیہ. ویکدر	اُسکے پرون پر نمایاں ہین اور اُسکے معنی مقصود
عرق قصدہ کدر خافیہ	کے جھنڈ اُنکے چھپانے کی کوشش کرنے والے
	(شاعر) کے گدلاپن (فساد عقیدہ) کو اور زیادہ

اس سے اندازہ ہوگا، کہ صوفیہ کی بزم سماع مین وہ چھٹی صدی ہجری تک پہنچ چکی تھین، اور اہل نقل مین ان کے خلاف شدید ناراضی پیدا تھی،

بقیہ حاشیہ صفحہ ۲۵۹) فارسی (جلد دوم صفحہ ۲۵ سنہ ۱۹۰۶ء) مین بہت حد تک صحیح پڑھ کر صحیح ترجمہ کیا ہے، تاہم یہ دیکھکر تعجب ہوتا ہے کہ فرانسیسی عالم بیرن کرادی دو CARA DE VAUX نے اپنی کتاب مفکرین اسلام کی چوتھی جلد مطبوعہ پیرس سنہ ۱۹۲۳ء صفحات ۲۶۳-۲۷۷ مین عمر خیام کا جو مختصر حال لکھا ہے اسمین قفطی کی اس عبارت کا نہایت غلط ترجمہ کیا ہے، رسالہ اردو اورنگ آباد دکن (اپریل سنہ ۱۹۲۸ء صفحہ ۲۲۸) مین کرادی وو کے اس مضمون کا ترجمہ شایع ہوا ہے، جسمین خط کشیدہ عبارت کا ترجمہ یہ کیا گیا ہے "لیکن اس کے اشعار کے باطنی معنی وسیع شریعت کے لیے بمنزلۂ حیات اور عملی فرائض کے لیے اصول کلی کا مجموعہ ہین"، یہ ترجمہ نہ صرف غلط، بلکہ قفطی کی تمامتر تحریف بلکہ مستشرق موصوف کا بالکل گھڑا ہوا ہے، پروفیسر براؤن نے إغلال کا ترجمہ "کینہ" MALICE کیا ہے، اور شاید اسکو غِلّ (کینہ) کی جمع أغلال یا مصدر إغلال سمجھا ہے، حالانکہ یہ دونون غلط ہین، نہ غِلّ کی جمع أغلال آتی ہے، اور نہ اسکا مصدر إغلال ہے، أغلال، غُلّ کی جمع ہے، جس کے معنی طوق و زنجیر کے ہین، اور إغلال، غلول سے ہے جس کے معنی خیانت گاری کے ہین، اس لیے پروفیسر براؤن (ماسوف علیہ) کا ترجمہ "اگرچہ اسکے شعر کے اندرونی معنی شریعت کے لیے ڈسنے والے سانپ، اور کینہ سے بھرے ہوئے مجموعے ہین" کا آخری ٹکڑہ صحیح نہین،

اسکے بعد عبارت مذکور کے سب سے آخری فقرہ کا ترجمہ بعض مستشرق مترجمین نے نظر انداز کر دیا ہے، جیسا کہ براون صاحب نے کیا ہے، یا عدم فہم کی علامت استفہام بنا دی ہے، جیسا کہ ژوکووسکی نے کیا ہے، حالانکہ بات اتنی ہے کہ یہان عماد کاتب نے اپنی لفاظی اور سجع بندی کی حسب عادت لفظی نمایش کی ہے، عربی مین طائر کے لفظی معنی پرندہ کے ہین، اور اس سے مجازاً شہرت کے معنی مراد ہوتے ہین، اب جب اس نے خیام کے شعر کو طائر (پرندہ) کہا تو ایہام کے طور پر خوافی (ٹہیر کے نیچے کے چھوٹے پر) اور عرق (پرندون کا جھنڈ) کے الفاظ استعمال کیے ہین، مطلب یہ ہوا کہ "اس کے شعرون کے پوشیدہ معنی (خفیات) ان کے پرون (لفظون) پر ظاہر ہین، اور اس کے معنی مقصود کے جھنڈ (مجموعی معانی) ان کے چھپانے والے (یعنی شاعر خیام) کے گدلاپن (فساد عقیدہ) کو اور زیادہ گدلا کرتے ہین"

عبارت بالا کی پیچیدگی، اور لفظی ضلع جگت کا یہ گورکھ دھندا میرے اس خیال کی مزید تصدیق ہے کہ یہ عبارت قفطی کی نہین بلکہ عماد کاتب جیسے لفاظ انشا پرداز کی صنعت گری ہے، اس عبارت کی جو تشریح مین نے کی ہے، مجھے صحیح قلمی نسخون سے محرومی کے سبب سے اس کی صحت پر اصرار نہین، ممکن ہے کہ دوسرے اصحاب غور و فکر اس سے بہتر مطلب پیدا کر سکین،

اس نہایت ہی غضب ناک تنقید سے یہ اندازہ ہوتا ہے کہ اس کی رباعیات کا بیشتر حصہ فلسفیانہ وحکیمانہ خیالات پر مشتمل تھا شیخ نجم الدین ابوبکر رازی معروف بہ دایہ نے بھی ان رباعیات کے باعث خیام کے جو اوصاف گنائے ہین اور جن فقرون مین اسکو خیال کیا ہے وہ حسب ذیل ہین،

"فلسفی ودہری وطبائعی"۔

اس سے بھی رباعیات کے رنگ مذاق کی شناخت ہوتی ہے،

رُباعیات کے بعض قدیم نسخے،

افسوس ہے کہ خیام کے فارسی رباعیات کا کوئی قدیم مستند نسخہ اب تک نہین ملسکا ہے جس سے اس کے رباعیات کی صحیح تعداد معلوم ہو سکے، دو ڈھائی سے لیکر ایک ہزار تک رباعیان اس کی طرف منسوب ہین، سب سے قدیم نسخہ جو اس وقت تک ملسکا ہے، وہ آٹھوین صدی ہجری کے بعد کا ہے اب تک سب سے پرانا نسخہ وہ تھا جو سنہ ۸۶۵ھ مین تبریز مین لکھا گیا تھا اور جو اب بوڈلین لائبریری کی ملک ہے، اور اسی کو ایڈورڈ ہیرن ایلن نے سنہ ۱۸۹۸ء مین عکس لیکر چھاپا تھا، اس نسخہ مین کل (۱۵۸) رباعیان ہین لیکن اب خوش قسمتی سے اس سے پہلے[1] اور اس کے بعد کے متعدد نسخے ملے ہین، جن مین تین ہندوستان کے ہین، اول تو وہ قدیم ترین نسخہ ہے، جو حال مین لکھنؤ مین دستیاب ہوا ہے، یہ سنہ ۶۰۴ھ مین کرمان مین لکھا گیا ہے، اور دوسرا نسخہ لاہور مین سید محمد سلیم صاحب کے پاس ہے، یہ سنہ ۶۵۸ھ مین بغداد مین لکھا گیا ہے[2]،

---

[1] پروفیسر سید محفوظ الحق صاحب ایم اے (پریسیڈنسی کالج، کلکتہ) نے مجھے مطلع کیا ہے کہ رباعیات خیام کے جو چند نسخے اس بوڈلین نسخہ سے بھی قدیم ملے ہین وہ یہ ہین سب سے اول وہ نسخہ ہے جو لکھنؤ مین بابو گوری پرشاد سکسینہ کے پاس ہے اسکی کتابت سنہ ۶۰۴ھ مین بمقام کرمان ہوئی ہے اور کاتب کا نام قوام بن محمد المازندرانی ہے، اسمین کل ۲۰۶ رباعیان ہین جنمین ۹، حاشیہ پر ہین، دوسرا پیرس کا ایک نسخہ ہے جسکی کتابت کا سال سنہ ۷۵۲ھ ہے اور تیسرا قسطنطنیہ مین ہے جسکا سال کتابت سنہ ۷۶۱ھ ہے، اور چوتھا ایک اور وہان ہے جو سنہ ۸۶۴ھ مین لکھا گیا ہے، واللہ اعلم

[2] اس نسخہ کا پورا حال پروفیسر اقبال (اورینٹل کالج لاہور) نے اورینٹل کالج میگزین کے مئی سنہ ۱۹۲۶ء کے نمبر مین لکھا ہے،

اس مین ۴۲ رباعیان ہین، جنمین سے ۳۳ رباعیان اسمین اور بوڈلین مین یکسان ہین، ۹ رباعیان بدلی ہوئی ہین، ان مین سے (۷) دوسرے مطبوعہ نسخون مین موجود ہین، صرف دو نئی ہین، جو بے معنی ہین،

اب ایک اور تیسرا نسخہ ملا ہے جو ان نسخون کے تینتالیس اور چھیالیس برس بعد سنہ ۹۱۱ھ مین لکھا گیا ہی، اس نسخہ کا لکھنے والا نوین صدی ہجری کے اواخر اور دسوین صدی ہجری کے اغاز کا مشہور کاتب سلطان علی مشہدی ہی یہ نسخہ سید نجیب اشرف صاحب ندوی کا حاصل کردہ ہے، اور اب دیسنہ لائبریری مین ہے، اس مین (۲۰۶) رباعیان ہین، اسمین اکثر وہ رباعیان موجود ہین جو بمبئی کے مطبوعہ نسخون مین ہین، اس نسخہ کی مزید خوبی یہ ہے کہ اسمین ۵ تصویرین بھی ہین، جنمین رباعیون کے معنون کو مجسّم کرنے کی کوشش کیگئی ہے، اس سے واضح ہوگا کہ ایران کے خوش مذاق رباعیات خیام کو مصوّر کرنے کی فوقیت حاصل کر چکے ہین،

اس نسخہ کے خاتمہ کی عبارت یہ ہے،

"تمام شد رباعیات ملک الحکما رشیخ عمر خیام طاب اللہ ثراہ بتاریخ سلخ شہر رجب المرجب سنہ احدی عشر و تسعمائۃ الہجرۃ النبویہ، کتبہ العبد المذنب سلطان علی الکاتب"

سلطان علی، لفظ سلطان کی رعایت سے "العبد" غالبًا لازمی طور سے لکھا کرتا تھا، تذکرہ خوشنویسان[۱] مؤلفہ غلام محمد ہفت قلمی دہلوی مین اسکی ایک رباعی ہے جسمین ۶۲ برس کی عمر مین بھی اپنے زور قلم کا دعویٰ کیا ہے، اس کا چوتھا مصرع ہے ع ہنوز م کہ العبد سلطان علی، جلیبت الیسیر

---

[۱] ۱۹۱۰ء کلکتہ،

اور مرآۃ العالم مین اس کا مختصر حال لکھا ہے، مرآۃ العالم مین اسکی وفات کا سال ۹۰۲ھ لکھا ہے مگر حبیب السیر مین ہے "وآن جناب در سنہ تسع عشر وتسعمائۃ (۹۱۹) در مشہد مقدسہ در گذشت ودران بقعۂ متبرکہ مدفون گشت" رباعیات کے اس نسخہ کی تاریخ کتابت (۹۱۱ھ) سے ثابت ہوتا ہے کہ مرآۃ العالم کا بیان قطعاً غلط ہے،

سلطان علی، سلطان حسین مرزا کے مشہور وزیر امیر نظام الدین علی شیر کے دربار سے تعلق رکھتا تھا، اور اس کے اشارہ سے کتابون کی نقل ونسخ پر مامور تھا[1]،

رباعیات کے بعض مشہور قلمی نسخے رباعیات کے جس قدر نسخے اب تک دریافت ہوئے ہین، انکی تعداد کافی ہے، مگر ان منتخبات کو چھوڑ کر جنمین کسی صاحب ذوق نے خیام کے رباعیات کا انتخاب درج کیا ہے، حسب ذیل قابل ذکر ہین، جنکی تاریخ کتابت ان پر ثبت ملی ہے،

۱۔ مملوکہ بابو گوری پرشاد سکسینہ لکھنو	سنہ ۸۲۶ھ	۲۰۶ رباعیات
۲۔ نسخہ پیرس	سنہ ۸۵۲ھ	×
۳۔ نسخہ قسطنطنیہ	سنہ ۸۶۱ھ	×
۴۔ ایضاً	سنہ ۸۶۴ھ	×
۵۔ بوڈلین لائبریری نمبر ۵۵۲	سنہ ۸۶۵ھ	۱۵۸[2] ″
۶۔ مملوکہ سید سلیم صاحب، لاہور	سنہ ۸۶۵ھ	۱۴۳ ″

[1] حبیب السیر جلد سوم، ذکر مشاہیر عہد سلطان حسین میرزا، نسخہ قلمی دار المصنفین،

[2] فریڈرک روزن کے مطبوعہ کاویانی برلن کے مقدمہ مین ص ۹ (۱۰۵) کی تعداد غلط ہے، شاید کہ ہندسے الٹ گئے ہون

۷ - نسخۂ کتبخانۂ ملی پیرس نمبر ۱۴۱۷،	سنہ ۸۷۹ھ	×
۸ - مملوکۂ سید نجیب اشرف ندوی، موجودہ الاصلاح لائبریری، دیسنہ (پٹنہ)	سنہ ۹۱۱ھ	۲۰۶ رباعیات
۹ - قومی کتب خانۂ پیرس نمبر ۳۴۹،	سنہ ۹۲۰ھ	۲۱۳ "
۱۰ - نسخۂ اساسی مطبع کاویانی برلن،	تخمیناً سنہ ۹ھ (؟) منقول از نسخہ سنہ ۵ھ (؟)	۳۲۹ "
۱۱ - " نمبر ۸۲۳ ایف ایف ۹۲-۱۱۳	سنہ ۹۲۴ھ	۳۴۹ "
۱۲ - پٹنہ اورینٹل لائبریری	سنہ ۹۶۱-۶۲ھ	۶۱۳ "
۱۳ - کیمبرج یونیورسٹی لائبریری	قبل سنہ ۱۱۹۵ھ	۸۰۱ "

خیام کے رباعیات میں دوسرے شعرا کی رباعیان

ان نسخون اوران کی ان تاریخون سے اندازہ ہوتا ہے کہ جیسے جیسے زمانہ بڑھتا جاتا ہے عموماً رباعیون کی تعداد بڑھتی جاتی ہے، اور بہت سی رباعیان خیام اور دوسرے شعراء کے کلامون مین مشترک ملتی ہین، اس لئے خیام کی رباعیون کی اصلی تعداد کو دریافت کرنا سخت مشکل ہے، چنانچہ خیام کی رباعیات مین محققین نے سو سے زیادہ ایسی رباعیان نکالی ہین جو دوسرے شعرا کی رباعیون سے مخلوط ہین، اور جن کے اصلی مالک کا پتہ لگانا مشکل ہے، یہ رباعیان فارابی، ابو الحسن خرقانی، غزالی، ابو سعید ابو الخیر، ابن سینا، عبد اللہ انصاری، عطار، افضل کاشی، سنائی، جلال الدین رومی، فخر الدین رازی، سیف الدین باخرزی، نجم الدین رازی، نصیر الدین طوسی، سراج الدین قمری، مجد الدین ہمگر، انوری، مغربی تبریزی، اور کمال اسمٰعیل کی رباعیون مین بھی ملتی ہین،

اُنھین سے خیّام کی اصلی رُباعیون کے دریافت کرنے کے لیے مستشرقین نے مختلف راستے اختیار کیے ہین، روسی مستشرق ژوکووسکی نے ۱۸۹۵ء مین یہ طریقہ پیش کیا کہ رباعیات خیام مین سے ان رباعیون کو الگ کردیا جاے جو دوسرے شعراء کے ہان پائی جاتی ہین، چنانچہ اُسنے نیکولا کے مطبوعۂ پیرس نسخہ (۱۸۶۷ء) کو جسمین ۴۶۴ رباعیان ہین، اس غرض کے لیے سامنے رکھا، اور اسکی رباعیون کی اس طرح چھان بین کی، تو ان مین سے ۸۲ رباعیان دوسرے شعراء کی طرف منسوب ملین، جنکو اس نے اپنے مضمون کے آخر مین شائع کردیا ہے، اور وہ اس وقت ہمارے سامنے ہین، انگریز مستشرق ڈاکٹر راس اور فرنچ عالم کرسیتن زن نے (۱۹) رباعیان اور اس قسم کی پیدا کین، اوران کی تعداد (۱۰۱) تک پہنچائی، پروفیسر براؤن نے لٹریری ہسٹری آف پرشیا (ذکر خیام مین) ایک دو رباعیون کا اور اضافہ کیا، مگر یہ رباعیان یا تو شائع نہین ہوئین یا مین نے نہین دیکھین، خود میری سرسری تلاش نے بھی اس قسم کی ۲۸ نئی رباعیان[1] پائی ہین، مثلاً

مطبوعۂ کاویانی، بمبئی، اور دسینہ مین خیام کی یہ رباعی ہے،

می پرسیدی کہ چیست این نقش مجاز ۔۔۔ گر برگویم حقیقتش ہست دراز

نقشے است پدید آمدہ از دریای ۔۔۔ وآنگاہ شدہ بقعر آن دریا باز

مگر ہمارے قلمی مجموعۂ منتخبات مین یہ شیخ عطار کی رباعی ہے،

---

[1] ڈاکٹر راس، کرسیتن زن اور پروفیسر براؤن کی نشان دی ہوئی رباعیان چونکہ میرے سامنے موجود نہین کہ یا تو وہ شایع نہین ہوئین، یا میرے مطالعہ مین نہین آئین، اسلئے ممکن ہو کہ کہین کہین ان سے توارد ہوا ہو،

کاویانی اور بوڈلین وغیرہ کے نسخون مین یہ خیّام کی رباعی ہے،

ہشدار کہ روزگار شور انگیز است ۲ ایمن منشین کہ تیغ دوران تیز است

در کام تو گر زمانہ لوزینہ نہد زنہار فرو مبر کہ زہر آمیز است

مگر دار المصنفین کے مجموعۂ منتخبات اشعار مین یہ بابا افضل الدین کاشی کی رباعیات مین داخل ہے، اسی طرح یہ رباعی دینسہ کے قلمی نسخہ اور بمبئی کے مطبوعہ نسخون مین خیام کے نام سے ہے،

۳

بر چشم تو عالم ارچہ می آرایند مگرو تو بدان کہ عاقلان نگرایند

بر بائے نصیب خویش کت بربایند بسیار چو تو شوند و بسیار آیند

یہ متن دینسہ کے نسخہ کے مطابق ہے، ورنہ بمبئی کے مطبوعہ نسخون مین وہ اس طرح ہے، جس کی تحریف ظاہر ہے،

بر چشم تو ارچہ عاشقان بگرایند نگرای بدان کہ عاقلان نگرایند

بر بائے نصیب خویش کت بربایند بسیار چو تو شدند و بسیار آیند

مجموعۂ منتخبات اشعار (دار المصنفین) مین یہ رباعی حکیم سنائی کی رباعیات مین کسی قدر تغیر کے ساتھ شامل ہے،

گر جملہ جہان بر تو می آرایند مگرای بدو کہ زیرکان نگرایند

بسیار چو تو روند و بسیار آیند بربای نصیب خویش کت بربایند

اسی طرح خیّام کی یہ رباعی جو بوڈلین نسخہ کی آخری رُباعی ہے، اور دوسرے نسخون

مین بھی موجود ہے،

ای دل مطلب وصال معلولی چند ۴ مشغول مشو بعشق مشغولی چند
پیرامن آستین درویشان گرد باشد کہ شوی قبول مقبولی چند

ہمارے مجموعۂ منتخبات مین سیف الدین باخرزی کے نام سے لکھی ہے،

ای دل مطلب دو از معلولی چند مشغول مشو بہرزہ مشغولی چند
پیرامن آستان درویشان گرد تا بو (؟) کہ شوی قبول مقبولی چند

خیام کے مطبوعۂ کاویانی و بمبئی نسخون مین ایک رباعی ہے،

از واقعۂ ترا خبر خواہم کرد ۵ آن را بدو حرف مختصر خواہم کرد
با عشق تو در خاک نہان خواہم شد با مہر تو سر زخاک بر خواہم کرد

تذکرۂ شمع انجمن (ص۴۷) مین یہ رباعی حافظ کے معاصر شاہ شجاع کے بھائی ابو یزید مظفر کی ملکیت بتائی گئی ہی،

بوڈلین نسخہ مین خیام کی ایک رباعی ستر نمبر پر یہ لکھی ہے،

شاہا! فلکت بخسروی تعیین کرد ۶ وز بہر تو اسپ پادشاہی زین کرد
تا در حرکت سمند زرین سم تو بر گل ننہد پاے زمین سیمین کرد

مگر یہ شاہانہ خطاب و مداحی کا طرز حکیم خیام کے مزاج و طبیعت سے بالکل جوڑ نہین کھاتا دولت شاہ نے اپنے تذکرہ مین اس رباعی کو عمعق بخاری کے حال مین مہستی نام ایک شاعرہ کی طرف منسوب کیا ہے، جس نے سلطان سنجر سلجوقی کے سامنے یہ رباعی اس وقت

پڑھی تھی جب برف سے ساری زمین سپید ہو گئی تھی، یہ رباعی دولت شاہ مین اس طرح ہے[1]،

شاہا فلکت اسپ سعادت زین کرد ✿ وز جملۂ خسروان ترا تعیین کرد
تا در حرکت سمندِ زرّین نعلت ✿ بر گل نہ نہد پای، زمین سیمین کرد

بوڈلین، اور مطبوعات بمبئی مین خیام کی ایک رباعی ہے،

ای دل ز غبارِ جسم اگر پاک شوی ✿ ۷ ✿ تو روح مجرّدی بر افلاک شوی
عرش است نشیمنِ تو شرمت بادا ✿ کآئی و مقیم خطۂ خاک شوی

لیکن علاء الدین عطا ملک جوینی مصنف جہان کشا نے ایک بزرگ کا ذکر کیا ہے، جنکا نام شیخ احمد بدیلی سبزواری تھا، اور ۶۵۲ھ مین موجود تھے، ان کے نام سے اس رباعی کو لکھا ہے،

"و این رباعی او راست[2]"

ای جان اگر از غبار تن پاک شوی ✿ تو روح مقدسی بر افلاک شوی
عرش است نشیمن تو شرمت ناید ✿ کآئی و مقیم خطۂ خاک شوی"

اور مجمع الفصحا مین اسکو بدیعی سجاوندی معاصر سلطان سنجر سلجوقی کیطرف منسوب کیا ہے (ج اول صفحہ ۱۶۹) اور تاریخ گزیدہ مین اسکو امام فخر الدین رازی کے نام سے نقل کیا ہے، [3] دسینہ کا ریانی اور مطبوعات بمبئی مین یہ رباعی لکھی ہے

گر من گنہِ روی زمین کردستم ✿ ۸ ✿ عفو تو امید است کہ گیرد دستم
گفتی کہ بروز عجز دستت گیرم ✿ عاجز تر از این مخواہ کاکنون ہستم

[1] تذکرہ دولت شاہ سمرقندی، صفحہ ۶۵، گب [2] تاریخ جہان کشا جوینی جلد دوم صفحہ ۲۵، گب [3] صفحہ ۸۰۹،

اس رباعی کو زوکوووسکی نے بھی آوارہ گرد رباعیون مین پایا ہے، لیکن جامی نے نفحات مین شیخ سیف الدین باخرزی المتوفی ۶۵۸ھ کے حالات مین لکھا ہے،

"روزے بجنازۂ درویشی حاضر شد، گفتند شیخا تلقین فرمائید، پیش روی میت آمد و این رباعی فرمود"

گر من گنہ جملہ جہان کردستم — لطف تو امید است کہ گیرد دستم

گفتی کہ بوقت عجز دستت گیرم — عاجز تر ازین مخواہ کاکنون ہستم

شیخ باخرزی خود بھی رباعیات کہتے تھے اس سے یہ خیال ہو سکتا ہے کہ یہ شیخ نے خود تصنیف کرکے پڑھی، اگرچہ جامی کے الفاظ سے تصنیف یا عدم تصنیف کی سند نہین ملتی مگر ہمارے مجموعۂ منتخبات مین یہ سیف باخرزی ہی کے نام سے ہے،

کاویانی اور مطبوعات لکھنؤ مین خیام کی یہ رباعی ہے،

ماخرقۂ زہد در سر خم کردیم ۹ وز خاک خرابات تیمم کردیم

باشد کہ درین میکدہا دریابیم — عمری کہ در آن مدرسہا گم کردیم

نکوس اور ونفیلڈ مین یہ رباعی اس طرح ہے،

ما جائے نمازی بلب خم کردیم — خود را بمی لعل چو مردم کردیم

در کوی خرابات مگر بتوان یافت — آن عمر کہ در صومعہا گم کردیم

مگر مجمع الفصحا اور روضات الجنات مین جیسا کہ الغزالی مین ہے، یہ رباعی امام غزالی کی طرف منسوب ہے،

با جامہ نمازے بسر خم کردیم — وز آب (خاک؟) خرابات تیمم کردیم

شاید کہ درین میکدہ ہا دریابیم — آن یار کہ در صومعہ ہا گم کردیم

مطبوعات بمبئی مین یہ رباعی خیام کے مجموعہ مین ہے،

می خوارہ اگر غنی بود عور شود — ۱۰ — وز عربدہ اش جہان پر از شور شود

در حقۂ لعل از آن زمرد ریزم — تا دیدۂ افعیِ غمم کور شود

آذر نے آتشکدہ مین یہ رباعی شاہ شجاع بادشاہِ فارس المتوفی ۷۸۶ھ کے رباعیات مین نقل کی ہے، (صـ۲۰، بمبئی)

اسی طرح یہ رُباعی

ہرگہ کہ درین سبزہ طربناک شویم — ۱۱ — مانندۂ سبز خنگ افلاک شویم

با سبز خطان سبزہ خورم در سبزہ — زان پیش کہ زیرِ سبزہ درخاک شویم

بھی آتشکدہ مین شاہ شجاع کی ملکیت بتائی گئی ہے، (صـ۲۰)

باقی ۷ مشکوک رباعیان جو میری تحقیق مین آئی ہین، آیندہ اسباب تخلیط کی مثالون مین نقل کیجاتی ہین،

تخلیط کے اسباب رباعیات خیام مین تخلیط کے سات سبب میرے خیال مین نہایت قوی ہین، اور ان مشکوک رباعیات پر نظر ڈالنے سے یہ اسباب پوری طرح سمجھ مین آسکتے ہین،

یہ معلوم ہوچکا ہے کہ خیام کی رباعیات صوفیون کی مجلس حال و قال مین چھٹی صدی کے اواخر مین پہنچ چلی تھین، اور اس طرح حکیم خیام صوفی خیام کی صورت مین تبدیل ہوگیا تھا، چنانچہ آپ کو حیرت ہوگی کہ اس صوفی خیام کے حالات حکیم خیام سے بالکل ہی الگ ہین،

دوسری طرف رند بادہ پرست جو مذہب اباحت کے پیرو تھے، وہ بھی خیام کے معتقد تھے اس طرح خیام دوطرفہ کشاکش مین مبتلا ہو گیا، اور خیام کی رباعیان اس دوطرفہ کش مکش کا مجموعہ ہو گئین صوفیون نے اس کی رباعیات مین صوفیانہ رباعیون کی آمیزش کی، اور رندون نے اباحی خیالات اور مستی و رندی کی رباعیان بڑھائین، چنانچہ ان مشکوک رباعیات مین انھین دو قسمون کی رباعیان کثرت سے ملین گی، ایک اسکو صوفی صافی یعنی مذہبی صوفی ثابت کرنا چاہتا ہے، اور دوسرا رند لاابالی، مگر درحقیقت حکیم خیام نہ یہ تھا نہ وہ، بلکہ وہ حکیم متقشف تھا، اور اس کا تصوف اگر تھا تو حکیمانہ تصوف تھا، مذہبی صوفیانہ نہین، خیام کی طرف یہ مذہبی صوفیانہ رباعی منسوب ہے،

من بندۂ عاصیم رضائے تو کجاست ۱۲ تاریک دلم نور و صفائے تو کجاست

مارا تو بہشت اگر بطاعت بخشی این مزد بود لطف و عطائے تو کجاست

آتشکدہ (ص ۱۴۸) مین بعینہٖ یہی رباعی شیخ ابوالحسن خرقانی کے مرید ابو اسمٰعیل عبداللہ ابن ابو منصور محمد انصاری کی ملکیت بتائی گئی ہے،

اسی طرح یہ مذہبی رنگ کی صوفیانہ رباعی،

گر از پے شہوت و ہوا خواہی رفت ۱۳ از من خبرت کہ بے نوا خواہی رفت

بنگر چہ کسی و از کجا آمدۂ می دان کہ چہ میکنی کجا خواہی رفت

شیخ الاسلام انصاری کی مناجات اور منازل السائرین مین ہے،

دردا کہ دلم بہ ہیچ درمان نرسید جانم بلب آمد و بجانان نہ رسید

در بیخبری عمر بپایان آمد　　افسانۂ عشق او بپایان نرسید

سراسر صوفیانہ خیال ہے، حالانکہ خیام عشق و محبت کی راہ سے خدا کو نہین ڈھونڈھتا تھا، بلکہ اشراق و حکمت کے راستے سے،

دردِ دل خستہ دردمندان دانند　　نہ خوش منشان خیرہ خندان دانند

از سرِ قلندری تو گر محرومی　　سریست درین شیوہ کہ رندان دانند

قلندری کے لفظ سے خیام واقف نہ تھا، اُسکی رباعیون مین یہ لفظ کہین نہین آیا، دوسری طرف اسکی رباعیون مین ہے:-

ایام جوانی است شراب اولی تر　۱۴　باخوش پسران، بادۂ ناب اولی تر

این عالم فانی چو خراب است آب　　از بادہ درو مست و خراب اولی تر

یہ اباحت کا تردعظ بھی، اس خشک حکیم کے تخیل سے بعید ہے، چنانچہ حافظ کے مطبوعہ دیوان (نامی کانپور) مین یہ رُباعی حافظ کے کلام مین باین تغیر شامل ہے،

ایام شباب ست شراب اولی تر　　ہر غمزدۂ مست و خراب اولی تر

عالم ہمہ سر بسر خرابست و خراب　　درجائے خراب ہم خراب اولی تر

اسی طرح یہ گرماگرم رباعی جو خیام کے نسخون مین ہے،

گویند بہشت و حور عین خواہد بود　۱۵　انجا می و شیر و انگبین خواہد بود

گر ما می و معشوق پرستیم رواست　　چون عاقبت کار ہمین خواہد بود

یہ بھی حافظ کے مطبوعہ دیوان (نامی کانپور) مین اس طرح موجود ہے،

گویند کہ فردوس برین خواہد بود — فردائی ناب و حور عین خواہد بود
گر ما می و معشوق گزیدیم چہ باک — چون عاقبت کار چنین خواہد بود

علیٰ ہذا یہ رباعی جو خیام کی طرف منسوب ہے، حافظ کے مطبوعہ دیوان (کانپور) مین شامل ہے، مجموعۂ خیام مین ہے (بمبئی و نولکشور)

می نوش کہ عمر جاودانی این است — خود خاصیت از دور جوانی این است
ہنگام گل و مل ست و یاران سرمست — خوش باش دمے کہ زندگانی این است

حافظ کے ہان یہ رباعی اس طرح ہے،

می نوش کہ عمر جاودانی این است — خاصیت روزگار فانی این است
ہنگام گل و لالہ و یاران سرمست — خوش باش دمی کہ زندگانی این است

۲۔ تخلیط کی دوسری وجہ یہ ہے کہ بعض لوگون نے خیام کی حکیمانہ رباعیون کا جواب لکھا، کسی نے جواب کے ساتھ سوال بھی لکھ دیا، اور آخر وہ سوال و جواب دونون خیام کے نام مین درج ہو گئے، مسئلۂ جبر کے ثبوت مین خیام کی طرف یہ رباعی منسوب ہے،

من می خورم و ہر کہ چو من اہل بود — می خوردن او نزد خدا سہل بود
می خوردن من حق ز ازل میدانست — گر من نخورم علم خدا جہل بود

بمبئی و نولکشور وغیرہ کے بڑے مجموعۂ خیام مین یہ رباعی بھی خیام کی طرف منسوب ہے،

آنکس کہ گنہ بنزد او سہل بود — این نکتہ بگوید ارکہ او اہل بود
علم ازلی علت عصیان کردن — نزدیک حکیم غایت جہل بود

حالانکہ ظاہر ہے کہ پہلی رباعی کا قائل، دوسری رُباعی کا مصنّف نہین ہوسکتا،

زوکووسکی نے بھی اس کو منسوبات ومشکوکات خیّام مین شمار کیا ہے، (نمبر ۲۶)

دار المصنفین کے مجموعۂ منتخبات مین یہ دوسری جوابی رباعی حسب ذیل الفاظ مین نصیر الدین

طوسی کے نام سے لکھی ہے،

جواب رُباعی خیّام

این نکتہ نگوید آنکہ او ابلہ بود — زیرا کہ جواب شبہات سہل بود

علم ازلی علت عصیان کردن — نزد عقلا زغایت جہل بود

اسی طرح رباعیات خیّام کے بڑے مجموعون مین جو بمبئی ولکھنؤ وپیرس مین چھپے

ہین، یہ دو رُباعیان خیّام کے نام سے درج ہین، اور زوکووسکی نے بھی اُن کو خیّام کے

منسوبات ومشکوکات مین داخل کیا ہے، زوکووسکی - (۷۲-۷۳)

مائیم بلطف حق تولا کردہ — وز نیک وبد خویش تبرا کردہ

آنجا کہ عنایت تو باشد، باشد — ناکردہ چو کردہ، کردہ چون ناکردہ

اے در ہمہ عمر خود بدیہا کردہ — وانگاہ برحمتش تولا کردہ

بر عفو مکن تکیہ کہ ہرگز نبود — ناکردہ چو کردہ، کردہ چون ناکردہ

بالکل عیان ہے کہ دوسری رُباعی پہلی رُباعی کے جواب مین ہے، اور دونون کا

مصنف ایک شخص نہین ہوسکتا، دار المصنفین کے مجموعۂ منتخبات مین ان مین سے پہلی رُباعی

ابوعلی سینا کے نام سے لکھی ہے، اور دوسری جوابی رباعی نصیر الدین طوسی کی بتائی ہے،

پہلی رباعی سلطان ابو سعید ابو الخیر کے مجموعہ مین بھی ملتی ہے[1]،

۳۔ تخلیط کی تیسری وجہ یہ معلوم ہوتی ہے کہ خیام کے مضامین پر دوسرے شعرا نے ہم معنی اشعار لکھے ہین، جامعین نے تشابہ کے دھوکے مین سب کو خیام کے سر تھوپ دیا چنانچہ خیام کی حسب ذیل رباعیان ہمارے مجموعہ منتخبات مین ابو علی کے نام سے ہین،

با این دو سه نادان که چنین می دانند	۱۶	از جهل که دانای جهان ایشانند
خر باش که از خری ایشان بمثل		هر کو نه خراست کافرش می خوانند
مائیم بلطف حق تولا کرده	۱۷	وز نیک و بد خویش تبرا کرده
آنجا که عنایت تو باشد باشد		ناکرده چو کرده کرده چون ناکرده
از مرکز خاک تیره تا اوج زحل		کردم همه مشکلات کلی را حل
بیرون جستم ز چنبر مکر و حیل	۱۸	هر بند گشسته شد مگر بند اجل

اسی طرح حسب ذیل فلسفیانہ رباعیان جو خیام کی طرف بھی منسوب ہین، ہمارے مجموعہ منتخبات مین محقق طوسی المتوفی ۶۷۲ھ کے نام سے ہین،

فردا که حساب شش جهت خواهد بود	۱۹	قدر تو بقدر معرفت خواهد بود
در حسن صفت کوش که در روز جزا		حشر تو بصورت صفت خواهد بود
ای بیخبر این شکل مجسم هیچ است	۲۰	وین دائره سطح مخیم هیچ است
خوش باش که در نشیمن کون و فساد		وابستهٔ یک دمی و آن دم هیچ است

خیام کے مطبوعہ بمبئی نسخون مین ایک رباعی ہے،

[1] مطبوعہ مفید عام آگرہ (نمبر ۲۹۵) و مطبع کریمی (نمبر ۲۷۲)

رفتیم و زمانہ آشفتہ بماند ۲۱ باآنکہ زصد گہر یکے سفتہ بماند

افسوس کہ صد ہزار معنیٔ دقیق از بیخردی خلق ناگفتہ بماند

ہمارے مجموعۂ منتخبات مین اسی کی ہم معنی وہم قافیہ وہم ردیف رُباعی فارابی کے ضمن مین لکھی ہے،

اسرار وجود خام و ناپختہ (؟) بماند[1] ۲۲ وآن گوہر بس شریف ناسفتہ بماند

ہر کس ز سر قیاس حرفے گفتند وان نکتہ کہ اصل بود ناگفتہ بماند

دیوان حافظ کا ایک نہایت عمدہ اور نادر نسخہ شاہ منیر عالم صاحب (غازیپور) کے کتبخانہ مین ہے، اس نسخہ کو سنہ ... کے کچھ بعد اکبر و فیضی کے زمانہ مین ایک ایرانی ادیب نے بہت سے قلمی نسخون کی ترتیب و تطبیق سے دس برس مین مرتب کیا ہے، اور حافظ کے کلام مین سات آٹھ سو اشعار جو غیرون کے شامل ہو گئے تھے، ان کو خارج کیا ہے، مگر تعجب ہے کہ یہ رُباعی اسمین حافظ کے مملوکات مین شامل ہے،

خیام کے نام کی یہ رباعی[2]،

گردون کمرے ز عمر فرسودۂ ماست ۲۳ جیحون اثرے ز اشک پالودۂ ماست

دوزخ شررے ز رنج بیہودۂ ماست فردوس دمی ز وقت آسودۂ ماست

سلطان ابوسعید ابو الخیر کے مجموعۂ رباعیات مین[3] بھی داخل ہے،

---

[1] قافیہ اس نسخہ مین اسی طرح ہے۔ [2] دلیسنہ، بوڈلین و کاویانی، [3] مطبوعۂ کریمی لاہور (۹۷) ورفاہ عام پریس لاہور، (۹۸)

خیام کے مجموعۂ ویسنہ اور مطبوعۂ بمبئی نسخہ مین ایک رباعی ہے،

ترکیبِ طبائع چو بکامِ تو دمی است ۲۴ تو داد کن از ہر چہ کہ ہردم ستمی است[1]

با اہلِ خرد نشین کہ اصلِ من و تو گردی و شراری و نسیمی و نمی است

لیکن تھوڑے تغیر کیساتھ یہی رباعی سلطان ابوسعید ابوالخیر کے یہان بھی ہے، اور جسکا متن شاید منسوب بہ خیام متن سے زیادہ بامعنی ہے،

چون حاصلِ عمرِ تو فریبی و دمی است زو داد کن گرت بہردم ستمی است[2]

مغرور مشو بخود کہ اصلِ من و تو گردی و شراری و نسیمی و نمی است

۴۔ تخلیط کی ایک اور صورت یہ ہے کہ کسی مناسب موقع پر خیام کی کوئی رباعی کسی مشہور آدمی نے نام بتاے بغیر پڑھی یا لکھی، ناواقف سننے والون اور دیکھنے والون نے یہ سمجھا کہ یہ رباعی اسی قائل کی تصنیف ہے، اس تخلیط کی ایک مثال میرے نزدیک یہ ہے کہ خیام کی ایک رباعی ہے،

اجزائے پیالہ کہ درہم پیوست ۲۵ بشکستن آن روا نمی دارد مست

چندین سرو پای نازنین و سر و دست از بہر چہ ساخت و ز برای چہ شکست

اس رباعی کو ژوکوووسکی نے خواجہ نصیر الدین طوسی کی طرف منسوب پایا ہے، اور ہم کو بھی خواجہ کی طرف یہ منسوب ملی ہے، آتشکدۂ آذر مین بابا افضل کاشانی کے حال مین لکھا ہے

---

[1] یہ متن مطبوعۂ بمبئی کے مطابق ہے، ویسنہ مین دوسرا مصرع یون ہے، "خوش باش اگرچہ بر تو ہردم ستمی است" اور تیسرا "اصلِ من و تو" کی جگہ "اصلِ تنِ تو" ہے،

[2] کریمی لاہور (۸۳) رفاہ عام لاہور (۸۴)

"گویند خواجہ نصیر در زمانِ استیلاے ہلاکوخان وقتل وغارت بلادِ ایران، نظر با خلاصی کہ بآنجناب داشتہ کاشان و نواحی را رعایتہا کہ از شہر فتنہ مغولان حمایت کردہ، چند رباعی در تحقیق مسئلہ گفتہ و بجواب بہرہ مند شدہ ۵ اجزاے پیالہ کہ درہم پیوست" الخ

خواجہ کی اخلاق ناصری کے اُس نسخہ کے دیباچہ مین جو سنہ ۱۲۵۱ھ مین کلکتہ مین بابو شیب چندر بلاک کے مطبع سنگی مین بہت سے علماء کے اہتمام و تصحیح سے چھپا ہے، مصنف (خواجہ نصیر الدین طوسی) کے حال مین ایک دیباچہ ہے، اسمین یہی واقعہ اور رباعی لکھکر کسی کتاب کے حوالہ سے لکھا ہے کہ بابا افضل نے اس رباعی کے جواب مین یہ رباعی لکھی،

تا گوہرِ جان در صدفِ تن پیوست   از آبِ حیات صورتِ آدم بست
گوہر چو تمام شد، صدف تا بشکست   بر طرفِ کُلہ گوشہ سلطان نہ نشست

لیکن یہ تمام داستان اس وقت تارِ عنکبوت ہوکر رہجاتی ہے جب یہ مستند طور سے معلوم ہوتا ہے کہ جب خواجہ طوسی شاید بیس برس کے ہون، تو یہ رُباعی انھین مغلون (تاتاریون) کے حملہ مرو مین سید عز الدین نسابہ نے (سنہ ۶۱۸ھ مین) خیام کے نام سے پڑھی، اور خیام کیطرف اسکی نسبت ایک ایسی مستند تاریخی کتاب مین مذکور ہے جو اپنے عہد کے ایک مشہور فاضل (امیر عطا ملک جوینی) نے اس وقت لکھی جب خواجہ نصیر طوسی ہنوز زندہ تھے، یعنی سنہ ۶۵۸ھ مین، (خواجہ نے ستتر برس کی عمر مین سنہ ۶۷۳ھ مین وفات پائی ہے)

اس حوالہ سے صاف ظاہر ہے کہ یہ خواجہ کے زمانہ مین خیام ہی کی رباعی تھی، بعد کو پھر

۱؎ تاریخ جہانکشا عطا ملک جوینی جلد اول ص ۱۲۸، گب۔

یہ خواجہ کی ملکیت کیونکر ہو گئی، واقعہ یہی معلوم ہوتا ہے کہ خیام کی یہ رباعی تاتاریون کے قتل عام پر بالکل چسپان ہو رہی تھی، اس لیے اس وقت وہ ہر صاحب ذوق کی زبان پر تھی خواجہ نے اسی لیے بابا افضل کے پاس (اگر بابا کے وہ معاصر ہو سکین) اس رباعی کو لکھکر بھیجا ہوگا، بعضون کو اس سے یہ غلط فہمی ہوئی کہ یہ خود خواجہ کی تصنیف ہے،

۵- تخلیط کی ایک اور وجہ یہ ہے کہ خیام کی چند تیز خمریہ رباعیون کے سبب سے اکثر تیز و چست خمریہ رباعیان خیام کی طرف منسوب کر دی گئین، مثلاً سراج الدین قمری جو خوارزمشاہ کے دربار مین تھا، اور فخر رازی کا شاگرد تھا، علانیہ مست و بادہ خوار تھا، تاریخ گزیدہ مین ہے

"در فسقیات غلوی تمام کردہ بود" (صفحہ ۸۲۰)

آتشکدہ (صفحہ ۱۷۱ امبئی) مین ہے،

"در شرب خمر ولوع داشتہ و قطعات و رباعیات درین مطلب دارد"[1]

چنانچہ آذر کے بیان کے مطابق ذیل کی رباعی جو خیام کے نامۂ اعمال مین درج ہے، سراج الدین قمری کی ہے،

امروز کہ رونق جوانی منست ۲۶ می خواہم ازانکہ شادمانی منست
عیبش مکنید گرچہ تلخست خوش ست تلخ است ازانکہ زندگانی منست

اسی طرح حسب ذیل رباعی،

من می خورم و ہرکہ چو من اہل بود ۲۷ می خوردن من بنزد او سہل بود

---

[1] آتشکدہ، صفحہ ۱۷۱ امبئی،

می خوردن من حق بازل میدانست   گر مے نخورم علم خدا جہل بود،

حمد اللہ مستوفی نے تاریخ گزیدہ مین جو سنہ ۷۳۰ھ مین لکھی گئی ہے، اسی سراج قمری کے نام سے تھوڑے تغیر کے ساتھ نقل[۱] کی ہے، اسی طرح یہ رنگین رباعی جو خیام کے ایک معاصر اقراری بادہ خوار علی بن حسن باخرزی المقتول سنہ ۴۶۷ھ کی ملکیت[۲] ہے، ناکردہ خیام کے فرد جرم مین داخل ہے،

زان می خواہم کہ خرمی را سبب است   ۲۸   نامش می و کیمیای شادی لقب است

سرخ است چو عناب و ز آب عنب است   آبی کہ برخ بر آتش آرد عجب است

۶- ایک ممکن صورت تخلیط کی یہ ہے کہ بعض تند نوشون نے حافظ کی شراب کو دو آتشہ بنانے کے لیے دیوان حافظ مین حافظ کی غزلون کے پہلو بہ پہلو خیام کی رباعیان بھی لکھین، بلکہ عجیب بات یہ ہے کہ اس دو آتشہ کی کشید کی خواہش شہنشاہ اکبر کے دل مین پیدا ہوئی تھی[۳]، اس سے بعضون نے دھوکا کھا کر خیام کی رباعیون کو حافظ کی طرف منسوب کر دیا، حالانکہ حافظ کا رباعی گوئی مین کوئی درجہ نہین، ژوکوو سکی کی آوارہ گرد رباعیون مین دس رباعیان حافظ کی طرف منسوب ہین، اتنی تعداد کسی اور شاعر کی طرف منسوب نہین، دیوان حافظ کے اس قسم کے متعدد نسخے ملتے ہین جنمین بعض اکبر کے وجود سے پہلے کے ہین، فرنچ عالم موسیو کلورانہ کا مملوکہ نسخۂ دیوان حافظ جو سنہ ۱۹۲۳ء مین موسیو وینے

۱؎ تاریخ گزیدہ مستوفی ص ۸۲۴ گب، صرف تیسرے مصرع مین فرق ہے، تیسرا مصرع اس مین اس طرح ہے "می خوردنم ایزد بازل می دانست"۔ ۲؎ لباب الالباب عوفی، جلد اول ص ۷۳ ۳؎ آئین اکبری ج ۲۔ ص ۱۸۶ نولکشور

VIGNIES تاجر اشیائے قدیمہ (پیرس) کے پاس تھا، اور جس کو علامہ عبدالوہاب قزوینی نے دیکھا تھا، اور جس کا ذکر فریڈرک روزن نے کاویانی مطبوعہ کے ص ۱۶۰ پر کیا ہے، اسی قسم کا نسخہ ہے۔ دیوان کے ص ۴۷ سے ۹۵ تک خیام کی ۶۲ رباعیان مندرج ہین، یہ نسخہ مشہور کاتب سلطان محمد نور کا لکھا ہوا ہے اور ۹۳۰ھ مین شہرات مین لکھا گیا ہے،

اسی قسم کے دیوان حافظ کا ایک نہایت عمدہ اور قیمتی، مطلا اور لاجوردی نسخہ نواب صدر یار جنگ مولنا حبیب الرحمن خان شروانی کے مملوکہ کتب خانہ حبیب گنج (علیگڈھ) مین ہے، جسمین دیوان حافظ کی ہر دو غزلون کے بیچ کی جگہ مین ٹیڑھی سطرون مین خیام کی ایک ایک رباعی لکھی ہوئی ہے، کاغذ سمرقندی، خط عمدہ نستعلیق، کنارون پر ترکی مین بکثرت حواشی ہین، اسمین خیام کی (۴۴۴) رباعیان ہین، نسخہ پرگو تاریخ نہین، تاہم وہ تین سو برس سے کم کا نہین ہو، اسی طرح کا تیسرا نسخہ ندوۃ العلمار لکھنؤ کے کتب خانہ مین ہے، حافظ کی ہر دو غزلون کے بیچ بیچ مین ٹیڑھی سطرون مین خیام کی ایک ایک رباعی ہے، کتبخانہ مین اس نسخہ کا نمبر ۱۰۲ ہے، افسوس ہو کہ تاریخ سے خالی ہے، مگر خط و کاغذ کے لحاظ سے دو تین سو برس کا پرانا معلوم ہوتا ہے،

۷۔ تخلیط کا ایک اور سبب یہ ہے کہ رباعیون مین شعرار عموماً اپنا تخلص نہین دیتے، اس لیے ان چار مصرعون کی ملکیت کا دعویٰ ہر شخص کر سکتا ہے، جس کو جس نام سے کوئی چاہے لکھدے اس بنا پر رباعیون کی ملکیت کا سوال ہمیشہ مشکوک رہتا ہے، اور بہت کم رباعیات کے نسخون پر اعتبار کیا جا سکتا ہے، مشہور رباعی گویون مین (سرمد کے سوا) سحابی

نجفی المتوفی سنہ ۱۰۷۱ھ سب سے زیادہ کمسن ہے، مگر اس کے رباعیات کے مجموعے بھی یکسان نہین ملتے،

ان مشکلات کا حل

ان اسباب سے خیام کی رباعیون کی تعیین کا مسئلہ نہایت اہم ہے، اسکے حل کی اصلی صورت تو یہ ہے کہ خیام سے قریب تر عہد کا کوئی نسخہ بہم پہنچے، مگر افسوس ہے کہ اب تک نوین صدی ہجری سے پہلے کا کوئی نسخہ بہم نہین پہنچا ہے، اسلئے مختلف ارباب تحقیق نے اس کمی کو دور کرنے کی اب تک حسب ذیل صورتین اختیار کی ہین، جنمین سے ہر ایک مین مجھے کچھ نہ کچھ ترمیم و اضافہ پیش کرنا ہے،

ا۔ سب سے پہلا طریقہ یہ اختیار کیا گیا کہ خیام کے بڑے مجموعۂ رباعیات کو لیکر ان رباعیون کو الگ کیا گیا جو دوسری کتابون مین، دوسرے شاعرون کے نامون سے لکھی ہوئی ہین، ان رباعیات کے الگ کرنے کے بعد اس سرمایہ کو جس پر خیام کے علاوہ کسی دوسرے کا دعویٰ نظر نہ آیا، خالص خیام کا مال سمجھا گیا،

لیکن اس طریقۂ انتخاب مین کھلا ہوا مغالطہ یہ ہے کہ ایک رباعی جب دو کتابون مین دو شخصون کے نامون سے لکھی ہوئی ملتی ہے، تو کسی کو کیا حق ہے کہ بلا وجہ وہ اس کو ان دونو مین سے کسی ایک کی ملکیت سے خارج کرکے دوسرے کے حق مین تسلیم کرلے،

فریڈرک روزن نے نہایت خوبی سے اس طریقۂ تحقیق کی بعض کمزوریان دکھائی ہین (مطبوعۂ کاویانی ص ۱۲-و ۱۳) اور طالب آملی المتوفی ۱۰۳۶ھ کی طرف جو رباعی منسوب ہے، اس کو خیام کے نسخہ ۸۶۵ھ مین موجود ہونے کے سبب سے اور ملا جلال الدین رومی اور حافظ کی طرف جو بعض رباعیان منسوب ہین، اُن کو اُن کے قدیم قلمی دواوین مین نہ پاے

جانے کے سبب سے قابل رد ٹھہرایا ہے،

۲- دوسرا طریقہ جس کو کرسیتن زن نے اختیار کیا ہے. یہ ہے کہ ان رباعیون کو جن مین خیام کا تخلص پڑا ہوا ہے، اصلی سمجھا جائے، کرسیتن زن نے اس قسم کی بارہ رباعیان نکالی ہین، جنکو ہم ذیل مین مختلف نسخون کے حوالہ سے نقل کرتے ہین،

بوڈلین لائبریری کے قدیم نسخہ مین ان بارہ مین سے صرف پانچ رباعیان ہین اور یہ تمام نسخون مین متفقاً پائی جاتی ہین،

تا چند زنم بروے دریا ہا خشت	۱	بیزار شدم زبت پرستان کنشت
خیام کہ گفت دوزخی خواہد بود		کہ رفت بدوزخ وکہ آمد زبہشت
خیام کہ خیمہ ہاے حکمت می دوخت	۲	در کورۂ غم فتاد وناگاہ بسوخت
مقراض اجل طناب عمرش چو برید		دلال اجل برائیگانش بفروخت
خیام زبہر گنہ این ماتم چیست	۳	وز خوردن غم فائدہ بیش وکم چیست
آنرا کہ گنہ نہ کرد غفران نبود		غفران زبراے گنہ آمد غم چیست
خیام اگر زبادہ مستی خوش باش	۴	با لالہ رخے اگر نشستی خوش باش
چون آخر کار نیست خواہی بودن		انگار کہ نیستی چو ہستی، خوش باش
تا بتوانی خدمت رندان می کن	۵	بنیاد نماز وروزہ ویران می کن
بشنو سخن راست زخیام عمر		می میخور وره می زن واحسان میکن

خیام کے بڑے مجموعۂ رباعیات مطبوعۂ ملک الکتاب شیرازی[1] و نولکشور لکھنؤ و گلزار حسنی[2] بمبئی میں تین اور ہیں۔ ان میں سے پہلی رُباعی دلسینہ کے قلمی نسخہ میں بھی ہے۔ اور دوسری رُباعی، نسخۂ دلسینہ اور مطبوعۂ کاویانی دونوں میں ہے،

خیام تنت بخیمہ می ماندراست[3] ۶ سلطان روح است و منزلش دارِ فناست
فراشِ اجل زبہر دیگر منزل از پا فگند خیمہ کہ سلطان برخاست

خیام زمانہ از کسے دارد ننگ ۷ کو در غم ایام نشیند دل تنگ
می خور تو در آبگینہ با نالۂ چنگ زان پیش کہ آبگینہ آید بر سنگ

تا چند ز مسجد و نماز و روزہ ۸ در میکدہا مستی از دریوزہ
خیام بخور بادہ کہ این خاک ترا گہ جام کنند و گہ سبو، گہ کوزہ

کاویانی اور کریستن زن کے یہاں اور الہ آبادی نسخہ (انوار احمدی) کے خاتمہ میں ایک اور رباعی ہے،

---

[1] میرزا محمد ملک الکتاب شیرازی نے ۱۲۹۷ھ میں کارخانہ محمدی بمبئی سے شائع کیا، اس نسخہ کی نسبت دیباچہ میں اُسنے یہ بیان کیا ہے کہ اس نے اس کی قلمی اصل "سلطانی کتب خانہ" سے حاصل کی ہے،
"فلہذا اقل الانام میرزا محمد شیرازی بعد از زحمات زیاد نسخۂ کامل و صحیح آنرا در کتابخانۂ سلطانی بدست آوردہ" (ص۲)

[2] یہ نسخہ بمبئی گلزار حسنی میں آقا محمد حسین لاری نے ۱۳۲۴ھ میں چھپوایا تھا، نولکشور کا نسخہ بیشتر اسی کے مطابق ہے، اس کا مقدمہ نگار ۱۳۱۰ھ میں نیشاپور میں حکومت ایران کی طرف سے مامور تھا،

[3] یہ رباعی نسخۂ دلسینہ میں اس طرح ہے،

خیام تنت بخیمہ ماند راست جان سلطانے کہ منزلش دار بقاست
فراشِ اجل زبہر دیگر منزل این خیمہ بیفگند چو سلطان برخاست

مجموعۂ منتخبات دار المصنفین میں اس طرح ہے،

خیام تنت بخیمہ می ماند راست سلطان جانست و منزلش دار فناست
فراشِ اجل ز بہر دیگر منزل ویران کند این خیمہ چو سلطان برخاست

آدم چو صراحی بود و روح چو مے — ۹ — قالب چو نے بود، صدا او نئے

دانی چہ بود آدم خاکی خیام — فانوس خیالی و چراغی در وے

ان کے علاوہ کریستن زن نے تین اور رباعیاں مطبوعۂ یورپ نسخون سے نقل کی ہین، جو ہندوستانی مطبوعہ نسخون مین نہین،

خیام اگرچہ خرگہ چرخ کبود — ۱۰ — زد خیمہ و در بست در گفت و شنود

چون شکل حباب بادہ در جام وجود — ساقی ازل ہزار خیام نمود

از من بر مصطفیٰ رسانید سلام — ۱۱ — و آنگاہ بگوئید باعزاز تمام

کاے سید ہاشمی چرا دوغ ترش — در شرع حلال است و مئی ناب حرام

از من بر خیام رسانید سلام — ۱۲ — وانگاہ بگوئید کہ خامی خیام

من کے گفتم کہ مے حرام است و لے — بر پختہ حلال است و بر خام حرام

اس طریقہ کی کمزوری بھی فریڈرک روزن نے ایک مثال سے واضح کی ہے کہ رباعی نمبر ۶ مین گو خیام کا تخلص موجود ہے، مگر مولانا رومی کے ایک قلمی دیوان مین یہ رباعی اس طرح سے موجود ہے،

این صورت تن نظیمہ ماندراست — جان سلطانے کہ منزلش دار بقاست

فراش زبہر منزل آیندہ — نہ خیمہ بیفگند چو سلطان برخاست

ہمارے خیال مین اس رباعی مین خیام کا تخلص محض خیمہ کی مناسبت سے ڈالا گیا ہی کہ اس تمثیل مین خیام کے جسم کی کوئی تخصیص نہین، اور اس کی عمومی حیثیت ہی رباعی کے

صحیح معنی ہین، خیام کا اس تشبیہ کو اپنے کو پکار کر اپنے اوپر چسپان کرنا ایک قسم کی بدذوقی ہے، جو اس سلیم المذاق انسان کی طرف منسوب نہین کیجا سکتی، مگر با این ہمہ تعجب یہ ہے کہ خیام کے اکثر قلمی اور مطبوعہ مجموعون مین یہ خیام کے نام سے موجود ہے، کیا یہ توارد ہے؟

تعجب ہے کہ فریڈرک روزن نے رباعی نمبرے پر گرفت نہین کی ہے حالانکہ بدر جاجرمی نے جن تیرہ رباعیون کو ۷۴۱ھ مین خیام کے نام سے لکھا ہے، اور جن کو فاضل موصوف نے خود اپنے نسخہ مطبوعۂ کاویانی کے آخر مین عبدالوہاب قزوینی کے حوالہ سے نقل کیا ہے (کاویانی ص ۱۹۶) اُن مین یہ ساتوین رباعی اس طرح ہے،

ایام زمانہ از کسے دار د ننگ   کو در غم ایام نشیند دل تنگ

اس مین خیام کے بجاے ایام ہے، مگر اصل یہ ہے کہ ایام کے بجائے خیام ہی صحیح ہے، ایک تو اس لیے کہ ایام زمانہ کی اضافت بے معنی ہے، دوم اس لیے کہ دوسرے مصرع مین ایام موجود ہے، اور یہ تکرار مخل فصاحت ہے، تیسرے صحیح قلمی نسخون مین خیام ہی ہے، جیسا کہ ہمارے پیش نظر سلطان علی کاتب کے نسخہ مملوکۂ دسنہ مین اور دوسرے نسخون مین ہے،

رباعی نمبر ۹ بھی مشکوک ہے، اس کے دوسرے مصرع کا قافیہ غلط بھی ہے، اور بے معنی بھی ہے، کرستین زن اور فریڈرک روزن نے اس کا دوسرا مصرع یون نقل کیا ہے، (کاویانی ص ۲۰)

قالب چو نئے بود، صدلے دروے

یہ مصرع بھی بے معنی ہے، اور قافیہ بھی غلط ہے کیونکہ "دروے" چوتھے مصرع کا بھی قافیہ ہے، یہان کوئی ایسا لفظ چاہیئے جس کا مطلب یہ ہو کہ قالب سنے ہے، اور اُسمین جو صدا ہے وہ جان ہے، شاید اس طرح ہو،

قالب چونئے وجان چو صدائے درنے

رباعی (نمبر ۱۰) مین بھی خیّام اور خیمہ کا بے معنی ضلع جگت ہے، دو پہلے مصرعون کا دو بعد کے مصرعون سے کوئی لگاؤ نہین معلوم ہوتا،

رباعی نمبر (۱۱) اور (۱۲) کو فریڈرک روزن بھی عمر خیّام کی نہین مانتا، اور اس کا خیال صحیح ہے، کہ ان دونون کا طرز گفتار خیّام سے بالکل نہین ملتا، پھر یہ باہم ایک دوسرے کے سوال وجواب ہین، جو ایک ہی شاعر کی زبان سے نہین ادا ہو سکتے،

خیّام کے تخلص کے علاوہ رباعیات کے اکثر نسخون مین ایک اور رباعی موجود ہے جس مین "خیّام" کے بجائے "عمر" نام ہے، وہ کرسیتن زن اور فریڈرک روزن کے شمار سے رہ گئی ہے، اس کو بھی بڑھانا چاہیئے، (دیکھو مطبوعہ گلزار حسنی بمبئی ۱۳۲۴ھ وملک الکتاب شیرازی بمبئی مطبوعہ ۱۲۹۷ھ ونولکشور لکھنؤ، وکاویانی برلن نمبر ۶۳ وقلمی ورنیٹل لائبریری پٹنہ)

۱۳

ای سوختہ، سوختہ سوختنی | دی آتش دوزخ از توافروختنی
تا کے گوئی کہ برعمر رحمت کن | حق را تو کجا بہ رحمت آموختنی

بوڈلین لائبریری کے نسخہ ۸۶۵ھ مین خیّام کے تخلص کی جو پانچ رباعیان ہین وہ شکوک سے پاک ہین، کہ دوسرے تمام نسخون سے اُن کی تائید ہوتی ہے،

۳۔ عمر خیام کی اصلی رباعیون کی تعیین کے لیے تیسرا طریقہ یہ ہے کہ قدیم مستند مصنفین کی کتابون مین خیام کے نام سے جو رباعیان مندرج ملین، ان کو یکجا کیا جاے، اسوقت تک رباعیات کا نوین صدی سے پہلے کا کوئی نسخہ دستیاب نہین ہوا ہے، اس لیے اس سے پہلے کی کتابون کی تلاش سے خیام کی یہ نو ۹ رباعیان دستیاب ہوئین، ان مین سے سب سے پرانے اور سب سے پہلے ماخذ کا حوالہ سب سے پہلی دفعہ ان سطرون مین دیا جا رہا ہے،

امیر عنصر المعالی کیکاؤس نے اپنے قابوس نامہ (۴۷۵ھ) مین شرابخواری کے آداب مین لکھا ہے، کہ شراب اتنی کم پی جاے کہ نشہ کی حد تک نہ پہنچے، پھر کہتا ہے چنانکہ عمر خیام گفتہ[1]

ای دل حذر از مستی و مخموری کن	۱	وز ہمدمی رطل گران دوری کن
از بادہ شفا خیزد و از مستی رنج		تو بہ ز شفا مکن، ز مخموری کن

یہ حوالہ عین خیام کے عہد زندگی کا ہے، مگر یہ رباعی خیام کے پیش نظر مجموعون مین مجھکو نہین ملتی، اس کے بعد اس قسم کا دوسرا ماخذ "نزہتہ الارواح" شہرزوری کا فارسی نسخہ معلوم ہوتا ہے، شمس الدین شہرزوری نے اپنی کتاب (۵۸۶ھ و ۶۱۱ھ) مین لکھی ہے، اس مین خیام کی یہ دو[2] رباعیان ہین،

گویند بحشر جست و جو خواہد بود	۲	وآن یار عزیز تند خو خواہد بود
از خیر محض جز نکوئی ناید		خوش باش کہ عاقبت نکو خواہد بود
از واقعۂ ترا خبر خواہم کرد	۳	وآنرا بدو حرف مختصر خواہم کرد

[1] قابوس نامہ، طبع بمبئی ۵۵ھ، [2] ترجمۂ فارسی شہرزوری موجودہ کتبخانۂ دار المصنفین،

با عشق تو در خاک فرو خواهم شد ‏ ‏ ‏ ‏ با مهر تو سر ز خاک بر خواهم کرد

اس کے بعد شیخ نجم الدین ابوبکر بن عبداللہ بن محمد اسدی رازی معروف بہ دایہ کی "مرصاد العباد من المبدأ الی المعاد" جو تصوف پر فارسی میں ایک قدیم کتاب ہے[1] اور سنہ ۶۲۰ھ میں سیواس (ترکی) میں لکھی گئی تھی، اس میں خیام کی یہ دو رباعیاں اسکے نام سے ہیں[2]،

در دائرهٔ که آمدن و رفتن ماست	۴	آن را نه بدایت نه نهایت پیداست
کس می نزند دمے درین عالم راست		کاین آمدن از کجا و رفتن بکجاست
دارنده چو ترکیب طبائع آراست	۵	باز از چه قبل فگندش اندر کم و کاست
گر زشت آمد پس این صُوَر عیب کراست		ور نیک آمد خرابی از بهر چه خاست

اس کے بعد عطا ملک جوینی نے تاریخ جہانکشا میں جو سنہ [illegible]ھ میں تالیف ہوئی حسب ذیل رباعی خیام کے نام سے نقل کی ہے[3] جس کو سید عز الدین نسابہ نے مرو کے قتل عام کے میدان میں جب وہ لاشوں کو شمار کر رہے تھے، پڑھا تھا،

"ودرین حالت رباعی عمر خیام کہ حسب حال بود، بر زبان (زبان) راندست"

ترکیب پیاله که درهم پیوست	۶	بشکستن آن روا نمی دارد مست
چندین سر و پاے نازنین از سر دست		از مهر که پیوست و بکین که شکست

---

[1] کشف الظنون حاجی خلیفہ ص ۴۴۰ ج ۲ قسطنطنیہ، [2] مظفریہ ص ۳۴۲، روس سنہ ۱۸۹۷ء،
[3] تاریخ جہان کشائے جوینی جلد اول ص ۱۲۸ گب سیریز لندن،

اسی کتاب مین خیام کی ایک اور رباعی قائل کے نام کے بغیر مذکور ہے،

می خور کہ سمن سماب سے خواہد دید ۷ خوش زی کہ سہی سہاب سے خواہد دید

زین یکدم عاریت کہ داری برخور می دان کہ چمن چو ماب سے خواہد دید

یہ رباعی خیام کے کاویانی نسخہ مین اس طرح ہے،

می خور کہ سمن بسے سما خواہد شد خوش زی کہ سہی بسے سہا خواہد شد

برطرف چمن ز زندگانی برخور زیرا چمن بسے چو ما خواہد شد

بعد ازین حمد اللہ بن ابی بکر مستوفی قزوینی کی تاریخ گزیدہ (۷۳۰ھ) کا حوالہ دینا چاہئے، شعرا کی فصل مین ہے،

خیام ہو عمر بن ابراہیم در اکثر علوم خاصہ در نجوم سر آمد زمان خود بود و ملازم سلطان ملکشاہ سلجوقی بود، رسائل خوب و اشعار نیکو دارد و من اشعارہ،

ہر ذرہ کہ بر روے زمینی بود ست ۸ خورشید رخی، زہرہ جبینی بود ست

گرد از رخ آستین بآزرم فشان کان ہم رخ خوب نازنینی بود ست

بعد ازین مولنا خسرو ابرقوہی کی فردوس التواریخ ہے، جو ۸۰۸ھ مین تالیف ہوئی، اسکی ابتدائی عبارت بالکل مستوفی کی ہے، اور پہلی رباعی بھی وہی ہے، جو اسکی تاریخ گزیدہ مین ہے، دوسری رباعی اسمین خیام کی یہ ہے، جس کی نسبت یہ روایت نقل کی ہے کہ یہ اسکی زندگی کا آخری کلام ہے،

۱؎ تاریخ جہانکشای جوینی جلد دوم ص ۱۰، گب، ۲؎ تاریخ گزیدہ ص ۷۰۱ گب،

سیر آمدم ای خدای از ہستی خویش ۹ از تنگ دلی واز تہی دستی خویش

از نیست چو ہست میکنی بیرون آر زین نیستیم بحرمت ہستی خویش

خیام کی یہ وہ ۹ نو رباعیاں ہین، جو ہم کو نوین صدی ہجری کے آغاز تک کی کتابون مین اسکی طرف منسوب ملی ہین، ابوبکر راوندی کی راحۃ الصدور مین جو ۵۹۹ھ سے ۶۰۱ھ مین تالیف پائی ہے، ایک ایسی رباعی لکھی ہے[1] جس کے قائل کا گو نام اسمین نہین ہے، مگر رباعیات خیام کے اکثر مجموعون مین وہ خیام کی بتائی گئی ہے[2]، وہ رباعی یہ ہے،

یک شیشہ مئی کہن ز ملکے نو بہ ۱۰ وز ہرچ (چہ) نہ می طریق بیرون شو بہ

چہ خشت بہ از ملک فریدون صد بار خشت سر خم ز تاج کیخسرو بہ

ساتوین اور دسوین رباعی نام کے بغیر ہین، اسلیے یہ دوسرے درجہ پر ذکر کے قابل ہین اور اب ان حوالون کی ترتیب یہ ہوگی،

۱- قابوس نامہ، تالیف ۴۷۵ھ،

۲- راحۃ الصدور تالیف ۵۹۹ھ - ۶۰۱ھ

۳- نزہۃ الارواح فارسی تالیف مابین ۵۸۶ھ - ۶۱۱ھ،

۴- مرصاد العباد، تالیف ۶۲۰ھ،

۵- تاریخ جہانکشا، تالیف ۶۵۸ھ

۶- تاریخ گزیدہ، تالیف ۷۳۰ھ

---

[1] راحۃ الصدور و آیۃ السرور ابوبکر راوندی ص ۲۵۹ گب، [2] بوڈلین و کاویانی، و طہران و بمبئی تیسرے مصرع کا پہلا لفظ بوڈلین اور کاویانی مین "جامیش" ہے، اور طہران و بمبئی مین جامیست، علاوہ ازین رباعی کا پہلا لفظ ان سب نسخون مین یکجرعہ ہے

۷- فردوس التواریخ، تالیف ۸۰۸ھ،

ابن بدر جاجرمی کا انتخاب

ابھی حال میں خیام کی تیرہ رباعیوں کی ایک قدیم سند ہاتھ آئی ہے، جس کی صورت یہ ہے کہ آٹھویں صدی ہجری کے وسط میں محمد بن بدر جاجرمی نامی ایک شاعر تھا، اس نے ۷۴۱ھ میں مونس الاحرار فی دقائق الاشعار نام ایک کتاب لکھی تھی، جسمیں تقریباً دو سو شعراء کے منتخبات کلام جمع کئے تھے، ان میں سے ایک خوش نصیب عمر خیام بھی تھا، اس کتاب کی تاریخ اس کے اس قطعہ سے ظاہر ہے،

در ہفتصد و چہل بود و یک اندر رمضان ۔۔۔ مہر اندر حوت و ماہ اندر سرطان
(۷۴۱ھ)
بر دست محمد بن بدر شاعر ۔۔۔ مجموعہ تمام شد بفضل یزدان

یہ کتاب مجمع الفصحاء کے مصنف رضا قلی خان کے پاس بھی تھی، جیسا کہ اس کے دیباچہ میں مذکور ہے، اس کتاب کا یہی نسخہ جو مؤلف مجمع الفصحاء کے مطالعہ میں تھا، ایک ارمنی کتاب فروش گورکیان نامی کے قبضہ میں آیا، اور وہ اس کو لیکر ۱۹۱۳ء میں پیرس اس کو بیچنے لایا تھا، علامہ عبدالوہاب قزوینی نے اس کو دیکھا، اور اس میں سے بعض چیزوں کے عکس لے لیے، جنمیں خیام کی بھی تیرہ رباعیاں تھیں، جو قدیم املا میں لکھی تھیں، کاویانی پریس میں رباعیات خیام کے طبع کے وقت قزوینی نے وہ تیرہ رباعیاں بھی پریس میں بھیجدیں، جو اس نسخہ کے آخر میں شامل ہیں،[1] وہ حسب ذیل ہیں،

عالم اگر از بہر تو می آرایند ۔۔۔ ۱ ۔۔۔ مگرای بدان کی عاقلان نگرایند

[1] اس نسخہ کی پوری کیفیت "رباعیات مطبوعہ کاویانی برلن" ص ۱۹۲ و ص ۱۹۳ میں پڑھو،

بسیار چو تو روند، بسیار آیند — بربای نصیب خویش کت بربایند

۲

چون روزی و عمر بیش و کم نتوان کرد — خود را بکم و بیش دژم نتوان کرد
کار من و تو چنانکه رای من و تست — از موم بدست خویش هم نتوان کرد

۳

وقت سحر است خیز ای مایهٔ ناز — نرمک نرمک باده خور و چنگ نواز
کانها که بجایند نپایند کسی — وانها که شدند کس نمی آید باز

۴

چون نیست مقام ما درین دیر مقیم — بس بی می و معشوق خطائیست عظیم
تا کی ز قدیم و محدث امیدم و بیم — چون من رفتم جهان چه محدث چه قدیم

۵

چون ابر بنوروز رخ لاله بشست — برخیز و بجام باده کن عزم درست
کین سبزه که امروز تماشاگه تست — فردا همه از خاک تو برخواهد رست

۶

بر سنگ زدم دوش سبوی کاشی — سرمست بدم چو کردم این اوباشی
با من بزبان حال میگفت سبو — من چون تو بدم تو نیز چون من باشی

۷

یک قطرهٔ آب بود و با دریا شد — یک ذرهٔ خاک با زمین یکتا شد
آمد شدن تو اندرین عالم چیست — آمد مگسی پدید و ناپیدا شد

۸

ایام زمانه از کسی دارد ننگ — کو در غم ایام نشیند دلتنگ
می خور تو در آبگینه و نالهٔ چنگ — زان پیش که آبگینه آید بر سنگ

۹

این بحر وجود آمده بیرون ز نهفت — کس نیست که این گوهر تحقیق نسفت
هر کس سخنی از سر سودا گفتند — زان روی که هست کس نمیداند گفت

ای پیر خردمند پگه تر برخیز	۱۰	وان کودک خاک بیز را بنگر تیز
پندش ده و گو کی نرم نرمک می بیز		مغز سر کیقباد و چشم پرویز
دوری که در و آمدن و رفتن ماست	۱۱	او را نه نہایت نه بدایت پیداست
کس می نزند دمی درین معنی راست		کین آمدن از کجا و رفتن بکجاست
می خور که فلک بهر ہلاک من و تو	۱۲	قصدی دارد بجان پاک من و تو
در سبزه نشین و می روشن میخور		کین سبزه بسی دمد ز خاک من و تو
ای آنکه نتیجهٔ چہار و ہفتی[1]	۱۳	وز ہفت و چہار دائم اندر تفتی
می خور کی ہزار بار بیشت گفتم		باز آمدنت نیست چو رفتی رفتی

۴- کرسیتن زن نے ایک اور طریقہ یہ اختیار کیا ہے کہ خیام کے اٹھارہ مطبوعہ نسخون کو سامنے رکھکر ان مین جو رباعیان مشترک طور پر خیام کے انتساب سے متفق ملین ان کو الگ کیا، اس قسم کی ایک سو آٹھ رباعیان اس نے الگ کرکے چھاپین، اور انکو خالص خیام کا مال قرار دیا،

مگر یہ طریقہ کار بھی درست نہین کہ اگر یہ اٹھارہ الگ الگ مستند قلمی نسخے ہوتے توان پر اعتبار کیا جاسکتا تھا، اٹھارہ مطبوعہ نسخے، اٹھارہ مختلف اصلین نہین ہین، اس لیے ان کا اتفاق واشتراک صحت نسبت کی کوئی قطعی حجت نہین ہو،

۵- رُباعیات کی تعیین کا پانچوان طریقہ خیام کے فلسفیانہ خیالات کی تحقیق و تعیین ہے

---

[1] چہار سے مراد چار عناصر اور ہفت سے مراد ساتون آسمان، "سلیمان"

اس کے یہ خیالات اسکی بعض محققہ فارسی رباعیات، عربی اشعار اور فلسفیانہ کتابون پر غور و تحقیق کی نظر ڈالنے سے معلوم ہوتے ہین، محققین یورپ نے ابھی ادھر توجہ نہین فرمائی ہے، شاید فریڈرک روزن پہلا شخص ہے جس کو اس کا خیال آیا، مگر افسوس کہ اسکو کریستن زن کے دریافت کردہ باب روضۃ القلوب کے سوا (جو درحقیقت خیام کے رسالہ کلیات الوجود فارسی کا آخری ٹکڑہ ہے) کوئی چیز ہاتھ نہ آئی، اور اسمین بھی مطلب کی بات کچھ نہین، فریڈرک روزن نے لکھا ہے،

"متاسفانہ از آثار فلسفی خیام چیزے نماندہ، فقط در کتبخانہ ملی پاریس در مجموعہ روضۃ القلوب رسالہ خطی مختصرے از آثار فلسفی اوکہ بعنوان یادگار برائے پسر خواجہ نظام الملک و زیر نوشتہ، دیدہ میشود کہ کریستن زن آن را پیدا کردہ است، از روے این نسخہ ہم افکار فلسفی او را نمی توان بطور کامل فہمید"[1]

حالانکہ عمر خیام کی فلسفیانہ کتب و رسائل پر جو تبصرہ "تصنیفات" کے ضمن مین ہم لکھ چکے ہین، اس سے ظاہر ہوگا کہ فاضل موصوف کا تاسف صحیح نہین، کہ اس کے آثار فلسفی ابتک باقی ہین، ہم ذیل مین اسکی تصانیف اور قدیم معتبر حوالون سے اس کے مذہبی اور فلسفیانہ خیالات کی تشریح کرتے ہین،

---

[1] مقدمہ رباعیات مطبوعہ کاویانی ص ۴۷،

عمر خیام کا مذہب

عمر خیام کا مذہب اسلام تھا، لیکن مشائیت آمیز اشراقی فلسفیانہ اسلام جس کا خاکہ فارابی کے فصوص حکما، کی اخوان الصفا اور بوعلی سینا کے اشارات اور الٰہیات شفا مین نظر آتا ہے، بہرحال وہ مسلمان تھا، خدا و رسول کا قائل تھا،

وہ نماز پڑھتا تھا، (بیہقی، شہرزوری، واقعۂ وفات) حج بھی اس نے کیا تھا، قفطی نے غالباً کاتب اصفہانی کی خریدۃ القصر سے نقل کرکے لکھا ہے،

"جب اس کے اہل زمانہ نے اس کے دین مین اعتراض کیا، تو وہ جان کے ڈر سے دفع تہمت کے لیے حج کو گیا، جب بغداد پہنچا تو اس کے اہل طریقہ نے کوشش کی کہ اس سے فائدہ اٹھائین، لیکن اس نے اپنا دروازہ بند کرلیا، اور حج سے واپس آکر اپنے گھر مین گوشہ گزین ہوگیا، اور خاموشی کیساتھ اپنے عبادتخانہ مین جاتا اور چلا آتا تھا، (قفطی صفحہ ۲۴۴ لیپزگ)

اس عبارت کے آخری فقرہ سے ثابت ہوتا ہے کہ وہ گوشہ نشین ہوکر ریاضت و عبادت مین مصروف رہنے لگا تھا،

خیام کی وفات کے واقعہ سے بھی جس کا ذکر ابوالحسن بیہقی کی کتاب اخبار الحکما، دیا

تتمہ صوان الحکمۃ) کے حوالہ سے اوپر گذر چکا ہے، اُس کے مذہبی خیالات کا اندازہ ہوتا ہے، کہ وہ ابو علی سینا کی کتاب الہیاتِ شفا کا مطالعہ کر رہا تھا، جب واحد اور کثیر کی بحث پر پہنچا تو اُس پر یہ اثر ہوا کہ بیچ میں خلال رکھکر اٹھ کھڑا ہوا، لوگوں کو بلا کر وصیت کی، پھر نماز پڑھی، اس درمیان میں نہ کچھ کھایا نہ پیا، آخر عشا کی نماز پڑھ کر سجدہ کیا، اور سجدہ میں بار بار وہ یہ کہتا تھا،

اللّٰھُمَّ تعرف انی عرفتك	خدایا تو جانتا ہے کہ میں نے اپنے
علی مبلغ امکانی، فاغفرلی،	امکان بھر تجھکو پہچانا، تو مجھے بخشدے،
فانّ معرفتی ایاک وسیلتی	کہ میری یہی پہچان تیرے دربار
الیك،	میں میرا وسیلہ ہے،

یہ کہکر یہ طوطیِ خوشنوا ہمیشہ کے لیے خاموش ہو گیا[۱]،

اپنے رسالہ کون میں اُس نے بعثت رسول کی ضرورت پر دلیل پیش کی ہے، مغفرتِ الٰہی کی دعا بھی اُس نے بار بار مانگی ہے، جزا و سزا اور بہشت و دوزخ کے متعلق اُس کے وہی خیالات تھے، جو دوسرے حکماے اسلام کے ہیں،

---

[۱] شہرزوری ص ۲۷، بیہقی و درۃ الاخبار ص ۹۰،

خیّام کا مشرب و مسلک

خیّام مسلمان تو تھا، مگر سوال یہ ہے کہ اُس وقت کے اسلامی فرقون مین سے کس مین تھا؟ یا کم از کم یہ کہ اُس کے خیالات کس فرقہ سے ملتے جلتے تھے؟ جس شخص کو خیام کی تصنیفات کے پڑھنے کا موقع ملا ہے، وہ بے تامل کہدیگا کہ خود خیام اپنے کو حکماء کے گروہ مین شامل کرتا تھا، اور اسی جماعت کو وہ حق کا اصلی امین اور حقیقت کا اصلی رازدار اور محرم اسرار سمجھتا تھا، وہ اپنے زمانہ کے فرقۂ حکما کی پستیِ خیال اور دنیا طلبی پر سخت افسوس کرتا ہے، اور اسکو اس احساس سے ایسا ہی غم ہوتا ہے، جیسے اپنے تعلق کی کسی چیز کی بربادی پر، چنانچہ وہ اپنے دوسرے رسالہ جبر و مقابلہ مین جو اسکی جوانی کی تصنیف ہے، کہتا ہے، (ص ۳)

والکثر المتشبّھین بالحکماء	اور ہمارے زمانہ کے اکثر وہ لوگ جو حکماء
فی زماننا ھذا یلبسون	کی نقالی کرتے ہین، وہ سچ کو غلط سے ملا دیتے
الحق بالباطل، ولا یتجاوزون	ہین، اور فریب کاری اور اپنے علم کی نمایش
حدّ التدلیس والترائی	کی سرحد سے آگے نہین بڑھتے، اور علوم
بالمعرفۃ، ولا ینفقون	مین سے جو کچھ جانتے بھی ہین، وہ اسکو

القدر الّذی یعرفونه من العلوم	ذلیل بدنی اغراض مین خرچ کرتے ہین اگر
الا فی اغراض بدنیۃ خسیسۃ	وہ کسی ایسے شخص کو دیکھتے ہین، جو
وان شاھدوا انسانًا معتنیًا	حق کا طالب ہو اور سچائی کو ترجیح دیتا ہے
بطلب الحق وایثار الصدق	اور باطل اور مکاری کے ترک مین کوشش
مجتھدًا فی رفض الباطل	کرتا ہو، اور نمایش اور فریب کو چھوڑتا ہو،
والزور وترک المرایاۃ و	تو اس کی تحقیر کرتے، اور اس کی ہنسی
الخداع استخفّوہ وسخروا منہ	اڑاتے ہین،

ظاہر ہے کہ اس "ایسے شخص" سے مراد خود خیام کی ذات ہے، اس سے صاف ظاہر ہے کہ وہ اپنے کو بھی اس فرقہ سے سمجھتا ہے، جس کی موجودہ پستی پر اس کو اس قدر افسوس ہے، اور اس کے ضروری اخلاق کا نقشہ اسکی نگاہ مین یہ ہے کہ وہ حق کا طالب ہو، سچائی کا عاشق ہو، باطل سے متنفر ہو اور مکر و فریب سے پاک اور ریاکاری کا دشمن ہو،

وہ اپنے رسالہ "ثلاثۃ اسئلۃ" مین جو رسالہ کون کا ضمیمہ ہے، اپنے فرقہ کو ان الفاظ مین نصیحت کرتا ہے

وانی اوصی کلّ من اعرفہ	اور مین ہر اس شخص کو جس کو حکما مین سے
من الحکماء بتقدیس ذٰلک	سمجھتا ہون یہ نصیحت کرتا ہون کہ وہ
الجناب عن الظّلم والشرّ،	خدا کی بارگاہ کو ظلم و شر سے پاک
ص ۱۰۳، مصر	رکھے،

اس عبارت سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ تمام فرقون مین سے ذات باری کی حقیقی عزت

وعظمت کے سمجھنے کا اہل حکمار کو سمجھتا تھا،

لیکن فرقۂ حکمار سے مقصود کیا ہے؟ اس سے مقصود مسلمان فلاسفرون کی وہ جماعت ہے جس کا مقصد عقل ونقل اور مذہب وفلسفہ مین تطبیق تھا، ان کے خیال مین حکمار کے آرا، اور انبیا کی تعلیمات یکسان صداقت پر مبنی ہین، اور دونون برابر کی سچائیان ہین، پیغمبرون کی تعلیمات مین اگر کوئی ایسی بات ہے جو بظاہر عقل کے خلاف ہے تو اسکی تاویل کرکے اُس کے معنی کی تشریح اس طرح کیجائے کہ وہ عقل وفلسفہ کے مطابق ہو جائے، یہ فرقہ اسلامی عقائد کی تشریح فلسفیانہ مذاق کے مطابق کرتا تھا، اور حکماے یونان اور انبیا علیہم السلام کو ایک ہی تنہ کی دو شاخین تسلیم کرکے ان دونون کی تعلیمات مین تطابق پیدا کرتا تھا،

یہ فرقہ متکلمین اسلام سے الگ تھا، کیونکہ متکلمین کی حیثیت مناظر کی تھی، وہ اسلامی اصول وعقائد کو اصل سمجھکر اُس شے کو جو اُس کے خلاف تھی باطل کرتے تھے، اور اُسکو باطل سمجھتے تھے، یعنی یہ اسلام کے عقلی وکیل ومناظر تھے، اور اسلامی مسائل کی اسطرح تشریح کرتے تھے کہ وہ عقل کے خلاف نظر نہ آئین، اونکو اسلام کی خاطر یونانی فلاسفہ وحکما کی تغلیط اور اونکی تحقیقات کی کمزوریان ثابت کرنے مین تامل نہ تھا، الغرض مذہب اُن کا اصلی اور فلسفہ انکا ضمنی پہلو تھا،

متکلمین اسلام مین مختلف فرقے تھے، اور اُن کے اپنے اپنے مسلک کے لحاظ سے مختلف اصول تھے، جنمین اس وقت مشہور ظاہریہ (حنبلیہ) اشعریہ (شافعیہ ومالکیہ) ماتریدیہ (حنفیہ) اور معتزلہ تھے

حکمار تین گروہون مین منقسم تھے،

۱۔ ایک وہ جو صرف حکیمانہ خیالات رکھتے تھے، لیکن عملاً دنیا طلب اور عیش پرست تھے جیسے بوعلی سینا وغیرہ،

۲۔ دوسرے وہ جن کے خیالات حکیمانہ اور اخلاق زاہدانہ تھے، یہ اسکندریہ کے افلاطونی حکیموں اور یونان کے رواقی فلسفیوں کیطرح اپنے حکیمانہ اصول و خیالات کے مطابق خشک فلسفیانہ زندگی بسر کرتے تھے، اور ریاضات شاقہ کے ذریعہ سے تزکیہ نفس اور ترقی روح کے مدارج ڈھونڈھتے تھے، ان کو "فلسفی صوفی" کہہ سکتے ہیں، فارابی المتوفی ۳۳۹ھ، ابن مسکویہ المتوفی ۴۲۱ھ اور شیخ الاشراق سہروردی المقتول ۵۸۷ھ وغیرہ اسی گروہ سے تعلق رکھتے تھے

۳۔ تیسرا فرقہ وہ تھا جو فلسفیانہ خیالات کے ساتھ ایک امام کی اطاعت مطلقہ کا قائل تھا، اور وہ اسی امام کی اطاعت کو نجات کا ذریعہ سمجھتا تھا، یہ لوگ باطنیہ اور اسماعیلیہ اور تعلیمیہ[1] کہلاتے تھے، اس فرقہ کے عقائد اور اصول پر حکیم ناصر خسرو (المتوفی تقریباً ۴۸۱ھ) کی کتابیں، زاد المسافرین اور وجہ دین برلن سے شائع ہو چکی ہیں، رسائل اخوان الصفا کے مصنفین بھی اسی فرقہ سے تعلق رکھتے تھے، اور اس کے لیے ایک "علوی حکومت" کے قیام کا خواب دیکھتے تھے[2]، اور شاید بعد کو کوہستان و اصفہان میں اسماعیلیہ حکومت و ریاست کا قیام اسی خواب کی تعبیر ہو،

---

[1] یہ باطنیہ اس لیے کہلاتے تھے کہ شریعت کے ہر مسئلہ کا ایک باطنی معنی مراد لیتے تھے، اور ظاہر کی پروا نہیں کرتے تھے، اور اسماعیلیہ اسلئے کہلاتے تھے کہ یہ حضرت جعفر صادق کے بڑے لڑکے اسمٰعیل کو امام مانتے تھے اور یہیں سے یہ شیعہ اثنا عشریہ سے الگ ہوتے ہیں، اور تعلیمیہ اسلئے ان کو کہتے ہیں کہ فلسفیانہ تعلیم اُن کے مذہب کا جزو تھی،

[2] رسائل اخوان الصفا، رسالہ سابعہ جلد چہارم ص ۱۹۵ و ص ۲۲۵ بمبئی،

"حکمائے اسلام"

امام رازی نے اپنی تفسیر کبیر میں جابجا ان "حکمائے اسلام" کا ذکر اسی لقب سے کیا ہے اور اُن کے خیالات کی ترجمانی کی ہے، ایک جگہ کہتے ہیں "احتج حکماء الاسلام بھذہ الآیۃ"[1]

ایک اور مقام پر فرماتے ہیں "المقام الثانی وھو قول حکماء الاسلام"[2] ایک اور موقع پر لکھتے ہیں "وھو ان جماعۃ من حکماء الاسلام"[3] یہ حکما یعقوب کندی، ابو نصر فارابی

ابو علی سینا، ابن مسکویہ، شیخ الاشراق سہروردی، اور مصنفین اخوان الصفا وغیرہ ہیں،

ان حکمائے اسلام کے عقائد، خیالات، اور تاویل کے طریقے یکساں ہیں، اُن کا آغاز اسلام میں کیونکر ہوا؟ ابھی تک اس کی تہ تک پہنچنے کی کوشش نہیں کی گئی ہے، میں نے جہاں تک ان حکما کی تصانیف اور ملل ونحل کی کتابوں کا مطالعہ کیا، مجھ پر یہ حقیقت روشن ہوگئی ہے کہ اسلام سے پہلے حران واقع عراق میں کچھ حکما کا گروہ تھا جو ایک طرف ایرانی، اور دوسری طرف مصری و یونانی فلسفہ میں ماہر تھا، اسی قسم کا گروہ اسکندریہ (مصر) میں بھی موجود تھا، جو ایک طرف عیسائی اصول اور دوسری طرف یونانی فلاسفہ کے خیالات سے متاثر تھا، اسلام آیا، تو اس سیلاب میں سب ہی غرقاب ہوگئے، عباسیہ نے جب عراق کو اپنا پایہ تخت بنایا اور علوم وفنون کے ترجموں کی طرف توجہ ہوئی، تو اس گروہ کے نصیب جاگے، ان میں حران کے صابی اور سریانی پیش پیش تھے،

---

[1] تفسیر آیت وَالَّذِيْنَ يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ قِيَامًا وَّقُعُوْدًا [2] تفسیر آیت وَلَهٗ مُعَقِّبٰتٌ مِّنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ (رعد)

[3] " " قَالَتْ لَهُمْ رُسُلُهُمْ اِنْ نَّحْنُ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ (ابراہیم)

اسلام سے متاثر ہو کر وہ اصول تطبیق جو وہ ایرانی، عیسائی اور دوسرے مذاہب اور فلسفیانہ خیالات کے درمیان برت چکے تھے، وہی اسلام کیساتھ برتنے لگے، انھین کے مسلمان ہمخیالون کا نام "حکمائے اسلام" قرار پایا، ان حکما، کی شریعت کا سب سے مکمل صحیفہ اخوان الصفا کے ۵۱ رسائل ہین، نیز یعقوب کندی الموجود ۲۲۸ھ، فارابی المتوفی ۳۳۹ھ، ابو علی سینا المتوفی ۴۲۸ھ اور ابن مسکویہ المتوفی ۴۲۱ھ کی تصنیفات ہین، یعقوب کندی کی تو کوئی فلسفیانہ کتاب ملتی نہین، مگر فارابی المتوفی ۳۳۹ھ کے رسائل اور خصوصاً اس کا رسالہ فصوص اس فرقہ کے خیالات کا آئینہ دار ہے، فارابی کا یہ رسالہ اُس کے دوسرے رسالون کے ساتھ مصر و یورپ مین چھپ چکا ہے،

فارابی کے بعد ابو علی سینا کی الٰہیاتِ شفا و اشارات اور ابن مسکویہ کی الفوز الاکبر والاوسط والاصغر، اور کتاب الطہارت وغیرہ کتابین ہین،

اخوان الصفا کی نسبت کوئی شک نہین کہ یہ چوتھی صدی ہجری کے آخر مین (۳۷۳ھ مین) دیلمیون کے عہد مین بصرہ مین لکھی گئی، لکھنے والون کے نام گو صحیح طور سے معلوم نہین، تاہم ابو حیان توحیدی کے معاصرانہ بیان سے جس کو قفطی نے نقل کیا ہے یہ متحقق ہے کہ یہ رسائل تنہا ایک شخص کے نہین[1]، بلکہ ایک فرقہ کے خیالات ہین، جیسا کہ اُن مین جابجا

---

[1] اخوان الصفا کے مصنفین مین قفطی اور شہرزوری اور حاجی خلیفہ چلپی نے حسب ذیل علماء کے نام لیے ہین، ابو سلیمان محمد بن معشر البیستی ابو الحسن علی بن ہارون زنجانی، ابو احمد مہرجانی، زید بن رفاعہ، اور عوفی اور اخوان الصفا کے مطبوعہ بمبئی (مطبعہ نخبۃ الاخبار ۱۳۰۶ھ) کی لوح پر مصنف کا نام احمد بن عبد اللہ لکھا ہے، اس کتاب پر بہترین بیان قفطی کی اخبار الحکماء مین ہے، (ص ۸۰ مصر) جو ابو حیان توحیدی کی معاصرانہ شہادت پر مبنی ہے،

ظاہر کیا گیا ہے، اور خصوصیت کے ساتھ اس کے یہ فقرے لحاظ کے قابل ہین،

ان لنا اخوانا واصدقاء
من كرام الناس وفضلائهم
متفرقين في البلاد، فمنهم
طائفة من اولاد الملوك
والامراء والوزراء والعمال
والكتاب ومنهم طائفة
من اولاد الاشراف والدهاقين
والتجار والتناء ومنهم طائفة
من اولاد العلماء والادباء
والفقهاء وحملة الدين و
ومنهم طائفة من اولاد الصناع
والمتصرفين وامناء الناس. الخ

ہمارے بہت سے مذہبی بھائی اور دوست
ہین، جو شریف اور فاضل لوگ ہین،
یہ شہرون مین پھیلے ہین، ان مین کچھ
شہزادے، امیرزادے، اور وزیر
زادے، سرکاری عہدہ دار، اور اہل
دفتر ہین، اور کچھ خاندانی لوگ، اور
زمیندارون اور سوداگرون،
اور اہل حرفہ (؟) مین سے ہین
کچھ علماء، ادباء، فقہاء، اور
حاملین مذہب کی اولاد ہین،
کچھ کاریگرون، اور کاردیاری
لوگون کی اولاد ہین،

(ج ۴ صـ ۳۰۷ مطبوعہ بمبئی)

اس کے بعد یہ بیان کیا ہے کہ ہم اپنے عقائد بادشاہون اور وزیرون کے ڈر سے نہین چھپاتے، بلکہ اس لیے چھپاتے ہین کہ نااہل کے سامنے حکمت کے موتی بکھیرنے سے کوئی فائدہ نہین، پھر دنیاوی سلطنت وحکومت کی تحقیر کرکے لکھتے ہین،

واعلم ایها الاخ بانا لانحسد	جان اے بھائی کہ ہم زمین کے بادشاہون
ملوک الارض ولا نتنافس	پر رشک نہین کرتے اور نہ اہل دنیا کے
فی مراتب ابناء الدنیا لکن	مرتبہ ومنصب کے خواہشمند ہین بلکہ ہم آسمانی
نطلب الملك السماوی و	بادشاہی اور فرشتون کے رتبون کے
مراتب الملائکة الذین	طالب ہین، کیونکہ ہمارا جوہر،
هم اولی اجنحة مثنی وثلاث	آسمانی جوہر، اور ہمارا عالم، عالم
ورباع لان جوهرنا جوهر	علوی ہے، اور ہم اس دنیا مین
سماوی وعالمنا عالم علوی و	مادہ کی قید مین گرفتار اور مسافر
نحن هٰهنا اسری غرباء فی	ہین، اور مادہ کے سمندر مین
اسر الطبیعة غرقی فی بحر الهیولی (رقی)	غرق ہین،

بعد ازین اپنا یہ اصول ظاہر کیا ہے کہ ہم مذہب کے پیرو ہونے کے باوجود فلسفہ و حکمت کا انکار نہین کرتے، کہتے ہین،

واعلم ایها الاخ باننا لا نعادی	اور جان اے بھائی! کہ ہم علوم مین سے
علمًا من العلوم، ولا نتعصب	کسی علم کے دشمن نہین، اور نہ ہم کو
علی مذهب من المذاهب	کسی مذہب سے تعصب ہے، اور
ولا نهجر کتابا من کتب	نہ ہم حکماء اور فلاسفہ کی کسی کتاب
الحکماء والفلاسفة مما	کو جس کو انھون نے مختلف اقسام

وضعوه والفوه فی فنون العلم	علوم مین تصنیف کیا ہو، اور جس کو اپنی
وما استخرجوه بعقولهم و	عقل اور تلاش سے نکالا ہو، ہم چھوڑتے
تفحصهم من لطیف المعانی	ہین، لیکن ہمارا اعتماد اور بھروسہ
واما معتمدنا ومعوّلنا و	اور ہمارے کام کی بنیاد، پیغمبرون
بناء امرنا فعلی کتب الانبیاء	کی کتابون پر، اور جو وہ لائے اُور
وما جاؤا به من التنزیل	فرشتون نے اُن کو جو خبرین
وما القت الیهم الملئکة	دین، اور اُن پر جو الہام اور
من الانباء والالهام والوحی (ص ۲۹)	وحی اتری اُن پر ہے،

پھر حسب ذیل علوم کی کتابون کو اپنا مقصود بتایا ہے،

۱۔ عالم جس طرح ہے آسمان سے زمین تک اُس کی شکل، افلاک کی ترتیب، بروج کے اقسام، ستارون کے حرکات، عناصر اور معدنیات، نباتات اور حیوانات کا علم،

۲۔ نفوس کی حقیقت، اور اُن کے مقامات کے مدارج، بعض نفوس کا بعض پر اثر، اور افلاک، نجوم، عناصر، معدنیات، نباتات، حیوانات، طبقات انسانی، انبیاء، حکماء، سلاطین، اُنکے متبعین اور اہل بازار اور عوام پر ان کی تاثیر، اس ضمن مین وہ کہتے ہین کہ یہ وہ علم ہے جس کو ہمارے سوا دوسرے نہین پڑھتے،

ولنا کتاب اٰخر لا یشارکنا	اور ہماری ایک اور کتاب ہے جس مین
غیرنا ولا یفهمه سوانا	ہمارے ساتھ کوئی اور شریک نہین اور جسکو

وهو معرفة . . . .

. . . . .

اس کے بعد وہ کہتے ہین،

فان نشطت ایها الاخ البارّ
الرحیم الی قرأة هذه الکتب
الاربعة انت واخوانك
لتعلم مافیها وتفهم معانیها
وتعرف اسرارها فهلمّ
الی حضور مجلس اخوان
لك وفضلاء واصدقاء
لك کرام، تسمع اقاویلهم
وتری شمائلهم وتعرف
سیرتهم لعلك تتخلق
باخلاقهم وتتهذب
بآدابهم . . . وتتوفق
للصعود الی ملکوت السمآء
وتنظر الی الملأ الاعلی

ہمارے سوا کوئی نہین سمجھتا ! ورنہ
معرفت . . . . .

اگر تو، اے مہربان، نیک بھائی !
تجھے یا تیرے بھائیون کو ان چارون
کتابون کے پڑھنے کا شوق ہو تاکہ
اُن کے مضامین کو تو جانے اور انکے
مطالب کو سمجھے اور اُن کے بھیدون
سے واقف ہو، تو اپنے ان بھائیون کی
مجلس مین شرکت کر جو فضیلت والے
ہین، اور تیرے معزز مخلص دوست
ہین، انکی باتین سنے گا، ان کے
خصائل حسنہ دیکھے گا، اور اُن کے
اخلاق جانے گا، شاید کہ تو بھی انکے
جیسے اخلاق سیکھے اور اُن کے آداب
و آئین سے تہذیب حاصل کرے،
. . . . . اور آسمانی مملکت میں جڑھنے

الحافین حول العرش ،	کی توفیق تجھے ملے اور فرشتگانِ خاص کو جو عرش
(ج ۴ ص ۲۰۹ ، بمبئی)	الٰہی کو گھیرے ہین ، تو دیکھ سکے ،

اسی کتاب کی دوسری جلد مین یہ بیان کیا ہے کہ اہل فلسفہ پیغمبرون کے مذہب کے منکر اور اہل مذاہب ، فلاسفہ کی تصنیفات سے منحرف ہوتے ہین ، اور ہم ان دونون مین تطبیق دیکر دونون کی یکسان تصدیق کرتے ہین ، اور سمجھتے ہین کہ یہ دونون ایک ہی اصل کی دو شاخین اور ایک ہی منزلِ مقصود کے دو راستے ہین ،

وقوم من العلماء المتشرعین	علماے دین کا ایک گروہ ان مین سے
ینکرون اکثرہ اما لقصور	اکثر کا انکار کرتا ہے ، یا تو اہل فلسفہ کے کلام
فہمہم عما وصف القوم او	کو نہ سمجھنے کے باعث ، یا ان کے کلام مین
لترکہم النظر فیہا ، واستغنائہم	غور نہ کرنے اور صرف علوم و احکام شرعیہ
بعلم الشرع واحکامہ ، او	مین مشغولی کے سبب سے ، یا اس کا
لعناد بینہما ، وکذالک	موجب یہ ہے کہ ان دونون گروہون
ایضًا ان اکثر من ینظر فی العلوم	مین مخالفت اور عناد ہے ، اور نیز اسی
الحکمیۃ من المبتدئین	طرح اہل فلسفہ مین سے اکثر مبتدی اور
فیہا والمتوسطین من بینہم	اور متوسط لوگ امرِ نبوت اور احکام
یتہاونون بامر الناموس و	شریعت کے متعلق سستی کرتے ہین ، اور اہل
احکام الشریعۃ ، ویزرون	شرع کی تحقیر کرتے ہین ، اور احکام شرع

باھلہ ...... بالدخول تحت	کو صرف ڈر سے اور بادلِ ناخواستہ
احکامہ الا خوفا وکرھا	قبول کرتے ہیں .....
.. کل ذالک لقصور	...... یہ تمام باتین سلیے
الفریقین جمیعا عن معرفۃ	ہین کہ دونون فریق اشیاے مذکورہ
حقائق ھذہ الاشیاء المذکورۃ	کی حقیقت شناسی سے قاصر ہین،
وبقلۃ علمھم ایضا بماھیۃ	اور اس لیے بھی کہ یہ دونون کائنات
الکائنات، ولما کان من	کی ماہیت سے بے خبر ہین، اور چونکہ
مذھب اخواننا الفضلاء	ہمارے معزز اہل علم بھائیون کا مذہب
الکرام النظر فیھما جمیعا و	یہ ہے کہ ان شرعی اور عقلی دونون
الکشف عن حقائق اشیاءھما،	علوم مین غور کرین، اور دونون کی
اعنی العلوم الحکمیۃ والنبویۃ	حقیقتون کو کھولین، یعنی علوم حکمت
جمیعا ...... ثم اعلم ان	اور علوم نبوّت دونون کی ...
العلوم الحکمیۃ والشریعۃ	... پھر جان لے کہ علم حکمت اور
النبویۃ کلاھما امران	علم شریعت دونون خدائی علم ہین،
الھیان، یتفقان فی الغرض	غرض اور مقصود اصلی مین دونون
المقصود فیھما الذی ھو	متفق ہین، اور جزئیات مین مختلف ہین،
الاصل، ویختلفان فی الفروع	یعنی یہ کہ فلسفہ کی برترین غرض

وذلك ان الغرض الاقصیٰ
من الفلسفة هو ماقيل انها
التشبه بالاله بحسب طاقة
البشر، کما بيّنّا فی رسائلنا
اجمع...... وهكذا الغرض
من النبوة والناموس هو
تهذيب النفس الانسانية
واصلاحها، وتخليصها من
جهنم عالم الكون والفساد
ايصالها الی الجنة ونعيم اهلها
فی نسخة عالم الافلاک...
.... وهذا هو الاتفاق
والمقصود من العلوم الحکمية
والشريعة النبوية. (رص ۳۲۹ و ۳۳۰ ج ۴ بمبئی)

جیسا کہ کہا گیا ہے، یہ ہے کہ انسانی
قوت کے مطابق صفاتِ الٰہی سے
تشبہ پیدا کیا جائے، جیسا کہ ہم نے
اپنے سارے رسالون مین بیان کیا
ہے ....
... اسی طرح نبوت اور شریعت
کی غرض بھی نفس انسانی کی تہذیب
واصلاح، اور اس دنیاے کون
وفساد کی جہنم سے اُس کو رہائی دینا
اور دنیائے آسمان کی جنت اور اہل
جنت کی نعمت تک پہنچانا ہے۔
.... یہ دونون
کی متحدہ غرض ہے، اور یہی علوم حکمت
اور شریعت دونون کا واحد مقصود ہے،

ان مطالب کے سمجھنے کے بعد آؤ ہم خیام کو سمجھین، اُس کے قدیم سوانح نگار کاتب اصفہانی نے جو اس سے بہت ہی قریب العہد تھا، اُس کے طریقہ و مذہب کی یہ تفصیل کی ہے،

امام خراسان، وعلامۃ الزمان	خراسان کا امام، اپنے زمانہ کا علامہ،
یعلم علم یونان، ویحثّ علی	یونان کا علم جانتا تھا، اور واحد جزا
طلب الواحد الدیّان، بتطہیر	دہندہ کی طلب کی تلقین کرتا تھا،
الحرکات البدنیۃ، لتنزیہ	اعمالِ بدنی کی پاکی کے ذریعہ سے تاکہ
النفس الانسانیۃ، ویامر	نفس انسانی پاکیزہ ہو، اور یونانی
بالتزام السیاسۃ المدنیۃ	فلسفیانہ اصول کے مطابق اخلاق
حسب القواعد الیونانیۃ	کے اختیار کرنے کا حکم دیتا تھا،

(اخبار الحکماء قفطی صفحہ ۲۴۴ مطبعۃ السعادۃ ۱۳۲۶ھ)

ان چند سطرون مین خیام کی جو تصویر کھینچی گئی ہے، اُس سے زیادہ اس کے خیالات کی کوئی صحیح تصویر نہین مل سکتی،

غور کرو یہ وہی شریعت ہے جس کی تلقین اخوان الصفا مین ہے، اور جس کا اجمالی نقشہ ابو علی سینا کی الہیات مین نظر آتا ہے، اور اوپر جاؤ تو یونان کے خالص رواقی اور اخلاقی فلاسفرون کی زندگیون مین نظر آتا ہے، اور بعد کو افلاطون الٰہی اور اسکندریہ کے مذہبی فلاسفرون کی تلقینات مین،

یہ تو معلوم ہو چکا کہ خیام کا شمار حکما مین کرنا چاہئے، لیکن اوپر حکما کی چار قسمین گذری ہین، سوال یہ ہے کہ خیام ان تینون مین سے کس قسم مین تھا؟ خوش قسمتی سے اس کا جواب خود اُسی کی کتاب سے ملتا ہے، اس کے رسالہ کلیات الوجود (فارسی) کے آخر مین حسب ذیل باب ہے،

بدانکہ کسانے کہ طالبانِ شناختِ خداوند سبحانہ وتعالیٰ اند، چہار گروہ اند، اوّل متکلمانند کہ ایشان بجدل وحجت ہاے اقناعی راضی شدہ اند وبدان قدر پسندہ کردند، در معرفتِ باری عز اسمہٗ و دوّم فلاسفہ وحکما اند کہ ایشان بادلّۂ عقلیِ صِرف در قوانینِ منطقی طلبِ شناخت کردند وہیچ ادلّہ اقناعی نکردند، لیکن ایشان نیز بشرائطِ منطق وفا نتوانستن کرد و ازان عاجز آمدند سیّوم اسماعیلیان اند و تعلیمیانند کہ ایشان گفتند کہ طریقِ معرفت جز اخبارِ خبر (مخبر؟) صادق نیست، چہ در ادلّۂ معرفتِ صانع وذات وصفات وے اشکالات بسیار است، و ادلّہ متعارض وعقول دران متحیر وعاجز، پس اولیٰ تر آن باشد کہ از قولِ صادق طلبند چہارم اہلِ تصوّف بودند کہ ایشان بتفکر واندیشہ طلبِ معرفت نہ کردند، کہ بتصفیۂ باطن وتہذیبِ اخلاق نفسِ ناطقہ را از کدورتِ طبیعت وہیأتِ بدنی منزّہ کردند، چون آن جوہر صافی گشت و در مقابلۂ ملکوت افتاد، صورتہاے آن بحقیقت درآنجاے گہ پیدا شود بے ہیچ شکّے وشبہتے، واین طریق از ہمہ بہتر است کہ ہیچ کمال از حضرتِ خداوند مبخول نیست، وآنجا نگہ منع وحجاب نیست، پس ہر انچ آدمی را بود از کدورتِ طبع باشد، چہ اگر حجب زائل شود وحائل ومانع دور گردد، حقائق چیزہا چنانک باشد پیدا شود“

اس عبارت سے صاف ظاہر ہے کہ وہ متکلم حکیم نہ تھا، فلسفی حکیم بھی نہ تھا، اسماعیلی حکیم بھی نہ تھا، اگر تھا تو صوفی حکیم، اور اسی طریق کو وہ پسندیدہ، اور صواب جانتا تھا، صوفیہ کے ساتھ اس کے تعلق ونسبت کی پہلی اطلاع ہم کو اخبار الحکما قفطی (سنہ ۶۴۶ھ) کی زبانی ملتی ہے۔

لہ دیکھو وجہ دین حکیم ناصر خسرو اسماعیلی، گفتار دوم ”اندر پیدا کردن خداوند حق از جملہ دعوی کنندگان“ مطبع کاویانی برلن ص ۱۲

وقد وقف متاخرو الصوفیۃ	بعد کے صوفیہ اسکے شعر کے کچھ ظاہری مطالب
علیٰ شئی من ظواہر شعرہ،	سے واقف ہوے،

پھر اسی کتاب مین اوس کے سفر بغداد کے سلسلہ مین اس کے خاص فرقہ کے لوگون کا ذکر ہے

ولما حصل ببغداد سعی الیہ	اور جب وہ بغداد آیا تو علم قدیم مین
اھل طریقتہ فی العلم القدیم	اس کے طریقہ والے اس کے پاس آئے
..... ورجع من حجہ الی بلدہ	. . . . اور
یروح الی محل العبادۃ ویغدو	وہ حج سے اپنے شہر واپس آیا تو صرف اپنے
(ص ۱۶۳ مصر)	عبادتگاہ مین صبح شام آیا جایا کرتا تھا،

"اھل طریقتہ فی العلم القدیم" سے ہویدا ہے کہ اس کے ہم خیال اہل علم قدیم بغداد مین موجود تھے، "علم قدیم" سے مراد غالباً فلسفہ ہے، مگر فلسفیانہ تصوّف بھی فلسفہ سے باہر نہین اوپر کی عبارت کے دوسرے ٹکڑے سے ظاہر ہے کہ وہ حج سے واپس آکر گوشہ نشین ہو گیا، اور صرف اپنی عبادتگاہ مین اُس کی آمد و رفت تھی، ان دونون ٹکڑون کو ملاؤ تو یہ ثابت ہوگا کہ وہ ایک طرف "علم قدیم" کا ماہر و معتقد تھا، اور دوسری طرف عابد گوشہ نشین، اس لیے وہ حقیقت مین "حکیم صوفی" تھا،

خیام کا تصوّف فلسفیانہ تھا مین نے اوپر کہا ہے کہ فلسفیانہ تصوّف، فلسفہ سے باہر نہین، اصل یہ ہے کہ تصوّف کا لفظ اب مدت سے دو معنون مین بولا جاتا ہے، یا یہ کہو کہ تصوف کی دو قسمین ہین، ایک مذہبی تصوّف، اور دوسرا فلسفیانہ تصوّف، مذہبی تصوف سے مقصود

مذہبی روح یعنی اخلاص محبت، زہد، تقویٰ، عبادت، اور شریعت پر سنت نبوی کے مطابق عمل ہے، اور اسی کا نام حدیث کی اصطلاح مین احسانؑ ہے، پہلی اور دوسری صدی مین زہاد اور عباد اسی قسم کے تھے، عام مسلمانون سے الگ ان کے کچھ خاص عقائد اور خیالات نہ تھے، وہ فلسفہ سے بھی ناآشنا تھے، وہ صرف قرآن وحدیث سے توغل رکھتے تھے اور روزہ، نماز، تلاوتِ قرآن اور نوافل ان کا شب و روز کا شغل تھا، اور اخلاص عمل اور خلق کی خدمت پر ان کے ہان سب سے زیادہ زور تھا،

اور فلسفیانہ تصوف سے مقصود الٰہیات کے متعلق حکیمانہ خیالات رکھنا، اور فلاسفہ کی طرح خشک زندگی اختیار کرکے، انکی اخلاقی تعلیمات پر عمل کرنا ہے،

پہلے تصوف کا مرکزِ خیال نبوت ہے، اور اس مین انبیاءؑ کے احوال کی پیروی ہوتی ہے، اور دوسرے تصوف کا مرکز حکمت ہی، اور اس مین فلاسفہ اور حکماء کے احوال کی پیروی کیجاتی ہے، وشتان بینہما،

خیام کا تصوف مذہبی نہین، بلکہ حکیمانہ تھا، یعنی اس کے سامنے انبیاءؑ کے احوال نہین بلکہ حکماء کے حالات تھے، اور انھین کے خیالات تھے، تصوف کی ان دونون مختلف قسمون مین امتیاز نہ کرنے کے سبب سے، اسلامی تصوف کے مغربی مصنفین کو بہت کچھ اختلاط اور التباس پیش آیا ہے، عملی تصوف کا آغاز تو اسلام مین زہد و ترک دنیا مین غلو سے ہوا، لیکن

لہ صحیح بخاری ابواب الایمان، اسی لیے شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی نے حجۃ اللہ البالغہ مین اسلامی تصوف کو بلفظ "احسان" ادا کیا ہے، اور یہ تعبیر صحیح ہے، اور خود حدیث نبوی سے ماخوذ ہے،

بعد کو اُسمین جو نظری تصوّف داخل ہوا جسمین خاص خیالات، خاص عقائد، اور ایک خاص قسم کے فلسفہ کی آمیزش تھی، وہ جدید افلاطونی اسکول کی تعلیمات تھین، جو اسلام کے خالص تصوف مین تیسری صدی کے اواخر سے شامل ہونے لگین یہی وہ تصوف ہے جس کو ہم "فلسفیانہ تصوُّف" کہتے ہین،

فلسفیانہ تصوُّف | اس فلسفیانہ تصوُّف کا ماخذ یونان کا اشراقی، اور اسکندریہ و افلاطونی اسکول ہونا بعض قدیم مسلمان حکماء کے نزدیک بھی مسلم تھا چنانچہ مشہور حکیم ابوریحان بیرونی المتوفی سنہ ۴۴۰ھ کہتا ہے،

وکان فیھم من یری ان الاشیأ	ان حکیمون مین بعض ایسے تھے جو سمجھتے
کلھا شئ واحد ثم من قائل فی	تھے کہ تمام اشیا حقیقت مین ایک
ذلک بالکمون ومن قائل بالقوۃ	ہین، پھر ان مین بھی دو فریق ہین،
وان الانسان مثلاً لم یتفضل	ایک فریق اس کا قائل ہے کہ ان
عن الحجر والجماد الا بالقرب	اشیاء کی امتیازی صفت ان مین چھپی
من العلۃ الاولی بالرتبۃ	موجود رہتی ہے، اور دوسرا کہتا ہے
والا فھو ھو، ومنھم من کان	کہ اس وقت ان مین موجود نہین
یری الوجود الحقیقی للعلۃ	رہتی بلکہ آیندہ اس کی استعداد انمین
الاولی فقط لاستغنائھا	موجود رہتی ہے، مثلاً انسان پتھر
بذاتھا فیہ وحاجۃ غیرھا	اور جمادات سے صرف اس لیے ممتاز ہر

الیھا، وان ماھو مفتقر فی	کہ وہ علتِ اولیٰ (خدا) سے رتبہ مین قریب ہے
الوجود الی غیرہ فوجودہ کالخیال	ورنہ وہ بھی پتھر اور جماد ہی ہے، ان مین
غیر حق، والحق ھو الواحد	سے بعضون کی یہ راے تھی کہ حقیقی وجود
الاوّل فقط، وھذا رای	صرف علتِ اولیٰ کا ہے، کیونکہ وہ اپنے
السوفیۃ وھم الحکماء فان	وجود مین غیر کی محتاج نہین اور اسکے
"سوف" بالیونانیۃ الحکمۃ،	علاوہ دوسرے موجودات اپنے وجود مین
وبھا سُمّی الفیلسوف پیلا	اس کے محتاج ہین، اور جو اپنے وجود مین
سوپا ای محبّ الحکمۃ، ولمّا	غیر کا محتاج ہو اسکا وجود خیالی ہے اور حق
ذھب فی الاسلام قوم الی قریب	نہین ہے اور حق وہی ایک اوّل ہے، اور یہ
من رایھم سموا باسمھم،	راے سوفیہ کی ہے، اور وہی حکما ہین کیونکہ "سوف"
(کتاب الھند ص ۱۶ لیڈن)	یونانی مین حکمت کو کہتے ہین، اور اسی سے فیلسوف

کہلاتا ہے... جب اسلام مین ایک جماعت پیدا ہوئی جو انکی راے سے قریب تھی تو وہ بھی انھین کے نام (صوفی) سے موسوم ہوئی

علامہ ابن تیمیہ المتوفی ۷۲۸ھ جو عقل و نقل اور فلسفہ و مذہب دونون کے امام تھے اپنے رسالہ فی السماع والرقص مین لکھتے ہین[1]:-

وابن سینا احدث فلسفۃ	اور ابن سینا نے ایک فلسفہ پیدا کیا جسکو
رکّبھا من کلام سلفہ الیونانی	اس نے اپنے پہلے کے یونانی فلاسفہ اور
وممّا اخذہ من اھل الکلام	(مسلمانون مین سے) بدعتی متکلمین جہمیہ

[1] مجموعۂ رسائل کبریٰ ابن تیمیہ جلد دوم ص ۲۸۰ مطبعۂ عامریہ شرفیہ مصر۔

المبتدعين الجهمية ونحوهم،	وغیرہ کے خیالات سے ملاجلا کر بنایا تھا،
وسلک طریق الملاحدة	اور بہت سی علمی اور عملی باتون مین وہ
الاسماعیلیة فی کثیر من اموٕرهم	اسماعیلی ملحدون کے راستہ پر چلا، اور کچھ باتین
العلمیة والعملیة، ومزجه	اس مین صوفیہ کی ملاوین، جو حقیقت مین
بشیٔ من کلام الصوفیة، و	اس کے ہم خیال اسماعیلی قرامطۂ باطنیہ
حقیقته تعود الی کلام اخوانه	کے خیالات سے ماخوذ تھین کیونکہ ابن سینا
الاسماعیلیة القرامطة الباطنیة،	کے اہل خاندان، مصر کے حاکم بامراللہ
فان اهل بیته کانوا من	(فاطمی اسماعیلی) کے پیرو ون مین
اتباع الحاکم الذی کان بمصر و	تھے، یہ لوگ اسی کے زمانہ مین تھے،
کانوا فی زمانه، ودینهم	اوران کا مذہب رسائل اخوان الصفا
دین اصحاب رسائل اخوان الصفا،	والون کا مذہب تھا،

حاجی خلیفہ چلپی کشف الظنون مین تصوف کے ضمن مین کہتا ہے،

واعلم ان الاشراقیین من	اور جاننا چاہئے کہ حکمائے الٰہیات مین
الحکماء الالٰهیین کالصوفیین	سے اشراقی مشرب اور اصطلاح مین
فی المشرب والاصطلاح،	صوفیون کے مانند ہین، خصوصًا ان
خصوصًا المتاخرین منهم	مین سے پچھلے (اشراقی) لیکن فرق
الا ما یخالف مذهبهم	صرف ان مسائل مین ہے جنمین

مذھب اھل الاسلام ولا — اشراقیہ کا مذہب، اسلام کے مذہب کے مخالف ہے

یبعد ان یوخذ ھذا الاصطلاح — اور یہ کچھ بعید نہیں کہ یہ اصطلاح (تصوف)

من اصطلاحھم کما لا یخفی علی — انھی کی اصطلاح (سوف) سے ماخوذ ہو

من تتبع کتب حکمۃ الاشراق — جیسا کہ یہ اس شخص سے چھپا نہیں جنے اشراقی

(حاشیہ: فلسفہ کی کتابون کی تتبع کی ہے)

خیر یہ لوگ تو حلقہ تصوف سے باہر کے ہین، شیخ فرید الدین عطار، جو مشہور صوفی ہین، اپنے تذکرۃ الاولیا رمین شیخ ابو الحسن خرقانی المتوفی ۴۲۵ھ اور شیخ ابو علی سینا المتوفی ۴۲۸ھ کی باہمی ملاقات کے تذکرہ کے بعد لکھتے ہین،

تا بعد ازان طریقت (تصوف) بفلسفہ کشید چنانکہ معلوم ہست، (ص ۲۰۷ گب، نصف ثانی)

دبستان المذاہب کا مصنف فانی کشمیری المتوفی ۱۰۸۱ھ جو خود اسی فلسفیانہ تصوف کی شراب سے بدمست تھا، صوفیہ کے عقاید کے ضمن مین ایک عارف کی زبان سے نقل کرتا ہے،

از عارف بحق سبحانی، نامہ نگار شنیدہ: کہ در عقائد صوفیہ صفیہ ہمانست کہ اشراقیان راست، اما صوفیہ اکنون عقائد برمز و اشارات در آمیختہ اند تا نا اہل در نیابد، بر سنت انبیاء و اولیاء و قدماے حکما۔ (ص ۳۱۸ مبیئی)

ان حوالون سے یہ واضح ہے کہ فلسفیانہ تصوف، فلسفہ اشراق، جدید افلاطونی الہیات اور اخوان الصفا کی تاویلات ایک ہی سرچشمہ کی دھارین ہین،

ان تفصیلات کے بعد یہ معلوم ہوا ہوگا کہ خیام کا مشرب و مسلک درحقیقت "فلسفیانہ تصوف" تھا، اور وہ خود ایک "صوفی حکیم" تھا، اب آؤ اس کے اندرونی خیالات اور عقائد کا

بھی جائزہ دے لین، بیرونی جیسے محرم راز کی زبانی ابھی سُن چکے ہو کہ حکماے سوفیہ کو وجود کی بحث و تحقیق سے خاص دلچسپی تھی، اور وہ علتِ اولیٰ جس کو "الاول" (پہلا) اور "الحق" کہتے تھے، اس کے وجود حقیقی اور دوسرے موجودات کے وجود خیالی کے قائل تھے، خیام کے فلسفیانہ رسائل پر جو تبصرہ پہلے گذر چکا ہے اس کے مطالعہ سے ہر شخص کو معلوم ہو سکتا ہے کہ اس کو وجود کی بحث سے کتنی دلچسپی تھی اور وہ اس عقیدہ کا دل وجان سے کتنا معتقد تھا، علتِ اولیٰ سے تشبّہ کو کمال سمجھنا، یہ تلقین بھی خیام کے رسالہ کلیات الوجود مین ملتی ہے، اور یہی تعلیم اخوان الصفا مین ہے، جیساکہ ابھی چند صفحے اوپر ہم "تشبّہ بالالٰہ والصعود الی ملکوت السماء والنظر الی الملاء الاعلیٰ" کے الفاظ مین نقل کر آئے ہین،

اس نے اپنے "پسندیدہ تصوّف" کے اصل اصول کا ذکر اپنے رسالہ کلیات الوجود (فارسی) مین ان لفظون مین کیا ہے،

"ایشان بتفکر و اندیشہ طلب معرفت نکردند، کہ بتصفیۂ باطن و تہذیبِ اخلاق نفس ناطقہ را از کدورت طبیعت و ہیئتِ بدنی منزہ کردند چون آن جوہر صافی گشت و در مقابلۂ ملکوت افتاد صورتہاے آن بحقیقت در آنجا بگہ پیدا شود، بے ہیچ شکے و شبہتے"

یہ اصول، یہ طرزِ کلام، یہ اصطلاح تمامتر اسکندرانی اشراقی الٰہیات یعنی جدید افلاطونی حکما کی ہے، اور بالکل یہی رنگ رسائلِ اخوان الصفا مین جھلکتا ہے، اور یہی فلسفیانہ تصوف کی غایت ہے،

اسی طرح کمالاتِ انسانی کی انتہا "معرفت" کو قرار دینا، جیساکہ خیام کے اس فقرہ سے

ظاہر ہے جو اس نے مرتے وقت کہا،

"خداوندا میں نے اپنے امکان بھر تیری معرفت حاصل کی، مجھے بخشدے، میری یہی معرفت تیرے حضور میں میرا وسیلہ ہے" (بیہقی و شہرزوری)

اسی مذہب و مسلک کی بولی ہے،

معرفت کا راستہ خیام کے نزدیک ریاضت ہے، جیسا کہ اسکے رسالہ وصف للموصوف میں ہے،

فمن وجد نفسہ من المقصرین	تو جو اپنے آپ کو اس علم میں قاصر پائے
فی ھذا العلم . . . و	. . . . تو
علیہ بالریاضۃ التامۃ و	اوس پر کامل ریاضت اور
الاستعانۃ بحسن التوفیق	اللہ تعالےٰ کے حسن توفیق کی مدد
من اللہ تعالیٰ،	مانگنا واجب ہے،

یہ تعلیم بھی وہیں کی ہے،

خدا اور اس کی ذات و صفات اور نبوت و رسالت کے متعلق خیام کے وہی حکیمانہ خیالات ہیں جو اخوان الصفا کے رسالون اور بوعلی سینا کے اشارات و شفا میں ملتے ہیں، جیسا کہ رسالہ کون و تکلیف میں اُس نے خود ظاہر کیا ہے، فیثاغورث کے مسئلہ عدد سے بھی اس کو دلچسپی ہے، جس کو اس نے اپنے رسالہ کلیات الوجود میں ذکر کیا ہے، اس مسئلہ کے ساتھ رسائل اخوان الصفا کے مصنفین کو بھی وہی عقیدت تھی، جس کا ذکر انھون نے اپنے رسالہ حساب میں کیا ہے،

اس کی حکیمانہ توحید، اور ارواح و ملائکہ کی حقیقت کا بیان اس رباعی مین ہے جو کو بوڈلین لائبریری اور لاہور کے قلمی نسخون مین نہین، مگر دوسرے نسخون مین ہے، اور وہ تمام تر خیام کے خیال کے مطابق ہے[1]،

حق جان جہان ست و جہان جملہ بدن | ارواح و ملائکہ، حواس این تن
افلاک و عناصر و موالید اعضا | توحید ہمین است، دگرہا ہمہ فن

دوسرے حکما، کی طرح وہ بھی انسانیت کا کمال معرفت کو جانتا تھا، چنانچہ اپنی موت کے وقت جو دعا، اسکی زبان پر تھی وہ یہ تھی،

اللھم تعرف انی عرفتك علی | خداوندا تو جانتا ہے کہ مین نے اپنے
مبلغ امکانی، فاغفرلی، فان | امکان بھر تجھکو جانا، تو مجھے بخشدے،
معرفتی ایاك وسیلتی الیك | کہ میری یہی معرفت تیرے حضور مین وسیلہ ہے

اُسی کی ایک رباعی سے بھی اس کا یہ خیال ثابت ہوتا ہے، کہتا ہے،

روزے کہ جزاے ہر صفت خواہد بود | قدر تو بقدر معرفت خواہد بود[2]

اس سے زیادہ وضاحت ایک اور دوسری رُباعی مین ہے،

ساقی مے معرفت مرا اکرم است | در مشرب بے معرفتان معصیت است
بے معرفت آدمی چہ کار آید ہیچ | مقصود ز آدمی، ہمین معرفت است[3]

اس دعا کے ان الفاظ سے کہ "مین نے تجھکو اپنے امکان بھر جانا" یہ اشارہ ملتا ہے کہ

[1] دارا شکوہ نے مجمع البحرین مین اسکو سعد الدین حموی المتوفی ۶۵۰ھ کیطرف منسوب کیا ہے مت الکلکتہ [2] دیسنہ و بمبئی و تفیید [3] گلزار حسنی بمبئی کا نقاش محمدی بمبئی

وہ خدا کی کلی معرفت کے امکان کا قائل نہ تھا، اور سمجھتا تھا کہ یہ انسان کی دسترس سے باہر ہے یہ عقیدہ اسکی ایک رباعی مین اس طرح ادا ہوا ہے،

کُنہِ خردم در خورِ اثبات تو نیست	واندیشۂ من بجز مناجات تو نیست
من ذات ترا بواجبی کے دانم	دانندۂ ذات تو بجز ذات تو نیست[1]

خدا کے عالمِ کل ہونے کا بھی وہ قائل تھا، اسکی حسب ذیل رباعی مین یہ خیال کس خوبی سے ادا ہوا ہے،

سِرّم ہمہ دانائے فلک می داند	کو موی بموی ورگ برگ میداند
گیرم کہ بزرق خلق را بفریبی	با او چہ کنی کہ یک بیک میداند[2]

رسالہ کون مین خدائے تعالیٰ کا نام جس کو وہ الحق، الاول، الواجب، الحق الاول وغیرہ الفاظ سے ادا کرتا ہے، بڑے اہتمام و ادب سے لیتا ہے، اور کہتا ہے کہ تمام ممکنات اسی واجب تعالیٰ کا فیضان ہین،

علی تحقق وجود الحق الاول عنی الذی عنہ	اس "حقِ اول" پر جس سے ہر موجود
وجود کل موجود جل جلالہ،	کا وجود ہے، وہ بزرگ ہو اور اُسکے
وتقدست اسماءہٗ ولا الٰہ غیرہٗ	نام مقدس ہون، اور اس کے سوا
الذی فاضت الموجودات عنہ	کوئی دوسرا نہین، جس سے تمام موجودات
منتظمۃ فی سلسلۃ الترتیب التی	نے اُس سلسلۂ ترتیب مین منظم ہوکر

[1] دلیسنہ، وبمبئی وکادیانی (۵۷) [2] دلیسنہ، ومجموعۂ منتخبات دار المصنفین، وونیفیلڈ،

اقتضتها الحکمۃ الحقۃ بالبرھان	فیض پایا ہے، جس کی سچی حکمت
(ص ۱۷۴ رسالۂ کون)	بدلیل مقتضی ہے،

اس سے ثابت ہوتا ہے کہ اسکی طرف بعض منسوب رباعیون کو پڑھکر جس نے اس کو خدا کا منکر سمجھا ہے، وہ کتنی غلطی پر ہے، وہ خدا کو ہمہ خیر اور سراپا نیک تصور کرتا تھا، اور یقین رکھتا تھا کہ اس کے تمام کام بھی خیر محض ہین، دوسرے رسالہ (ثلاثہ اسئلہ) مین کہتا ہے،

وانی اوصی کل من اعرفہ من	اور مین ہر اس شخص کو جسکو حکما مین سے
الحکماء بتقدیس ذالک الجناب	سمجھتا ہون، یہ وصیت کرتا ہون کرو
عن الظلم والشر (ص ۱۸۳)	اس بارگاہ ربانی کو ظلم و شر سے پاک کرے

رسالۂ "وصف و موصوف" جو حقیقت مین وجود کے مباحث پر ہے، اس کے آخر مین وہ کہتا ہے،

فقد بان ان جمیع الذوات و	تو ظاہر ہوا کہ تمام ذاتین اور ماہیتین
الماھیات انما تفیض من ذات	حق تعالی سے جو مبدء اول ہے،
المبدء الاول الحق جل جلالہ	ترتیب اور سلسلۂ نظام کیساتھ فائض
علی ترتیب و فی سلسلۃ نظام،	ہوئی ہین، اور یہ سب کی سب
وھی کلھا خیرات لا شر فیھا	خیر ہین، اُن مین شر کسی
بوجہ من الوجوہ،	حیثیت سے کچھ نہین،

یہ خیالات اس کی اس رباعی مین تمامتر موجود ہین،

گویند بحشر جست[1] جو خواہد بود | وآن یار عزیز تند خو خواہد بود
از خیرِ محض جز نکوئی نآید | خوش باش کہ عاقبت نکو خواہد بود

اسکی طرف ایک رُباعی منسوب ہے،

ترکیب پیالہ کہ درہم پیوست | بشکستن آن روا نمی دارد مست
چندین سر و پاے نازنین از سرِ دست | از مہرِ کہ پیوست و بکین کہ شکست

مقصود یہ ہے کہ ایک سرشار شرابی کو ایک ذرا سے تعلق سے تو اپنے پیالہ سے یہ محبت ہو جاتی ہے کہ اس کا توڑنا گوارا نہین کرتا، پھر کیونکر یہ ممکن ہے کہ پروردگارِ عالم جس نے یہ حسین سے حسین مخلوقات بنائی ہے وہ خود غصہ یا انتقام مین آکر اُس کو توڑ پھوڑ ڈالے،

اسی فلسفہ کی بنا پر خیام مین مرجئیت[2] کے خیالات پاے جاتے ہین، یعنی یہ کہ خدا اپنی توحید و معرفت کے بعد کسی کو عذاب نہین دیگا، گنہگارون کے تمام گناہ وہ اپنے کمال مہربانی سے معاف کر دیگا، کیونکہ اس کو کسی سے کینہ اور دشمنی نہین، اور وہ خیرِ محض ہے،

خیام زبہرِ گنہ این ماتم چیست | در خوردن غم فائدہ بیش و کم چیست
آن را کہ گنہ نکرد غفران نبود | غفران زبراے گنہ آمد غم چیست

آباد خرابات زمی خوردن ماست | خونِ دو ہزار توبہ در گردن ماست
گر من نکنم گناہ رحمت کہ کند[3] | کار آئیشِ رحمت از گنہ کردن ماست

---

[1] مطابق متن نسخہ بوڈلین، [2] مُرجیہ اسلام مین ایک فرقہ ہے، جس کا اعتقاد ہے کہ ایمان کے بعد تمام گناہ قیامت مین معاف ہو جائین گے بعض بڑے بڑے فقہا، اور محدثین اس فرقہ مین شمار کئے جاتے ہین،
[3] موافق متن نسخہ، دلسینہ، بمبئی کے نسخون مین تیسرے مصرع مین "کہ" کی جگہ چہ ہے، وینفیلڈ مین چوتھا مصرع یہ ہے
رحمت ہمہ موقوف گنہہ کردن ماست

ایزد چو گِلِ وجودِ ما می آراست | دانست ز فعلِ ما چہ بر خواہد خواست
بے حکمش نیست ہر گناہی کہ مراست | پس سوختنِ روزِ قیامت ز کجاست[1]

نبوت و رسالت کے معنی اس کے نزدیک اس "شخصیت کاملہ" کے ہین، جو سنتِ عادلہ لیکر اس دنیا کے امن و نظام کو قائم کرتی اور اہلِ دنیا کو ملوثاتِ دنیا سے پاک کرکے حق تعالےٰ کی طرف دعوت دیتی ہے، اور وہ روحانی قوتون سے مؤید ہوتی ہے، رسالۂ کون کے آخر مین اس نے نبوت و رسالت کی یہی تشریح کی ہے، اور یہی فارابی کے رسائل اور ابو علی سینا کے اشارات مین ہے،

خیام جبر کا قائل تھا جس طرح اس کا یہ خیال رباعیات کے حرف حرف سے نمایان ہے، اس کے فلسفیانہ رسالہ (ثلاثۃ اسئلہ) سے بھی ظاہر ہوتا ہے، وہ کہتا ہے،

فلعل الجبریّ اقربُ الی الحق فی بادئ الرّایِ وظاہرِ النّظَرِ، | شاید بظاہر جبری حق کے زیادہ قریب ہے،

یہی اسکی رباعیون مین بھی ہے، مثلاً

از رفتۂ قلم ہیچ دگرگون نشود | وز خوردنِ غم بجز جگر خون نشود
گو در ہمہ عمرِ خویش خونابہ خوری | یک قطرہ ازان کہ ہست افزون نشود

مگر یہ پیش نظر رہے کہ خیام کا جبر مذہبی استدلالات پر مبنی نہین، بلکہ فلسفیانہ دلائل پر مبنی ہے، خود کہتا ہے،

---

[1] مطابق کاویانی،

نیکی و بدی کہ در نہادِ بشر است | شادی و غمی کہ در قضا و قدر است
باچرخ مکن حوالہ کاندرہ عقل | چرخ از تو ہزار بار بیچارہ تر است

یہ بالکل اس جدید افلاطونی فلسفہ مشائیہ کے مطابق ہے، جس کی تشریح بو علی سینا نے کی ہے
گو آسمان کی گردش ہی سے مادّی دنیا کے تمام انقلابات ہین، مگر آسمان اپنی گردش اور اپنے
نتائج کے پیدا کرنے مین بالکل مجبور ہے،

الٰہیات کے اس مسئلہ کا سمجھنا ان مقدمات کے سمجھنے پر مبنی ہے،

۱- حضرت باری واجب الوجود، ہر جہت سے واحد ہے،

۲- اور جو ہر جہت سے واحد ہو، اس سے ایک فعل صادر ہو سکتا ہے، کہ اگر اس سے
دو فعل صادر ہونگے تو وہ ہر جہت سے واحد نہ رہیگا، کہ اسکے فاعل اور اس کے فاعل کی دو جہتین
ہو کر، اسکی وحدت باطل ہو جائیگی،

نتیجہ یہ نکلا کہ حضرت باری واجب الوجود سے صرف ایک ہی شے صادر ہو سکتی ہے، جسکا
نام عقل اوّل ہے،

دوسرا مقدمہ یہ ہے، کہ علتِ تامہ سے معلول کا تخلف نہین ہو سکتا، جس وقت کسی شے
کی علت تامہ پائی جائیگی، اسی وقت اس کا معلول پایا جائیگا، چابی ہلنے کے ساتھ ہی معاً تالا
کھل جائیگا، واجب الوجود جو ہر جہت سے واحد ہے، وہ علت تامہ ہے، اس کے وجود کیساتھ
ہی اس کا معلول اوّل بلا واسطہ وجود پذیر ہو جائے گا، اس کا نام عقلِ اوّل ہے، اب عقل
اوّل مین دو جہتین ہین، ایک یہ کہ وہ علتِ اولیٰ کی معلول ہے، اور علتِ قدیمہ کے ساتھ معلول

قدیم ہے، دوسرے یہ کہ وہ علتِ اولیٰ سے حادث ہوئی ہے اسی لیے وہ حادث بالذات اور واجب بالغیر ہے، اس لیے اس سے دو فعل صادر ہونگے، بنابرین عقلِ اوّل سے عقلِ ثانی اور فلکِ اوّل پیدا ہوا، اسی طرح عقلِ ثانی سے عقلِ ثالث، اور فلکِ دوم، اور عقلِ ثالث سے عقلِ رابع اور فلکِ سوم، اور عقلِ رابع سے عقلِ خامس اور فلکِ چہارم، عقلِ خامس سے عقلِ سادس اور فلکِ پنجم، عقلِ سادس سے عقلِ سابع، اور فلکِ ششم، پھر عقلِ سابع سے عقلِ ثامن اور فلکِ ہفتم، اور عقلِ ثامن سے عقلِ تاسع اور فلکِ ہشتم، اور عقلِ تاسع سے عقلِ عاشر اور فلکِ نہم، فلکِ نہم کو حرکت لازم تھی، حرکت ہوئی، اس حرکت نے تمام افلاک کو حرکت دی، افلاک کی حرکات سے مادہ کا وجود ہوا، اور اس مین حرکت اور انقلاب اور ترکیب و امتزاج اور کون و فساد کا آغاز ہوا، اور دنیا کی رنگا رنگ ہستیون کا وجود ہوا، اور اسی طرح ہوتا رہے گا،

خیام نے اس مسئلہ کی تقریر رسالہ **کلیات الوجود** مین پوری طرح کی ہے، اور اس سلسلۃ الوجود کو مفصل بیان کیا ہے، خیام کے عربی اشعار اور بعض فارسی رباعیات مین بھی اس کا یہ خیال ملتا ہے، چنانچہ اس کے ان عربی اشعار مین جنکو بیہقی اور شہرزوری نے نقل کیا ہے، ایک شعر یہ ہے،

یدبّر لی الدنیا بل السبعۃ العلی	میرے لیے کل دنیا، بلکہ ساتون ستارے بلکہ افقِ اعلے
بل الافق الاعلی اذا جاش خاطری	مصروف تدبیر ہے، جب میرا دل جوش مارے

قفطی نے اس کا یہ عربی شعر نقل کیا ہے،

الیس قضی الافلاک[1] فی دورھا بان	کیا آسمانون نے اپنی گردش مین یہ فیصلہ نہین کردیا
تعید الی نحس جمیع المساعد	کہ وہ تمام نیک بختیون کو بدبختی کی طرف لوٹا دینگے

یہ الٰہیات کے وہی خیالات ہین، اور آج بھی "گردشِ فلک" کا تخیل ہماری فارسی شاعری کا جز ہی،

عقول، نفوس، افلاک اور موالید ثلاثہ اس کے نزدیک مبدء اول (خدا) یا واجب الوجود اور ممکنات کے درمیان واسطہ ہین، اور اسکی معرفت کو وہ انسانیت کا ضروری جز جانتا ہی، چنانچہ کلیات الوجود مین کہتا ہے،

"واین قاعدہ را سلسلۃ الترتیب خوانند، و مردم را مردمی آنگہ درست شود کہ این سلسلۃ الترتیب بشناسد و بداند کہ این جملہ ارباب متوسط اند، چونکہ افلاک و امہات و موالید، وعلت وجود او اند، نہ از جنس او ایزد جل جلالہ"

خیام جس زہد و ورع اور پاکیزگی و طہارت کی دعوت دیتا ہے، وہ بھی مذہبی نہین بلکہ یونان و اسکندریہ کے زاہد خشک فلاسفرون کی تعلیم کے مطابق ہے، قفطی نے کاتب اصفہانی کے ذریعہ اس کے جو خیالات نقل کئے ہین، ان کی حرف حرف تائید اسکے عربی شعر سے ہوتی ہی،

اصوم عن الفحشاء جھرًا و خفیۃ	مین علانیہ اور چھپ کر برائی سے روزہ رکھتا ہون (یعنی باز رہتا ہون)
عفافًا و افطاری بتقدیس فاطری	اپنی عفت و پاکدامنی کی خاطر اور میرا افطار یہ ہی کہ خالق کی تقدیس کردن

[1] شہرزوری مین یہ پہلا مصرع اس طرح ہی،

الیس قضی الرحمان فی حکمہ بان — کیا خدائے رحمان نے اپنے حکم مین یہ فیصلہ نہین کردیا

میرے خیال مین قفطی کی نقل صحیح معلوم ہوتی ہے، کہ اس کے خیالات سے اسی مین تطابق ہوتا ہے،

غرض گناہ اور رذائل سے پرہیز وہ جنت کے حصول یا خدا کے لیے نہین، بلکہ عفتِ نفس کے لیے کرتا ہے، جس کا دوسرا اصطلاحی نام ان کے حکما، کے یہان "تکمیلِ نفس" ہے، یہ سمجھا جاتا ہے کہ نفس انسانی تمامتر ناقص ہے، اس عالمِ امکان مین یہ اپنی تکمیل کے لیے بھیجا گیا ہے، اس کی تکمیل علومِ عالیہ اور اخلاقِ فاضلہ کے حصول سے ہوتی ہے، اور جو علوم اور اخلاق اُس کو حاصل ہوتے ہین، اُن کا نام "ملکاتِ نفسانیہ" ہے، یہی ملکاتِ نفسانیہ مرنے کے بعد اس کی جنت یا دوزخ ہین، اگر اچھے ملکات ہین تو نفس کو سرور حاصل ہوگا، یہ جنت ہے، اور اگر برے ہین تو اس کو افسوس و حسرت و ندامت ہوگی اور ہمیشہ کڑھتا رہیگا، یہ اُس کی دوزخ ہے،

روزے کہ جزاے ہر صفت خواہد بود[1] | قدرِ تو بقدرِ معرفت خواہد بود
در حسنِ صفت کوش کہ در روزِ جزا | حشرِ تو بصورتِ صفت خواہد بود

---

[1] یہ رباعی مطبوعات کاویانی و وہنفیلڈ و گلزارحسنی وکارخانہ محمدی بمبئی اور نسخۂ قلمی لیسنہ مین موجود ہے، مگر بمبئی کے مطبوعہ نسخون مین چوتھے مصرع کا پہلا لفظ "شر" ہے جو بے معنی ہے، کاویانی وہنفیلڈ اور لیسنہ مین یہ لفظ حشر ہے جو صحیح ہے، مگر وہنفیلڈ، لیسنہ اور بمبئی کے نسخون مین پہلے اور چوتھے مصرعون کا قافیہ ایک ہے، یعنی "صفت" شاید اہلِ فن کو اس مین کچھ عذر ہو، کاویانی نسخہ مین یہ مصرع اس طرح ہے، جس سے وہ عیب جاتا رہتا ہے، ع

"فردا کہ جزاے شش جہت خواہد بود"

مگر معنی مین تکلف پیدا ہو جاتا ہے، شاید کہ "شش جہت" کے بجاے "ہر جہت" زیادہ بامعنی ہو، مجموعۂ منتخبات اشعار دار المصنفین مین بھی "شش جہت" ہے، مگر اس مین یہ رُباعی محقق طوسی کے نام سے لکھی ہے، اور اس کا پہلا مصرع یون ہے، "فردا کہ حساب شش جہت خواہد بود"

رسالۂ کلیات الوجود مین وہ اپنا حکیمانہ اخلاقی نظریہ ان لفظون مین پیش کرتا ہے،

"اکنون چون ما شریفترین چیزے در آخر نفس و عقل یافتیم، معلوم شد کہ ابتدا ہمان باشد و مردم چون ابتدا و انتہا را بدانست باید کہ نزدیک او درست شود کہ نوع عقل و نفس را جنس نفس و عقل یکیست واین دیگر ارباب متوسط است و از او بیگانہ و از یشان بیگانہ، پس باید کہ آہنگ بجنس خویش بود، تا از ہم گوہران خود دور نماند، زیرا کہ عذاب مقیم باشد"

مقصود یہ ہے کہ مبدء اول سے قریب عقل ہے، اور ہر عقل کے لیے نفس ہے، تو نفوس عقول سے اور عقول اپنے مبدء اول یا علتِ اولی یعنی خالق سے کمال مین مشابہت رکھتے ہین، اس لیے انسانون کو کمال مین عقول فلکی

برتر ز سپہر خاطرم روز نخست | لوح و قلم و بہشت و دوزخ می جست
پس گفت مرا معلم از راے درست | لوح و قلم و بہشت و دوزخ باتست

اسی لیے ظاہری بہشت کی طلب اور ظاہری دوزخ کے ڈر سے کسی کام کو کرنا حماقت ہے،

در صومعہ و مدرسہ و دیر و کنشت | ترسندۂ دوزخ اند و جویاے بہشت
آنکس کہ ز اسرار خدا باخبر ست | زین تخم در اندرون دل ہیچ نہ کشت

"اسرار خدا" سے مقصود اسکی جمالی صفتین ہین، یعنی اس کا رحم و کرم، اور مغفرت و بخشش، چنانچہ انھین معنی مین اسکی یہ رباعی ہے،

با رحمت تو من از گنہ نا اندیشم | با توشۂ تو ز رنج رہ نا اندیشم
گر لطف تو ام سفید رو گرداند | یک ذرہ ز نامۂ سیہ نا اندیشم

(وینفیلڈ و کادیانی و لیمبی)

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۳۲۹) سے مشابہت حاصل کرنی چاہیے، جس طرح عقول فلکی اپنے مبدء اول کے بالطبع مشابہ ہین، اسی مشابہت کمال کے حصول کا نام جنت، اور اس سے دوری کا نام عذاب ہے،

خواجہ حافظؔ کی طرح دنیا مین کتنے خوش قسمت بادہ پرست ہین جنکی شراب کو لوگون نے شراب معرفت سمجھا ہے، لیکن ایک بد قسمت خیّامؔ ایسا ہے کہ اُسکی شراب کو دوست و دشمن سب بھی بھٹی والی شراب سمجھتے ہین، اور انھون نے یہ تصور کیا ہے کہ وہ ایک رند میخوار تھا، جو ہمیشہ مست و سرشار رہتا تھا جس کے ادھر ادھر ٹوٹی صراحی اور پھوٹے پیالون کے ٹکڑے پڑے رہتے تھے، مگر کیا واقعہ ایسا ہی ہے؟

ہر چند کہ اسمین کوئی کلام نہین کہ اس زمانہ کے سلاطین اور امراء، بلکہ بعض اہل علم بھی چھپکر شراب پیتے تھے[1] اور اسکی صورت یہ تھی کہ اہل عراقؔ کی فقہ اور مذہب حنفیؔ مین نبیذ یعنی وہ افشردہ جس مین ہنوز نشہ اور سکر نہ پیدا ہوا ہو مثل شربت کے اُس کا پینا جائز ہے، سلجوقی سلاطین جو عموماً سخت حنفی تھے[2]، وہ بھی اس قسم کی بے نشہ شراب کو پینا حلال سمجھتے تھے، لیکن سعدیؔ جیسے تجربہ کار کے بقول،

---

[1] زکریا تبریزی شارح حماسہ کا واقعہ تراجم مین مذکور ہے،

[2] اسی زمانہ مین ابو سلیمان محمد بن طاہر سجستانی جس کی کتاب صوان الحکمۃ مشہور ہے، اس کے حال مین شہرزوری نے لکھا ہے، "وکان یتناول من الشراب المختلف علی مذھب ابی حنیفۃ لکونہ حنفیاً" [3] راحۃ الصدور راوندی ص ۱۰۹ و ۲۰ لائڈن،

پرنیم بیضہ چو سلطان ستم روا دارد
زنند لشکریانش ہزار مرغ بہ سیخ

امرا اور اہل دربار اس بے نشہ شربت سے نشی شراب کے دور تک پہنچ جاتے تھے، عموماً منادمت یعنی سلطانی مصاحبت کے فن پر جو کتابیں لکھی گئی ہیں، اُن میں شراب نوشی کے اصول و قواعد بھی لکھے گئے ہیں، امیر کیکاؤس نے (۴۷۵ھ میں) اپنے قابوس نامہ میں جو اپنے بیٹے کے لیے نصیحت کے طور پر لکھی ہے، جہاں فرزند دلبند کو اور باتیں سکھائی ہیں شراب نوشی کے آداب بھی بتائے ہیں، خود خیام کی طرف اسی قسم کی جو کتاب نوروز نامہ کے نام سے منسوب ہے، اُس کے چودھویں باب میں شراب نوشی پر ایک مستقل فصل ہے، ذخیرہ خوارزمشاہی جو سلطان علاؤالدین خوارزم شاہ (۵۶۸ھ - ۵۹۶ھ) کے لیے لکھی گئی ہے اُس کے مقالۂ چہارم بحث اول، کتاب سوم میں "غرض خردمندان در شراب" کے عنوان سے ایک پوری فصل ہے، سلطان کیخسرو سلجوقی کے عہد میں ۶۰۱ھ میں ابوبکر محمد بن علی راوندی نے راحۃ الصدور و آیۃ السرور کے نام سے سلجوقیوں کی جو تاریخ لکھی ہے، اُس کے آخر میں (ص ۴۱۶ - ۴۲۰ گب) فصل فی الشراب بیان تحلیل و تحریم خمر، بیان تحلیل مثلث و مصنف و اشعار در وصف شراب، و منفعتہا، و مضرتہائے شراب کا بیان ہے،

خود خیام کی زندگی میں عربی کے مشہور ادیب و عالم ابوالحسن علی بن حسن باخرزی، (المتوفی ۴۶۷ھ) نے دمیۃ القصر و عصرۃ اہل العصر کے نام سے شعراء کا جو تذکرہ لکھا ہے، اس میں جام و بادہ کی بزم رنگین کے اکثر منظر سامنے سے گذرتے ہیں، حالانکہ وہ نظام الملک جیسے

مستقی وزیر کے لیے لکھی گئی ہے، باخرزی اس کتاب مین اپنے ایک عزیز دوست محمد بن ابی نصر شاعر کا ذکر کرتا ہے، جو اس کو اپنی لخت جگر اولاد کی طرح پیارا تھا اور جو اس کا و قرینی علی الشراب "ہم پیالہ" بھی تھا، ایک دفعہ کا واقعہ ہے کہ

ودارت فی المجلس کاس متلاطمۃ	اور مجلس مین اُن موجین مارنے والے پیالون
الامواج، مائیۃ الجوھر ناریۃ	کا دور ہوا جنکا جوہر آبی اور مزاج آتشین تھا
المزاج، فتبادرتھا جماعۃ الشراب	تو پینے والون کی جماعت نے اُن پر چھپٹا مارا،
وجعلوا نعالھم اقراط الانامل	اور اپنے جوتون کو اپنی انگلیون کی بالیان
بدارًا الی الباب ومدّ الیھا	بنا کر (یعنی جلدی مین جوتے ہاتھ مین لیکر)
راحتہ وقرع بھا جبھتہ و	دروازہ کی طرف جھپٹکر بھاگے، لیکن یہ شخص
عمر بطول مقامہ فی المجلس	اُسی طرح بیٹھا رہا، اُس نے اپنا ہاتھ بڑھایا
جنبتہ، فقلت	اور اُس پیالہ سے اپنی پیشانی ٹھونکی اور مجلس
	مین دیر تک بیٹھکر اپنے پہلو کو آباد کیا، تو مین نے کہا

یا حبذا الکاس لا یسطیع حاملھا	یمشی ولا تشجع الشراب یقربھا
ہاے وہ پیالہ جس کا اٹھانے والا اب چل نہین سکتا	اور بہادر سے بہادر پینے والا بھی اُسکے قریب نہین جا سکتا

اس واقعہ سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ شراب کی اس عمومیت اور کثرت کے باوجود لوگ چھپکر پیتے تھے اور اظہار سے ڈرتے تھے، یہ عین خیام کے عہد کا واقعہ ہے، ابوبکر راوندی کی راحۃ الصدور سے معلوم ہوتا ہے کہ اسکے عصر (۵۹۹ھ تا ۶۰۱ھ) کے پس و پیش زمانہ مین شراب

کی مدح و توصیف مین اس کثرت سے شعر کہے گئے تھے کہ

"ودر وصفِ شراب ہیچ بابے نہ گذاشتند تا بدانجا کہ در وصف ظرفہائے آن تبازی

و پارسی شعرہا گفتہ اند" (صفحہ ۴۲۵ گ ب)

خیام کے کمسن معاصر، حکیم سنائی (المتوفی ۵۴۵ھ) کے ایک بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ اُن کے زمانہ مین شراب نوشی گویا حکیم و فلسفی ہونے کی سند تھی، سنائی نے خراسان کے قاضی محمد بن منصور کی مدح مین جو ترکیب بند لکھا ہے، اسمین قاضی القضاۃ خراسان کی زبان سے یہ کہلوایا ہے کہ اے سنائی تم حکیم بھی نہین، اگر حکیم ہوتے تو شراب پیتے، سنائی جواب مین کہتے ہین کہ اگر مین مست شراب ہو کر حکمت پاؤن تو بے عقل گدہا کیون نہ بنجاؤن، اس حکمت پر خاک پڑے جو شراب کے بغیر ٹھہر نہ سکے، شعر یہ ہین،

وانگہ گفتی کہ در تو ہیچ حکمت نیست زانک	چون حکیمانت نہ بینم ساعتی مست و خراب
گویم او را بلہ کہ تا من خر بوم بس بیخرد	خاک بر سر حکمتی را کو نپاید بے شراب

(کلیات سنائی، مطبوعہ بمبئی، صفحہ ۱۳۱)

لیکن حقیقت مین یہ ریاکار حکیمون کا طریقہ تھا، ورنہ حقیقی حکیمون نے ہمیشہ شراب خواری کو بیخردی اور عقل فروشی سے تعبیر کیا ہے، اور اس سے کلیتہً پرہیز کیا ہے، ابو العلا معری المتوفی سنہ ۴۴۹ھ جو پانچوین صدی کا بہت بڑا زاہد و حکیم تھا، اور عربی مین رباعیات کی طرح لزومیات کا بانی ہے، جسمین خیام کی طرح اُس نے اپنے حکیمانہ اور فلسفیانہ خیالات ظاہر کئے ہین، اُس نے اپنے اشعار مین ہمیشہ اسکی ہجو اور مذمت کی ہے،

بہرحال چونکہ آب و ہوا اور ساری فضا مین شراب کا نشہ بھرا تھا، اس لیے زاہد و عابد اور عالم و فاضل سے لیکر رند و آزاد تک اگر شراب پیتا نہ تھا تو شراب بولتا ضرور تھا، اور گل و بلبل کی طرح شراب و جام بھی تشبیہات و استعارات کا ضروری جزء بنگئے تھے، اسلامی شاعری کی ترکیب مین شراب کی آمیزش اس طرح ہوئی کہ بنی امیہ کے دربار مین بعض عرب عیسائی شعراء داخل تھے، ان مین مشہور نام اخطل کا ہے، یہ شراب پیتے بھی تھے اور شراب کے مضامین بھی نظم کرتے تھے، بنو عباس کا دور آیا تو یہ رنگ اور تیز ہوگیا، اور خصوصیت کیساتھ ہارون الرشید کے درباری شاعر ابو نواس نے خمریات کی بنیاد ڈالی، اُس کے خمریہ اشعار آج تک وہی اثر رکھتے ہین، فارسی شاعری اسی زمانہ مین پیدا ہوئی اس لیے اُس کو گھٹی ہی مین شراب ملی، چنانچہ آج تک فارسی شاعری اس نشہ سے چور ہے، کبھی وہ شراب معرفت تھی، کبھی مے محبت بنی، اور آج بادۂ وطن ہے، وہ لوگ جنھون نے شراب کبھی چھوئی بھی نہین، جب شعر کہنے لگتے تھے تو کم از کم لفظون مین اس کا خیالی لطف ضرور اٹھا لیتے تھے، یہان تک کہ بارھوین صدی ہجری کے اقراری بادہ نوش شاعر غالب کو یہ کہنا پڑا:

ہر چند ہو مشاہدۂ حق کی گفتگو　　بنتی نہین ہے بادہ و ساغر کہے بغیر

زاہد مرتاض سلطان ابو سعید ابو الخیر، جو یقیناً اس کے مزہ تک سے واقف نہ تھے انکی زبان مین بھی کبھی کبھی اس کا لطف ملتا ہے، کہتے ہین،

زان مے کہ عزیز جانِ مشتاقان ست　(رباعی ۱۳۷)　یک جرعہ بصد ہزار جان نتوان یافت

زان مے خوردم کہ روح پیمانۂ اوست　　زان مست شدم کہ عقل دیوانۂ اوست

(ایضاً ۴۴)

گر سبحہ صد دانہ شماری خوب است (دکربی لاہور ۵۴ھ) در جام مے از کف نگذاری خوب است

زاہیست ز کعبہ تا بمقصد پیوست از جانب میخانہ رہِ دیگر ہست

امارہِ میخانہ ز آبادانی (" " ۷۳) راہیست کہ کاسہ مے و دست بدست

اسی طرح اور دوسرے سخنگو صوفیانِ صافی کے میکدۂ سخن مین بھی یہ جوشِ مستی نظر آتا ہے، اس سبب سے یہ فیصلہ مشکل ہے کہ خیام جس شراب کا متوالا تھا وہ کونسی شراب ہے، اس کے ساتھ اس مقدمہ کو بھی شامل کیجئے کہ خیام کے جس قدر قدیم اور مستند سوانح نگار ہین اُن مین سے کسی نے خیام کی بادہ پرستی و میخواری کا ذکر کیا معنی اشارہ تک نہین کیا ہے، یہانتک کہ کاتب اصفہانی قفطی اور ابن دایہ جو خیام کے دشمن تھے، اور جنھون نے اس پر الحاد و طبیعت پرستی کا الزام لگایا ہے، انھون نے بھی اسکے اس "وصف" کا تذکرہ نہین کیا ہے، اب صرف رباعیات کے حوالہ سے جن کی نسبت اور تعیین بہت کچھ مشکوک ہے، اُس کو بادہ نوش کہنا مشکل ہے، اُس کی رباعیون کی صحت کا اگر یقین بھی کر لیا جائے، تو بھی یہ عامیانہ خیال درست نہین کہ اسکی ہر رباعی مین شراب سے وہی "تلخوش" مراد ہے، جو صوفیون کے محاورہ مین "ام الخبائث" ہے، اس لیے اسکی ہر اُس رباعی کو جس مین بادہ و جام و ساقی کا ذکر ہے، تنہا شراب خانہ خمار نہین کہہ سکتے،

خیام کے میکدۂ سخن مین شراب کی جتنی بوتلین ہین، صاحب ذوق کی نظر اندازہ کرتی ہے کہ وہ یکسان نوعیت کی نہین ہین، اسکی خمریہ رباعیان عموماً حسب ذیل چار عنوانون پر منقسم ہین، چنانچہ ہم ذیل مین اُن تمام رُباعیون کو جو خیام کیطرف منسوب ہین صحیح مانکر اُنپر اس حیثیت سے ایک نظر ڈالتے ہین

شراب عاریت | سب سے پہلی بات تو یہ ہے کہ مجموعۂ رُباعیاتِ خیّام مین جو خمریہ رُباعیان ہین کیا وہ حقیقت مین اسی بدمست شاعر کی ہین؟ جب تک یہ فیصلہ نہ ہو، وہ اس جرم کا مجرم نہین قرار پاسکتا۔ "آوارہ گرد رُباعیات" جو خیّام اور دوسرے شعرا کے مجموعون مین یکسان ملتے ہین اور اُن کی اصلی ملکیت کا فیصلہ اب کسی عدالت سے نہین ہوسکتا اُن کی تعداد گو سَو سے زیادہ ہے، مگر اُن کو اگر غور سے دیکھا جائے تو معلوم ہوگا کہ اُن کی بڑی تعداد خمریات کی ہے، یہ مُفت کی شراب خیّام کے خمکدہ مین آکر کیونکر شامل ہوگئی؟ یہ معما حل طلب ہے، ایسا معلوم ہوتا ہے کہ جس کسی کو شراب کی کوئی گرم رباعی ملی، اُس نے وہ پیالہ خیّام کے میکدہ مین لاکر رکھدیا، چنانچہ خیّام کے خمریات مین تینتیس سے زیادہ ایسی رباعیان شامل ہین، جنکی نسبت مشکوک، اور ملکیت مجہول ہے،

ژوکووسکی نے خیّام کی (۸۲) مشکوک آوارہ گرد رُباعیان جمع کی ہین اُن مین (۳۳) رُباعیان یعنی قریبًا نصف حصہ خمریات سے متعلق ہین، یہ رُباعیان مختلف شعرا کی طرف نسبت رکھتی ہین، اور باایں ہمہ یہ سب خیّام کے نامۂ اعمال مین داخل کردیگئی ہین، اور وہ حسب ذیل ہین،

۱

آمد سحری ندا ز میخانۂ ما | کے رند خراباتی و دیوانۂ ما
برخیز کہ پر کنیم پیمانہ ز می | زان پیش کہ پر کنند پیمانۂ ما

۲

چون عہدہ نمی شود کسی فردا را | حالی خوش کن تو این دل شیدا را
می نوش بنور ماہ، ای ماہ کہ ماہ | بسیار بگردد و نیابد ما را

۳

عاشق ہمہ سال مست و شیدا بادا | دیوانہ و شوریدہ و رسوا بادا

در هشیاری غصهٔ هر چیز خوریم — چون مست شویم، هر چه بادا بادا

۴

ما ئیم نهاده سر بفرمان شراب — جان کرده فدای لب خندان شراب
هم ساقی ما حلق صراحی در دست — هم بر لب ساغر آمده جان شراب

۵

امروز که نوبت جوانی من است — می نوشم ازان که کامرانی من است
عیبش مکنید از انکه تلخ است خوش است — تلخ است از آن که زندگانی من است

۶

می در کف من نه که دلم در تابست — وین عمر گریزپای چون سیمابست
برخیز که بیداری دولت خوابست — برخیز که آتش جوانی آبست

۷

می خوردن من نه از برای طربست — نز بهر فساد و ترک دین و ادبست
خواهم که ز بیخودی برآرم نفسی — می خوردن و مست بودنم زین سببست

۸

ابر آمد و باز بر سر سبزه گریست — بی بادهٔ ارغوان نمی توان زیست
این سبزه که امروز تماشاگه ماست — تا سبزهٔ خاک ما تماشاگه کیست

۹

چون بلبل مست راه در بستان یافت — روی گل و جام باده را خندان یافت
آمد بزبان حال در گوشم گفت — دریاب که عمر رفته را نتوان یافت

۱۰

مهتاب بنور دامن شب بشگافت — می خور که دمی چنین نه توانی یافت
خوش باش و بر اندیش که مهتاب بسی — اندر سر خاک یک بیک خواهد تافت

۱۱

من می خورم و هر که چو من اهل بود — می خوردن او نزد خدا سهل بود
می خوردن من حق از ازل می دانست — گر من نخورم علم خدا جهل بود

حال گل و مل باده پرستان دانند — ۱۲ — نه تنگدلان و تنگدستان دانند
از بیخبری بیخبران معذورند — ذوقیست درین شیوه که مستان دانند

زان پیش که نام تو ز عالم برود — ۱۳ — می خور که چو می رسد ز دل غم برود
بکشای سر زلف بتی بند ز بند — زان پیش که بند بندت از هم برود

عمرت تا کی بخود پرستی گذرد — ۱۴ — یا در پی نیستی و هستی گذرد
می نوش که عمری که اجل در پی اوست — آن به که بخواب یا بمستی گذرد

گویند بهشت و حور عین خواهد بود — ۱۵ — وانجا می ناب و انگبین خواهد بود
گر ما می و معشوق پرستیم رواست — آخر نه بعاقبت همین خواهد بود

می خور که ز دل کثرت و قلت ببرد — ۱۶ — واندیشهٔ هفتاد و دو ملت ببرد
پرهیز مکن زکیمیائی که ازو — یکمن بخوری هزار علت ببرد

می خواره اگر غنی بود عور شود — ۱۷ — وز عربدهٔ اش جهان پر از شور شود
در حقهٔ لعل ازان زمرد ریزم — تا دیدهٔ افعی غم کور شود

هان تا ننهی بر تن خود غصه و درد — ۱۸ — تا جمع کنی سیم سفید و زر زرد
زان پیش که گردد نفس گرم تو سرد — با دوست بخور که دشمنت خواهد خورد

ایام جوانی است شراب اولی تر — ۱۹ — با خوش پسران بادهٔ ناب اولی تر
این عالم فانی چو خرابست بآب — از باده درو مست و خراب اولی تر

آن لعل در آبگینهٔ ساده بیار — ۲۰ — وان محرم و مونس هر آزاده بیار

چون میدانی که عالمی آمده خاک　　بادیست دو روز بگذرد، باده بیار

۲۱

بر روی گل از ابر نقابست هنوز　　در طبع و دلم میل شرابست هنوز

در خواب مرو چه جائے خوابست هنوز　　جانا می خور که آفتابست هنوز

۲۲

کردیم دگر شیوۂ رندی آغاز　　تکبیر همی زنیم بر پنج نماز

هر جا که صراحیست ما را بینی　　گردن چو صراحی سوی آن کرده دراز

۲۳

هین صبح دمید و دامن شب شد چاک　　برخیز و صبوح کن چرائی غمناک

می نوش دلا که صبح بسیار دمد　　او روی بما کرده و ما روی بخاک

۲۴

آن به که بجام باده دل شاد کنیم　　وز آمدۂ و گذشته کم یاد کنیم

وین عاریتی روان زندانی را　　یک لحظه ز بند عقل آزاد کنیم

۲۵

در پای اجل چو من سرافگنده شوم　　در دست اجل چو مرغ پر کنده شوم

زنهار گلم بجز صراحی مکنید　　باشد که ببوی می دمی زنده شوم

۲۶

صبح است دمی بر می گلرنگ زنیم　　وین شیشۂ نام و ننگ بر سنگ زنیم

دست از امل دراز خود باز کشیم　　در زلف دراز و دامن چنگ زنیم

۲۷

من باده خورم ولیک مستی نکنم　　الا بقدح دراز دستی نکنم

دانی غرضم ز می پرستی چه بود　　تا همچو تو خویشتن پرستی نکنم

۲۸

هرگه که درین سبزه طربناک شویم　　مانندۂ سبز خنگ افلاک شویم

با سبز خطان سبز خورم در سبزه　　زان پیش که زیر سبزه در خاک شویم

آن جسم پیالہ ہین بجان آبستن ۲۹ ہمچون سمنی بارغوان آبستن
نی نی غلطم بباده از غایت لطف آبیست بآتش روان آبستن

ساقی می خوشگوار بر دستم نہ ۳۰ وان باده چون نگار بر دستم نہ
آن می کہ چو زنجیر بپیچند بہم دیوانہ و ہوشیار بر دستم نہ

افتاد مرا با می و مستی کاری ۳۱ خلقم بچہ میکنند ملامت باری
ای کاش کہ ہر حرام مستی کردی تا من بجہان ندیدمی ہشیاری

ای گل تو بروی دلربا می مانی ۳۲ وی مل تو بلعل جانفزا می مانی
ای بخت ستیزه گار ہر دم با من بیگانہ تری و آشنا می مانی

شمع است و شراب و ماہتاب ای ساقی ۳۳ شاہد ہمہ چو لعل ناب ای ساقی
از خاک بگو این دل پر آتش را بر باد مده بیار آب ای ساقی

یہ تمام رُباعیان خیّام کے میخانہ کی سب سے زیادہ تیز و تند شراب ہین، مگر جب اُن کا خیام کی طرف انتساب تحقیقات سے تمامتر مشکوک ثابت ہوتا ہے، تو اُن سے جو ہلکی ہین، اُن کی نسبت کسی کو کیا وثوق ہو سکتا ہے،

خیام کی شراب عاریت کی ایک دوسری قسم بھی ہے، اور وہ یہ ہے کہ اسکی ایک ہی رباعی کی مختلف عبارتین ہین، ایک بالکل سادہ و "معصوم" ہے، مگر اسی کے دوسرے نسخہ مین شراب کی آمیزش کر دی گئی ہے، اب نہین معلوم کہ غریب خیام کا اصلی خیال کون ہے، مطبوعۂ کاویانی نسخہ مین ایک رُباعی ہے،

۱

صحرا رخ خود با بر نوروز نشست　　　برخیز بجام بادہ کن عہد درست

با سبزہ خطی بسبزہ زاری می خور　　　بر یاد کسی کہ سبزہ از خاکش رست

یہ مطبوعات بمبئی مین یون ہے،

صحرا رخِ خود زابر نوروزی شست　　۲　　این دہرِ شکستہ دل بہ تو گشت درست

ہین سبزہ خطی و سبزہ زاری و می　　　ای بیخبرا کہ سبزہ از خاک تو رست

پھر یہی رباعی دیسنہ کے قلمی نسخہ مین ایک اور طرح سے بھی ہے،

صحرا رخِ خود با بر نوروز نشست　　۳　　وین دہر شکستہ دل بتو گشت درست

ہین سبزہ خطی بسبزہ زاری می بین　　　ای بیخبر از سبزہ کہ از خاک برست

غور کیجئے کہ پہلی قرارت مین "جام بادہ" اور کسی "سبز خط" کے ساتھ کسی "سبزہ زار" مین "مصروف مے نوشی" ہونے کی تعلیم ہے، تاکہ اس مرحوم مرنے والے کی یاد آئے، جسکی خاک سے یہ سبزہ اگا ہو، دوسری مین ابر نوروز سے صحرا کے منہ دھل جانے اور دہر کی دل شکستگی کے دور ہو جانے کا گو ذکر ہے، مگر نتیجہ مین صرف "سبزہ زار" اور "سبزہ خط" اور "می" کے نام رہ گئے ہین، نوشا نوش اور گرمی جوش کا ذکر نہین، اور تیسری مین ان مین سے کچھ نہین رہجاتا، اور مضمون سراسر فنا و انقلاب حوادث کی تصویر ہے، اب کون کہہ سکتا ہے کہ حکیم خیام نے اصل مین کیا کہا تھا، اور بادہ پرستون نے اس کو کیا کر دیا،

شرابِ اخلاص | خیام کی دوسری قسم کی شراب، اخلاص کی بوتل مین بند ہے، چونکہ زہاد و عباد کے

نزدیک بادہ و می، رندی و اوباشی کی علامت سمجھی جاتی تھی اور یہ زہّاد و عبّاد تمام تر تلبیس و مکر و زور و فریبِ خلق مین مبتلا رہتے تھے، اس لیے صوفی شعرا مین یہ رسم سی ہو گئی تھی کہ رندی کے ان ظاہری لوازم، جام و ساغر و بادہ کو اخلاص اور باطنی نکوکاری کے معنون مین، اور تسبیح و سجادہ و دستار کو جو زہّاد و عبّاد کی ظاہر فریب علامات ہین، تلبیس و نفاق کے معنون مین بولین، خیام کی بھی بہت سی رباعیون مین یہی شراب بھری ہے،

ما افسرِ خان و تاجِ کے بفروشیم	۱	دستار قصب ببانگِ نے بفروشیم
تسبیح کہ پیکِ لشکرِ تزویر است		ناگاہ بیک جرعۂ مے بفروشیم
تا بتوانی میل برندان می کن	۲	بنیادِ فساد و مکر ویران می کن
بشنو سخنانِ عمرِ خیامی		می میخور و رہ میزن و احسان می کن
دل فرق نمی کند ہمی دانہ ز دام	۳	رائیش بمسجد ست و رائیش بجام
با این ہمہ ما و می و معشوق مدام		در میکدہ پختہ بہ کہ در صومعہ خام
با تو بخرابات اگر گویم راز	۴	بہ زانکہ بمحراب کنم بے تو نماز
ای اوّل و آخر خلقان ہمہ تو		خواہی تو مرا بسوز و خواہی بنواز
سنت مکن و فریضہا را بگذار	۵	وین لقمہ کہ داری زکسان باز مدار
غیبت مکن و دلِ کسے را مآزار		در عہدۂ آن جہان منم، بادہ بیار
آنانکہ اساسِ کار بر زرق نہند	۶	آیند و میانِ جان و تن فرق نہند
بر فرق نہم خروسِ می را پس ازین		گر ہمچو خروس ارّہ بر فرق نہند

آنہا کہ تشنہ ٔ نبیذ نابند ۷ وآنہا کہ بشب ہمیشہ در محرابند
بر خشک کسی نیست ہمہ در آبند بیدار یکیست، دیگران در خوابند

یہ کل رباعیاں بوڈلین نسخہ سے ہیں،

عمریست کہ مداحیِ می ورد منست ۸ واسباب می است انچہ در گرد منست
زاہد اگر استادِ تو عقل است اینجا خوش باش کہ استادِ تو شاگرد منست
(دلیسنہ)

عقل سے مراد ہشیاری ہے، یعنی زاہد کو اگر اپنی ہشیاری اور عدم مستی پر ناز ہے، جو اسکی استاد ہے تو ہم رندوں کے نزدیک عقل و ہشیاری بیکار چیز ہے، وہ ہماری شاگرد ہے، یعنی زاہد کو اگر اپنی ہشیاری پر ناز ہے تو ہم کو اپنی سرمستی پر،

یک جرعۂ می ز ملکِ کاؤس خوش است ۹ وز تختِ قباد و ملکتِ طوس خوش است
ہر نالہ کہ عاشقی بر آرد بسحر از نعرۂ زاہدانِ سالوس خوش است
(دلیسنہ)

می خوردن و گردِ نیکوان گردیدن ۱۰ بہ زانکہ بزرق زاہدی ورزیدن
گر عاشق و مست دوزخی خواہد بود پس روے بہشت کس نخواہد دیدن
(دکاویانی)

خشت سرِ خم ز ملکتِ جم خوشتر ۱۱ بوی قدح از غذای مریم خوشتر
آہِ سحری ز سینۂ خماری از نالۂ بوسعید و ادہم خوشتر
(〃)

ننگے است بنامِ نیک مشہور شدن ۱۲ عارست زجورِ چرخ رنجور شدن
خمار بہ بوی آبِ انگور شدن بہ زانکہ بزہدِ خویش[1] مشہور شدن
(〃)

---

[1] اس رباعی کے قافیے مشکوک معلوم ہوتے ہیں،

من بادہ خورم ولیک مستی نکنم ۔۔ ۱۳ ۔۔ الا بقدح دراز دستی نکنم
دانی غرضم زمی پرستی چہ بود ۔۔ تا ہمچو تو خویشتن پرستی نکنم

ای مفتیِ شہر از تو پرکار تریم ۔۔ ۱۴ ۔۔ با این ہمہ مستی از تو ہشیار تریم (بیشی)
تو خونِ کسان خوری و ما خونِ رزان ۔۔ انصاف بدہ کدام خونخوار تریم

ما خرقۂ زہد در سرِ خم کردیم ۔۔ ۱۵ ۔۔ وز خاکِ خرابات تیمم کردیم (؟)
باشد کہ درونِ میکدہ دریابیم ۔۔ عمری کہ درونِ مدرسہ گم کردیم

تا چند ملامت کنی ای زاہدِ خام ۔۔ ۱۶ ۔۔ ما رند و خراباتی و مستیم مدام (؟)
تو در غمِ تسبیح و ریا و تلبیس ۔۔ ما با می و مطربیم و معشوقہ بکام

از بادہ شود تکبر از سر ہا کم ۔۔ ۱۷ ۔۔ وز بادہ شود کشادہ بندِ محکم (؟)
ابلیس اگر ز بادہ خوردے یکدم ۔۔ کردی دو ہزار سجدہ پیشِ آدم (؟)

بادۂ حقیقت — خیام کے پیالہ مین ایک تیسری شراب بھی نظر آتی ہے، جس کا نام "بادۂ حقیقت" ہے، وہ شراب کو غیر مرئی وغیر محسوس حقیقت، روحِ حق، جذبۂ روحانی، اور معرفتِ قلب کے معنون مین بھی استعمال کرتا ہے، وہ لوگ جو خیام کی ہر شراب کو یہی دنیا کی مکدر شراب سمجھتے ہین، وہ ذرا اس مئی صافی پر ایک نظر ڈالین کہ کیا یہ شراب ظاہری طور سے پی بھی جا سکتی ہے، اسکا مجاز، خود اسکی حقیقت کا پردہ کھول رہا ہے،

قرآن کہ مہین کلام خوانند اورا ۔۔ ۱ ۔۔ گہ گاہ، نہ بر دوام خوانند اورا
در خطِ پیالہ آیتے ہست مقیم ۔۔ کاندر ہمہ جا مدام خوانند اورا

اس رباعی کی بنیاد "مدام" کے ایہام لفظی پر قائم ہے، جس کے معنی ہمیشہ کے بھی ہین، اور شراب کے بھی ہین، اسی طرح "خوانند" کے معنی پڑھنے کے بھی ہین اور نام لینے کے بھی ہین، پیالہ مین شراب کے پیمانہ کے لیے خط یعنی نشانات بنے رہتے تھے، تاکہ ہر خط سے شراب کی مقدار کا اندازہ ہو سکے، اور پینے والا اندازہ سمجھ کر پیئے، اب اس مطلب مین کہ قرآن جس کو لوگ "کلام پاک" کہتے ہین، لوگ اُس کو کبھی کبھی پڑھتے ہین، ہمیشہ نہین، لیکن شراب کے پیالہ مین جو خط ہے اُس مین ایک آیت ہے، جس کو لوگ "مدام" پڑھتے ہین یا اس کو "مدام" (شراب) کہتے ہین، ظاہر ہے کہ کوئی ندرت نہین، اور نہ یہ ضلع جگت حکیم خیام کے کہنے کی چیز ہے، اس رُباعی کا مطلب اس سے بالکل الگ اور بہت بلند ہے، شراب اگر شراب معرفت ہے تو پیالہ عارف کا دل ہے، کہنا یہ ہے کہ قرآن ایسا کلام الٰہی ہے جس کو لوگ کم پڑھتے ہین، مگر عارف کے سینہ مین جو صحیفۂ دل ہے جسمین آیتِ الٰہی ہمیشہ کے لیے مقیم ہے اسکو ہر جگہ آسانی کے ساتھ ہر شخص پڑھ سکتا ہے،

می خور کہ ز تو کثرتِ علت ببرد ۲ واندیشۂ ہفتاد و دو ملت ببرد
پرہیز مکن ز کیمیاے کہ ازو یک جرعہ خوری ہزار علت ببرد

"علت" دو معنون مین آتا ہے ایک سبب کے معنی مین، اور دوسرے بیماری کے معنی مین، پہلے مصرع مین سبب مراد ہے اور چوتھے مین بیماری، ظاہر بین کو دنیا مین ہزارون متفرق اسباب و علل کارفرما نظر آتے ہین، مگر ایک عارف کو صرف اس کثرت مین بھی وحدت نظر آتی ہے، علل و اسباب کی کثرت مین بھی اُس کو حقیقی اور اصلی علۃ العلل ایک ہی معلوم ہوتی ہے،

اس کے سوا دوسرے اسباب و علل ثانوی، اور یہی ایک اصلی علۃ العلل (خداوند تعالیٰ) کے خود معلول و محکوم معلوم ہوتے ہیں، اگر کسی کو یہ حقیقی علۃ العلل نظر آنے لگے، تو دوسرے ثانوی اسباب و علل جو عام لوگوں کو اصلی معلوم ہوتے ہیں محض فریب نظر آنے لگیں،

ظاہر ہے کہ وہ شراب جس سے اس کثرتِ علل کا فریب کھل جائے، اور بہتر فرقوں کے اختلافات مٹ جائیں، اور اس کے ایک گھونٹ سے (شک و تذبذب) کی ہر بیماری دور ہو جائے کونسی شراب ہو سکتی ہے؟

زان می کہ حیات جاودانی ست بخور ۳ سرمایۂ لذتِ جوانی ست بخور
سوزندہ چو آتش است، لیکن غم را سازندہ چو آبِ زندگانی ست بخور

وہ شراب جس سے "حیاتِ جاودانی" ملے، خانۂ خمار کی شراب نہیں ہو سکتی یہ صرف عرفان و عشقِ حقیقی کی شراب ہو سکتی ہے، جس کو کوئی پاکر حیاتِ جاودانی پا سکتا ہے، اور جو ہر فانی کے غم کو جلا کر، باقی کی مسرت جاوید بخش سکتی ہے،

ہر توبہ کہ کردیم شکستیم دگر ۴ بر خود در نام و ننگ بستیم دگر
عیبم مکنید اگر کنم بیخودئیے کز بادۂ عشق مست ہستیم دگر

اس میں تو اس بادۂ عشق کی صاف تصریح ہے،

من ظاہرِ نیستی و ہستی دانم ۵ من باطنِ ہر فراز و پستی دانم
با این ہمہ از دانشِ خود شرمم باد گر مرتبۂ ورای مستی دانم

اس ادعاے علم کے ساتھ یہ اعترافِ جہل کسی مست کا کام ہے؟ یہ مستی بھی بادۂ انگور کا

نہین، شراب ظہور کا نتیجہ ہے،

یہ پانچ رُباعیان بوڈلین نسخہ کی ہین، دو اور رُباعیان وینہ کے نسخہ کی ہین، اور بمبئی کے مطبوعہ نسخون مین بھی موجود ہین،

آن بادہ کہ قابلِ صورہاست بذات ۶ گاہے حیوان می شود وگاہے نبات
تاظن نبری کہ نیست گردی، ہیہات موصوف بذاتست اگر نیست صفات

سیال چیز کی خود کوئی شکل نہین ہوتی جس ظرف مین رکھو وہی شکل پیدا ہو جائے گی، شرابِ سیال کو پیالہ، صراحی، جبرہ، خم جس ظرف مین رکھو ویسی ہی صورت اختیار کریگی، اس تمہید کے بعد وہ کہتا ہے کہ وجود مطلق وہ شراب ہے جو مختلف صورتون مین جلوہ گری کی صلاحیت رکھتی ہے، یعنی وہی ایک وجودِ مطلق حیوان کے قالب مین حیوان، نباتات کے قالب مین نبات اور انسان کے قالب مین انسان بنجاتا ہے، عالم کے یہ گوناگون موجودات اُس کے صفات اور شئون کے مختلف مظاہر ہین، اگر یہ مظاہر کُل کے کُل فنا بھی ہو جائین، تو بھی وجودِ مطلق فنا نہین ہو سکتا کہ وہ اپنی ذات کیساتھ آپ موصوف ہو کر قائم رہیگا،

روحی کہ منزہ است ز آلایش خاک ۷ مہمانِ تو آمدست از عالم پاک
میدہ تو بِبادۂ صبوحی مددش زان پیش کہ گوید انعم اللہ مساک
(اکادیانی)

عالم بالا کی وہ پاک وصاف روح، جو اس عالم ارضی مین انسانون کے پاس مہمان آتی ہے، کیا اُس کی مہمان نوازی کسی خمار کے ہاتھون کی کھچی ہوئی بادۂ صبوحی سے ہو سکتی ہے، یا اُس بادۂ سحری سے جس کی مستی کا اتار قیامت تک ممکن نہین،

کادیانی مین ہے،

ما عاشق و آشفتہ و مستیم امروز ۸ درکوئی بتان بادہ پرستیم امروز
از ہستی خویشتن بکلی رستہ پیوستہ بمحراب الستیم امروز

محراب الست مین بیٹھکر جو شراب پی جا سکتی ہے، وہ غور کیجیے کونسی ہو سکتی ہے؟

دوامِ بیخودی

خیام کی اکثر خمریات کا ماحصل، ہمارے سنجیدہ سرخوش غالب کے صرف ایک شعر مین ادا ہو سکتا ہے،

مے سے غرض نشاط ہے کس روسیاہ کو یک گونہ بیخودی مجھے دن رات چاہیے

خیام کی اکثر خمریہ رباعیون کا مطلب یہ ہے کہ عالم کی کشاکش اور دنیا کے مصائب، فلسفہ کے پیچیدہ شکوک، آخرت کے خوف، ہر چیز کا علاج، روحانی سرمستی، اور رضا بتقدیر کی شراب ہے، کہ نہ ہمارے غور و فکر اور جد و جہد سے کوئی ناقابلِ حل پیچیدگی حل ہو سکتی ہے، نہ آج کی مشکل دور ہو سکتی ہے، اور نہ کل کی مصیبت ٹل سکتی ہے، وہ خود کہتا ہے،

می خوردنِ من نہ از برای طرب است ۱ نز بہر نشاط و ترکِ دین و ادب است
خواہم کہ دمے زخویشتن باز رہم[1] می خوردن و مست بودنم زان سبب است

دریاب کہ از روح جدا خواہی رفت ۲ در پردۂ اسرار خدا خواہی رفت
خوش باش ندانی زکجا آمدہ می نوش ندانی کہ کجا خواہی رفت

[1] موافق متن کادیانی برلن نمبر ۶۰، بمبئی گلزار حسنی مین اس کا تیسرا مصرع یون ہے، ع
"خواہم کہ بہ بیخودی برآرم نفسے"
نسخۂ دیسنہ مین دوسرے مصرع مین "نشاط" کی جگہ "فساد" ہے، اور چوتھے مصرع مین بمبئی کی طرح "زان" کی جگہ "زین" ہے،

مے خور کہ تنت بخاکِ در ذرّہ شود ۳ خاکت پس ازان پیالہ و جرّہ شود
از دوزخ و از بہشت فارغ می باش عاقل بچنین خبر چرا غرّہ شود

می دہ کہ دل ریش مرا مرہم اوست ۴ سودا زدگانِ عشق را ہمدم اوست
پیش دلِ من خاکِ یکے جرعہ بہاست از چرخ کہ کاسۂ سرِ عالم اوست

چون عمر ہمی رود چہ بغداد و چہ بلخ ۵ پیمانہ چو پر شود چہ شیرین و چہ تلخ
می خور کہ پس از من و تو این ماہ بسے از سلخ بغرّہ آید از غرّہ بسلخ

مائیم و می و مصطبۂ و تون خراب ۶ فارغ ز امیدِ رحمت و بیمِ عذاب
جان و دل و جام و جامہ پر دُرد شراب آزاد ز خاک و باد و از آتش و آب

در پردۂ اسرار کسے را رہ نیست ۷ زین تعبیہ جان ہیچ کس آگہ نیست
جز در دلِ خاک ہیچ منزلگہ نیست می خور کہ چنین فسانہا کوتہ نیست

می خور کہ بزیرِ گل بسے خواہی خفت ۸ بے مونس و بے حریف و بے ہمدم و جفت
زنہار بکس مگو تو این رازِ نہفت ہر لالہ کہ پژمرد نخواہد بشگفت

اندر رہِ عقل پاک می باید شد ۹ در چنگِ اجل ہلاک می باید شد
ای ساقیِ خوش لقا تو فارغ منشین آبے در دہ کہ خاک می باید شد

این قافلۂ عمر عجب می گذرد ۱۰ دریاب دمی کہ با طرب می گذرد
ساقی غمِ فردائے حریفان چہ خوری در دہ قدحِ بادہ کہ شب می گذرد

زان پیش کہ بر سرت شبیخون آرند ۱۱ فرمائے کہ تا بادۂ گلگون آرند

تو زبدهٔ ای غافلِ نادان که ترا | در خاک نهند و باز بیرون آرند

۱۲
هر جرعه که ساقیش بخاک افشاند | در دیدهٔ گرم آتشِ غم بنشاند
سبحان الله تو باده می پنداری | آبی که ز صد درد دلت برهاند

۱۳
برخیز و دوای این دلِ تنگ بیار | آن بادهٔ مشکبوی گلرنگ بیار
اجزای مفرحِ غم ار می خواهی | یاقوت می و بریشم چنگ بیار

۱۴
زان می که حیاتِ جاودانی ست بخور | سرمایهٔ لذتِ جوانی است بخور
سوزنده چو آتش است لیکن غم را | سازنده چو آبِ زندگانی است بخور

۱۵
تا کی ز اباحت و تا کی ز ازل | هنگامِ طرب شراب رانیست بدل
بگذشت ز اندازهٔ من علم و عمل | هر مشکل را شراب گرداند حل

۱۶
برخیزم و عزم بادهٔ ناب کنم | رنگِ رخِ خود برنگِ عناب کنم
این عقلِ فضول پیشه را مشتی می | بر روی زنم چنانکه در خواب کنم

۱۷
چون نیست مقام ما درین دیر مقیم | بی ساقی و معشوق عذابیست الیم
تا کی ز قدیم و محدث ای مردِ حکیم | چون من رفتم، جهان چه محدث چه قدیم

۱۸
نتوان دلِ شاد را بغم فرسودن | وقتِ خوشِ خود بسنگِ محنت سودن
کس غیب چه داند که چه خواهد بودن | می باید و معشوق و بکام آسودن

۱۹
از درسِ علوم جمله بگریزی به | واندر سرِ زلفِ دلبر آویزی به
زان پیش که روزگار خونت ریزد | تو خونِ صراحی بقدح ریزی به

ای من در میخانه به سبلت رُفته ۲۰ ترک بد و نیک هر دو عالم گفته
گر هر دو جهان چو گوی افتد بکوی بر من بجوی چو مست باشم خفته

تا کی غم آن خورم که دارم یا نه ۲۱ وین عمر بخوشدلی گذارم یا نه
پر کن قدح باده که معلومم نیست کین دم که فرو برم برآرم یا نه

تن در غم روزگار بیداد مده ۲۲ ما را ز غم گذشتگان یاد مده
دل جز بسمن بری پری زاد مده بی باده مباش و عمر بر باد مده

ای دل تو باسرار معما نرسی ۲۳ در نکتهٔ زیرکان دانا نرسی
اینجا بمی و جام بهشتی می ساز کانجا که بهشت است رسی یا نرسی

درده می لعل لاله گون صافی ۲۴ بگشای ز حلق شیشه خون صافی
کامروز برون ز جام می نیست مرا یک دوست که دارد اندرون صافی

(بوڈلین)
ای آمده از عالم روحانی تفت ۲۵ حیران شده در چهار و پنج و شش و هفت
می خور که جز جوانی اندر گل خفت کم خور غم عالمی که چون رفتی رفت

ترکیب طبائع چو بکام تو دمیست ۲۶ خوش باش اگرچه بر تو هر دم ستمیست
با اهل خرد نشین که اصل تن تو گردی و شراری و نسیمی و نمیست

می خوردن و شاد بودن آیین منست ۲۷ فارغ بودن ز کفر و دین دین منست
گفتم بعروس دهر کابین تو چیست گفتا دل خرم تو کابین منست

می بر کف من نه که دلم در تابست ۲۸ وین عمر گریزپای چون سیمابست

برخیز که بیداری دولت خوابست | دریاب که آتش جوانی آبست

۲۹
در نالۂ قرابہ غلغل می چہ خوشست | وین زاری زار نالۂ نی چہ خوشست
در بر بُت دلفریب و در سر می ناب | فارغ ز غم زمانہ ہے ہے چہ خوشست

۳۰
چون نیست حقیقت و یقین اندر دست | نتوان بامید شک ہمہ عمر نشست
ہان تا ننہیم ساغر بادہ ز دست | در بیخبری مرد چہ ہشیار چہ مست

۳۱
ای دل چو زمانہ می کند غمناکت | ناگہ برون ز تن رود روان پاکت
بر سبزہ نشین و خوش بزی روزی چند | زان پیش کہ سبزہ بردمد از خاکت

۳۲
عمریست کہ مداحی می در دِ من ست | واسباب می است ہرچہ در گردنِ ست
زاہد اگر استادِ تو عقل است اینجا | خوش باش کہ استادِ تو شاگردِ منست

۳۳
قدر گل و مل بادہ پرستان دانند | نہ تنگ دلان و تنگدستان دانند
از بیخبری بیخبری معذوری | ذوقیست درین شیوہ کہ مستان دانند

(دولتشاہ)

کا دیوانی اور دوسرے نسخون مین ہے۔

۳۴
با سادہ رخان بادۂ ناب اولی تر | واندر مستی دیدۂ پر آب اولی تر
چون عالم دون بکس وفائے نکند | از بادہ درو مست و خراب اولی تر

ان تمام رباعیون پر جنمین بڑا حصہ بوڈلین نسخہ کے الف سے یا تک کا انتخاب ہے ایک نگاہ ڈالنے سے معلوم ہو سکتا ہے کہ غم نصیب خیام جو اسرارِ کائنات کے ایک ایک تار نقاب کو توڑنے

کی ہمت کر کے تھک چکا تھا، اور دنیا کی وسیع آبادی مین ایک بھی اپنا ہمراز و ہمدم نہ پا سکا تھا،
اور جس پر فنا و زوال اور مایوسی و ناامیدی کی گھٹا ہر چار طرف سے چھائی تھی، اُس کو اپنے
لیے بہتر یہی معلوم ہوتا تھا کہ وہ اپنی اس عقل و خرد اور علم و ہوش ہی کو گم کر دے جسنے اوسکو
اس پیچ و تاب اور غم و الم مین مبتلا کر رکھا تھا،

انقلاب و فنا کی تشبیہات | لوگون کو اسکی رباعیون مین رندی و میخواری کا ایک اور پہلو نظر آتا ہے
جس مین وہ شراب و نورِ ماہ و صراحی و پیالہ اور گل کوزہ اور ان کے ٹوٹنے پھوٹنے کا ذکر
کرتا ہے، لیکن حقیقت مین وہ اُن سے پینے کا نہین، بلکہ دیکھنے کا کام لیتا ہے، یعنی ان کے
ذریعہ سے وہ زوال و فنا اور تغیر کی تشبیہون اور استعارون کو ادا کرتا ہے، ان رباعیون کو مستی
و سرشاری سے کوئی تعلق نہین، یہ ایسا ہی ہے جیسے ہم آج، صیاد و باغبان و بہار و خزان وغیرہ سے کام لیتے ہین مثلاً

چون عہدہ نمی کند کسے فردا را | ۱ | حالے خوش کن تو این دلِ شیدا را
مے نوش بنورِ ماہ اے ماہ کہ ماہ | | بسیار بجوید و نیابد ما را

این کوزہ چو من عاشقِ زاری بودست | ۲ | و اندر طلبِ روئے نگاری بودست
این دستہ کہ در گردنِ او می بینی | | دستیست کہ در گردنِ یاری بودست

مقصود یہ ہے کہ اسی ایک مٹی کی صنعت گری ہے کہ کبھی وہ ذی ہوش آدمی بنتی ہے
اور کبھی جماد کی صورت مین ظاہر ہوتی ہے، پھر کبھی اسی سے عاشق کا دل دیوانہ، اور کبھی کسی
آن بادہ کہ قابلِ صُوَرہاست بذات | | گاہی حیوان می شود و گاہ نبات
تا ظن نبری کہ نیست گردد ہیہات | ۵۶ | موصوف بذاتست اگر نیست صفات

عمریست کہ مداحیِ می وردِ منست | | واسبابِ می است ہرچہ درگردِ منست
زاہد اگر استادِ تو عقلست اینجا | ۵۷ | خوش باش کہ استادِ تو شاگردِ منست

اے آمدہ از عالم روحانی تفت | | حیران شدہ در چہار و پنج و شش و ہفت
می خور کہ جز جوانی اندر گل خفت | ۵۸ | کم خور غمِ عالمی کہ چون رفتی رفت

در صومعہ و مدرسہ و دیر و کنشت | | ترسندہ ز دوزخ اند و جویای بہشت
وانکس کہ ز اسرارِ خدا باخبرست | ۵۹ | زاین تخم در اندرونِ دل ہیچ نکشت

ترکیبِ طبائع چو بکامِ تو دمیست | | خوش باش اگرچہ برتو ہرم ستمیست
با اہلِ خرد نشین کہ اصلِ تنِ تو | ۶۰ | گردی و شراری و نسیمی و نمیست

با مطربِ[۱] می خور ستی گر ہست | | با آبِ روانت لبِ کشتی گر ہست
ین مطلب و دوزخ فرسودہ متاب | ۶۱ | حقا کہ جز این نیست بہشتی گر ہست

[۱] کذا (بہ زیر)

من می خورم و مخالفان از چپ و راست		گویند مخور باده که دین را عداست
چون دانستم که می عدوی دین است	۶۲	باﷲ بخورم خون عدو را که رواست

دوران جهان بی می و ساقی هیچ است		بی زمزمۀ نای عراقی هیچ است
هر چند در احوال جهان می نگرم	۶۳	حاصل همه عشرت است و باقی هیچ است

ابر آمد و باز بر سر سبزه گریست		بی بادهٔ ارغوان نمی شاید زیست
این سبزه که امروز تماشاگه ماست	۶۴	تا سبزهٔ خاک ما تماشاگه کیست

دریاب که از روح جدا خواهی رفت		در پردهٔ اسرار خدا خواهی رفت
می نوش ندانی ز کجا آمدهٔ	۶۵	خوش باش ندانی بکجا خواهی رفت

بر چهرهٔ گل شبنم نوروز خوش است		در صحن چمن روی دل افروز خوش است
از دی که گذشت هر چه گوئی خوش نیست	۶۶	خوش باش و ز دی مگو که امروز خوش است

یزدان که گل وجود ما آراست	۶۷	دانست ز فعل ما چه برخواهد خواست

۱ کذا (خاست ؟)

بی حکمش نیست هر گناهی که مراست — پس سوختن قیامت از بهر چه خواست

۶۸

بر لوح نشان بودنیها بودست — پیوسته قلم ز نیک و بد آسودست

اندر تقدیر آنچه بایست بداد — غم خوردن و کوشیدن ما بیهودست

۶۹

ترس اجل و بیم فنا هستی تست — ورنه ز فنا شاخ بقا خواهد رست

تا از دم عیسوی شدم زنده بجان — مرگ ابد از وجود ما دست بشست

۷۰

با هر بد و نیک راز نتوانم گفت — کوته سخنم دراز نتوانم گفت

حالی دارم که شرح نتوانم داد — رازی دارم که باز نتوانم گفت

۷۱

با باده نشین که ملک محمود اینست — وز چنگ شنو که لحن داود اینست

از آمده و رفته دگر یاد مکن — حالی خوش باش زان که مقصود اینست

۷۲

گردون کمری ز عمر فرسوده ماست — جیحون اثری ز اشک پالوده ماست

دوزخ شرری ز رنج بیهوده ماست — فردوس دمی ز وقت آسوده ماست

در خواب بُدم مرا خردمندی گفت	کز خواب کسی را گلِ شادی نشگفت
کاری چه کنی که با اجل باشد جفت	می خور که بزیر خاک می باید خفت

۷۳

بابا، دل من قلب نمی گردد جفت | جاروب طرب خانهٔ ما پاک برفت
پیری ز خرابات برون آمد و گفت | می خور که بزیر خاک می باید خفت

۷۴

چون چرخ بکام یک خردمند نگشت | خواهی تو فلک هفت شمر خواهی هشت
چون باید مرد و بود نیها همه هشت | چه مور خورد بگور چه گرگ بدشت

۷۵

شادی مطلب که حاصلِ عمر دمیست | هر ذرّه ز خاکِ کیقبادی و جمیست
احوالِ جهان و اصلِ این عمر ببین | خوابی و خیالی و فریبی و دمیست

۷۶

این کهنه رباط را که عالم نامست | آرامگهِ ابلقِ صبح و شامست
بزمیست که وا ماندهٔ صد جمشید ست | قصریست که تکیه گاهِ صد بهرامست

۷۷

اکنون که گلِ سعادتت پر بار ست[1] | دست تو ز جامِ می چرا بیکار ست

۷۸

---

[1] کذا (پربارست؟)

می خور که زمانه دشمنے غدار ست
دریافتنِ روزِ چنین دشوار ست

از باد صبا دلم چو بوی تو گرفت
بگذاشت مرا و جست وجوی تو گرفت
۷۹
اکنون ز منِ خستہ نمی آرد یاد
بوئے تو گرفتہ بود خوئے تو گرفت

این قصر کہ بہرام درو جام گرفت
روبہ بچہ کرد و شیر آرام گرفت
۸۰
بہرام کہ گور می گرفتی دائم
امروز نگر کہ گور بہرام گرفت

خیّام تنت بخیمہ ماند راست
جان سلطانی کہ منزلش دار بقاست
۸۱
فراشِ اجل ز بہرِ دیگر منزل
این خیمہ بیفگند چو سلطان برخاست

صحرا رُخِ خود ز بابرِ نوروز بشست
وین دہرِ شکستہ دل بنو گشت درست
۸۲
ہین سبزہ خطے بسبزہ زاری می بین
ای بیخبر از سبزہ کہ از خاک برست

در بزم خرد عقل دلیل سرہ گفت
در شام و عرب میمنہ و میسرہ گفت
۸۳
گر ناہلے گویدمی ناسرہ است
من کے شنوم زانکہ خدا می سرہ گفت

هر کو رقمی ز عقل در دل ننگاشت — یک لحظہ ز عمرِ خویش ضائع نگذاشت
یا در طلبِ رضای یزدان کوشید — یا راحتِ خود گزید و ساغر برداشت

۸۴

ای وای بر آن دل کہ درو سوزی نیست — سودازدۂ مہرِ دل افروزی نیست
روزی کہ تو بی بادہ بسر خواہی برد — ضائع تر از آن روز ترا روزی نیست

۸۵

من بندۂ عاصیم رضای تو کجاست — در کنجِ دلم نور و ضیای تو کجاست
ما را تو بہشت اگر بطاعت بخشی — این بیع بود لطف و عطای تو کجاست

۸۶

من ہیچ ندانم کہ مرا آنکہ سرشت — از اہلِ بہشت گفت یا دوزخِ زشت
جامی و بتی و بربطی بر لبِ کشت — این جملہ مرا نقد و ترا نسیہ بہشت

۸۷

تا کی ز چراغِ مسجد و دودِ کنشت — تا کی ز زیانِ دوزخ و سودِ بہشت
رو بر سرِ حرف بین کہ استادِ قضا — اندر ازل آنچہ بودنی بود نوشت

۸۸

ہر دل کہ درو مایۂ تجرید کمست — بیچارہ ہمہ عمر ندیمِ ندم است
جز خاطرِ فارغ کہ نشاطی دارد — باقی ہمہ ہر چہ ہست اسبابِ غم است

۸۹

از ما متقی تسبی ساقی ماندست | ۹۰ | وز صحبت عمر بے وفاقی ماندست
از بادۂ دوش یکمنے بیش نماند | | از عمر ندانم کہ چہ باقی ماندست

نفست بسگ خانہ ہمی ماند راست | ۹۱ | جز بانگِ میان تہی از و ہیچ نخاست
روبہ صفتست خوابِ خرگوش دہد | | آشوب پلنگ از وگرگ دغاست

پرخون ز فراقت جگری نیست کہ نیست | ۹۲ | شیدای تو صاحب نظری نیست کہ نیست
باآنکہ نداری سرِ سودای کسے | | سودای تو در ہیچ سرے نیست کہ نیست

بیگانہ اگر وفا کند خویشِ منست | ۹۳ | ور خویش جفا کند بداندیشِ منست
گر زہر موافقت کند تریاک است | | ور نوش مخالفت کند نیشِ منست

از آتشِ این طائفہ جز دودی نیست | ۹۴ | وز ہیچ کسم امید بہبودی نیست
دستی کہ ز دستِ چرخ بر سر دارم | | در دامنِ ہر کہ می زنم سودی نیست

ج

تا بتوانی غم جہان ہیچ مسنج | ۹۵ | بر دل منہ از آمدہ نا آمدہ رنج

خوش میخور و می بخش کزین دار سپنج — باخود نبری گرچہ بسے داری گنج

ح

۹۶

کو مطربے می تا بہم داد صبوح — خوش وقتے آن دل کہ کند یاد صبوح

مارا بجہان سہ چیز می آید خوش — سرمستی و عاشقی و فریاد صبوح

خ

۹۷

چون میگذرد عمر چہ شیرین و چہ تلخ — چون جان بلب آمد چہ نشاپور چہ بلخ

می نوش کہ بعد از من و تو ماہ بسے — از سلخ بغرہ آید و از غرہ بسلخ

د

۹۸

قدر گل و مل بادہ پرستان دانند — نہ تنگ دلان و تنگدستان دانند

از بیخبری بیخبری معذوری — ذوقیست درین شیوہ کہ مستان دانند

۹۹

زآوردن من نبود گردون را سود — وز بردن من جاہ و جلالش نفزود

از ہیچ کسے نیز دو گوشم نشنود — کاوردن و بردن من از بہر چہ بود

۱۰۰

بوی خوش گل بزخم خارے ارزد — گر بادہ خوری ہم بخمارے ارزد

یاری کہ از و ہزار جان تازہ شود — انصاف بدہ کہ انتظارے ارزد

آنکس که زمین و چرخ و افلاک نهاد — بس داغ که او بر دلِ غمناک نهاد
بسیار لب چو لعل و زلفین چو مشک — ۱۰۱ — در طبلِ زمین و حقهٔ خاک نهاد

خورشید کمندِ صبح بر بام افگند — کیخسروِ روز باده در جام افگند
می خور که منادیِ سحرگه خیزان — ۱۰۲ — آوازهٔ اشربوا در ایام افگند

این قافلهٔ عمر عجب میگذرد — دریاب دمی که با طرب می گذرد
ساقی غمِ فردای حریفان چه خوری — ۱۰۳ — پیش آر پیاله که شب می گذرد

بر چشمِ تو عالم ارچه می آرایند — مگرو تو بدان که عاقلان نگرایند
بربای نصیبِ خویش کت بربایند — ۱۰۴ — بسیار چو تو شوند و بسیار آیند

سرّم همه دانای فلک می داند — کو موی بموی ورگ برگ می داند
گیرم که برزق خلق را بفریبی — ۱۰۵ — با او چه کنی که یک بیک می داند

آنها که محیطِ جمعِ آداب شدند — در کشفِ دقیقه شمعِ اصحاب شدند
ره زین شبِ تاریک نبردند برون — ۱۰۶ — گفتند فسانهٔ و در خواب شدند

آنها که اسیرِ عقلِ تمییز شدند | ۱۰۷ | در حسرتِ هست و نیست ناچیز شدند
رو با خبرا تو آبِ انگور گزین | | کین بیخبران بغوره مویز شدند

پیری سرِ رای بی نوا پے[1] دارد | ۱۰۸ | گلنار رخم برنگ آبی دارد
بام و در و چار رکنِ دیوارِ وجود | | ویران شد و روی بخرابی دارد

آن عقل که در راهِ سعادت پوید | ۱۰۹ | روزے صد بار خویش را می گوید
دریاب تو این یکدمه صحبت که نه | | آن تره که بدروند و دیگر روید

اکنون که دلم ز عشق محروم نشد | ۱۱۰ | کم بود ز اسرار که مفهوم نشد
واکنون که همه بنگرم از روی خرد | | عمرم بگذشت و هیچ معلوم نشد

وقتے که طلوعِ صبحِ ازرق باشد | ۱۱۱ | باید که بکف جامِ مروّق باشد
گویند که حق تلخ بود در افواه | | باید بهمه حال که می حق باشد

از بادهٔ شب اگر خمارم نبود | ۱۱۲ | می خوردنِ روز اختیارم نبود
گویند مکن اختیار می خوردن روز | | وز خوردنِ روز اختیا[2]رم نبود

[1] کذا، (بے صوابی؟) [2] ایضاً

آن روز که توسنِ فلک زین کردند	وآرایشِ مشتری و پروین کردند
این بود نصیبِ ما ز دیوانِ قضا	۱۱۳ ما را چه گناه چون نصیب این کردند

روزی که جزای هر صفت خواهد بود	قدرِ تو بقدرِ معرفت خواهد بود
در حسنِ صفت کوش که در روزِ جزا	۱۱۴ حشرِ تو بصورتِ صفت خواهد بود

زان پیش که غمهات شبیخون آرند	فرمای بتا تا میِ گلگون آرند
تو زر نه ای غافلِ نادان که ترا	۱۱۵ در خاک نهند و باز بیرون آرند

چون مرده شوم خاکِ مرا گم سازند	واحوالِ مرا عبرتِ مردم سازند
پس خاکِ و گلم بباده آغشته کنند	۱۱۶ وز کالبدم خشتِ سرِ خم سازند

در دهر چو آوازهٔ گل تازه دهند	فرمای بتا که می باندازه دهند
از دوزخ و از بهشت و از حور و قصور	۱۱۷ فارغ بنشین که آن باوازه دهند

گویند بهشت و حورِ عین خواهد بود	آنجا میِ ناب و انگبین خواهد بود
ما با می و معشوق از آنیم مقیم	۱۱۸ چون عاقبتِ کار همین خواهد بود

گویند بهشت و حور و کوثر باشد | ۱۱۹ | انجا می ناب و شهد و شکر باشد
پر کن قدحِ باده و بر دستم نه | | نقدی ز هزار نسیه بهتر باشد

می خور که تنت بخاک در ذره شود | ۱۲۰ | هر ذره ز تو پیاله و جره شود
مشنو سخن بهشت و دوزخ ز کسان | | عاقل بچنین روز چرا غره شود

این خلق همه خران با افسوس اند | ۱۲۱ | پر مشغله و میان تهی چون کوس اند
خواهی که کفِ پای ترا بوسه زنند | | خوش نام بزی که بندهٔ ناموس اند

می نوش که تا غم از نهادت ببرد | ۱۲۲ | شغلِ دو جهان جمله زیادت ببرد
رو آتشِ تر گزین کن و آبِ روان | | زان پیش که خاک شوی بادت ببرد

می خور که ز تو کثرت و قلت ببرد | ۱۲۳ | و اندیشه هفتاد و دو ملت ببرد
پرهیز مکن ز کیمیای که ازو | | یک جو بخوری هزار علت ببرد

چون شاهدِ روح خانه پرداز شود | ۱۲۴ | هر چیز باصلِ خویشتن باز شود
این سازِ وجود و چار ابریشمِ طبع | | از زخمهٔ روزگار بے ساز شود

گویند از آن کسان که با پرهیزند | زآنسان که بمیرند چنان برخیزند
ما با می و معشوق از آنیم مدام | تا بو که بحشر مان چنان انگیزند
۱۲۵

زنهار مرا ز جام می قوت کنید | وین چهرهٔ کهربا چو یاقوت کنید
چون فوت شوم بباده شوئید مرا | وز چوب رزم تختهٔ تابوت کنید
۱۲۶

اندیشهٔ جرمم چو برابر گذرد | از آتش سینه آبم از سر گذرد
لیکن شرط است بنده چون توبه کند | مخدوم بلطف از سر آن در گذرد
۱۲۷

یک جام هزار مرد بدین ارزد | یک جرعهٔ می مملکت چین ارزد
در روی زمین چیست ز باده خوشتر | تلخی که هزار جان شیرین ارزد
۱۲۸

در میکده جز بمی وضو نتوان کرد | وان نام که زشت شد نکو نتوان کرد
خوش باش که این پردهٔ مستوری ما | بدرید چنان شد که رفو نتوان کرد
۱۲۹

مگذار که غصه در حصارت گیرد | واندوه محال روزگارت گیرد
مگذار دمی کنار آب و لب کشت | زان پیش که خاک در کنارت گیرد
۱۳۰

می گرچه حرام است ولی تا که خورد — وانگاه چه مقدار و دگر با[1] چه خورد
هرگاه که این[2] چهار شرط آمد جمع — پس می نخورد مردم دانا[3] چه خورد

۱۳۱

من باده بجام یک منی خواهم کرد — خود را بدو جام می غنی خواهم کرد
اول سه طلاق عقل و دین خواهم گفت — پس دختر رز را بزنی خواهم کرد

۱۳۲

آنها که اساس کار بر زرق نهند — آیند و میان جان و تن فرق نهند
بر فرق نهم سبوی می را پس ازین — گر همچو خروسم اره بر فرق نهند

۱۳۳

از دفتر عمر پاک می باید شد — وز چنگ اجل هلاک می باید شد
ای ساقی خوش لقا تو خوش خوش ما را — آبی در ده که خاک می باید شد

۱۳۴

سبو[4] می درین قوم چه کردی که خرند — دانش چه بری که از تو دانش نخرند
سالے یکبار آب جوییت ندهند — روزی صد بار آبرویت ببرند

۱۳۵

آنها که بکار عقل در می کوشند — هیهات که جمله گاو نر می دوشند
آن به که لباس ابلهی در پوشند — کامروز بعقل تره می نفروشند

۱۳۶

[1] کذا (با که) [2] کذا (سه شرط شد راست بگو) (وینفیلڈ) [3] کذا (که) [4] کذا (سود ے تو)

۱۳۷

خوش باش که عالم گذران خواهد بود ‌ ‌ ‌ بر چرخ قرانِ اختران خواهد بود

خشتی که ز قالبِ تو خواهند زدن ‌ ‌ ‌ بنیادِ سرای دگران خواهد بود

۱۳۸

هرگز نه جهانِ کهنه نو خواهد شد ‌ ‌ ‌ نه کار کسی بکام او خواهد شد

ای ساقی اگر باده دهی ورنه دهی ‌ ‌ ‌ میدان که سرِ جمله فرو خواهد شد

۱۳۹

از می طرب و نشاط و مردی خیزد ‌ ‌ ‌ وز طبعِ کتب خشکی و سردی خیزد

گر باده خوری تو سرخ رو خواهی بود ‌ ‌ ‌ کز خوردنِ سبزه همی زردی خیزد

۱۴۰

بیمارم و بت در امتحانم دارد ‌ ‌ ‌ ناخوردنِ می قصد بجانم دارد

وین طرفه نگر که هرچه در بیماری ‌ ‌ ‌ جز باده خورم همه زیانم دارد

۱۴۱

افسوس که نامهٔ جوانی طی شد ‌ ‌ ‌ وین تازه بهارِ ارغوانی دی شد

آن مرغِ طرب که نام او بود شباب ‌ ‌ ‌ بیهات ندانم که کی آمد کی شد

۱۴۲

هر لذت و راحتی که خلاق نهاد ‌ ‌ ‌ از بهرِ مجردان و آفاق نهاد

هرکس که ز طاق منقلب گشت بجفت ‌ ‌ ‌ آسایشِ خود ببرد و بر طاق نهاد

ر

افلاک که جز غم نفزایند دگر — ننهند بجا تا نربایند دگر
نا آمدگان اگر بدانند که ما — از دهر چه می کشیم نایند دگر
۱۴۳

آن می که حیات جاودانیست بخور — سرمایهٔ لذت جوانیست بخور
سوزنده چو آتش است لیکن غم را — سازنده چو آب زندگانیست بخور
۱۴۴

وقت سحر است خیز ای طرفه پسر — پر بادهٔ لعل کن بلورین ساغر
کین یکدمه عاریت درین کنج بقا — بسیار بجوئی ونیابی دیگر
۱۴۵

این اهل قبور خاک گشتند و غبار — هر ذره ز هر ذره گرفتند کنار
آه این چه شرابست که تا روز شمار — بیخود شده و بیخبراند از همه کار
۱۴۶

در موسم گل بادهٔ گلرنگ بخور — با نالهٔ نای و نغمهٔ چنگ بخور
من می خورم و عیش کنم نوشم باد — گر تو نخوری من چکنم سنگ بخور
۱۴۷

در دایرهٔ سپهر ناپیدا غور — جامیست که جمله را چشانند بدور

نوبت چو بدور تو رسد آه مکن — می نوش بخوشدلی که دورست جور ۱۴۸

۱۴۹

چون حاصل آدمی درین جای دو در — جز درد دل و دادن جان نیست دگر

خرّم دل آنکه شد بطفلی آزاد — وآسوده کسی که خود نزاد از مادر

۱۵۰

دی کوزه گری بدیدم اندر بازار — بر تازه گلی لگد همی زد بسیار

آن گل بزبان حال میگفت بدو — من همچو تو بوده ام مرا نیکو دار

۱۵۱

ای دل همه اسباب جهان ساخته گیر — وین خانه پر از نعمت و خاسته گیر

در دنیئ فانی که نه جای من و تست — روزی دو سه بنشسته و برخاسته گیر

۱۵۲

ای دوست غم جهان بیهوده مخور — بیهوده غمان دهر فرسوده مخور

چون بود گذشت و نیست نابود پدید — خوش باش و غم بوده و نابوده مخور

۱۵۳

گر باده خوری تو با خردمندان خور — یا با صنمی لاله رخی خندان خور

بسیار مخور، فاش مکن، ورد مساز — کم کم خور و گه گاه خور و پنهان خور

کار همه عالم بَرادت شده گیر | ۱۵۴ | وین عمر برفته و اجل آمده گیر
گفتی که بکام خویش دستی بزنم | | خود نتوانی وگر توانی زده گیر

ایام شباب است شراب اولیٰتر | ۱۵۵ | با خوش پسران بادهٔ ناب اولیٰتر
این عالم فانی چو خراب است و یباب | | از باده درو مست و خراب اولیٰتر

ز

با تو بخرابات اگر گویم راز | ۱۵۶ | به زانکه بمحراب برم بی تو نماز
ای اول و ای آخر خلقان همه | | خواهی تو مرا بسوز و خواهی بنواز

گر گوهر طاعتت نسفتم هرگز | ۱۵۷ | ور گَرد گنه ز رخ نرُفتم هرگز
نومید نیم ز بارگاه کرمت | | زانی که یکی را دو نگفتم هرگز

ما عاشق و آشفته و مستیم امروز | ۱۵۸ | در کوی مغان باده پرستیم امروز
از هستیِ خویشتن بکلی رسته | | پیوسته بمحبوبِ الستیم امروز

کردیم دگر شیوهٔ رندی آغاز | ۱۵۹ | تکبیر همی زنیم در پنج نماز
هر جا که پیاله ایست ما را بینی | | گردن چو صراحی سوی او کرده دراز

آب رخ نوعروس رز پاک مریز — جز خون دل تائب غمناک مریز

۱۶۰

خون دو هزار تائب نامعلوم — بر خاک بریز و جرعه بر خاک مریز

اندر روی حقیقتی نه از روی مجاز — ما لعبتگانیم و فلک لعبت باز

۱۶۱

بازیچه همی کنیم بر نطع وجود — رفتیم بصندوق عدم یک یک باز

می پرسیدی که چیست این نقش مجاز — گر بر گویم حقیقتش هست دراز

۱۶۲

نقشیست پدید آمده از دریای — وانگاه شده بقعر آن دریا باز

لب بر لب کوزه بردم از غایت آز — تا زو طلبم واسطهٔ عمر دراز

۱۶۳

لب بر لب من نهاد و میگفت براز — می خور که بدین جهان نمی آئی باز

س

ای واقف اسرار ضمیر همه کس — در حالت عجز دستگیر همه کس

۱۶۴

یارب تو مرا توبه ده و عذر پذیر — ای توبه ده و عذر پذیر همه کس

از حادثهٔ زمان زاینده مترس — وز هرچه رسد چو نیست پاینده مترس

۱۶۵

این یکدم نقد را غنیمت میدان — از رفته میندیش وز آینده مترس

ش

خیام اگر ز عشق مستی خوش باش — با لالہ رخی اگر نشستی خوش باش
۱۶۶
درعالمِ نیستی چو می باید رفت — انگار کہ نیستی چو ہستی خوش باش

تا چند کنم غصۂ نادانیِ خویش — بگرفت دلِ من از پریشانیِ خویش
۱۶۷
زنارِ مغانہ بر میان خواہم بست — دانی ز چہ از ننگ مسلمانیِ خویش۔

سرمست بمیخانہ گذر کردم دوش — پیرے دیدم مست و سبوی بر دوش
۱۶۸
گفتم ز خدا شرم نداری ای پیر — گفتا کرم از خداست می نوش خموش

می را کہ خرد خجستہ دارد پاسش — او آبِ حیاتست و منم الیاسش
۱۶۹
من قوتِ دل و قوتِ روحش گفتم — چون گفت خدا منافع للناسش

در کارگہِ کوزہ گرے رفتم دوش — دیدم دو ہزار کوزہ گویا و خموش
۱۷۰
ناگاہ یکے کوزہ برآورد خروش — کو کوزہ گر و کوزہ خر و کوزہ فروش

ک

ای چرخِ فلک نان شناسی نہ نمک
پیوستہ مرا برہنہ داری چو سمک
از چرخ زنی دو شخص پوشیدہ شود
از چرخ[1] زنی تو کمتر ای چرخ زنک

۱۷۱

روحی کہ منزہ است ز آلایشِ خاک
مہمانِ تو آمدست از عالمِ پاک
میدہ تو بہ بادۂ صبوحی مدوش
زان پیش کہ گویند انعم اللہ مساک

۱۷۲

خیّام زمانہ از کسے دارد ننگ
کو در غمِ ایام نشیند دل تنگ
می خور تو بآبگینہ با نالۂ چنگ
زان پیش کہ آبگینہ آید بر سنگ

۱۷۳

م

گر من گنہِ روئے زمین کردستم
عفوِ تو امیدست کہ گیرد دستم
گفتی کہ بروزِ عجز دستت گیرم
عاجز تر ازین مخواہ کاکنون ہستم

۱۷۴

گویند مرا کہ می پرستم، ہستم
گویند مرا عارف و مستم، ہستم
در ظاہرِ من نگاہ بسیار مکن
کاندر باطن چنانکہ ہستم، ہستم

۱۷۵

ای چرخ ز گردشِ تو خرسند نیم
آزادم کن کہ لائقِ بند نیم

۱۷۶

[1] لہ ا: پس چرخ زنے بہ از تو اے چرخِ فلک (ملک الکتاب شیرازی)

گر میلِ تو با بخرد و نا اہل است | من نیز چنان اہل و خردمند نیم

میلم بشرابِ ناب باشد دائم | گوشم بہ نی و رباب باشد دائم
گر خاکِ مرا کوزہ گران کوزہ کنند | ۱۷۷ | آن کوزہ پُر از شرابِ باشد دائم

افسوس کہ بے فائدہ فرسودہ شدیم | وز آسِ سپہرِ سرنگون سودہ شدیم
دردا و ندامتا کہ تا چشم زدیم | ۱۷۸ | نابودہ بکامِ خویش نابودہ شدیم

ما افسرِ خان و تاج کے بفروشیم | دستارِ قصب ببانگ نے بفروشیم
تسبیح کہ پیکِ لشکرِ تزویر است | ۱۷۹ | ناگاہ بیک جرعۂ مے بفروشیم

چون نیست مقامِ ما درین دیر مقیم | پس بی مے و معشوق خطا ئیست عظیم
تا کی ز قدیم و محدث ای مردِ سلیم | ۱۸۰ | چون من رفتم جہان چہ محدث چہ قدیم

پاک از عدم آمدیم و ناپاک شدیم | آسودہ در آمدیم و غمناک شدیم
بودیم ز آب دیدہ در آتشِ دل | ۱۸۱ | دادیم بباد عمر و در خاک شدیم

زان پیش که از زمانه تابی بخوریم — باید گر امروز شرابی بخوریم

۱۸۲

کین چرخ فلک بگاه رفتن مارا — چندان ندهد امان که آبی بخوریم

ای دوست بیا تا غم فردا نخوریم — وین یک دم نقد را غنیمت شمریم

۱۸۳

فردا که ازین دیر کهن درگذریم — با هفت هزار سالگان سربسریم

شبها گذرد که دیده برهم نزنیم — تا پای نشاط بر سر غم نزنیم

۱۸۴

برخیز که دم زنیم پیش از دم صبح — کین صبح بسی دمد که ما دم نزنیم

ن

اسرار ازل را نه تو دانی و نه من — وین حرف معما نه تو خوانی و نه من

۱۸۵

هست از پس پرده گفتگوی من و تو — چون پرده بر افتد نه تو مانی و نه من

برخیز و مخور غم جهان گذران — خوش باش و دمی بشادمانی گذران

۱۸۶

در طبع جهان اگر وفائی بودی — نوبت بتو خود نیامدی از دگران

بر سینهٔ غم پذیر من رحمت کن — بر جان و دل اسیر من رحمت کن

۱۸۷

بر پای خرابات رو من بخشای — بر دست پیاله گیر من رحمت کن

چون حاصلِ آدمی دَرین سورستان[1] | جز خوردنِ غصه نیست تا کندنِ جان
خرم دل آن کزین جهان زود برفت | و آسوده کسی که خود نیامد بجهان

۱۸۸

غمهائے جهان بردلم آسان می کن | وافعالِ بدم زخلق پنهان می کن
امروز خوشم بدار و فردا با من | آنچه از کرمِ تو می سزد آن می کن

۱۸۹

دارم زجفای فلکِ آئینه گون | وزگردشِ روزگارِ خس پرور دون
از دیده رخے همچو پیاله پر اشک | وزگریه دلے همچو صراحی پرخون

۱۹۰

تا بتوانی میل بزندان می کن | بنیادِ فساد و مکر ویران می کن
بشنو سخنانِ عمر خیامی | می میخور و رهزنی و احسانی کن

۱۹۱

اکنون که بسبزه هزاردستان دستان | جز بادهٔ لعل از کفِ مستان مستان
برخیز و بیا که گل بشاخی[2] ننشست | روزی دو سه داد خود ز بستان بستان

۱۹۲

و

بردار پیاله و سبوای دلجو | برگرد بگردِ سبزه زار و لبِ جو

۱۹۳

---

[1] کذا (شورستان؟) [2] کذا (بشاخے؟)

کین چرخ بسی قدِ بتانِ مه رو
صد بار پیاله کرد و صد بار سبو

از آمدن و رفتنِ ما سودی کو
وز تارِ وجودِ عمرِ ما پودی کو
۱۹۴
در چنبرِ چرخ جانِ چندین پاکان
می سوزد و خاک میشود دودی کو

آنم که پدید گشتم از قدرتِ تو
صد ساله شدم بناز در نعمتِ تو
۱۹۵
صد سال بامتحان گنه خواهم کرد
تا جرمِ من است بیش یا رحمتِ تو

این چرخِ فلک بهرِ هلاکِ منِ تو
قصدی دارد بجانِ پاکِ منِ تو
۱۹۶
بر سبزه نشین بیا که بس دیر نماند
تا سبزه برون دمد ز خاکِ منِ تو

ی

در کارگهِ کوزه گری کردم رای
در پایهٔ چرخ دیدم استاده بپای
۱۹۷
میکرد سبو و کوزه را دسته و سر
از کلهٔ پادشاه و از دستِ گدای

زنهار کنون که میتوانی باری
بردار ز خاطرِ عزیزان باری
۱۹۸
کین مملکتِ حسن نماند جاوید
از دستِ تو هم برون رود یکباری

گرزانکه بدست افتدازمی دومنی | می خورتو بهر محفل و هر انجمنی
کانکس که جهان کرد فراغت دارد | ازسبلت چون توئی وریش چومنی ۱۹۹

گردست دهدزمغز گندم نانی | وزمی کدوی زگوسفندی رانی
بالاله رخی نشسته درویرانی | عیشی بود آن نه حد هر سلطانی ۲۰۰

چندانکه نگاه می کنم هرسوئے | ازسبزه بهشت ست وزکوهر جوئے
صحرا چو بهشت است زدوزخ کم گوی | بنشین به بهشت با بهشتی روئے ۲۰۱

ای آنکه نتیجۂ چهار وهفتی | وزپنج وچهار دائم اندر تفتی[1]
می خورکه هزار بار بیشت گفتم | بازآمدنت نیست چورفتی رفتی ۲۰۲

ای بادۂ خوشگوار درجام بهی | برپای خرد تمام بندو گرهی
هرکس که زتو خورد امانتش ندهی | تاگوهر او برکف دستش ننهی ۲۰۳

یارب بگشای برمن ازرزق درے | بے منت مخلوق رسان ماحضرے ۲۰۴

---

[1] کذا، لکن در دیگر نسخ "هفت" است،

از بادہ چنان مست نگہدار مرا
کز بیخبری بناشدم در دسرے

ہنگام سپیدہ دم خروسِ سحری
دانی کہ چرا ہمی کند نوحہ گری

۲۰۵

یعنی کہ نمودند در آئینۂ صبح
کز عمر شبے گذشت و تو بیخبری

تمام شد رباعیات ملک الحکما شیخ
عمر خیام طاب اللہ ثراہ
بتاریخ سلخ شہر رجب المرجب
سنہ احدی عشر و تسعماءہ

کتبہ العبد المذنب سلطان علی الکاتب

الہجرۃ النبویہ

ونقلہ من خط سلطان علی الکاتب العبد الحقیر
سلیمان الندوی
ثالث رجب سنہ احدی وخمسین
وثلث عشر مأتہ
للہجرۃ

استدراک و اضافہ

ص۹ و ۱۰ (حاشیہ ص۱۰) پروفیسر محمد شفیع صاحب (اورینٹل کالج لاہور) کے جس مقالہ کا ذکر اس حاشیہ مین کیا گیا ہے، وہ اس کتاب کے ۴۶۴ صفحون کے چھپنے کے بعد اسلامک کلچر حیدرآباد دکن کے اکتوبر ۱۹۳۲ء کے نمبر مین چھپ کر شایع ہوا، اور اپریل ۱۹۳۳ء مین میری نظر سے گذرا، پروفیسر ممدوح کا یہ فاضلانہ مضمون اگر پہلے میری نظر سے گذرتا، تو اس ماخذ (بیہقی) کے اشخاص کی تحقیق کے متعلق میری بہت سی محنت بچ جاتی،

ص۹ مین، اور اسی بنیاد پر اس کتاب کے بعض دوسرے مباحث مین، مین نے اپنا یہ خیال ظاہر کیا ہے کہ "قفطی مین خیام کا جو مقفّٰی و مسجع تذکرہ ہے، وہ عماد کاتب کی خریدۃ القصر سے منقول ہوگا" عماد کاتب کی خریدۃ القصر مین خیام کا جو تذکرہ ہے، اسکی نقل پروفیسر محمد شفیع صاحب نے اپنے مذکورہ بالا مقالہ مین خریدہ کے اُس قلمی نسخہ سے لے کر درج کی ہے، جو لائیڈن کے کتبخانہ مین ہے، وہ عبارت مذکور یہ ہے،

عمر الخیام ولیس یوجد مثلہ فی زمانہ، وکان عدیم القرین فی علوم النجوم والحکمۃ وبہ یضرب المثل، أُنشدت من شعرہ باصفہان،

(اس کے بعد وہ چند عربی شعر ہین، جو قفطی مین مذکور ہین)

خریدہ کی یہ عبارت مذکور قفطی سے بالکل الگ اور مختصر ہے، اور اس مین وہ واقعات نہین جو قفطی

مین ہین، ایسی حالت مین اگر یہ نقل صحیح ہو کہ خریدہ مین خیام کے متعلق اسیقدر ہی تو میرے خیال کی غلطی واضح ہی، پھر بھی یہ معما حل طلب رہجاتا ہے کہ خیام کے تقریباً سو برس کے بعد قفطی نے خیام کے متعلق یہ واقعات حج وغیرہ کس ماخذ سے یا کتاب سے لئے ہین، اور قفطی مین خیام کے تذکرہ کی یہ عبارت، قفطی کی عام عبارت کے برخلاف اس قدر مسجع اور تکلف و تصنع سے آراستہ کیون ہے؟

صفحہ ۱۰۹، امام ظہیر الدین ابو الحسن علی بن ابی القاسم زید بیہقی نے اپنی کتاب مشارب التجارب مین اپنا حال آپ لکھا ہے، جسکو یاقوت نے اپنی معجم الادبا مین بعینہ نقل کیا ہے، نسباً یہ عرب اور حضرت خزیمہ صحابی کی نسل سے تھے، ۴۹۹ھ مین سبزوار علاقہ بیہق مین پیدا ہوئے، اس لیے ۵۰۷ھ مین جب اپنے باپ کے ساتھ خیام سے ملے تھے تو یہ نو برس کے تھے، اور تعجب ہوتا ہے کہ انھون نے اسی سن مین خیام کے ایک ادب اور ایک ریاضی کے سوال کا صحیح جواب دیا، انھون نے اپنے حالات مین ۵۴۹ھ تک کی تصانیف کے نام گنائے ہین، اُن مین اپنی تاریخ الحکما یعنی تتمہ صوان الحکمۃ کا نام بھی لکھا ہے، جس سے ثابت ہوتا ہے کہ وہ ۵۴۹ھ تک تالیف پا چکی تھی (معجم الادبا، یاقوت حموی جلد ۵ صفحہ ۲۱۱، گب) اس کتاب کے صفحہ ۱ اور صفحہ ۱۴ مین اسکی تالیف کی تاریخ ۵۴۹ھ دیگئی ہے یہ انتہائی تاریخ ہے، یعنی یہ اسوقت تک تالیف ہو چکی تھی،

ایک بات تعجب انگیز معلوم ہوتی ہے، کہ بیہقی نے خیام سے ۵۰۷ھ کی اپنی ملاقات نیشاپور کا ذکر کیا ہے، اور اس کے بعد وہ ۵۱۴ھ سے ۵۱۷ھ تک بسلسلہ تعلیم نیشاپور مین قیام پذیر رہے، اور ۵۲۱ھ مین پھر نیشاپور آئے (دیکھو یاقوت) مگر اس اثنا مین پھر کسی ملاقات کا ذکر نہین کرتے، شاید اس کی وجہ یہ ہو کہ اس ۵۰۷ھ والی ملاقات کا ذکر خصوصیت سے اس لئے انھون نے کیا کہ اس سے

ان کو خیام کی زبان سے اپنے بچپن کی ذہانت کی تعریف کا اظہار مقصود تھا،

ص۵۳ خازنی نے ۵۱۵ھ مین میزان الحکمۃ کے نام سے جو کتاب لکھی ہے، اوس مین خیام، اور اس کے رسالہ میزان کا ذکر کیا ہے، اس مین خیام کے نام کے ساتھ رحمہ اللہ وغیرہ کوئی لفظ ایسا نہین لکھا ہے جس سے اسکی موت کی طرف اشارہ ہو، اصل عبارت یہ ہے،

ثم فی ھذہ الدولۃ القاھرۃ ثبتہا اللہ تعالیٰ نظر فیہ ابو حفص ر؟ عمر الخیامی و حقق القول فیہ و برھن علی صحۃ رصدہ والعمل بہ لماء معین دون میزان معلم (نسخۂ مطبوعۂ خانیکوف)

خیام نے اپنا یہ رسالہ خازنی سے پہلے ۵۱۵ھ تک مین لکھا ہوگا،

ص۶۵ عمر بن ابراہیم خیامی کی کنیت تمام اہل تذکرہ نے "ابو الفتح" لکھی ہے، اور یہی کنیت خیام کے رسالۂ کون و تکلیف، رسالۂ وجود فارسی اور رسالۂ جبر و مقابلہ کے شروع مین، اور خیام کے رسالہ میزان الحکم نسخۂ موجودہ کتبخانۂ گوتھا (جرمنی) مین ہے، لیکن میزان الحکمۃ خازنی کے نسخۂ حیدرآباد مین خیام کے رسالۂ میزان الحکم کے شروع مین، اور خانیکوف کے نسخۂ میزان الحکمۃ کے مقدمہ فصل خامس مین "ابو حفص" لکھا ہے، ابو حفص کنیت اس مناسبت سے کہ اس کے ہمنام حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کی کنیت بھی یہی تھی، مناسب معلوم ہوتی ہے، شاید اس کی یہ دونو کنیتین ہون، لیکن مشہور تر اور معروف تر ابو الفتح ہی ہے،

ص۸۰ قاضی محمد بن منصور سرخسی خراسان کے قاضی تھے، راوندی نے راحۃ الصدور (سنہ ۵۹۹ تا ۶۰۱ھ) مین اُن کو سلجوقی عہد کے اکابر علماء مین شمار کیا ہے، (ص۳۰) حکیم سنائی المتوفی ۵۴۵ھ نے

اُن کی مدح میں اشعار لکھے ہیں جنکو پروفیسر محمد اقبال (لاہور) نے اپنے راحۃ الصدور کے فاضلانہ حواشی میں نقل کیا ہے
میرے پیش نظر کلیات سنائی کا مطبوعہ نسخہ (بمبئی ۱۳۲۸ھ) ہے، اس میں چند مزید شعر ملتے ہیں، جن سے
قاضی ممدوح کے کچھ اور حالات معلوم ہوتے ہیں، ترکیبات کے عنوان میں ہے،

"درستایش ابوالمفاخر محمد بن منصور القضی القضاۃ خراسان فرماید"،

اس ترکیب بند کے حسب ذیل مختلف شعر انکے حالات سے متعلق ہیں،

چو قبول مفخر دین بو المفاخر یافتی ۔۔۔ آتش اندر لاف دین و کفر و فخر و عار زن

شیخ الاسلام جمال دین مفتی المشرقین ۔۔۔ سیف حق تاج خطیبان شمع شرع قاضی القضات

تا ترا صدر خراسان خواند سلطان عراق ۔۔۔ شد خراسان برزمین از بین فخر سلطانی دگر

گرچہ نزد دوستان نامت محمد بہ ولیک ۔۔۔ بر عدو نام تو چون نام پدر منصور باد

(صـ۱۲۸ البمبئی)

اس ترکیب بند میں قاضی صاحب کی فیاضی کی بار بار تصریح ہے جس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ شاعر نے اسی جذبہ کے اثر سے ممدوح کی تعریف کی ہے، اس سے اس دعویٰ کی کہ قاضی صاحب سنائی کے استاد تھے، تردید ہوتی ہے،

قاضی صاحب کے نام سے منسوب مواعظ و اخلاق میں ایک عربی کتاب ریاض الانس برٹش میوزیم کے کتبخانہ میں ہے، اس کے دیباچہ میں ہے، "قال الشیخ الامام الاجل السید

الاوحد صدر الاسلام عماد الدین سیف الحق مفتی الشرق والغرب ۔۔۔۔۔

ابوالمفاخر محمد بن منصور نور اللہ ضریحہ، (تتمہ فہرست عربی کتبخانہ مذکور ص۱۵۳، ۲۳۶)

کشف الظنون مین اس کتاب کے مصنف کا نام ابو سعید حسن بن علی الواعظ ہے لائیڈن

اور میونک کے نسخون مین بھی حسن بن علی ہی نام ہے، (تتمہ فہرست عربی برٹش میوزیم لائبریری ص۱۵۲)

قاضی محمد بن منصور کی ولادت و وفات کی تاریخ نہین معلوم لیکن اس کتاب مین سنداً

مصنف کے ایک شیخ کا نام ابو علی زاہر بن احمد مذکور ہے، اُن کا ذکر برٹش میوزیم کی فہرست کے

مصنف نے تاریخ الاسلام (ذہبی؟) مین پایا ہے، اور مین نے انساب سمعانی مین زیر سرخسی

اور معجم البلدان یاقوت مین زیر سرخس پایا ہے، انکی تاریخ وفات ۳۸۹ھ ہے، ایسی حالت مین وہ

شخص جو سنائی المتوفی ۵۴۵ھ کا ممدوح ہو وہ ابو علی زاہر بن احمد سرخسی المتوفی ۳۸۹ھ کا شاگرد

نہین ہوسکتا، اس لیے یہ سند اگر مصنف قاضی محمد بن منصور ہین تو قابل تصحیح ہے،

زاہر سرخسی کے آخری شاگرد ابن مندہ ہین، یہ بھی ۳۸۳ھ مین پیدا ہوے، اور ۴۷۰ھ مین

وفات پائی، (طبقات ابن رجب حنبلی ترجمہ ابو القاسم عبدالرحمن ابن مندہ جلد اوّل)

اسی سے یہ بھی معلوم ہوسکتا ہے کہ قاضی صاحب کا خیام کا استاد ہونا گو ممکن ہے، مگر یہ دعوےٰ

سند و ثبوت کا محتاج ہے،

ص۱۴۹و۸۰ اس کتاب مین ایک جگہ ص۸۰ مین سنائی کی تاریخ وفات ۵۲۵ھ یا ۵۴۵ھ

شک کیساتھ درج ہے، اور ص۱۴۹ مین قطعیت کیساتھ ۵۴۵ھ درج کی گئی ہے،

میری تحقیق یہ ہے کہ حکیم سنائی نے اپنی مثنوی حدیقہ ۵۲۵ھ مین تمام کی، اس وقت انکی

عمر ساٹھ برس تھی، اس لیے انکی پیدائش کا سال ۴۶۵ھ ہوگا، اور انکی وفات کا سال بروایت صحیح ۵۴۵ھ ہے،

نفحات الانس وغیرہ مین انکی وفات ۵۲۵ھ لکھی گئی ہے، لیکن یہ بدلائل قطعی غلط ہے، مین نے معارف (مارچ ۱۹۳۳ء) مین "حکیم سنائی کے سنین عمر" پر ایک مدلل مضمون لکھا ہے، جس کو مزید تحقیق مطلوب ہو، وہ مضمون مذکور کی طرف رجوع کرے،

ص ۱۰۲ ابو طاہر بن علک کا ذکر طبقات الحنابلہ ابن رجب مین بضمن ترجمہ ابو الوفاء ابن عقیل بغدادی حسب ذیل ہے،

"وفی ھذہ السنۃ توفی ابو الطاہر بن علک وکان من صدور الشافعیۃ و اکابر المتمولین، فشیعہ نظام الملک وارباب الدولۃ ودفن بتربۃ ابی اسحٰق الشیرازی، وجاء السلطان الی القبر بعد دفنہ"

اس عبارت سے معلوم ہوا کہ وہ شافعیون کے صدر اور اپنے وقت کے بڑے دولتمندون مین سے تھے، اور اس رتبہ کے تھے کہ نظام الملک اور ارباب مناصب نے ان کے جنازہ کی مشایعت کی اور خود سلطان ملک شاہ ان کی قبر پر حاضر ہوا،

ص ۱۲۲ محمد خازن کا مستقل ترجمہ گو نہین ملا، لیکن ابو الفتح عبد الرحمان خازنی نے میزان الحکمۃ (نسخہ جامع مسجد بمبئی) مین اپنے آقا علی کے باپ کا نام محمد الخازنی بتایا ہے، مولی الشیخ العمید الماضی ابی الحسن علی بن محمد الخازنی رحمہما اللہ تعالی، ابو الفتح خازنی نے یہ کتاب ۵۱۵ھ مین لکھی ہے، اس سے معلوم ہوا کہ اس سنہ سے پہلے محمد خازنی اور اس کا بیٹا علی دونون وفات

پا چکے تھے، شہرزوری اور بیہقی مین اس علی الخازنی کو مروزی لکھا گیا ہے جس سے معلوم ہوتا ہے

وہ مرو کا باشندہ تھا، نظام الملک طوسی (ص۲۶۴ کانپور) کے مصنف نے معلوم نہین ابوالفتح خازنی

کے آقا کا نام مسکویہ ابوعلی خازن رئیس مرو، کس طرح بتایا ہے، بہرحال ممکن ہے کہ یہی محمد خازنی مروزی (محمد خازن)

ص۱۴۸، مظفر کی وفات کی تاریخ ۵۱۵ھ کے بعد قرار دیگئی ہے، لیکن صحیح یہ ہے کہ اوسکی

تاریخ وفات ۵۰۶ھ (جبمین نظامی عروضی اس سے اور خیام سے ملا تھا) اور ۵۱۵ھ کے درمیان ہے

کیونکہ عبدالرحمان خازنی نے میزان الحکمۃ مین جسکو اُس نے ۵۱۵ھ مین تالیف کیا ہے، لکھا ہے، کہ

مظفر نے اپنی کتاب ناتمام چھوڑ کر وفات پائی، (فصل خامس مقدمۂ میزان الحکمۃ للخازنی)

ص۱۷۸ مصادرات اقلیدس، لفظ "مصادرات" اصطلاحاً کسی علم کے ان مبادی

اور مقدمات پر بھی بولا جاتا ہے، جن کے تسلیم کرنے پر اس علم کے مسائل اور مطالب کا ثبوت موقوف

ہو، اسلئے اقلیدس کے ان تشریح طلب مقدمات کو مصادرات کہتے ہین جن کو بوقت استدلال

تسلیم کر لیا جاتا ہے، اور ان کا ثبوت کسی اور مقام پر دیا جاتا ہے، (دیکھو کشاف اصطلاحات الفنون

تھانوی جلد اوّل صفحہ ۹)،

خیام کی کتاب کا موضوع اقلیدس کے انھین تشریح طلب مبادی کی تحقیق و اثبات ہے

اقلیدس کے مصادرات کی شرح مین ابن ہیثم مصری المتوفی ۴۳۰ھ کی ایک کتاب ہے،

جس کا ذکر قفطی نے اخبار العلماء مین (ص۱۱۴ مصر) اور ابن ابی اصیبعہ نے تاریخ الاطباء مین (جلد

۲ ص۹۷ مصر) کیا ہے، خوش قسمتی سے یہ کتاب ہمارے ملک کے مشہور کتبخانہ رامپور کے فن ریاضی

عربی (۵۵) مین شرح المصادرات کے نام سے موجود ہے، جس کی ضخامت ۲۲۴ صفحے ہے

دوسری کتاب، اس فن پر خواجہ نصیر طوسی المتوفی سنہ ۶۷۲ھ کی کتاب المصادرات کے نام سے اسی کتبخانہ کے فن ریاضی کے نمبر ۶۳ مین موجود ہے، اسکی ضخامت پچاس صفحون کی ہے،

ان دونون کتابون سے ثابت ہوتا ہے کہ مصادرات کا لفظ "صدور" سے نہین، بلکہ صَدر (سینہ یا آگے) سے ماخوذ ہے، اس کا اطلاق ان مقدمات پر ہوتا ہے، جو اکثر مقالون سے پہلے مذکور ہوتے ہین، ابن ہیثم نے مقالہ اولیٰ کی شرح کے بعد لکھا ہے "فقد اتینا علی شرح مصادرۃ المقالۃ الاولیٰ من کتاب اقلیدس فی الاصول" مقالہ حادیہ عشر کے خاتمہ پر ہے "ھذا ما ذکرہ اقلیدس فی صدر المقالۃ الحادیۃ عشر ولم یقدم فی صدر المقالۃ الثانیۃ عشر ولا الثالثۃ عشر شیئًا من المقدمات لانہ استغنی بما قدمہ فی صدر الحادیۃ عشر عن تقدیم غیرہ فلنختم کتابنا عند ھذا القول، تم کتاب شرح مصادرات اقلیدس"

محقق طوسی نے بھی اپنی کتاب کے دیباچہ مین مصادرات کا اطلاق ہر مقالہ کے ابتدائی مقدمات پر کیا ہے، اور لکھا ہے کہ اس فن پر مجھ سے پہلے تین صاحبون نے بحث کی ہے، ان مین پہلا شخص ابو علی بن ہیثم مصری ہے جس نے اقلیدس کے مصادرات کے بدلہ اپنی طرف سے نئے مصادرات قائم کئے ہین، جو وضاحت وعدم وضاحت مین اقلیدس کے مصادرون کے قریب قریب ہین، دوسرا شخص الحکیم العالم ابو الفتح الخیامی ہے، جس نے ان مصادرون پر اپنے براہین ایسے مقدمون پر مبنی کئے ہین جو اقلیدس کے بیان کردہ مصادرون سے زیادہ واضح نہین ہین، اور تیسرا شخص فاضل عباس بن الجوہری ہے، جس نے اُن کو ایسے مقدمون

پر مبنی کیا ہے جسکا سراسر مغالطہ ہونا، اہل عقل و دانش پر پوشیدہ نہین،

محقق طوسی نے اپنی اس کتاب مین اس کے بعد ہر مصادرہ کی نسبت پہلے ان فاضلون کی رائین نقل کی ہین، اور پھر اپنا طریقۂ اثبات پیش کیا ہے،

محقق کی اس کتاب کا وہ فقرہ جس مین خیام کی کتاب شرح مصادرات پر رائے ہے، حسب ذیل ہے" ومنهم من اقام عليها برهانا مبنيا على مقدمة لا ينقد مها الى الوضوح والجلاء وهو الحكيم العالم ابو الفتح الخيامي" (دیباچہ)

محقق طوسی کی تصنیف کا یہ نسخہ جس نسخہ سے منقول ہے وہ ۵۰۹ھ مین شہر تبریز[1] مین لکھا گیا تھا یعنی مصنف کی وفات کے ۳۷ برس بعد،

اس حوالہ سے خیام کی اس تصنیف "شرح ما اشکل من مصادرات اقلیدس" کی نسبت قدیم اور معتبر سند بھی ہاتھ آتی ہے،

محقق طوسی نے اپنی دوسری تصنیف تحریر اقلیدس مین بھی اکثر مقالون کے شروح مین یہ مصادرات، بنام صدر لکھے ہین،

ص ۱۸۲، میزان الحکمہ للخازنی، ہندوستان مین اس کتاب کے جن دو نسخون کا پتہ ہم کو چلا ہی، ان کے علاوہ ایک تیسرے نسخہ کا پتہ روسی مستشرق ان۔ خانیکوف روسی سفیر متعین تبریز نے آج سے چھہتر[2] برس پہلے ۱۸۵۷ء مین دیا تھا، اس نے اس کتاب کے ابتدائی ابواب کا عربی متن اپنے فرنچ

---

[1] مولوی امتیاز علی خان صاحب عرشی ناظم کتب خانۂ ریاست رامپور کا ممنون ہون کہ انھون نے میری فرمایش پر ابن ہیثم اور طوسی کی ان کتابون کے دیباچون کے اقتباسات نقل کر کے مجھے بھیجے،

ترجمہ کے ساتھ امریکہ کی اورینٹل سوسائٹی مین پیش کیا تھا، سوسائٹی مذکور نے عربی متن کو انگریزی ترجمہ کے ساتھ اپنے جرنل کی چھٹی جلد مین ۱۸۶۰ء مین شائع کیا، اس متن مین خیام کا یہ رسالہ جو اب چھپ رہا ہے، شامل نہین،

سوسائٹی کی طرف سے سوسائٹی کے بعض فضلا، نے آخر مین اس کتاب پر کچھ حواشی بھی لکھے ہین، جنمین سے ایک مین (ص۱۱۸) الخازنی کی شخصیت دریافت کرنے کی بھی کوشش کی ہے، اور چند یورپین افاضل کی کتابون سے یہ ظاہر کیا ہے کہ یا تو یہ ابوجعفر خازن ہے، جو ہیئت و فلکیات کا امام تھا، اور یا الحسن بن ہیثم ہے جس کو یورپین لہجہ مین "الہزین" ALHAZEN کہتے ہین، لیکن یہ تمام کاوشین بے سود ہین، اور اُس زمانہ کی تحقیقات ہین، جب یورپ اور امریکہ مین مشرقیات کا پایہ چندان بلند نہ تھا،

الحسن ابن ہیثم کو "الہزین" بنا کر خازنی سمجھنا، تو صریح حماقت ہے، البتہ ابوجعفر خازن کا نام لیا جا سکتا ہے، مگر ظاہر ہے کہ یہ خیام وغیرہ سے بہت پہلے گذرا ہے، اس کا نام ابن ندیم کی کتاب الفہرست مین ہے، جو ۳۷۷ھ مین تالیف ہوئی ہے، (ابن ندیم ص۲۶۶ و ص۳۹۳ مصر) اور خود خیام نے اپنے جبر و مقابلہ مین گذشتہ فضلا، مین اسکا ذکر کیا ہے، (ص۲ پیرس) اور یہ خازنی سلطان سنجر سلجوقی (۵۱۱ھ تا ۵۵۲ھ) کا معاصر ہے، مصنف نے اپنا نام خود دیباچہ مین دیدیا ہے، اور وہ حسب ذیل ہے (نسخہ علیگڑھ)

"عبدالرحمان الخازنی مولی الشیخ العمید الماضی ابی الحسن علی بن محمد الخازنی"

اس کا حال بیہقی نے تتمۃ صوان الحکمۃ مین اور شہرزوری نے روضۃ الافراح فی تاریخ الحکما مین لکھا ہے، شہرزوری مین ہے،

ابوالفتح عبدالرحمان الخازن کان غلاماً محبوباً رومیاً لعلی الخازن المروزی وحصل

علوم الهندسة وکمل فیها والمعقولات[۱] ما وافقت طبعه مع جهدہ فی تحصیلها وهو الذی

صنف الزیج السنجری وجمیع ما فیه من الاوساط والتعدیلات فیه بحث الا فی تقویم عطارد

فی حال رجوعه فانه موافق الرؤیة والامتحان، وکان نقی الجیب عن الاطماع الخسیسة

وبعث الیه السلطان سنجر الف دینار فردّها وقال لا احتاج الیه وبقی لی عشرة دنانیر،

وتکفینی کل سنة ثلاثة دنانیر ولیس یبقی فی تلک الدار الا سنّور، وکان یاکل اللحم

فی کل اسبوع ثلاث مرات، ویتغدی کل یوم بجرد قتین، وبعثت الیه زوجة الامیر

الف دینار فقالت یا اخی اقبل هذه منی، فردّها ایضاً وکان یلبس لباس الزهاد ولا یاکل

الا طعام الابرار، والحکیم الحسن السمرقندی من جملة تلامیذه، (نزهة الارواح و روضة الافراح ص۱۱۱ لاهور)

خازنی کی زیج کا نسخہ برٹش میوزیم لائبریری میں موجود ہے[۲] مگر اس میں عبدالرحمان خازنی کی کنیت "ابومنصور" لکھی ہے،

خازنی نے اپنی اس کتاب میں "آلی ترازو" کے سابق محققین و مصنفین کے نام گنائے ہیں،

اور یونانیوں کے بعد اسلامی عہد کے حکما کی نسبت اس کے الفاظ یہ ہیں،

ثم نظر فیه من المتاخرین فی ایام المامون سند بن علی ویوحنا بن یوسف واحمد

بن الفضل المسّاح، وفی ایام السامانیة محمد بن زکریا الرازی وعمل فیه رسالة ذکرها

فی کتاب الاثنی عشر وسماه المیزان الطبعی، وفی ایام الدولة الدیلمیة کان ینظر فیه

ابن العمید والفیلسوف ابن سینا ویمیزان الجرم الممتزج علماً وحکماً ولم یصنفا فیه

تصنیفاً وفی ایام آل ناصر الدین نظر فیه ابوالریحان ورصد فیه نسب اجرام الفلزات

[۱] کذا،

[۲] مختصر فہرست لائبریری مذکور، ای، جی، ایلس و ا، ڈ، وڈس، ص ۱۳۹،

والجواهر واستخرج لتمييز بعضها عن بعض حكماً وعلماً لا سبكاً وتخليصاً، طرقاً حساً بية،

ومن هولاء المذكورين من زاد فيه كفة ثالثة مزدوجة مع احدى الكفتين

لمعرفة زنة مقدار شول احدى الكفتين في الماء وسهلوا بتلك الزيادة بعض التسهيل

ثم في هذه الدولة القاهرة ثبتها الله تعالى نظر فيه الامام ابوحفص عمر الخيامي وحقق القول

فيه وبرهن على صحة رصده والعمل به لماء معين دون ميزان معلم وكان معاصره

الامام ابوحاتم المظفر بن اسماعيل الاسفزاري ناظراً فيه مدة احسن نظر ومتأملاً في صنعته ومتأنقاً

في حدته سعى في تسهيل العمل به على من اراده وزاد فيه منقلتين للتمييز بين جوهرين

مختلطين واشار الى امكان وجود مراكز الفلزات على عموده استقراء ورصداً لماء معين

الا انه لم يشر الى كمية ابعادها عن المحور اجزاء وعدداً ولا الى شئ من اعمالها سوى

شكل الميزان وسماه ميزان الحكمة، ومضى الى رحمة الله تعالى قبل اتمامه وتدوينه

(الفصل الرابع من المقدمة من نسخة خانيکوف المطبوعة ص ۱۲ و ۱۳)

(المجلد السادس من مجلة الجمعية الشرقية الامريكانية)

اس کے بعد کی فصل خاص میں خازنی اپنا ذکر کرتا ہے، وبعد جميعهم تقول الخازنی....

.... پھر اپنے عہد کے سلطان سنجر کا ذکر کرتا ہے،

ويمن دولة السلطان الاعظم شاهنشاه المعظم مالك رقاب الامم سيد سلاطين

العالم سلطان ارض الله ناصر دين الله حافظ عباد الله ملك بلاد الله معين خليفة الله معز الدنيا

والدين كهف الاسلام والمسلمين عضد الدولة القاهرة وتاج الملة الزاهرة ومغيث الامة

الباهرة الی الحارث سنجر بن ملکشاہ بن الپ ارسلان برهان الدین امیر المومنین ادام الله سلطانه وضاعف اقتداره . . . . وصنفت کتاباً فی میزان الحکمة للخزانة المعمورة فی شهور سنة خمس عشرة وخمسمائة لهجرة نبینا محمد المصطفی صلعم . . . . .

(نسخہ مطبوعہ خانیکوف ص۱۵ جرنل آف دی امریکن اورینٹل سوسائٹی جلد ۶ سنہ ۱۸۶۰ء)

ص۲۲ (حاشیہ) معیار الاشعار کو فخری بن محمد امیری الہروی (معاصر شاہ حسن ارغون شاہ سندھ سنہ ۹۲۸ھ ۹۶۲ھ و شاہ محمد عیسیٰ ترخان سنہ ۹۶۲ھ سنہ ۹۷۴ھ) نے بھی اپنی کتاب صنائع الحسن مین خواجہ نصیر الدین طوسی کیطرف منسوب کیا ہے،

(دیکھو فہرست کتبخانہ مشرقی بانکی پور پٹنہ جلد ۹ مخطوطات فارسی ص ۹۵۶ ۶۲)

کتاب معیار الاشعار کے دیباچہ مین مصنف کا کوئی نام نہین ہے، اور نہ کسی تاریخ کا ذکر ہے صرف اس رسالہ کی تالیف کا باعث "دوستون کا التماس" لکھا ہے، مگر اثنائے کتاب مین قوافی کی بحث مین ایک جگہ مصنف نے کمال اسمٰعیل اصفہانی کے ایک قصیدہ کا اس طرح ذکر کیا ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس قصیدہ کی تالیف کے زمانہ مین یہ رسالہ لکھا گیا ہے عبارت یہ ہے

"مثال تغیر ردیف بطریق بدعت آنست کہ کمال اصفہانی درین روزگار در قصیدہ کہ بعضے راز اشعار ردیف می آمد کردہ است و بعضے را می آید آوردہ است و مطلع قصیدہ این است"

سپیدہ دم کہ نسیم بہار می آمد   نگاہ کردم و دیدم کہ یار می آمد

کمال کا یہ قصیدہ قاضی رکن الدین ابو العلاء مسعود صاعدی اصفہانی کی مدح مین ہے

(دیوان کمال ص۳۲ بمبئی) قاضی رکن الدین مسعود صاعدی کا زمانہ سنہ ۶۱۵ھ سے شاید سنہ ۶۲۲ھ تک معلوم ہے سنہ ۶۱۵ھ

مین اصفہان پر رکن الدولہ نے قبضہ کیا تھا، اور قاضی صاحب بھاگ کر اتابک سعد زنگی کے پاس چلے گئے تھے، (ابن خلدون ص ۱۰۸ ج ۵ مصر) وہ سلطان جلال الدین خوارزم شاہ المقتول سنہ ۶۲۸ھ کی واپسی اصفہان کیوقت تک جو غالبًا سنہ ۶۲۲ھ مین ہوئی تھی، زندہ تھے (تاریخ گزیدہ ص ۵۰۲) قاضی صاحب خود بھی اتابک کے پاس سے شاید سنہ ۶۲۲ھ سے کچھ آگے یا پیچھے واپس آئے تھے، چنانچہ سلطان کیطرح قاضی صاحب کی واپسی پر بھی مبارکباد کا قصیدہ کمال کے دیوان مین موجود ہی، کمال کی وفات تاتاریون کے حملۂ اصفہان مین ہوئی، جس کا زمانہ سنہ ۶۲۵ھ ہے،

اب قاضی صاعدی کی مدح مین کمال نے اپنا یہ قصیدہ شاید سنہ ۶۱۵ھ کے پہلے سے لیکر سنہ ۶۲۵ھ سے پہلے تک کہا ہوگا اور معیار الاشعار کی عبارت بالا پر ایک نظر ڈالنے سے معلوم ہوسکتا ہے کہ معیار الاشعار کی تصنیف کے وقت ہی یہ قصیدہ کہا گیا ہے، بنا برین یہ اسی عہد کی تالیف ہوسکتی ہی، خواجہ نصیر طوسی کی تاریخ ولادت سنہ ۵۹۷ھ ہی اسلئے سنہ ۶۱۵ھ مین انکی عمر اٹھارہ برس کی اور سنہ ۶۲۲ھ مین ۲۵ برس کی ہوگی، مگر یہ عمر علم کی پختگی کے لحاظ سے عمومًا ایسی نہیں ہوتی جسمین دوست اصرار کرکے کسی شخص سے کوئی کتاب تصنیف کرنے کی خواہش کرین، جیسا کہ معیار کے دیباچہ مین ہی "بالتماس بعضے دوستان مرتب کردہ شدہ" بنا برین ان تاریخی قیاسات کی صحت کی صورت مین خواجہ کی طرف اس تصنیف کی نسبت استاد کی غیر موجودگی مین مشکوک معلوم ہوتی ہے، اور اگر استاد موجود ہون تو اُن کے اوائل عمر کی تصنیف ہوگی،

ص ۲۵۰، کمال اسمٰعیل اصفہانی کی تاریخ وفات دولتشاہ نے اپنے تذکرہ مین اوکتائی قاآن کے اصفہان مین قتل عام کے وقت سنہ ۶۳۵ھ مین قرار دی ہے (ص ۱۵۲ و ص ۱۵۳ گب) مگر مرآۃ العالم مین سنہ ۶۳۹ھ خلاصۃ الافکار مین سنہ ۶۲۸ھ (ان دونون حوالون کے لیے دیکھو ریو ۲

ص۵۵) اور ید بیضا علامہ آزاد بلگرامی مین ۶۲۶ھ لکھا ہے،

سلطان جلال الدین خوارزمشاہ ۶۲۱ھ مین ہندوستان سے واپس گیا، اور ۶۲۲ھ اور ۶۲۳ھ
مین اس نے تفلیس اور آذربائیجان فتح کیا، اور چند روز اگر اصفہان مین قیام کیا، اُسکی اس مختصر قیام
کے زمانہ مین کمال نے ایک قصیدہ لکھا ہے جسمین ہندوستان سے واپسی، اور تفلیس واران
کی فتح کا تذکرہ آیا ہی جس سے ثابت ہو کہ شاعر اس وقت تک زندہ تھا (دیکھو تاریخ جہانکشای جوینی
جلد دوم ص۱۶۵ گب) اس قصیدہ کا مطلع یہ ہے،

بسیطِ روی زمین گشت باز آبادان　　بہ یمنِ سیرِ سپاہِ خدایگانِ جہان

اسی مین یہ دو شعر ہین،

براقِ عزم تو گامے کہ برگرفت ز ہند　　نہاد گام دوم بر اقاصی اران

کہ بود جز تو ز شاہانِ روزگار کہ داد　　قضیم اسب ز تفلیس و آب از عمان

یہ قصیدہ جہانکشا مین نقل کیا ہے، اور پورا قصیدہ اس کے مطبوعہ دیوان کے صفحات
۹۶ اور ۹۷ مین موجود ہے،

اصفہان پر تاتاریون کا حملہ رمضان ۶۲۵ھ مین ہوا ہے، چنگیز خان نے ۶۲۴ھ مین وفات پائی
اور اس کے نیکدل بیٹے اوکتائی قاآن نے ۶۲۶ھ مین باقاعدہ تخت حکومت پر جلوس کیا،
اصفہان پر اوکتائی قاآن کے عہد مین کسی تاتاری حملہ اور قتل عام کا ذکر تاریخون مین نہین ملتا،
اس بنا پر یہی سمجھنا قرین قیاس ہے کہ کمال نے ۶۲۵ھ (چھ سو پچیس) کے حملۂ تاتار مین شہادت
پائی، اور شاید ۶۲۵ھ کا عدد ۶۳۵ھ مین ملتبس ہو گیا ہو،

متن کتاب ہذا مین (صفحہ ۲۵) دولتشاہ کی پیروی مین کمال کی تاریخ وفات ۶۳۵ھ لکھی گئی ہے، فلیتامل،

صفحہ ۲۷۸، خواجہ نصیر الدین طوسی کی ولادت، متفقاً ۵۹۷ھ مین اور وفات ۶۷۲ھ مین ہوئی، (دیکھو فوات الوفیات کبتی، وہفت اقلیم امین رازی) مگر تعجب ہے کہ ریو نے ۵۸۰ھ تاریخ ولادت اور ۶۹۲ھ تاریخ وفات لکھی ہے (برٹش میوزیم کیٹلاگ جلد ۲ صفحہ ۴۴۱) جس کی کوئی سند نہین معلوم،

درۃ الاخبار (طبع لاہور) کے فاضل محشی نے تاریخ گزیدہ کے حوالہ سے لکھا ہے (صفحہ ۱۳۳) کہ "و عمرش بقول صاحب گزیدہ ۷۵ سال و ۷ ماہ و ۷ روز بود" مگر مجھے گزیدہ مین اس قسم کا کوئی بیان نہین ملا، (دیکھو تاریخ گزیدہ صفحہ ۵۸۱ و صفحہ ۶۷۵ و صفحہ ۸۱۱) البتہ ہفت اقلیم امین رازی مین یہ لکھا ہے کہ "مدت عمرش ہفتاد و ہفت سال و ہفت ماہ و ہفت روز بودہ" (نسخہ قلمی ندوۃ العلماء) لیکن درحقیقت یہ مدت عمر ۷۵ برس، ۷ مہینے اور ۷ روز ہونی چاہیے کہ امین رازی نے ۱۱ جمادی الاولی ۵۹۷ھ کی تاریخ ولادت، اور ۱۸ ذیحجہ ۶۷۲ھ کی تاریخ وفات نقل کی ہے، اور یہ کل مدت اسی قدر ہوتی ہے، مین نے (صفحہ ۲۷۸ مین) خواجہ کی عمر ۷۷ برس لکھدی ہے، جو تصحیح طلب ہے، درحقیقت کچھ کم چہتر برس ہوئی،

صفحہ ۲۸۶ و ۲۹۲ محمد بن بدر جاجرمی، ملک الشعراء بدرالدین جاجرمی کا لڑکا تھا، بدر جاجرمی خواجہ بہاؤ الدین جوینی (عطا ملک جوینی کے باپ) کا مداح و شاعر تھا، بہاؤالدین جوینی نے ۶۵۱ھ مین وفات پائی ہے، بدر جاجرمی کا حال دولتشاہ نے لکھا ہے، (صفحہ ۲۱۹ گب) مگر کوئی تاریخ نہین

لکھی ہے، اس کے بیٹے محمد مصنف مونس الاحرار کا حال کہین نہین ملا،

ص ۲۹۲ مونس الاحرار فی دقائق الاشعار محمد بن بدر جاجرمی کے تذکرہ مونس الاحرار کا ذکر ڈاکٹر سر ڈینی سن راس نے اسکول آف اورنٹیل اسٹڈیز کے ایک بلیٹن مین اپنے ایک مضمون "رباعیات عمر خیام اور الحاق" مین کیا ہے۔ اس مین سے صرف مونس الاحرار کا تذکرہ معارف جلد ۲۱ نمبر ۳ (مارچ ۱۹۲۸ء) صفحہ ۲۱ مین حسب ذیل چھپا ہے،

اس قلمی نسخہ کا نام مونس الاحرار ہے، پانچ سو صفحون کی کتاب ہے، تالیف کا سال ۷۴۱ھ ۱۳۴۰ء ہے، اس مین قدیم شعراء سے لیکر مصنف کے وقت تک کے نامی شعراء کے کلام کے انتخابات موجود ہین مصنف کا نام محمد بن بدر جاجرمی ہے، اور لطف یہ ہے کہ یہ نسخہ از اول تا آخر خود مصنف کے ہاتھ کا لکھا ہوا ہے، اس کا خط نہایت صاف ہے،

ص ۳۳۲ بعض مصنفین کی تقلید مین ہم نے ذخیرۂ خوارزمشاہی کو سلطان علاء الدین خوارزمشاہ (۵۶۸ھ – ۵۹۶ھ) کے عہد کی تصنیف بتایا ہے لیکن یہ صحیح نہین، اس کا مصنف ابو ابراہیم اسماعیل بن حسن جرجانی ۵۰۴ھ مین خوارزم آیا تھا جیسا کہ اس کتاب کے دیباچہ مین ہے، اور سلطان قطب الدین ابو الفتح محمد بن نوشتگین (۴۹۱ھ – ۵۲۱ھ) کے نام پر لکھی گئی ہے، (دیکھو ریو کی فہرست برٹش میوزیم لائبریری ج ۲ ص ۴۶۶) خود مصنف کی وفات ۵۳۱ھ مین ہوئی ہے (دیکھو معجم البلدان یاقوت لفظ جرجان) البتہ اسکی دوسری تصنیف خفی علائی سلطان علاء الدین اتسز خوارزمشاہ (۵۲۱ھ – ۵۵۱ھ) کے نام پر شاید اسکی شہزادگی کے زمانہ مین لکھی گئی ہے، ان دونون کتابون کے خطبے بانکی پور کیٹیلاگ (جلد ۱۱ ص ۳ اور ص ۷) مین مذکور ہین، تمت

کتاب خیام کی فہرستین

(۱) فہرست اسماء

یعنی

وہ اشخاص جنکے نام اس کتاب مین آئے ہین لیکن خیام کا نام اور تخلص اس فہرست مین شامل نہین ہے

متن کا ہندسہ جلی اور حاشیہ کا خفی ہے

ب

(۲) فہرستِ اقوام و قبائل

یعنی

(وہ قومیں اور خانوادے جن کے نام اس تصنیف میں آئے ہیں)

(۳) فہرست کتب

(یعنی وہ کتابیں جنکے نام اس تالیف کے متن یا حاشیہ میں آئے ہیں)

تصحیح اغلاط

غلط	صحیح	صفحہ	سطر	غلط	صحیح	صفحہ	سطر
ابوالقاسم	ابو محمد القاسم	۲ و ۳	۱۴ و ۴	یار	چار	۲۲۱	۱۱
ابوالفتح	الفتح	۳	۲	ٹکوی	گوئی	۲۳۶	۱۳
سنہ ۵۵۰ھ	سنہ ۵۵۲ھ	۷ و ۲۵	۵ و ۱۲	جریدۃ	خریدۃ	۲۴۳	۱۲
سنہ ۴۲۴ھ	سنہ ۶۲۴ھ	۷	۱۰	سنہ ۱۸۹۸ء	سنہ ۱۸۹۷ء	۲۶۵	۲
مجمع الغرائب	مخزن الغرائب	۸ و ۲۴۶	۲ و ۱۶	بدر	ابن بدر	۲۸۶ و ۳۶۵	۴ و ۱ (حاشیہ)
جامع التواریخ	فردوس التواریخ	۹	۱۶	اسکندریہ	اسکندریہ کا	۳۱۵	۵
سنہ ۵۴۵ھ	سنہ ۵۴۹ھ	۱۴	۵	دوسرا نہین	دوسرا معبود نہین	۳۲۲	۱۵
کتابین	باتین	۱۳	۱۸ (حاشیہ)	ان کے حکم	ان حکماء	۳۲۹	۲
سنہ ۸۱۷ھ	سنہ ۸۱۸ھ	۱۹	۹	بنیہ	وابیہ	۳۳۶	۸
علی	محمد	۲۹	۹	زہد وعباد	زہاد وعباد	۳۴۳	۴
سب سے پہلی	ابتدائی	۳۷	۱۷	ظہور	طہور	۳۴۸	۱
تولا تھا	ناپا تھا	۴۳	۱۰	سنہ ۹۱۲ھ	سنہ ۹۱۱ھ	۳۷۲	۱۴
سنہ ۴۱۱ھ	سنہ ۵۱۱ھ	۵۸	۱۳	الرداع	الوادع	۳۸۱	۱۵
عبدالملک	عبدالکریم	۷۵	۹	اسم لوجود	اسم الوجود	۳۸۷	۲
سنہ ۴۴۰ھ	سنہ ۴۲۸ھ	۸۳	۱۲ (حاشیہ)	کلامت	کلا منا	۳۹۵	۴
بعد	ساتھ	۹۴	۱۴	لقیب	لقبا	۳۹۸	۱ (حاشیہ)
سنہ ۳۷۶ھ	سنہ ۳۸۸ھ	۱۲۱	۷	نطائنهم	نطالبهم	۴۰۴	۱۰
سے نام سے	کے نام سے	۱۳۰	۸	خیلا	بلا	"	۱۲
اُسکا	اُن کا	۱۴۲	۱۶	مقترنۃ	مقترنۃ	۴۰۵	۱۳
خمس وعشرۃ	خمس عشرۃ	۱۸۲	۱۰	عنبا	عنہا	۴۰۹	۱۴
سے سنہ ۶۴۶ھ	اور سنہ ۶۴۶ھ	۲۱۴	۱۴				